الحمد للہ والمنۃ کہ درین ایام میمنت

انجام کتاب لاجواب بہ فن طب المسمّٰی بہ

مجمع اسرار طلسمی ۱۳۳۶

از تصانیف

جامع العلوم حکمیہ وطبیہ فلاطون حکمت جالینوس فطرت حکیم حاذق فضل حسین

صاحب خلف الرشید جناب حکیم سید ضامن علی صاحب سابق مشیر سرکار

جنبہ وحال ملازم سرکار دولتمدار ریاست پٹیالہ

حسب فرمائش

حاجی چراغ الدین سراج الدین تاجران کتب

لاہور بازار کشمیری

مطبوعہ کیکسٹن پرنٹنگ الیکٹرک ورکس لاہور

باہتمام ملک چراغدین

قیمت بلا محصولڈاک

میر

بعون صناع مکین ومکان وفضل خلاق زمین وزمان

الحمد للہ والمنۃ کہ درین ایام میمنت انجام کتاب لاجواب فن طب از تصنیفات جامع العلوم حکمیہ وطبیہ فلاطون حکمت جالینوس فطرت حکیم حاذق فضل حسین صاحب خلف الرشید حکیم سید ضامن علی صاحب سابق مشیر سرکار جنیہ جال ملازم سرکار دولتمدار انگلیشیہ

مجمع اسرار طلسمی

حسب فرمایش حاجی چراغ الدین سراج الدین

تاجران کتب لاہور بازار کشمیری

باہتمام [illegible] مالک

در مطبع کنگسٹن پرنٹنگ الیکٹرک ورکس لاہور طبع شد

قیمت فی جلد ۸؍

بار دوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین ۔ یہہ ذرہ بیمقدار عاصی پُر معاصی حکیم فضل حسین خلف الصدق حکیم سید ضامن علی صاحب شاگرد رشید جناب حاذق الملک حکیم سید محمود خان صاحب دہلوی وسابق مشیر خاص سرکار ریاست چنبہ وحال ملازم سرکار دولتمدار ریاست پٹیالہ وپروپرائیٹر شفاخانہ علاج طلسمی ومہتمم شفاخانہ دہرم ارتھ ومصنف رسالہ دافع الامراض و رسالہ پند تماشبین المعروف بہ ناصح العاشقین بخواہش برخوردار نیک کردار ایم این حکیم ارشاد حسین مبتدیوں کے واسطے یہ کتاب لاجواب علم طب کی زبان مروجہ میں طیار کرکے مجمع الاسرار المعروف بہ صحت الجسمانی نام رکھا امید ہے کہ اطبائے اس سے نفع اُٹھا کر عاجز کو محنت کی داد دیں گے۔ اور اگر ارباب بصیرت کسی جگہہ کوئی غلطی ملاحظہ فرماویں تو مہربانی فرماکر اوسکو صحیح فرمانے کی کوشش فرماویں اور اس خوشہ چین کو نظر حقارت سے نہ دیکھیں۔ آمین ثم آمین +

خاکسار

حکیم فضل حسین عفی عنہ

باب اوّل۔

امراض سر کے بیان میں شامل اوپر ستائیس فصلوں کے

فصل پہلی صداع یعنے درد سر کے بیان میں۔ فصل دوسری شقیقہ یعنے درد نیم سر کے بیان میں
فصل تیسری بیضہ یعنے درد تمام سر کے بیان میں جو مزمن ہو فصل چوتھی عصابہ یعنی درد بھوول

کے بیان ہیں کہ جو آفتاب کے نکلنے سے شروع ہوتا ہے اور غروب آفتاب پر زائل ہو جاتا ہے ۔

فصل پانچویں سرسام یعنے جو ورم دماغ کے پردہ میں ہو جاتا ہے اوسکی دو قسمیں ہیں قرانیطس اور شیرغش قرانیطس کو صفراوی و دموی سرسام کہتے ہیں اور شیرغش کو بلغمی سرسام کہتے ہیں **فصل** چھٹی سبات یعنے نیند غیر طبعی آوے + **فصل** ساتویں سہر یعنے نہ آنا نیند کا + **فصل** آٹھویں سبات سہری یعنے کبھی جاگنا اور کبھی سونا + **فصل** نویں صرع یعنے مرگی ہیں + **فصل** دسویں جنون یعنے دیوانگی ہیں + **فصل** گیارہویں مالیخولیا میں یعنی عقل سلیم جاتی رہی + **فصل** بارہویں عشق یعنے مائل ہونا خوبصورتی پر اور خون جلکر سودا ہو جانا + **فصل** تیرہویں سدر و دوار میں یعنے سدر آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجانا اور دوار سر کا گھومنا اور چکرانا + **فصل** چودھویں نسیان میں یعنی اپنی یاد کو بھولجانا + **فصل** پندرہویں فالج یعنے بیکار ہونا ایک طرف بدن کا طولاً و استرخا یعنے بے حس ہونا کسی عضو کا + **فصل** سولہویں لقوہ یعنے ٹیڑھا ہو جانا منہ کا + **فصل** سترھویں تشنج یعنے کھنیچ جانا عصب کا + **فصل** اٹھارہویں تمدد و کزاز یعنے دو جانب کھینچنا عصب و عضلہ کا + **فصل** انیسویں رعشہ یعنے کانپنا عضو کا + **فصل** بیسویں اختلاج یعنی پھڑکنا عضو کا + **فصل** اکیسویں سکتہ نام سدہ کا ہے جو بطن دماغ میں پڑ جاتا ہے اور قوت حس و حرکت کی بند ہوکر تمام بدن بصورت مردہ کے ہو جاتا ہے یعنے یکایک مرجانا + **فصل** بائیسویں کابوس کہ آدمی خواب میں ڈرے + **فصل** تئیسویں جمود و شخوص یعنی دفعتہً حس و حرکت کا موقوف ہو جانا ہے + **فصل** چوبیسویں رعونت و حمق یعنے باطل یا ناقص ہونا فکر کا + **فصل** پچیسویں فیجدج انگڑائی اور جمہائی لینا + **فصل** چھبیسویں زکام و نزلہ جو براہ ناک آوے زکام ہے جو براہ حلق گرے نزلہ ہے + **فصل** ستائیسویں خدر یعنے سو جانا عضو کا ❖

فصل پہلی صداع علاج دردسر کے بیان میں۔

اطریفل کشنیزی - دردسر ہر قسم کو فائدہ دیتا ہے - اور تبخیر معدہ کو روکتا ہے - اور اشتہا کو پیدا کرتا ہے ضعف دماغ کو از بس مفید ہے - **نسخہ اطریفل** - پوست ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ کابلی - ہلیلہ سیاہ - آملہ مقشر

پوست بلیلہ۔ کشنیز خشک۔ وزن مساوی کوٹ چھانکر روغن بادام میں چرب کریں شہد دوگنی ملاکر اطریفل تیار ہو جاویگا۔ خوراک ۶ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ دودھ خام یا شربت مناسب کے چند روز استعمال کریں مجرب ہے

نوع دیگر اطریفل سنائی قبض کشا مقوی دماغ و درد سر ہر قسم کو مفید ہے و شقیقہ و عصابہ کو بھی مفید ہے **صفت**۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ برگ سنا پوست ہلیلہ کابلی آملہ مقشر فلفل دار فلفل ہر ایک چھ ماشہ زنجبیل بسباسہ یعنے جاوتری بوزیدان شیطرج ہندی شقاقل تودری سرخ و زرد اندر جو مغز حب القلقل کنجد مقشر یعنے تل سفید خشخاش سفید ہر ایک تین ماشہ بہمن سرخ و سفید ہر ایک چار ماشہ روغن بادام دو تولہ چرب کرکے ترنجبین پاؤ آثار شہد آدھ سیر ملاکر اطریفل تیار کریں۔ خوراک ۶ ماشہ ہر دو وقت ہمراہ دودھ یا شربت مناسب کے پلادیں۔ بہت نفع کرتا ہے۔

اطریفل زمانی۔ واسطے درد سر قوت معدہ و قوت دماغ و مالیخولیا مراقی و قطع نزلہ خفقان کو بھی مفید ہے اور دافع قبض بھی ہے۔ **صفت** پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ گل بنفشہ ہر ایک ایکتولہ تربد سفید یکتولہ۔ کشنیز یکتولہ۔ پوست آملہ گل سرخ طباشیر۔ نیلوفر۔ ہر ایک چار ماشہ صندل سفید۔ کتیرا ہر ایک ۲ تولہ روغن بادام تین تولہ میں چرب کرکے عناب ۳۰ عدد سپستان ۳۰ عدد گل بنفشہ دو تولہ تینوں چیزونکو جوش دیکر صاف کرکے اوسکے پانی میں شہد ایک سیر کو جوش دیکر جب خالص شہد رہجاوے اوپر کی دوائیں پیسکر ملادیوے اطریفل تیار ہوجائیگا۔ خوراک ۹ ماشہ تا ۲ تولہ ہمراہ دودھ یا شربت مناسب کے دیں۔ **برشعشا** واسطے زکام و نزلہ و درد سر لقوہ و فالج و صرع و رعشہ و سبات و سہری نسیان مالیخولیا ضعف اعصاب قولنج درد معدہ و کبد و استسقا و سرعت انزال کو مفید ہے و کھانسی کہنہ کو۔ **صفت**۔ فلفل سیاہ ۲ فلفل سفید بزرالبنج یعنے اجوائن خراسانی ہر ایک دو تولہ افیون تین تولہ۔ زعفران ڈیڑھ تولہ سنبل الطیب یعنی بالچھڑ عاقرقرحا فرفیون ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ چھانکر شہد سہ چند ادویہ کے لیکر آمیز کریں اور اکیس ۲۱ روز جو میں دفن کریں۔ بعد اکیس روز کے نکالکر استعمال کریں۔ خوراک ایک چاول سے ۴ رتی تک مجرب ہے

درد سر اگر گرمی سے ہووے تو گل سرخ صندل سفید کشنیز خشک عرق گلاب میں گھسکر ضماد کریں۔ اور آلو بخارا گل نیلوفر و بنفشہ لعاب بہیدانہ شربت بنفشہ و نیلوفر ڈالکر پلائیں۔

ایضاً۔ افیون روغن گل سرکہ میں حل کرکے لگانا درد سر صفراوی سوداوی و دموی کو مفید ہے +

ایضاً۔ ہولاس درد سر کو و نزلہ زکام کو ازبس مفید ہے۔ نکچھکنی ۶ ماشہ۔ شیطرج ۶ ماشہ۔ کشمیری پیٹھا ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی کلان ۶ ماشہ۔ بالچھڑ ۳ ماشہ۔ برگ کنیر خشک ۶ ماشہ۔ برگ تمباکو ۲ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر ہولاس بنائیں قدرے بیمار کو سونگھائیں دو چار چھینک آوینگی۔ درد زائل ہو جاویگا۔ مفید ہے +

ایضاً ضماد درد سر کو مفید ہے۔ افیون ایک ماشہ زعفران ایک ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ زنجبیل ایک ماشہ انڈے کی سفیدی میں حل کر کے ضماد کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ دیگا +

اگر بسبب گرمی آفتاب کے درد سر ہووے۔ صفت۔ کافور یکماشہ۔ سرکہ یک تولہ روغن کدو ایک تولہ شیرہ کشنیز و شیرہ کاہو ہر ایک تین ماشہ ملا کر ناک میں صعود کریں +۔

ہولاس برائے درد سر نزلی۔ نکچھکنی ۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ لوہا چون ۲ ماشہ۔ یعنی برادہ آہن سب کو پیسکر قدرے پانی میں گھولکر ناک میں صعود کریں۔

خمیرہ خشخاش واسطے ضعف دماغ و نزلہ حار و بارد و درد سر ہر قسم کو ازحد مفید ہے۔ صفت خشخاش سفید یکپاؤ مغز بادام مقشر یکپاؤ مغز کدو شیریں آدہ پاؤ مغز تربوز آدھ پاؤ پہلے خشخاش کو ایک سیر پانی میں شیرہ نکالیں۔ بعد ازاں سرکہ ایکتولہ ڈالکر آگ پر جوشدیں جس وقت خشخاش پھٹ جاوے پانی اُسکا دور کر کے پنیر خشخاش کا لیکر روغن زرد یکپاؤ میں اسکو خوب بھونیں بعد ازان کشنیز خشک ۵ تولہ اور دانہ الائچی سفید یک تولہ و مغزیات وغیرہ کو جوکوب کر کے اسمیں ملادیویں اور شہد آدھ سیر لیکر سب کا قوام کر کے خمیرہ تیار کریں۔ خوراک یکتولہ ہمراہ دودھ گاؤ کے ایک وقت پلائیں اور اکثر امراض درد سر میں تنقیہ کرنا مفید ہے۔ اگر قبض ہووے تو یہ دوا کھلائیں بہت مفید ہے۔ برگ سنائکی ایکتولہ گل سرخ ایکتولہ۔ بادیان ایکتولہ پانی میں جوش دیکر روغن بادام ایکتولہ ملا کر شکر سفید ۳ تولہ ڈالکر صبحکو پلاوے۔ دو چار اسہال آوینگے اور انشاء اللہ فایدہ عظیم ہوویگا۔ اور اگر ضعف دماغ سے درد ہمیشہ رہے تو معجون مجربات بندہ بنا کر کھلاویں۔ بہت فائدہ کرتی ہے مغز گوسفند ۴ عدد۔ در روغن گاؤ ۱۰ تولہ بریان کر کے مغز کدو شیریں ۲ تولہ۔ مغز خیارین ۲ تولہ۔ مغز تربوز ۲ تولہ مغز خربزہ ۲ تولہ مغز بادام ۵ تولہ سب کو کوفتہ کر کے قند سفید ۳۰ تولہ میں قوام کر کے

معجون بنائے ہر روز صبح کو ایک تولہ ہمراہ پاؤ بھر شیر خام کے کھلاوے مجرب ہے۔ اور زیادہ تکلیف درد سر سے ہووے تو پاؤں کی مالش کرنا بہت مفید ہے ور روغن دارچینی پوست الایچی کلاں گل محکند ان میں سے ہر ایک کا ضماد لگانا فوراً نفع دیتا ہے۔ از مجربات اوستاد مرحوم۔

فصل دوسری علاج شقیقہ کے بیان میں۔

صفت۔ ریٹھا کو پانی میں پیسکر دوسری جانب ناک میں ایک قطرہ ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ شقیقہ فوراً دور ہو جاویگا +

نوع دیگر۔ برگ نیم سبز ایک عدد سپستان سرکہ میں پیسکر دوسری جانب ناک میں ڈالیں +

ضماد۔ افیون ۲ رتی زعفران ۲ رتی گوندببول ۲ رتی سفیدی بیضہ مرغ میں حل کرکے ضماد کرنا شقیقہ کو رفع کرتا ہے

ایضاً۔ گل روغن و سرکہ کافور ملا کر ناک میں ڈالنا اور سر پر ملنا بہت مفید ہے +

ایضاً۔ کاغذی ہولاس سونگھنا فوراً درد سر کو رفع کرتا ہے۔ باقی علاج جو کچھ درد سر میں لکھ چکے ہیں +

حب العافیت واسطے درد شقیقہ و درد سر ہر قسم کے مفید ہے۔ تربد سفید یکتولہ سورنجان شیریں یکتولہ ہلیلہ زرد ۶ ماشہ گل سرخ و گل بنفشہ ہر ایک ۶ ماشہ افتیمون ۶ ماشہ سقمونیا ۶ ماشہ انیسون ۳ ماشہ غاریقون ۳ ماشہ مقل ۳ ماشہ سب کو پانی میں پیسکر گولیاں برابر چنا کے بنائیں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ آب یا شربت بنفشہ صبح و شام +

حب شفا۔ واسطے درد سر کہنہ و شقیقہ و تپ لرزہ و ضعف معدہ و حافظ صحت و قولنج و نزلہ و زکام کو بہت مفید ہے۔ اور بارہا تجربہ کیا گیا۔ صفت تخم دھتورہ یکتولہ ریوند چینی ۸ ماشہ زنجبیل صمغ عربی ہر ایک ۴ ماشہ در آب پیسکر گولیاں برابر ماش بنائیں ایک یا دو گولی ہمراہ پانی کے دیں بہت مفید ہے +

ایضاً۔ برگ نیم ۲ عدد فلفل سیاہ دو عدد دار فلفل نیم عدد پانی میں پیسکر دوسری جانب ناک میں ایک دو قطرہ ڈالیں۔ انشاء اللہ فوراً درد رفع ہو گا +

حریرہ واسطے ضعف دماغ و شقیقہ کے نہایت مجرب ہے۔ نشاستہ ۲ تولہ مغز بادام دو تولہ دونوں کو

آدھ سیر پانی میں پیسکر شیرہ نکالیں روغن گاؤ ۴ تولہ سہ گہا دیکر مصری ۲ تولہ ڈالکر گرم گرم پلاویں بہت مفید ہے +
سعوط وہو لاس واقع درد شقیقہ - ہلدی یکماشہ - لونگ نیم ماشہ کافور ۲ رتی سب کو پیس کر روغن گاؤ یکتولہ میں ملاویں اور قدرے ناک میں ڈالیں - انشاء اللہ فوراً درد رفع ہوگا -
ضماد - گل مچکند یکتولہ پیسکر سر پر لیپ کریں درد شقیقہ و درد سر ہر قسم کا دور ہو جاتا ہے -
ضماد - واقع درد شقیقہ وصداع ہر قسم مجرب ہے - بزر البنج زعفران جاوتری صمغ عربی کتیرا - حب کل کنج گل بنفشہ افیون ہر ایک تین ماشہ - گل ارمنی ۴ ماشہ عرق گلاب بقدر ضرورت میں حل کر کے اوپر کاغذ کے لگا کر جسطرف درد ہو اُس طرف چپکا دیویں انشاء اللہ فائدہ عظیم ہوگا -
ضماد - تخم ہلیلہ زرد پیسکر نیم گرم کر کے لگائیں -
واسطے پلانے کے اگر مزاج گرم ہووے تو یہ دوا بہت مفید ہے - گل بنفشہ ۶ ماشہ عناب ۵ عدد سپستان دو عدد گل خطمی ۴ ماشہ آلو بخارا ۵ عدد بہیدانہ ۳ ماشہ سب کو پانی میں بھگو کر ملکر صاف کر کے دو تولہ مصری ملا کر پلائیں -
جونک لگانا منجانب درد کے کنپٹی میں شقیقہ کے واسطے مفید ہے -
سعوط - دھنیا اور گلاب پیسکر سونگھانا بہت مفید ہے -
اگر نزلہ سے ہووے - سبوس گندم اسطوخودوس ہر ایک تین ماشہ زوفا خشک ۴ ماشہ پانی میں جوش کر کے چھانکر ایک تولہ مصری ڈالکر گرم گرم پلانا بہت مفید ہے +
سعوط حرکت کلیان یعنے حقہ کا میل ایک رتی اور لہسن ایک رتی دونوں کو پانی میں پیسکر دوسری جانب سعوط کریں فوراً فائدہ دیتا ہے -
سعوط - سرس کے بیج ایک وعدد سیاہ مرچ ایک وعدد پانی میں پیسکر جانب مخالف ناک میں ڈالیں +
سعوط - کریلا سبز کا پانی نکالکر ایک دو قطرہ جانب مخالف ناک میں ڈالنے سے فوراً فائدہ ہوگا +
اگر بسبب قبض کے درد پیدا ہو - گلقند ۲ تولہ تخم قرطم ۶ ماشہ مغز بادام یکتولہ پانی ایک پاؤ میں پیسکر مریض کو پلاویں +

سعوط گٹھلی خرماتی کی پانی میں پیسکر جانب مخالف ڈالنا بہت مفید ہے۔

ہولاس برائے شقیقہ از مجربات بندہ۔ عاقرقرحا ایکتولہ۔ پیپلا مول اتولہ۔ مرچ سیاہ ۱۰ عدد۔ سائیدہ قدرے داہنی جانب مخالف بدہند۔ بسیار مجرب است۔

ضماد برائے شقیقہ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ درعرق گلاب سائیدہ سفیدی بیضہ مرغ انداختہ بر پیشانی ضماد کند۔ اور پوست بندق ہندی یعنے ریٹھہ عرق گلاب میں گھسکر جانب مخالف میں ڈالیں بہت مجرب ہے۔ اور اطریفل کشنیزی بہت مفید ہے۔ اور سفوف کشنیزی اسمیں بہت فائدہ کرتا ہے از مجربات بندہ۔ مغز کدو شیریں ۱۰ تولہ۔ تخم خشخاش ۱۰ تولہ۔ کشنیز خشک ۱۰ تولہ۔ بادیان ۱۰ تولہ سفوف کرکے برابر شکر سفید ملاکر ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ خام پاؤ بہر کے ایک ہفتہ کھاویں۔ شقیقہ کہنہ دور ہوجاتا ہے۔ اور گلقند خیار شنبر ازبس مفید ہے۔ ترکیب گلقند خیار شنبر۔ گل املتاس نیم آثار۔ شکر سفید نیم آثار۔ ملاکر کوٹکر گلقند بناکر ایک ہفتہ کے بعد کھاویں۔

فصل تیسری بیضہ یعنی درد تمام سر جو مزمن ہو

ضماد۔ آرد جو یکتولہ۔ تخم خطمی ۶ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ سرکہ تین تولہ میں پیسکر ضماد کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا پاؤں میں خالی سینگی لگانا بہت مفید ہے۔ اطریفل کشنیزی بیضہ کے واسطے بہت مفید ہے اگر درد بیضہ میں پیاس ہو تو یہ دوا بہت مفید ہے۔ زرشک ۶ ماشہ۔ مغز کدو ۶ ماشہ عرق بیدمشک ۱۰ تولہ میں پیسکر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں انشاء اللہ نفع دیگا۔

روغن کدو شیرو خشخاش ان دونوں کو ملاکر ناک میں ڈالنا بہت فائدہ کرتا ہے۔

ضماد۔ مہدی (حنا) ۵ تولہ نمک ۲ تولہ پانی میں حل کرکے سر پر ضماد کرنا شقیقہ و بیضہ و صداع ہر قسم کو مفید ہے۔ فصد سرے رد کی بھی مفید ہے +

جو علاج کہ صداع اور شقیقہ میں کارآمد ہیں یہاں پر بھی مفید ہیں۔ اور حریرہ تخم خشخاش کا بہت مفید ہے

تخم خشخاص ایک تولہ مغز کدو شیرین ایک تولہ مغز بادام ایک تولہ برنج ساٹھی ایکتولہ کشنیز خشک ایک تولہ چار سیر شیر گاومیش مین شیشہ نکالکر روغن زرد ۲ تولہ داغ کر کے قند سفید ۴ تولہ ملاکر ہر روز صبح ایک ہفتہ استعمال کرین۔ اور پرہیز ترشی وبادی سے۔ بہت مجرب ہے۔ اور جب شفا اسمین بہت نفع کرتا ہے۔ تخم دہتورہ ڈیڑھ تولہ۔ زنجبیل ایکتولہ ریوندچینی ایکتولہ۔ صمغ عربی ایکتولہ سبکو کوٹ چھانکر گولیان برابر مرچ سیاہ کے بناکر ہر روز صبح وشام ایک ایک گولی کھاوین انشاء اللہ تعالی بہت نفع کرتا ہے۔

فصل چوتھی عصابہ کے بیان مین

کافور ایک ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ زعفران ایک ماشہ پیسکر ضماد کرین۔

سعوط برائے درد عصابہ۔ روغن گل ایک تولہ۔ کافور۔ صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ ملاکر سعوط کرین۔ رگ پیشانی کا فصد کرنا نہایت مفید ہے۔

شربت صندل اور عرق بید مشک پلانا مفید ہے۔

دیگر آلو بخارا ۵ عدد۔ املی ایکتولہ۔ گل نیلوفر ۵ ماشہ۔ پاؤ بھر پانی مین آب نے لال نکالکر مصری ایکتولہ پلانا بہت فائدہ کرتا ہے؛

دیگر گل بنفشہ ایکتولہ پیسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے

ضماد صندل سرخ ۴ ماشہ بیخ ارنڈ ۳ ماشہ سونٹھ ۴ رتی باریک پیسکر ساٹھی کے چاول کے پانی مین ملاکر ضماد کرین۔

سعوط۔ طباشیر۔ افیون۔ زعفران۔ شکر وزن مساوی عورت کے دودھ یا روغن گل یا بنفشہ مین حلکر کے سعوط کوین ضماد بہت مفید ہے آرد جو خطمی صندل سفید گلنار صمغ عربی عرق گلاب سرکہ مین حلکر کے ضماد کرین

سعوط گٹھلی چھوہارہ کی پانی مین حلکر کے ناک مین ڈالین

ایضاً نوشادر ایک ماشہ کافور ۴ رتی سرکہ مین حلکر کے ناک مین ڈالنے سے فوراً درد دفع ہوجاتا ہے

ضماد از مجربات ہند۔ روغن گل ایکتولہ سرکہ ایکتولہ۔ افیون ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ کشنیز سبز ایک تولہ سائیدہ ضماد سازند؛

برائے خوران۔ گلقند آفتابی ۲ تولہ ہمراہ مصطگی ۳ تولہ اول خوردہ بالائش سکنجبین سادہ بخورند
انشاءاللہ از درد سر نفع بخشد
جونک کا لگانا بہت مفید ہے۔

فصل پانچوین سرسام کے بیان مین

مرغ۔ فوراً ذبح کرکے اسکی کھال اوتار کر گرم گرم صاحب سرسام کے سر پر رکھیں انشاءاللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔
ایضاً۔ روٹی مونگ کی ایک طرفی پکار کر روغن گل سے چرب کرکے صاحب سرسام کے سر پر رکھیں فوراً فائدہ
ایضاً۔ روغن کدو ۲ تولہ شیر عورت دختر دار یکتولہ کافور ۳ ماشہ ملاکر ناک میں ڈالنا اور سر پر ملنا بہت مفید ہے
ایضاً۔ کدو یا کھیرے سے پاؤں کی مالش کرانا سرسام میں بہت فائدہ کرتی ہے
ایضاً۔ پاؤن کے تلوون مین خالص سینگی لگانا بہت مفید ہے
ایضاً نخلخہ واسطے سرسام کے بہت مفید ہے۔ کشنیز سبز یا خشک ۳ ماشہ صندل سرخ وسفید ۳ ماشہ
کافور ۳ ماشہ خس ۳ ماشہ عرق کیوڑہ میں ملاکر نخلخہ کرنا بہت مفید ہے
قرانیطس خلاص۔ فصد سر روکی کرنا اور حجامت مع الشرطہ یعنی بھری شاخین معہ ممی سر گردن پر رکھنا
ایضاً۔ سبوس گندم برگ کنار گل نیلوفر گل خیرو گل بنفشہ نمک ہندی میں جوش کرکے پاشویہ کرنا
ایضاً۔ گل بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ عنب الثعلب اسفاناخ آب کدو پینا اور نطول کرنا۔
ایضاً۔ شیر عورت پر دو ہنا۔ ایضاً آش جو پالک خیار زلال تمر ہندی ملاکر پلانا۔
اگر بعد غشی تخم خطمی تخم خبازی بکوے گل بنفشہ برگ ستار تخم حنظل روغن بید انجیر رب
خیار شنبر سے حقنہ کرنا اور اگر حقنہ نہ ہوسکے بطور مسہل کے یہی اجزا پلانا۔
ایضاً۔ زنجبیل عاقرقرحا شبت فلفل سر پر لگانا۔
ایضاً۔ کندش عاقرقرحا فلفل سے چھینک کرانا۔
ایضاً۔ ایارج فیقرا ایک ایک روز درمیان کرکے کھلانا۔
ایضاً علاج مشترک۔ خون کبوتر یا قمری یا مرغ کا روغن گل ملاکر سر پر لگانا۔
ایضاً۔ آرد جو رسوت زعفران سفیدہ بیضہ مرغ میں ملاکر سر پر لگانا ورم کو اندر سے باہر کھینچتا ہے

ایضاً واسطے پلانے کے۔ آلو بخارا ۷ عدد واملی ۲ تولہ گل نیلوفر ۶ ماشہ سپستان ۹ عدد عناب ۵ عدد ترنجبین ۵ تولہ شیرخشت ۲ تولہ عرق بید مین بھگو کر صاف کر کے شربت کیوڑا ملا کر پلاوین۔

ضماد۔ مغز کدو یکتولہ تخم خربزہ یکتولہ گل نیلوفر ۶ ماشہ بنفشہ ۶ ماشہ گلاب ۵ تولہ مین پیسکر ضماد کرین

ایضاً۔ رگ نکس کے پر ڈھونڈ کر کے صاحب سرسام کو کسی چیز مین کھلائین ہر قسم کے سرسام کو مفید ہے اور یہ نسخہ سونگھائین خس ایکتولہ۔ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ کشنیز خشک ۹ ماشہ عرق گلاب مین حلکر کے سونگھانا مفید ہے۔ اور روغن کدو شیرین ایکتولہ ہمراہ سرکہ ۲ تولہ ملا کر پیشانی پر مالش کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور اسمین عمل نطول پچکاری کرنا بطور حقنہ کے ازبس مفید ہے۔

فصل چھٹی سبات کے بیان مین

جو شاندہ ریاحین گرم اور سداب کا سر پر ڈالین اور روغن لوبان اور روغن جندبیدستر ملا کر سر پر ملین ؛

ایضاً۔ جندبیدستر عسل موبزج عاقرقرحا سرکہ مین ملا کر سر پر ضماد کرین ؛

ایضاً دوا المسک اور شربت دیطوس کو پلاوین ؛

ایضاً بچہ مرغ کو آب نخود اور روغن جوز اور رائی کے ساتھ پکا کر کھلاوین ؛

ایضاً پاؤن کو خوب کس کر باندہین اور تکلیف جاگنے کی دیوین۔ مالش کرین اور روغن قسط اور روغن سداب اور قدرے فرفیون اور جندبیدستر پیسکر سر پر ملین ؛

ایضاً شہد مین خولنجان اور مغز تخم قرطم مغز حبۃ الخضرا ملا کر بجائے غذا کے دینا مفید ہے ؛

ایضاً فصد صافن کا کرین باقی جو علاج سرسام دموی مین مذکور ہے کرین ؛

روغن کاہو ایکتولہ روغن خشخاش ایکتولہ۔ کافور ایکماشہ افیون ایکماشہ ملا کر پیشانی پر ضماد کرنا مفید ہے

فصل ساتوین سہر کے بیان مین

گل بنفشہ گل نیلوفر برگ کاہو کشنیز تر پوست خشخاش جو مقشر پانی مین جوش کر کے سر پر تریڑا دین ؛

ایضاً کلہ پائے اور آنتین بکرے کی جوش کر کے تریڑا دینا مفید ہے ؛

ایضاً دودھ بکری کان مین اور ناک مین ڈالین اور سر پر ملین ؛

ایضاً سوئے کا ساگ سر کے نیچے رکھکر سووین ✤

سعوط۔ روغن بنفشہ روغن کدو شیر عورت دختر دار ہموزن ملا کر قدرے قدرے ناک مین ڈالین اور سر پر ملین یہ اکثر علاج مالیخولیا کا کیا جاتا ہے اور سہر کے واسطے مفید ہے ✤

روغن برائے سہر مفید ہے جوز ماثل یعنی دہتورہ ۲ ماشہ خربق یعنے کٹکی سیاہ ۲ ماشہ پوست خشخاش ۴ ماشہ بزر البنج ۴ ماشہ تخم کاہو ۴ ماشہ نیم سیر پانی مین جوش کرین جب نصف رہجاوے صاف کر کے اسمین تیل تلونکا ڈیڑھ تولہ ملاوین جب پانی جلجائے اور تیل باقی رہجاوے سر پر مالش کرین

فصل آٹھوین سبات سہری کے بیان مین

حب سبات سہری البسیار نافع است بنفشہ خشک ماشہ ترید ۲۰ ماشہ ہلیلہ زرد ماشہ بادیان ۱۰ ماشہ تخم کرفس ۱۰ ماشہ نمک نفطی ۱۰ ماشہ سقمونیای مشوی ۱۰ ماشہ کوٹ چھانکر آب بادیان مین گولیان بنائیں بقدر نخود۔ خوراک ایک گولی ✤

حقنہ سنا رکی ۷۔۱ ماشہ پرسیاوشان ۷۔۱ ماشہ بنفشہ ۱۰ ماشہ نیلوفر ۱۰ ماشہ سبوس گندم پوٹلی باندھ کر ایک کف میٹھی یعنے حلبہ عناب ۱۰ عدد سپستان ۱۰ عدد بابونہ اکلیل الملک ایک ۳ ماشہ ڈیڑھ سیر پانی میں جوش کرین جب نصف رہجائی فلوس خیار شنبر ۵ ماشہ روغن کنجد و عسل ایک ۵۔۷ ماشہ نمک و بورہ ارمنی ۱۰ ماشہ صاف کر کے حقنہ کرین۔ باقی علاج سبات و سہر کے استعمال کرین اور فصد کرنا سر رو کا بہت مفید ہے۔ اور ساقون پر سنگیان لگائیں اور سفوف تربد مجربات بندہ کو بہت مفید ہے۔ ترید سفید ایک تولہ۔ غاریقون ۹ ماشہ سقمونیا ۲ ماشہ برگ سنار کی ۲ تولہ سفوف کر کے برابر شکر سفید ملا کر ۲ ماشہ ہمراہ عرق گلاب کے کھلائیں۔ بہت نفع کرتا ہے ✤

فصل نوین صرع یعنے مرگی کے بیان مین ✤

حالت بیہوشی مین کندش عاقرقرحا تخم حنظل نوشادر شونیز خربق سفید فلفل سیاہ یا سفید باریک کر کے ناک میں پھونکنا ✤ **ایضاً** تخم ڈھاک پیسکر ناک مین ٹپکانا ✤ **ایضاً** برگ عشق پیچا نچوڑ کر ناک میں ٹپکانا ✤ **ایضاً** برگ مذکور یا کٹھل جلا کر ناک مین ہوان دینا ✤

ایضاً مست ہاتھی کا پسینہ ناک میں ٹپکانا ** **ایضاً** بعد افاقت کے غاریقون اور ترید افتیمون ہلیلہ سیاہ شحم حنظل سے اسہال کرنا **

حب دافع صرع سقمونیا ۲ ماشہ صبر ۲ ماشہ ہلیلہ سیاہ ۲ ماشہ تینوں کو پانی میں حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو ہفتہ میں صرع ہو جاوے گی **

ہولاس دافع صرع بارہا تجربہ میں آیا ہے اور اکثر لاعلاج مریضوں کو فائدہ ہوا ہے ٹڈے مدار یعنے کیڑے جو مدار کے درخت کے اوپر ہوتے ہیں خشک کر کے وزن میں ۱۲ تولہ اور سرگین گرگ یعنے پاخانہ بھیڑیا ۲ تولہ اور استخوان انسان سوختہ ۲ تولہ ایک ٹکڑا کمبل کا لیکر اسکو کٹھل کے خون سے تر کر کے جلا دیویں اسکی راکھ جسقدر کہ ہو اسمیں ملا کر ہولاس بنائیں سات روز کے استعمال سے مبین مرض کا صرع دور ہو جاتا ہے۔

ایضاً مہوکہ کے گوشت کا کباب بنا کر کھلانا بہت فائدہ کرتا ہے ** **ایضاً** گلہری کا قیمہ کر کے گھی مین بھون کر کھلانا صرع کو دور کرتا ہے ** **ایضاً** ریٹھہ ایک عدد چقندر کے پانی میں گھسکر ناک میں ڈالنا صرع کو دور کرتا ہے ** **ایضاً** عود صلیب گلے مین لٹکانا مفید ہے **

ایضاً۔ ہر روز ایک کوا کو لیکر رات کو ایک تولہ سیماب اسکو کھلاوین صبح کو ذبح کر کے آب اخچی کی نکالکر صاحب صرع کو گیارہ روز پلائیں مجرب ہے

ایضاً ابابیل کے گھونسلے میں سے پتھر کہ زمین پر نہ گرا ہو پوست بچہ شیر مادہ گاؤ مین باندہ کر صاحب صرع کے گلے مین باندھنا صاحب صرع کو فائدہ دیتا ہے **

ایضاً استخوان آدمی کی سر کیطرح پیسکر ہر صبح ۲ ماشہ صاحب صرع کو کھلائیں اور ناک میں ٹپکائیں مجرب ہے

ایضاً اگر پھر عود کرے سر مکھی کے سات عدد پانی میں پیسکر ناک میں ٹپکائین **

ایضاً شحم حنظل کریلا نوشادر کلونجی کندش کالی مرچ اسطوخودوس بقدر حاجت کوٹ چھانکر ناک میں پھونکیں فوراً دور ہو گی **

ایضاً ہینگ جند بیدستر پیاز جنگلی سکنجبین میں پیسکر حلق میں ٹپکاوین بہت مفید ہے **

ایضاً۔ سونف دیسی سونف رومی زیرہ کرمانی جوش کر کے صاف کریں اور گلقند میں ملا کر حلق مین ٹپکائین۔ انشاء اللہ ہوش میں آجاویگا **

کندش پیسکر اور کپڑے میں پوٹلی باندھکر سونگھین چھینک آویگی۔ تقویت اور تنقیہ دماغ کا بخوبی ہوگا۔ مگر بعد تنقیہ کے مناسب ہے کہ نصف مغز تخم دھتورہ اور اڑھائی دانے کالی مرچ کے بہت نرم پیسکر زور سے ناک میں پھونکین واسطے مرگی کے بہت مجرب ہے ✣

ایضاً گدھے کا سم لیکر اور انگوٹھی اُسکی بنوا کر مرگی والے کی انگلی میں پہناوین وہ مرگی کو نہ دیکھیگا۔ بروز سہ شنبہ بائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنے

ایضاً کنکھجورا کو کسی برتن میں رکھکر منہ اُسکا بند کرکے آگ پر رکھین اور سونگھین۔ دو کرم دماغ سے گر پڑینگے۔ اور بالکل شفا ہوجاویگی ✣

معجون قیصر نافع صرع فالج خفقان بارد درد معدہ بارد و تنگی نفس۔ مشک ۱۴ ماشہ درونج عقربی ۱۰ ماشہ زرنباد ۸ ماشہ مروارید ناسفتہ ۱۲ ماشہ۔ جاؤشیر ۳ ماشہ جند بیدستر ۶ ماشہ ربالسوس سلیخہ قسط تلخ فلفل سیاہ افیون میعہ زعفران سنبل الطیب دار فلفل ہر ایک ۱ ماشہ شہد دو چند یا سہ چند خوراک بمقدار ایک نخود سے ایک درم تک ✣

ایضاً چھپکلی در دہن او مرچ سیاہ ۱۲ عدد انداختہ چھپکلی را در سایہ خشک کردہ مرچ برآوردہ مریض را یک مرچ ہر روز برائے خوردن دہند ✣

فصل دسوین جنون یعنے دیوانگی کے بیان مین

گل سیوتی گل سرخ گل نیلوفر گل بنفشہ اسطوخودوس برگ گاؤزبان آملہ خیساندہ کرکے باضافہ شیرینی کے پینا **ایضاً** خیار کدو آش جو تیتر گوسفند کو کھانا **ف** آدمی کے سر کے بال جلاکر روغن گل مین ملاکر ناک میں ٹپکانا جنون کو زائل کرتا ہے۔

ایضاً کشمش سبز ۱۱ عدد سے شروع کرکے روز ایک دانہ بڑہاوے ۲۰ عدد تک یعنی عرق گلاب ۵ تولہ میں ۱۱ دانہ کشمش سبز کو چینی کے پیالہ میں ڈالکر شبنم میں رکھدین۔ بوقت صبح سویرے دانون کو پہلے دانون کو کھالیویں۔ اوپر سے گلاب باقی ماندہ کو پی لین۔ گیارہ روز کرنے سے بہت فائدہ ہوگا مجرب ہے **ایضاً** مارالجبن کرانا جنون کے واسطے بہت مفید ہے ✣

جوارش طلائی مجوزہ حکیم سید فضل حسین صاحب جنون و مالیخولیا مراقی کے واسطے اکسیر

ثابت ہوئی ہے۔ درونج عقربی ایکتولہ افتیمون خرق بستہ ایکتولہ گاؤزبان ۲ تولہ گل گاؤزبان
ایکتولہ۔ اسطوخودوس ایکتولہ کشنیز خشک ۴ تولہ سنبل الطیب ۹ ماشہ گل سرخ ۳ تولہ گل نیلوفر ۲ تولہ
بادرنجبویہ ایکتولہ بسفائج فستقی ایکتولہ۔ مویز منقی ۱۰ تولہ بالخیر زرد ۳ تولہ۔ در عرق گلاب نیم آثار
شب تر کردہ صبح جوش دادہ صاف نمودہ علیحدہ بدارند۔ مربہ آملہ ۱۰ عدد مربہ ہلیلہ ۱۰ عدد۔ کشنیز خشک ۲
تولہ۔ دانہ ہیل ۲ تولہ۔ در عرق بیدمشک شب تر کردہ صبح شیر برآوردہ علیحدہ دارند تخم قرطم مقشر
۴ تولہ مغز بادام مقشر ۴ تولہ کشمش سبز ۴ تولہ در عرق کیوڑہ نیم آثار شیر برآوردہ ہمہ شیرہا را
ترنجبین ۲۰ تولہ شیرخشت ۱۰ تولہ گلقند آفتابی ۱۰ تولہ گلقند سیقلی آمیختہ جوارش سازند
بالائش طباشیر سفید ۶ ماشہ کافور ۶ ماشہ۔ حجر ارمنی ۶ ماشہ لاجورد مغسول ۶ ماشہ بادرنجبویہ
۹ ماشہ۔ ورق طلا ۲۵ عدد۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد آمیختہ خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ
شام ہمراہ عرق مجوزہ حکیم سید فضل حسین صاحب بخورند مجرب ست **نسخہ عرق** کدوئے سبز آثار
برگ کاسنی سیر آثار۔ برگ کاہو سبز آثار۔ گل نیلوفر نیم آثار۔ گلسرخ نیم آثار۔ افتیمون خرقہ
بستہ ۱۰ تولہ گل سیوتی نیم آثار کشنیز خشک پاؤ آثار برادہ صندل سفید ۵ تولہ برادہ صندل
سرخ ۵ تولہ۔ تخم کاسنی پاؤ آثار عنب الثعلب نیم آثار۔ گاؤزبان پاؤ آثار مغز تخم خیارین پاؤ
آثار مغز کدو شیریں پاؤ آثار۔ بادیان ۱۰ تولہ تخم کاہو پاؤ آثار گل گاؤزبان پاؤ آثار بادرنجبویہ
۱۰ تولہ شاہترہ ۱۰ تولہ ابریشم مقرض ۲ تولہ۔ دانہ ہیل ۵ تولہ عرق بیدمشک ۳ آثار عرق
کیوڑہ ۲ آثار۔ عرق ہکو ۲ آثار۔ شیر بز ۲ آثار کافور ۳ تولہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ پودینہ
خشک ۵ تولہ بطریق عرق عرق سازند

معجون مجوزہ حکیم سید فضل حسین صاحب برائے جنون و مالیخولیا و صرع مجرب ست۔

پوست ہلیلہ کابلی ۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ سداب ایکتولہ آملہ مقشر ۴ تولہ فرفیون
۹ ماشہ۔ اسطوخودوس ایکتولہ عود صلیب ۱ تولہ۔ تربد مقشر ۳ تولہ۔ گاؤزبان ایکتولہ زنجبیل
ایکتولہ مصطگی ایکتولہ۔ مویز منقی ۵ تولہ ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ۔ دارچینی ۶ ماشہ روغن بادام ۵ تولہ
افتیمون ۹ ماشہ عاقرقرحا ۳ ماشہ سکبینج ۹ ماشہ انیسون ۹ ماشہ گلقند ۲ تولہ شہد دو وزن
آمیختہ معجون سازند خوراک یکتولہ بوقت خفتن ہمراہ شیر بخورند

نو عدد دیگر مربہ ہلیلہ یکعدد۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد بیحیدہ اول خوردہ گاؤزبان ۴ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۲ ماشہ آلو بخارا ۴ دانہ۔ تمر ہندی یکتولہ عرق شاہترہ ۴ تولہ عرق بادیان ۴ تولہ عرق گلاب ۲ تولہ گلقند ۲ تولہ گلقند را در عرقیات خیسیدہ برآوردہ اول ہلیلہ خوردہ بالائش شیر بنوشند در ہفت روز انشاء اللہ فائدہ کلی دہد ❖ **ایضاً** افیون یک رتی ہمراہ آش جو خوردن برائے جنون و مالیخولیا مراقی بسیار مجرب است۔

فصل گیارہوین مالیخولیا کے بیان مین

ابریشم خام ۲ تولہ۔ صندل سفید یکتولہ آملہ یکتولہ تخم خیارین یکتولہ۔ تخم کاسنی یکتولہ۔ بادرنجبویہ یکتولہ برگ گاؤزبان یکتولہ۔ کشنیز یکتولہ مغز تخم کدو یکتولہ۔ کاہو یکتولہ۔ خرفہ یکتولہ۔ پالک یکتولہ گلاب یکتولہ ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ سنگ یشب ۶ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ۔ سب کو عرق گلاب و عرق بید مشک و کیوڑا و عرق گاؤزبان و عرق شاہترہ ہر ایک ۱۰ تولہ میں حلکر کے معجون بنا وین۔ قند سفید ایک سیر ملا وین۔ خوراک ۹ ماشہ تا یک تولہ ہمراہ شیر گاؤزبان دو وقت صبح و شام

مالیخولیا ہر ایک قسم کے واسطے مفید ہے مار الجبن مالیخولیا ہمراہ مار الجبن کے یہ سفوف استعمال کریں **صفت** ہلیلہ کابلی ایکتولہ۔ ہلیلہ سیاہ ایک تولہ افیتمون ۹ ماشہ۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ بفسائج ۹ ماشہ گاؤزبان ایکتولہ۔ سنائی ایکتولہ۔ لاجورد مغسول ۶ ماشہ۔ حجر ارمنی ۶ ماشہ ہمہ را کوفتہ شنگ ہموزن آمیختہ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ مار الجبن ایک وقت صبح ❖

مفرح اعظم برائے دفع مالیخولیا جنون خفقان وضعف دل از مجربات ست ❖ شاہترہ۔ بادرنجبویہ گل گاؤزبان تنبول ہر ایک یکتولہ۔ بہمن سفید و سرخ ہر ایک ۶ ماشہ لاجورد مغسول طباشیر گل مختوم زعفران درونج عقربی زرنباد کبابہ ہر ایک ۴ ماشہ ہلیلہ کابلی ابریشم مقرض صندل سفید و سرخ پوست بیرون پستہ دانہ الاچی سفید ہر ایک ۳ ماشہ ورق نقرہ ۵۰ عدد وراق طلا ۲ عدد یاقوت سرخ ۲ ماشہ مرجان مروارید کہربا ہر ایک ۳ ماشہ عود خام ۹ ماشہ۔ آب سیب شیرین۔ آب انار شیرین آب ترنج شیرین عرق گلاب ہر ایک　　پاؤ اثار سبکو بپیکر چھانکر قند سفید ۳ پاؤ میں قوام کرکے مفرح بنائین خوراک ۹ ماشہ ہمراہ عرق بید مشک و شربت صندل دو وقت بہت مجرب ہے ❖

عرق شیر مالیخولیا کیلئے نہایت مفید ہے۔ **نوشدارو** مربہ ہلیلہ بھی اکثر مفید پایا ہے۔
خمیرہ گاؤزبان عنبری حکیم شریف خانی ہمراہ ورق نقرہ ایک عدد اول کھاکر اوپر سے شیرہ
نکالکر شربت صندل ۲ تولہ ملاکر ایک ہفتہ کھلانے سے مالیخولیا رفع ہوجاتا ہے **صفت خمیرہ گاؤ**
زبان برگ گاؤزبان ۲ تولہ۔ گل گاؤزبان یکتولہ۔ بادرنجبویہ یکتولہ بہمن سفید یکتولہ درعرق گاؤ
زبان یک سیر کوٹکر جوش دیوین جسوقت نصف رہجاوے اُسکو چھانین قند سفید نیم آثار ملاکر قوام
خمیرہ تیار کرین۔ اوپر سے دانہ الائچی سفید ۶ ماشہ طباشیر سنگ یشب ۳ ماشہ کہربا ۳ ماشہ ورق
نقرہ ۲۰ عدد ملاوین۔ خوراک ۹ ماشہ صبح وشام ✣

ایضاً قدرے افیون ہمراہ آش جو کے کھانا مفید ہے ✣

ایضاً خمیرہ لولوی یعنی مرواریدی از مجربات حکیم سید فضیل حسین آملہ ۱ تولہ
در شیر گاو ۲ سیر شب تر کردہ صبح جوش دادہ تاکہ تمام شیر جذب شود آملہ را کہ شیر کشیدہ دادہ تا شیرہ آملہ
جہرہ شود شہد خالص نیم سیر آمیختہ آنولہ را خوب حل سازند بالائش طباشیر سفید یکتولہ ابریشم مقرض
۶ دانہ الائچی سفید ۹ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ ورق نقرہ ۳۰ عدد کہربا ۳ ماشہ مروارید ۳
ماشہ۔ مشک ڈیڑھ ماشہ آمیختہ خمیرہ سازند۔ خوراک ورق طلا ۱۵ عدد۔ خوراک ۶ ماشہ صبح ہمراہ
شربت انار ۲ تولہ و عرق بیدمشک ۵ تولہ و شام ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاو بدہند۔ در ہفت روز صحت باشد

شربت سیب کہ برائے دفع مالیخولیا مجرب ہے سیب ولایتی یک سیر انار ولایتی یک سیر
ناسپاتی یکسیر۔ انگور یکسیر ہمہ را شیرہ برآوردہ قند سفید ۲ سیر آمیختہ شربت سازند خوراک ۲ تولہ ہمراہ
عرق شیر ۲ تولہ شام ہمراہ عرق مذکور بدہند مجرب است ✣

معجون از مجربات بندہ دافع مالیخولیا مراقی بسیار مجرب است کشنیز خشک ایکتولہ
مربہ آملہ ۹ عدد۔ مربہ ہلیلہ ۵ عدد در عرق بیدمشک نیم آثار شب تر کردہ صبح شیرہ برآوردہ قند سفید
نیم سیر انداختہ بقوام آرند بالائش ورق نقرہ ۳۰ عدد و طباشیر سفید ۱ تولہ مصطگی ایکتولہ۔
سفید ایکتولہ آمیختہ صبح ۹ ماشہ ہمراہ شیرہ کشنیز و شربت صندل ۲ تولہ بدہند بسیار فایدہ میکند

فصل بارہوین عشق کے بیان مین

جو تدبیرات مالیخولیا مراقی میں بیان ہوئیں ہیں عمل میں لاوین عشق را دارو بجز دیدار نیست

اور مفرح اعظم اور خمیرہ گاوزبان بہت فائدہ کرتا ہے اور یہ جوارش مریض عشق کو بہت مفید ہے
مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ کہربا شمعی ۶ ماشہ ابریشم سوختہ ۶ ماشہ۔ طباشیر ایکتولہ۔ دانہ الائچی خورد ایکتولہ
ہمہ را سفوف نمودہ در شیرۂ سیب ۲ تولہ و شیرہ انگور ۱۰ تولہ۔ قند سفید ۳ تولہ ملا کر جوارش
بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح ہمراہ عرق گاوزبان پاؤ کھائیں بہت مفید ہے۔

فصل تیرھوین سدّ اور دوار کے بیان مین

علاج کشنیز ۳ ماشہ۔ تمر ہندی ۲ تولہ بنفشہ ۶ ماشہ۔ گل نیلوفر ۶ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۳ ماشہ عرق گلاب ۵ تولہ کے ساتھ پینا۔ **ایضاً** چیز ترش مثل نارنگی اور سرد کھانا۔ **ایضاً** کشنیز صندل سفید سرکہ میں پیسکر پیشانی پر لگانا۔ **ایضاً** تمر ہندی ۲ تولہ۔ ادرک ۶ ماشہ لہسن ۶ ماشہ مرچ سرخ ۳ عدد و نیم سیر پانی میں جوش کرکے جب پاؤ بھر رہجائے تو روغن زرد ۲ تولہ کا داغ دیکر نیم گرم پلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے مجرب ہے۔

لیموں شیرین چوسنا بھی فائدہ کرتا ہے۔

دیگر کشنیز خشک ۴ ماشہ۔ مربہ آملہ ایک تولہ۔ عرق بید ۱۰ تولہ شیرہ نکالکر شربت انار یا سکنجبین لیموں ۲ تولہ ملا کر پینے سے سدر و دوار کو معاً فائدہ کرتا ہے مجرب ہے۔

ایضاً آلو بخارا ۱۰ عدد۔ تمر ہندی ۵ تولہ پانی میں تر کرکے دو چار مرتبہ پلانا اور پاؤن کو کدو سے مالش کرنا نہایت ہی مفید ہے۔

فصل چودھوین نسیان کے بیان مین

ہلیلہ۔ کابلی بلیلہ آملہ دارچینی اسارون فلفل جوز بوا مویز کباب چینی کندر مصطگی کھانا۔
ایضاً سداب ڈیڑھ تولہ کرفس ۳ تولہ۔ نانخواہ ایکتولہ۔ پانی ۵ سیر سر پر نطول کرنا۔
ایضاً خردل پودینہ۔ برنجاسف سرکے میں پیسکر پیس سر بعد دفع بالوں کے ضماد کرنا
ایضاً وج یکتولہ صبح شام سات روز کھلانے سے فائدہ ہوتا ہے ترکیب یہ ہے وج ترکی ۱۰ تولہ ایک سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دیکر جب نصف باقی رہجائے وج کو چاقو سے صاف کرکے

چھوٹے چھوٹے ٹکرے کر دین شہد یکپاؤ دیگر اس مین ڈال کر دو چار جوش دین مربہ تیار ہو جاویگا۔

روغن برائے مالش نسیان۔ قسط تلخ ۵ تولہ۔ جلوتری ایکتولہ۔ قرنفل ایکتولہ در آب یک سیر جوش دین جب نصف پانی باقی رہجائے اسمین روغن گنجد یکپاؤ ملاکر جوش دیوین جب پانی سوختہ ہو جائے روغن خالص صاف کرکے تمام سر پر مالش کرین انشاء اللہ ایک ہفتہ مین نسیان دور ہوگا۔

معجون مجوزہ حکیم فضل حسین کے برائے نسیان و قوت حافظہ و مقوی دماغ و نافع فالج

صفت۔ جاوتری ۵ تولہ۔ دودھ میش۔ اول جاوتری کو دودھ میں اسقدر جوش دین کہ کھویا ہو جائے۔ مویز منقے۔ ۱ تولہ کا شیرہ نکالکر اس کھویا مین ملائین۔ روغن بادام ۲ تولہ اس کھویا کو بریان کریں جب سرخ ہو جائے۔ شہد نیم آثار ملاکر معجون تیار کرین۔ خوراک ایکتولہ صبح شام ہمراہ عرق بادیان دودھ کا پرہیز از ترشی وغیرہ۔ سوائے سنگترہ یا گوشت کے اور سب چیزون سے پرہیز کرین۔ بارہا تجربہ میں آچکی ہے۔ بہت مفید ثابت ہوئی ہے +

فصل پندرھوین فالج کے بیان مین

اگر شق داہنی میں ہو علاج پذیر ہے اور اگر طرف بائین کے ہو مہلک ہے۔ اور فالج اگرچہ بنقیہ کثیرہ سے زائل ہوتا ہے۔ تب بھی اندیشہ نکس کا اور کچھ اثر اسکا قائم رہتا ہے

علاج دو تین روز بے آب و دانہ رکھنا بعد اسکے ایک حصہ شہد دو حصے پانی مین جوش کرکے جب نصف پانی باقی رہے تھوڑا تھوڑا پلانا + **ایضاً** مسہل بلغم دینا اور اونھیں سے حقنہ کرنا **ایضاً** شیطرج اذخر دار شیشعان جند بیدستر مشک عنبر بہمن سعد رنجان شیر ابن ہیلا نوان ریا بلا زنجبیل دار فلفل ورونج ناخواہ سنبل ہندی جوز بوا زرآوند مدحرج فلفل سیاہ وج بطور معجون ترکے کھلانا اور لگانا **ایضاً**۔ شہد کو گوشت کبوتر اور مرغ اور دراج کھلانا +

ایضاً۔ مومیائی عصارہ مرزنجوش میں گھولکر ناک میں ٹپکانا۔

ایضاً۔ ایضا برگ سبنھالو۔ برگ سداب۔ برگ دھتورہ بیخ کثائی پوست بیخ ارنڈ برگ بکائن ہموزن پیسکر روغن سرشف میں پکاکر لگانا۔ اور مالش کرنا +

نوعدیگر برائے فالج ولقوہ مجربات۔ سورنجان تلخ ایک تولہ۔ بوزیدان ایک تولہ

قسط تلخ ایکتوله. خولنجان ایکتوله. زرنباد ایکتوله. جوز بوا ایک توله. وج ایکتوله. عود ہندی ایکتوله. عود صلیب
ایکتوله. عاقرقرحا ایکتوله ہمه را در عرق گلاب سائیده شہد ۱۲ توله (آثار) آمیخته معجون سازند خوراک ایکتوله
در ہفت روز انشاء الله تعالی نفع دہد ⁂

نوع دیگر دوار الکبریت در تقویت معده و جگر و فالج و لقوه و تشنج و رعشه و نسیان و ضیق
النفس و ریاح بدن را مفید ست. گندهک مصفی ایکتوله. سنبل الطیب ۶ ماشه. قسط شیرین
۶ ماشه. سلیخه ۶ ماشه. مصطگی ۶ ماشه. زنجبیل ۶ ماشه. قرنفل ۶ ماشه. بسباسه ۶ ماشه. فلفل سیاه
۹ ماشه. کرفس ۹ ماشه. انیسون ۹ ماشه. نانخواه ۹ ماشه. زیره سیاه ۹ ماشه. پودینه خشک
۹ ماشه. شہد خالص چہار چند ادویه آمیخته خوراک ۶ ماشه ہمراه عرق مکو بدہند مجرب ست.

ترکیب مصفی گردانیدن گندهک اینست. گندهک آنوله سار ۵ توله در شیر گاو نیم آثار اول
گندهک را در کرچھی آہنی انداخته بر آتش گرم کند بعده در شیر اندازند و ہمین طور ہفت مرتبه کند بعده
بر آورده بکار گیرند ⁂

معجون اذراقی یعنی کچله مجوزه حکیم فضل حسین برای فالج و لقوه و نسیان و سرعت الانزال
بسیار مفید ست. اول کچله ۵ توله را در سرگین گاو یک آثار ہفت روز انداخته زیر آب بدارند و آب یک
آثار در سرگین اندازند و بعد ہفت روز بر آورده در آب صاف نموده در شیر ہیش ۲ آثار کچله را جوش دہند
تا شیر سوخته شود و مثل کھویا گردد کچله را بر آورده دوباره آب صاف نموده کچله بر آورده از چاقو تراشیده
مغز کچله ورق ورق نموده در ہاون خوب بکوبند تا که مثل غبار گردد. فلفل سیاه فلفل دراز فلفل
قسط شیرین جنطیانا شیطرج ہندی جوز بوا نانخواه انیسون تخم کرفس تخم جرجیر ہر ایک یکتوله
کچله غبار نموده آمیز کنند و شہد نیم آثار انداخته معجون سازند. خوراک ایک ماشه. تا چہار ماشه.
ہفت روز بخورند برای مفلوج اکسیر خوراک شوربا مرغ و طیور بدہند مجرب
ست ⁂

معجون دیگر کچله نافع فالج لقوه خدر مالیخولیا سرعت انزال و قوت باه را بسیار مفید ست کچله مقشر
در شیر پرورده ۵ توله. چوب چینی ایکتوله. عشبه مغربی ایک توله. ثعلب مصری ایک توله. شقاقل ایکتوله
تودری زرد ایکتوله. تودری سفید ایک توله. بہمن سرخ ایک توله. بہمن سفید ایک توله

موصلی سیاہ ایکتولہ۔ موصلی سفید ایک تولہ مصطگی ایکتولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ مغز نارجیل ۲ تولہ فلفل سیاہ و فلفل سفید۔ دارچینی۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ عود ہندی زنجبیل۔ عود بلسان زعفران قرنفل سعد۔ کوفی سنبل الطیب۔ دانہ ہیل۔ شونیز ہیل بادیان۔ گل گاؤزبان۔ زرنباد۔ صندل سفید اسطوخودوس آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ کتیرا صمغ عربی ہر ایک چھ چھ ماشہ شہد نیم پاؤ آمیختہ معجون سازند۔ خوراک یکماشہ تا دو ماشہ۔ غذائی گوشت مرغ و دال ماش بخورند۔ اگر مشک عنبر ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ و طلا ایکتولہ وقل نمایند قابل بادشاہان ست مجرب ست

نوع دیگر برائے فالج ولقوہ بسیار مجرب ست۔ دارفلفل ۲ تولہ۔ فلفل گرد ۲ تولہ فلفلموئیہ ۲ تولہ زنجبیل۔ قسط تلخ۔ اندرجو تلخ۔ دیودار۔ شونیز۔ عاقرقرحا۔ پودینہ ہر یک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ گوگل ۲ تولہ۔ روغن بادام ۲ تولہ اول گوگل را در روغن خوب حل کردہ ہمہ ادویہ را شکر سفید انار آمیختہ معجون سازند۔ خوراک ایکماشہ صبح و شام بخورند مجرب ست

نوع دیگر برائے فالج ولقوہ بسیار مجرب ست۔ دارفلفل۔ نمک سانبھر۔ افیون ہر سہ تین ۳ تولہ۔ کبابہ چینی ۲ تولہ ہمہ را کوفتہ بیختہ آب ادرک انداختہ کھرل نمودہ حب بمقدار نخود بہ بندند و سہ حب بخورند مجرب ست

کشتہ مس برائے فالج ولقوہ و وجع مفاصل زرنیخ طبقی۔ برگ کنیر سفید مس ہر ایک تولہ تولہ اول زرنیخ زیر و بالا مس انداختہ گلحکمت نمودہ آتش کوئلہ یک آثار بدہند کشتہ خواہد شد خوراک برائے وجع المفاصل یکسرخ ہمراہ مویز منقے برائے لقوہ در سکہ ایکتولہ یک سرخ و برائے فالج یک سرخ در دانہ مویز منقے بدہند۔

نوع دیگر برائے فالج حب اذراقی بسیار مجرب ست اکچلہ مقشر و مدبر کرکے اول کچلہ ۱ تولہ گوبر گاؤ میں ہفت روز ایک برتن گلی میں جوشدین جب تمام دودھ سوختہ ہو جاوے کچلہ کو نکالکر صاف کرکے اوپر سے چھیلکر ہاون میں کوٹیں بعد ازاں اسمیں سے ایک تولہ لیکر مرچ سیاہ ایکتولہ عود صلیب ۲ ماشہ۔ عرق ادرک میں کھرل کرکے گولیاں برابر ماش کے بناویں۔ ہر روز صبح و شام ایک ایک گولی کھلائیں۔ انشاءاللہ بہت نفع ہوگا۔

نوع دیگر مقام سنایہ ضلع بلندشہر میں ایک رئیس کا میں معالج ہوا اسکو عرصہ دس سال سے

فالج تھا مینے اس معجون کا استعمال کرایا۔ خدا نے اسکو صحت دی وہ نسخہ معجون کا یہ ہے:-
لہسن ۱ اثار۔ مغز بیدانجیر ۱ اثار ہر دو کو خوب باریک کرکے دودھ گاؤ ۵ اثار میں خوب پکائین
جب اسکا مادا ہو جاوے تو روغن زرد نیم اثار میں اسکو بریان کریں بعد ازان بھلانوہ ۲
تولہ مغز بادام ۵ تولہ مال کنگنی ۳ تولہ کچلہ مقشر ۲ تولہ۔ دارچینی ایکتولہ۔ جوزبوا ایکتولہ بسباسہ
ایکتولہ تخم کرفس ایک تولہ۔ نانخواہ ایک تولہ کوٹ کر شہد ۱ اثار خالص میں سب کو آمیز کرکے معجون
بنائین۔ اور ایکتولہ صبح ہمراہ عرق بادیان کے اور ایکتولہ شام پرہیز بادی و ترشی اور
غذا نخود آب و بچہ مرغ مرغن خدا کے فضل سے دو ہفتہ میں صحت کامل ہو جاوے گی۔
نوع دیگر روغن برای مالش مفلوج بسیار مجربات ست مال کنگنی ۱۰ تولہ۔ جوزبوا ایک تولہ
چوب چینی ۵ تولہ رتن جوت ۲ تولہ۔ روغن کنجد نیم اثار۔ آب برگ دہتورہ ۵ تولہ آب برگ
اک ۵ تولہ آب برگ چنبیلی ۵ تولہ سب کو روغن میں خوب پکائیں جب روغن رہجاوے
مالش کریں بہت دفعہ تجربہ میں آیا ہے

استرخا کے بیان میں استرخا کا علاج جو فالج کا علاج ہے وہی کرنا ضروری ہے اور
استرخا خاص بیکار ہونے کسی عضو کے ہوتا ہے اور یہ گولیان اکثر
اوقات استرخا کے لیئے مفید ثابت ہوئی ہیں۔ ایارج فیقرا ایکتولہ شحم حنظل ایکتولہ۔ قنطوریون
ایک تولہ۔ مامیرج ۶ ماشہ۔ جاوشیر ۶ ماشہ۔ فرفیون ۶ ماشہ۔ جندبیدستر ۶ ماشہ زنجبیل ۶ ماشہ
حلتیت ۶ ماشہ سکبینج ۶ ماشہ۔ جاوشیر ۶ ماشہ شیطرج ۶ ماشہ۔ خردل ۶ ماشہ۔ فلفل ۶ ماشہ سب کو
کوٹ کر پانی میں گولیان برابر نخود کے بناوین۔ ہمراہ عرق سونف کے ایک ہر روز پرہیز
ترشی بادی بقولات کا کریں۔ اور حب منتن جو بار وکہ ایام گرمی میں گرم مزاج والون کو
دیسکتے ہیں شحم حنظل۔ کتیرا۔ سورنجان۔ بوزیدان۔ ہلیلہ زرد ہر ایک چھ چھ ماشہ کوفتہ
در عرق بادیان آمیختہ حب سازند۔ ایکدرم ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ و شہد ۲ تولہ کے کھلانا
بہت فائدہ کرتی ہیں۔ اور ابتدائی فالج میں دو ہفتہ تک غذا منع ہے۔ سوائے عرق
سونف اور شہد کے کچھ نہ دیوین۔ اور بعد چودہ روز کے اگر ممکن ہو تو پہلے حقنہ کرانا
لازم ہے اور بعد حقنہ کے حب شیطرج جو مجربات بندہ سے استعمال کرانا بہت نفع کرتا ہے

نسخہ یہ ہے شیطرج ہندی تربد سفید صبر سقوطری زنجبیل خردل تلخ ہندی وج ترکی دار فلفل عاقرقرحا سب کو ہموزن لیکر کوٹ چھان کر گولیان ہمراہ شہد کے برابر نخود کے بنائیں خوراک ایکدرم ہمراہ پانی شہد کے ہفت روز۔ انشاء اللہ بہت نفع ہوگا مجرب ہے

فصل سولھوین لقوہ کے بیان مین

اکثر استرخا اور فالج اور لقوہ کا علاج اطبائے ایک ہی رکھا ہے۔ لقوہ منہ کے ٹیڑھا ہو جانے کو کہتے ہیں۔ اور اکثر سہ ماہ کے بعد جس جگہ کمی رہجاتی ہے وہ کچھ نہین جاتا اور موخر سر پر ضماد عاقرقرحا اور خردل کا کرنا اور غرغرہ خردل اور عاقرقرحا کا کرنا بہت مفید ہے اول سہ روز لقوہ میں شوربا بچہ کبوتر جنگلی کا اوریا چوزہ مرغ کا دینا بہت نفع کرتا ہے اور میری تجربہ میں حب بچناک از مجربات استاد مرحوم بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ استعمال بعد تین روز کے ایک تنقیہ کرادین۔ اور بیرونی ہوا سے مریض کو بچائیں۔ اور نسخہ حب بچناک کا یہ ہے بچناک مدبر سوہاگہ بریان۔ کچلہ مقشر ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ شیرہ ادرک ۵ تولہ میں خوب کھرل کرین جب شیرہ خشک ہو جائے تو گولیان برابر دانہ ماش کے بنائیں۔ ایک صبح اور ایک شام ہمراہ عرق نانخواہ کے دیوین ایک ہفتہ مین لقوہ جاتا رہتا ہے اور فالج اور استرخا کو بھی بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ اور یہ گولیان منہ میں رکھنے سے لقوہ کو بہت مفید ہیں:
غاریقون۔ اسارون۔ مغز بادام شیرین۔ تخم کشوث ولایتی۔ انجیر خشک ہر ایک ایکتولہ سبکو شہد ہموزن ملا کر گولیاں برابر کوکنار صحرائی کے بنادین اور ایک ہفتہ منہ میں رکھیں انشاء اللہ بہت نفع کرتی ہیں۔ از مجربات استاد مرحوم

برشعثا جو نسخہ قدیم متقدمین کا ہے وہ بہت کچھ لقوہ میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ اسواسطے میں درج کتاب کرتا ہوں فلفل سیاہ ایکتولہ فلفل سفید ایکتولہ۔ بزرالبنج ایکتولہ زعفران ۵ ماشہ۔ افیون ۱۰ تولہ سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ فرفیون ۳ ماشہ عاقرقرحا ۲ ماشہ سبکو کوٹ کر شہد سہ چند اُن میں ملا کر معجون بنا کر غلہ جو مین دو ماہ رکھیں۔ بعد خوراک لیکرتی چار سرخ تک ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ یا شہد ۲ تولہ کے کھلاوین ایک ہفتہ بہت مجرب ہے او

روغن برائے تقویت اعصاب کے تیار کرکے اگر ضرورت ہو تو وقت شب لقوہ اور فالج مین مالش کرین نسخہ یہ ہے۔ تخم دھتورہ سیاہ ۲ تولہ مالکنگنی ۲ تولہ عرق لہسن ۲ تولہ جائفل ایکتولہ جلوتری ۲ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ روغن کنجد ۳ سیر مین جوشدیکر جب عرق لہسن سوختہ ہو جائے شیشی مین نگاہ رکھین۔ وقت ضرورت کے مالش کرین یہ بھی از مجربات بندہ ہے۔ اور چٹنی تھوم یعنے لہسن کی امراض اعصابی مین بہت کچہ مفید ثابت ہوئی ہے۔ ہر ایک مرض اعصاب مین کار آمد ہے شیرہ لہسن ۱۰ تولہ شیرہ ادرک ۱۰ تولہ شہد ۱۰ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ عاقرقرحا ایک تولہ۔ اول شہد اور شیرہ ہر دو کو آگ پر سوختہ کرین جب شہد خالص ہجاوے اوسوقت زعفران اور عاقرقرحا کو باریک پیسکر ملا دین۔ خوراک ۹ ماشہ صبح ۹ ماشہ شام ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ کے ازبس مفید ہے۔ اور مجربات بندہ۔

فصل سترہوین تشنج کے بیان مین

اول تنقیہ کرنا لازمی ہے۔ بعد اسکے حلوائے بیدانجیر کھلائین اور روغن قسط جو مجربات بندہ ہے استعمال کراوین بہت نفع کرتا ہے نسخہ حلوا یہ ہے مغز بیدانجیر۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ پاؤ پاؤ بھر۔ روغن زرد ایک سیر مین نیم بریان کرکے شہد دو چندان ملا کر حلوا تیار کرین۔ خوراک ایکتولہ سے ۲ تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ یک پاؤ نیمگرم کے۔ پرہیز ترشی اور بادی کا ضروری ہے اکثر یہ مرض یبوست اعصاب سے ہوتا ہے

نسخہ روغن از مجربات بندہ۔ قسط تلخ ۲ تولہ۔ قسط شیرین ۵ تولہ وج ۵ ترکی ۵ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ جائفل ۲ تولہ سبکو اول روز کوٹکر عرق بادیان ایکسیر مین تر کرکے صبح کو جوش دیوین۔ جب نصف رہجاوے روغن کنجد نیم سیر ملا کر خوب جوشدیوین۔ جب خالص روغن رہ جاوے صاف کرکے ہر روز بوقت شب مالش کرین ان شاء اللہ ایک ہفتہ مین تشنج دور ہو جائیگا مجرب ہے اور اکثر موقعہ پر ایسے امراض مین حب مرکب کچلہ بہت مفید ثابت ہوئی ہین نسخہ یہ ہے مغز ہلانوہ ایکتولہ مغز بیدانجیر ۱ تولہ۔ کچلہ مقشر ۳ ماشہ فلفل سیاہ ایکتولہ فلفل دراز ایک تولہ سبکو باریک کرکے شہد ملا کر گولیان برابر نخود کے بنا کر ہر روز صبح دوپہر شام ایک ایک

گولی ہمراہ عرق سونف کے کھلاویں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں فائدہ عظیم ہوگا۔ مجرب ہے

فصل اٹھارھوین تمدد کزاز کے بیان مین

حریرہ بیضہ بہت مفید ہے۔ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ شیر گاؤ نیم سیر خوب حل کرکے شہد ۲ تولہ عرق پیاز ۲ تولہ ملاکر ہر روز کھلانا بہت مفید ہے اور روغن سداب کی مالش کرنا بہت نفع کرتا ہے۔
صفت روغن سداب سداب ۵ تولہ۔ شحم حنظل ۴ تولہ۔ جاوشیر ۲ تولہ۔ روغن چنبیلی ۱ تولہ ملاکر ہر روز مالش کیا کریں بہت مفید ہے اور اگر یادہ یبوست ہو تو روغن بادام ایک تولہ ہر روز ہمراہ شیر خرفہ ۷ ماشہ و مغز کدو کے اور عرق بادیان ایک پاؤ کے ہر روز ہفتوں تک استعمال کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور پانی نیم گرم میں بٹھلانا مریضوں کو تمدد کے لیے بہت نفع کرتا ہے۔ اور پانی مرزنجوش بابونہ اکلیل الملک کا تیار کرکے پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ نطول بھی اکثر کار آمد ہوا ہے۔ گل بابونہ۔ تخم خطمی خبازی۔ عاقرقرحا گل بنفشہ ایک ایکتولہ۔ گل عصفر ۲ تولہ ملاکر دس سیر پانی میں جمع شدہ ہوین اور اوپر سر کے نطول کریں۔ اور غذا مرغن چوزہ مرغ و بیضہ مرغ و گوشت گنجشک وغیرہ کا کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور پرہیز ریحی بادی اور اشیاء مولد بلغم ضروری ہے۔

فصل انیسوین رعشہ کے بیان مین

تخم قرطم ایک تولہ ہر روز ہمراہ گلقند ۲ تولہ ملاکر شیر نکال کر حلتیت ایکماشہ ملاکر ہر روز صبح کو کھلانا بہت مفید ہے اور حب مفید مجرب۔ جاوشیر ۲ ماشہ سکبینج ۶ ماشہ حلتیت ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ دار فلفل ایک تولہ۔ غاریقون ۹ ماشہ شحم حنظل ۹ ماشہ۔ در شیر ادرک ملاکر گولیان بقدر نخود کے بناوین اور ہر روز ۲ حب کھایا کریں۔ اور روغن چوب چینی واسطے مالش کے بہت نفع کرتا ہے اور میرے تجربہ میں بھی کئی مرتبہ آیا ہے سلیخہ۔ قسط تلخ۔ حب بلسان۔ زعفران مصطگی۔ قرنفل۔ قرفہ ہر ایک تولہ تولہ۔ گل سوسن ۲ تولہ۔ چوب چینی ۵ تولہ سب کو فنا کرکے روغن کنجد میں ملاکر جوش دیوین جب خوب صاف ہو جائے اس کی مالش کریں اور یہ معجون بہت مفید ہے مغز پستہ ۲ تولہ مغز بادام ۲ تولہ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ جوزبوا۔ ایکتولہ۔ مغز خربزہ ۲ تولہ گھونگی سفید انگوزہ

قرنفل ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر دو چنداں شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔ اور ہر روز ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاو ایک پاؤ و شہد ۲ تولہ کے کھلاویں اور علاج فالج کا بھی اکثر وہی مفید ہے۔ از مجربات بندہ ۔

فصل بیسوین اختلاج کے بیان میں

روغن جوز ماثل کی مالش کرنا بہت مفید ہے۔ سبوس گندم ۵ تولہ۔ نمک لاہوری ایک تولہ اجواین دیسی ایکتولہ۔ زنجبیل ایکتولہ سبکو پوٹلی باندھ کر سینک کرنا بہت نفع دیتا ہے اور یہ معجون بہت نفع کرتی ہے۔ دارچینی قلمی ایکتولہ۔ عود ہندی ایکتولہ مصطگی رومی زنجبیل جوزبوا۔ بسباسہ۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ فلفل دار فلفل ہر واحد ایک تولہ۔ گل بابونہ ۲ تولہ مویز منقے ۵ تولہ ہمہ راکوفتہ در شہد دو چندان آمیختہ معجون سازند۔ خوراک بوقت خواب ایکتولہ ہمراہ عرق سونف انشاء اللہ بہت نفع ہوگا۔ اور ضماد کرنا نمک ہندی اور قرنفل کا گھسکر اختلاج کو بہت فائدہ کرتا ہے اسکا علاج بہت ضروری ہے۔ ورنہ فالج ہو جانے کا خوف ہے

جوارش جالینوسی بہت نفع کرتی ہے اور تمام اعضا کو قوت دیتی ہے اور کثرت بول کو اور غلبہ ریاح اور سنگ گردہ و مثانہ کو مفید ہے سنبل الطیب۔ قاقلہ کبار۔ سلیخہ۔ دارچینی۔ خولنجان قرنفل۔ سعد۔ زنجبیل۔ چرائتہ۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ قسط شیرین عود بلسان۔ اسارون سب ایک ایک تولہ زعفران ۶ ماشہ مصطگی ۲ تولہ قند سفید برابر وزن ادویہ معجون بنائیں خوراک ۹ ماشہ صبح ہمراہ شیر گاو پاؤ بھر کے ۹ ماشہ شام ہمراہ عرق سونف کھانا تک ایک ہفتہ استعمال کریں

فصل اکیسوین سکتہ کے بیان میں

اوّل تھوڑی سی روئی دھنی ہوئی لیکر مریض کے ناک پر رکھیں اگر روئی کا پھوانا ناک سے حرکت کرے تو فوراً فصد صافن کا لیوین۔ بلکہ ممکن ہو تو باسلیق کا ضروری ہے اور اس ہولاس کو تیار کرکے بر مرغ سے مریض کو سونگھائیں فوراً ہوش میں انشاء اللہ آجائیگا۔ اور نسخہ ہولاس کا یہ ہے۔ نوشادر ۲ ماشہ و مرگہ ۲ تولہ ملاکر قدرے ناک میں ڈالیں انشاء اللہ بہت نفع ہوگا

اور پاؤں کی مالش کرانا ایسے موقعہ پر مفید ہے اور دوا المسک کا قدرے بادرنجبویہ میں حل کر کے حلق میں ڈالنا بہت نفع کرتا ہے **نسخہ دواء المسک حار** زرنباد۔ درونج عقربی۔ مروارید ناسفتہ کہربا شمعی۔ بسد۔ ابریشم ہمتین سنبل الطیب۔ سادج ہندی قاقلہ قرنفل۔ اشنہ دار فلفل۔ زنجبیل۔ مشک خاص سب کو کوٹ چھانکر شہد دوچند ملا کر معجون بنائیں اور ایک ماشہ لیکر عرق بادرنجبویہ میں حل کر کے ممکن ہو تو مریض کو پلائیں بہت مجرب ہے اور مریض ہوش میں آجاوے۔ گلقند ۲ تولہ کا شیرہ۔ عرق بادیان ۵ تولہ میں حل کر کے کھلانا بہت مفید ہے اور مالش کرنا سر پر روغن جو زبوا اور زعفران سے بہت نفع کرتا ہے

فصل بائیسوین کابوس کے بیان مین

غرغرہ کرنا آب سرد سے بہت نفع کرتا ہے۔ اور اس مرض میں شیرہ مغز کدو ۶ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ بادیان ۶ ماشہ درآب ایک پاؤ کے نکالکر ہر روز صبح کو پلا دیں اور پرہیز غذائے سخت سے لازم ہے اور معجون کابوس پایاح بہت نفع کرتی ہے نسخہ یہ ہے۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ دار فلفل دارچینی آملہ ہلیلہ شیطرج ہندی زراوند مدحرج۔ ثعلب مصری۔ مغز چلغوزہ۔ بیخ بابونہ نارجیل ہر ایک تولہ تولہ۔ تخم بابونہ ۲ تولہ۔ خبث الحدید ۹ ماشہ۔ مویز منقے ۱۰ تولہ۔ شہد دو وزن ادویہ معجون سازند۔ خوراک ۹ ماشہ بوقت شب ہمراہ شیر گاؤ کے کھلا دین۔ انشاء اللہ تعالی بہت فائدہ کریگا **سفوف گشنیز** جو تیر بہدف تجربہ میں آیا ہے از بس مفید ہے۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ خرفہ ایک تولہ۔ اسپغول ایکتولہ۔ کاہو ایک ماشہ۔ مغز کدو شیرین ۵ تولہ سفوف کر کے برابر شکر سفید ملا کر روز صبح کو ۲ ماشہ۔ ہمراہ شیر تازہ ایک پاؤ کے کھلا دیں بہت جلد نفع ہوتا ہے۔ اور اگر قبض لازمی ہو تو سفوف برگ سنا بوقت شب بہت نفع کرتا ہے۔ برگ سنا مکی۔ ہلیلہ زرد۔ تربد سفید ایک ایکتولہ نمک سیاہ ۳ ماشہ شکر برابر ملا کر بوقت صبح ہمراہ شیر گرم کے کھلا دیں۔ بہت مجرب ہے۔ اور یا لی سورنجان شیرین ۳ تولہ شکر سفید ملا کر ۶ ماشہ بوقت ہمراہ شیر گاؤ نیم سیر کے کھایا کریں۔

عرق اسطوخودوس ہمراہ شربت افتیمون کے بہت نفع کرتا ہے نسخہ عرق اسطوخودوس ایکپاؤ

کشنیز خشک ایکپاؤ۔ گاوزبان ایکپاؤ۔ گل نیلوفر ایکپاؤ۔ برگ بید ساده ایکپاؤ۔ سب کولیکر بوقت شب ونیزه گاؤ دس سیر مین بھگو کر صبح کو عرق نکالیں اور ۵ تولہ ہمراه شربت افتیمون دو تولہ کے پلا دین۔ شربت افتیمون یہ ہے۔ افتیمون پوٹلی بستہ ۹ تولہ۔ بسفائج فستقی ۲ تولہ۔ برنجاسف ۴ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ در عرق گلاب یک آثار جوشداده صاف نموده قند سفید یکپاؤ انداختہ شربت سازند۔ خوراک شربت ۲ تولہ سات روز تک خدا فضل کر دیتا ہے۔

روغن کدو۔ روغن بادام کا سر پر ملنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور تبرید بہت فائده کرتی ہے خرفہ ۳ ماشہ۔ مغز کدو شیرین ۶ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ۔ عرق گاوزبان ایک پاؤ میں گھوٹ چھانکر ہر روز پلاویں بہت مفید ہے

فصل تیئسوین جمود و شخوص کے بیان مین

یہ وه بیماری ہے کہ آدمی کی حس و حرکت دفعةً جاتی رہے اور لکڑے کا کھڑا اور بیٹھے کا بیٹھا رہجاوے اکثر یہ مرض سدہ موخر دماغ خلط سوداوی کے بڑھنے سے ہوتی ہے۔ علاج اسکا حقنہ کرنا ادویات دافع سوداکے۔ یعنے شحم حنظل ۶ ماشہ۔ ترید۔ ایکتولہ۔ مغز فلوس ایک تولہ برگ سنائکی کو پانی میں جوشدیکر روغن بید انجیر ۵ تولہ ملا کر حقنہ کرنا بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اور گل بابونہ ۶ ماشہ تخم شبت ۶ ماشہ۔ اکلیل ۶ ماشہ شبت ۶ ماشہ۔ سرکہ ۵ تولہ۔ روغن گل ۵ تولہ سبکو ملا کر موخر دماغ پر مالش کرنا بہت مفید ہے۔ اور جب دو تین روز گذر جائیں تو حب صبر جسکا نسخہ بیان ہوتا ہے استعمال کرین۔ صبر سقوطری۔ سقمونیا مشوی۔ شحم حنظل۔ ترید سفید۔ حب النیل سب تولہ تولہ سب کو باریک پیسکر گولیاں برابر نخود کے بناکر ہر روز صبح و شام ایک ماشہ ہمراه شربت شاہترہ کے کھلادین۔ انشاءالله میرے تجربہ میں یہ حب آچکی ہین۔

ترکیب شربت شاہتره۔ شاہتره سبز یا خشک ۱۰ تولہ۔ سب کو عرق گلاب ایک سیر میں تر کرکے صبح جوشدیکر نبات سفید ایک پاؤ۔ ملا کر شربت بنا وین ۲ تولہ صبح کو ہمراه گولیوں کے دیوین۔ بہت مفید ہے۔

فصل چوبیسویں غونت وحمق کے بیان میں

یہ مرض اکثر کمی خون سے ہوتا ہے علاج اسکا ماء اللحم انگوری اسمیں بہت فائدہ کرتا ہے۔ اگر ممکن ہو تو گوشت مرغ آدھ سیر لیکر دیگچہ میں ڈالکر خوب پکائیں جب نصف ہجاوے تو علیحدہ کرکے اور خوب صاف کرکے روغن بادام ۶ ماشہ ملاکر مریض کو پلاویں بہت نفع کرتا ہے۔ اور حریرہ مقوی اسمیں بہت مفید ہے۔ مغز بادام شیریں ۳ تولہ۔ مغز کدو شیریں ۳ تولہ۔ نشاستہ گندم ایکتولہ شیر گاؤ چار سیر میں شیرہ نکالکر روغن بادام ایکتولہ سے داغ کرکے نبات سفید ۳ تولہ ملاکر ہر روز دیویں بہت مفید ہے اور یہ لعوق اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ مغز بادام مقشر ۵ تولہ۔ مغز کدو شیریں ۲ تولہ مغز پستہ ۲ تولہ۔ مغز خربوزہ ۲ تولہ۔ مغز خیارین ۲ تولہ مغز تربوز ۲ تولہ۔ دارچینی قلمی ۶ ماشہ خولنجان ۶ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر قوام شہد میں ملاکر معجون بنائیں۔ ہر روز صبح وشام ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ نیم سیر کے کھلاویں۔ انشاء اللہ بہت مفید ہے اور ایک مریض کو مینے یہ دوا چند روز استعمال کرائی۔ خدا نے فضل کر دیا۔ دوا یہ ہے تودری زرد و سرخ ایک ایک تولہ سفوف کرکے ۶ ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ تازہ کے کھلایا۔ اور بہت مفید پایا۔

فصل پچیسویں فیجج کے بیان میں

سفوف کشنیز اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ خرفہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ سفوف کرکے شکر سفید ملاکر ہر روز صبح کو ۶ ماشہ ہمراہ آب برف کے کھلاویں مجرب ہے اور خمیرہ صندل مرکب اسمیں بہت مفید ہے۔

نسخہ خمیرہ صندل۔ برادہ صندل سرخ و سفید ایک ایک تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ بادرنجبویہ ہر ایک ایک ایک تولہ سب کو عرق بید مشک ایک سیر میں رات کو تر کرکے صبح کو جوش دیں۔ اور نبات سفید ۴ سیر ملاکر قوام کرکے خمیرہ تیار کریں اور اوپر سے سنگ یشب ایک ماشہ کہربا شمعی ۴ ماشہ عقیق ایک ماشہ مصطگی ۲ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۲ ماشہ حل کرکے ورق

نقرہ ۳ عدد خوراک ۶ ماشہ صبح و ۶ ماشہ شام ہمراہ عرق بید مشک و عرق گاؤزبان ایک ایک چھٹانک و شربت سیب ۲ تولہ کے دیوین بہت مفید ہے ترکیب شربت سیب۔ شیرہ سیب نیم سیر۔ گل گاؤزبان ایک تولہ۔ عرق گلاب ایک سیر میں جوشدیکر قوام کریں ۱۰ اور نبات سفید تین پاؤ ملا کر شربت بنائیں۔ خوراک ہمراہ خمیرہ ۲ تولہ بہت مجرب ہے

فصل چھبیسوین زکام و نزلہ کے بیان مین

وسعال کہنہ بلغمی بسیار مجرب ست۔ لونگ۔ جائفل۔ دانہ الاچی کلان۔ زنجبیل عاقرقرحا دار فلفل۔ فلفل گرد ہر واحد تولہ۔ صندل سفید و سرخ دو دو تولہ ہمہ را کوفتہ سفوف سازند۔ خوراک ایک سرخ ہمراہ مویز منقے بوقت خفتن بدہند۔ پرہیز از بادی و ترشی۔

برائے زکام خساندہ بنا کر پکائین۔ گل بنفشہ ۴ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۳ ماشہ سپستان ۷ دانہ عناب ۵ دانہ۔ برگ گاؤزبان ۴ ماشہ گل نیلوفر ۳ ماشہ۔ زوفا خشک ۲ ماشہ۔ بادیان ۱ ماشہ ایکپاؤ پانی مین جوشدیکر نبات سفید ۲ تولہ ملا کر ہر روز پلا دین۔ ایک ہفتہ مین زکام دور ہوگا۔

برائے زکام۔ زوفا خشک ۳ ماشہ۔ اصل السوس ۳ ماشہ تخم خطمی ۴ ماشہ تخم خبازی ۴ ماشہ سبوس گندم ۶ ماشہ پانی مین جوشدیکر نبات سفید ۴ تولہ ملا کر پلا دین۔ دو چار روز مین بہت نفع ہوگا

برائے نزلہ و زکام گولیان تخم جوز ماثل کی بہت نفع کرتی ہیں۔ تخم دھتورہ ۳ ماشہ بزرالبنج ۳ ماشہ۔ دونون پیکر گولیان برابر ماش کے بناوین۔ دو ایک گولی ہمراہ آب سرد کے بہت نفع کرتی ہیں۔

اگر نزلہ ضعف دماغ سے ہووے تخم نقوع خشخاش کا بہت مفید ہے۔ تخم خشخاش مغز بادام۔ مغز کدو شیرین ہر ایک تولہ تولہ۔ پوست خشخاش ۶ ماشہ ہمہ را شیرہ برآوردہ۔ روغن زرد دو تولہ داغ دادہ نبات سفید ۲ تولہ آمیختہ بنوشند۔ در ہفت روز بسیار فایدہ دہد۔

جوارش شعشاء برائے زکام و نزلہ بسیار مجرب ست نسخہ شعشا این ست۔ فلفل سیاہ ایک تولہ فلفل سفید ایکتولہ۔ بزرالبنج ایک تولہ۔ افیون ۱۰ تولہ۔ زعفران ۹ ماشہ فرفیون ۳ ماشہ عاقرقرحا ۳ ماشہ سنبل الطیب ۳ ماشہ ہمہ را اساییدہ شہد سہ چندان میں ملا کر معجون بنائین

خوراک ایک سرخ تا ۴ سرخ ہمراہ شربت زوفا بدہند

برائے نزلہ ہر قسم - جدوار خطائی ۳ ماشہ - افیون ۳ ماشہ - درونج عقربی ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ خوب پیسکر شہد قدرے ملا کر گولیان برابر دانہ ماش کے بنائین - انشاءاللہ نزلہ ہر قسم کا دور ہوجاتا ہے

برائے زکام و نزلہ خوب شفا بہت مفید ہین تخم دھتورہ ایک تولہ زنجبیل ۲ ماشہ صمغ عربی ۲ ماشہ ریوند چینی ۹ ماشہ خوب سائیدہ حب بمقدار مونگ بندند - ہر قسم کے نزلہ کو از حد مفید ہے

برائے زکام و نزلہ خمیرہ خشخاش بسیار مجرب ست + خشخاش یک پاؤ شب درآب تر کردہ خوب سائیدہ شیر برآوردہ یکتولہ سرکہ انداختہ وآب علیحدہ کردہ لعاب خشخاش را در روغن زردہ ۵ تولہ داغ نمودہ مغز بادام یک پاؤ الائچی خورد ۲ ماشہ - طباشیر یکتولہ نشاستہ ۲ تولہ انداختہ زعفران ۳ ماشہ نبات سفید نیم سیر انداختہ خمیرہ سازند - یکتولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ یک پاؤ بنوشند در ہفت روز طاقت بسیار پیدا شود - انشاءاللہ تعالیٰ نزلہ ہر قسم دور شود - بارہا آزمودہ ام

تریاق نزلہ بسیار مجرب ست - اسطوخودوس ۹ درم - گل گاوزبان ۱۰ درم - تخم مورد ۱۰ درم کشنیز خشک ۱۰ درم - تخم کاہو ۲۰ درم - بزرالبنج ۴ درم - تخم خشخاش ۴۰ درم درآب جوش دادہ قند سفید ۲۰ درم آمیختہ - قوام آرند - گل سرخ ۵ درم کشنیز ۵ درم رب السوس نشاستہ ۵ درم صمغ عربی ۵ درم - کتیرا ۵ درم - مرصاف ۵ درم - خوب سائیدہ بالائے آتش آمیزند - خوراک ۲ مثقال

خمیرہ کوکنار اس مین بہت مفید ثابت ہوا ہے - پوست خشخاش ۱۰ تولہ - در یکپا وآب جوش دادہ خوب مالیدہ صاف نمودہ قند سفید نیم سیر قوام آرند - بالائش مغز بادام ۵ تولہ رب السوس یکتولہ کتیرا ایک تولہ - صمغ عربی یک تولہ - زوفا خشک یکتولہ آمیختہ خمیرہ سازند - خوراک بوقت صبح ۶ ماشہ ہمراہ شربت خشخاش دو تولہ بخورند - انشاءاللہ تعالیٰ در چند روز بسیار فائدہ میباشد - بارہا تجربہ کردہ ام

فصل ستائیسوین خدر کے بیان مین

میرے ایک دوست عزیز کو پنڈلی میں خدر ہو گیا تھا - اور اسکا علاج مینے کیا خدا نے صحت بخشدی تھی وہ تدبیر یہ ہے - یعنے پہلے تین روز کو ۲ تولہ - نانخواہ ۲ تولہ نمک ۲ تولہ

پانچ سیر پانی میں جوش دیکر نطول کراتا رہا۔ اوسکے بعد اس روغن کی مالش۔ وہ روغن یہ ہے۔ برگ سوہانجنہ برگ آک برگ دہتورہ۔ برگ ارنڈ ہر ایک دس دس تولہ۔ آنکا پانی نکالکر روغن کنجد نیم سیر میں جلایا جاوے اور اوپر سے سورنجان ایک تولہ۔ قسط تلخ ایکتولہ۔ اسگند ایک تولہ۔ جوز بوا ایک تولہ بسباسہ ایک ماشہ قرنفل ایک تولہ سعد ایک تولہ۔ مالکنگنی ایک تولہ ان سب کو کوٹ کر اس روغن میں ملاکر مالش کی پندرہ یوم تک اور واسطے کھلانے کے حب بچناگ شروع کردی۔ خدا نے اپنا فضل کردیا۔

نسخہ حب بچناگ بچناگ مدبر کچلہ مدبر۔ سوہاگہ بریان جدوار ایکتولہ سبکو عرق پیاز ایک پاؤ میں خوب کھرل کریں۔ جب خشک ہوجائے گولیاں برابر دانہ مونگ کے بنائیں اور صبح اور شام ایک گولی ہمراہ آب شہد کے دیویں۔ خدا چاہے تو کیسا خدر کیوں نہو جاتا رہے گا۔

سفوف مجرب از مطب استاد زرنیخ طبقی ایک تولہ ہر دو را شل سرمہ سائیدہ نگاہ دارند بوقت حاجت یک چاول ہمراہ شہد یکتولہ بدہند۔ بسیار مجرب است

باب دوم

امراض چشم کے بیان میں شامل و پر سینتالیس فصلوں کے

فصل اول رمد ۞ فصل دوم طرفہ فصل سوم ظفرہ فصل چہارم بیاض فصل پنجم سبل فصل ششم دمعہ فصل ہفتم قذی فصل ہشتم عشا فصل نہم جہر فصل دہم جحوظ۔ فصل یازدہم نور القرینہ فصل دوازدہم مورسرج فصل سیزدہم اتساع فصل چہاردہم ضیق۔ فصل پانزدہم تخیلات فصل شانزدہم نزول الماء فصل ہفدہم قمور فصل ہشتدہم بعض العین فصل نوزدہم انتشار الجفن فصل بستم شرناق فصل بست و یکم عقدہ فصل بست و دوم شتر منقلب و شتر زائد فصل بست و سوم انتشار الآب فصل بست و چہارم صلابت جفن فصل بست و پنجم شعیر فصل بست و ششم ضعف البصر ۞ فصل بست و ہفتم قمل الاجفان ۞

فصل بست و ہشتم قروح الجفن ؛ فصل بست و نہم غرب فصل سی حول کے بیان میں

یاد رہے کہ آنکھونکا علاج کرنا بہت لایق اور تجربہ کار حکیم کا کام ہے۔ کیونکہ آنکھونکا معاملہ بہت نازک ہے آنکھ مرکب ہے تین رطوبتون اور سات پردون سے پہلا پردہ جو سامنے ہوا سے ملا ہے اسے ملتحمہ کہتے ہین۔ دوسرا پردہ قرنیہ ہے ملتحمہ سے ملا ہوا تیسرا پردہ عنبیہ ہے اور یہ پردہ غلیظ الجرم ہے۔ اور بیچ میں سوراخ ہی واسطے نکلنے نور بصر کے بعد اسکے رطوبت بیضیہ ہے۔ اور یہ رطوبت کچھ بدا رشفاف ہے۔ چوتھا پردہ عنکبوتیہ ہے وہ بڑا باریک مکڑی کے جالا کی طرح پر ہے پھر رطوبت جلدیہ ہے اور یہ رطوبت بستہ ہے شفاف مثل اولے کے اوپر سے گول اور چپٹی نیچے کیلی اور یہ رطوبت عمدہ ترین اجزا آنکھ میں سے ہے کیونکہ حقیقت مین بصارت اسی سے ہے۔ باقی اجزا بمنزلہ خادم کے ہیں۔ اسکے بعد رطوبت زجاجیہ ہے یہ رطوبت غلیظ القوام سفید اور سرخی مائل ہے اسکے بعد پانچوان پردہ شبکیہ ہے اور یہ پردہ مانند جال کے ہے چھٹا پردہ مشیمہ ساتوان پردہ صلبیہ ہے

فصل اول رمد کے بیان مین

اگر غلبہ خون سے ہووے تو سرخی اور ورم ضربان اور امتلائی رگون میں ظاہر ہو علاج فصد سر رو کھولین تلیین طبیعت کرین اور بعد تنقیہ شیاف ابیض سفیدی میں حل کرکے آنکھ میں ٹپکاوین۔ بنا بر علاج صندل و رسوت با آب کشنیز سبز ملا کر طلا کرین ؛

اور اگر غلبہ صفرا سے ہو تو سوائے علامت دموی کے درد اور بیقراری زیادہ ہو۔ علاج مذکورہ بالا عمل میں لاوین اور ضماد شیرہ کاسنی میں کرین ؛

اور جو مادہ بلغم سے ہو تو نفخ و ثقل اور سیل اور اشک بہت ہون اور بعد خواب پلکیں چپک جائین اور سرخی کمتر ہو۔ بعد تنقیہ حبوب ایارجات بنا بر ردع مواد و تحلیل حلبہ و رسوت مرداسنگ اقاقیا و زعفران گلاب میں ملا کر پلک پر طلا کرین اور واسطے تحلیل مواد اور نفخ کے لعاب حلبہ و تخم کتان آنکھ میں ڈالیں اور بعد ہضم و زوال انتہا مرض ذرور ابیض آنکھ میں ڈالین ؛

اور مادہ سوداوی آنکھ مین خشکی اور گرانی اور طوالت مرض ہوتی ہے

اور پلک سرخ اور درد ہو سر بنفشہ نیلوفر خطمی بیوین۔ روغن بنفشہ و شیر تازہ ناک میں ڈالین بابونہ بنفشہ تخم کتان روغن نیلوفر میں حل کرکے پلک پر ضماد کرین اور شیاف دینار رگون آنکھ میں لگاوین۔ اگر مادہ

سے ہو تو آنکھ تمدد ہوگی اور اشک جاری ہونگے۔ اور کبھی بسبب درد کے سرخی بھی ہوجائے گی ؛

علاج بابونہ و اکلیل الملک مرزنجوش آنکھ میں ٹپکائیں۔

اور یہ بات ہر قسم رمد میں معلوم رہے کہ جب خوف ملجائے پلکون کا چپک جانا ہو۔ تو بعد تنقیہ کے یا بعد تل کے شیاف ابیض و انارو ذرور ابیض آنکھ مین ڈالین۔ بعد ہضم کے دوائی سلائی روغن گل میں آلودہ کرکے آنکھ مین لگائیں اور پٹی باندھ لین کہ آنکھ نہ چپکے

فصل دوسری طرفہ یعنے نقطہ سرخ یا سیاہ یا کبود بر ملتحمہ

فصد سر روکرین اور لتہ کو سفیدی زردی بیضہ مرغ میں آلودہ کرکے آنکھ پر باندھیں۔ واسطے تسکین درد کے اور خون بازوے کبوتر آنکھ مین لگائین اور انحطاط میں واسطے تحلیل کے کندر و مر و واشق و زعفران خون کبوتر میں ملا کر لگا دین ؛

فصل تیسری ظفرہ یعنے ناخنہ بر ملتحمہ

علاج بعد تنقیہ شیاف دتیار خون و باسلیقون آنکھ میں لگائیں ؛

فصل چوتھی بیاض بر قرینہ کے بیان مین

اگر سبب پانی ہو رفع کرین والا فصد وغیرہ کی اسواسطے حاجت نہیں ہے نہ اسہال کی بعد زوال جالب کے گل خشخاص شہد میں پیس کر لگا دین۔ یا شکر اور نمک زبان پر رکھ کر سفیدی کو زبان سے چاٹیں باریک سفیدی باقی رہے گی۔ اگر غلیظ ہے دارو سے قوی تر لگائیں مثل مس سوختہ و بورہ نوشادر و نمک اندرانی و کف دریا و فرو رہ۔ سک و خرم صغیر و کبیر اور خرم فعل اور پہلے دوا لگانے سے آب گرم کا بخار آنکھ میں پہونچائیں کہ نرم ہو جائے۔ بعد اسکے دوا لگائیں ؛

فصل پانچویں سبل کے بیان مین

اگر مادہ باطن رگون میں ہو تو قرینہ پر ابر سا ظاہر ہو۔ اور خربان اور پلکین آدین قعر چشم سے درد ہو اور اگر مادہ رگون ظاہر سے ہو تو قرینہ پر غشا مثل دخان کے ظاہر ہو اور دونون رخسار سرخ ہو جاوین اور چراغ کی طرف اور آفتاب کی طرف مریض نہ دیکھ سکے۔ اور سبل کے تین

قسم ہین۔ اول سبل یابس علامت ہے کہ بجز غشا سبل کے اور کچھ ظاہر نہ ہو۔ دویم رطب۔ علامت یہ ہے کہ آنسو بہے ؛ **علاج**۔ بعد تنقیہ و فصد سرکے روکحل گرم مثل بارسلیقون لگاہین۔ اگر سبل رقیق ہو تو شیاف دینار جون کافی ہے یا مثل اسکے اگر سبل ہمراہ عدگرم ہو۔ سرد دوانہ لگائین ذرور اغبر و شیاف عدسی معمول کا استعمال کرین یا شیاف اور اگر مستحکم اور غلیظ ہو جائے اور منع بصارت کرے۔ اور حدقہ چشم پر مثل تار عنکبوت کے پہیلجائے جو مانع بصارت کامل نہ ہو تو تدبیر مذکورہ کرین اور اگر کامل ہو تو ازار سے اٹھاوین۔ اور اگر سبل بعد رعد گرم کے لاحق ہو بہ سبب استعمال بیٹر ادویہ و تکثیف مسام کے اسکی علامت آنکھ سرخ اور آنسو جاری ہین۔ فصد کرین اور شیاف ابیض لگائیں بنا چاری شیاف احمر ہین ذرور شہابی و ذرور زیادی و شیاف اسود لگائین۔ کہ بادبیل کو اٹھالیوے۔

فصل چھٹی دمعہ کے بیان ہیں

علامت یہ ہے کہ ہمیشہ اشک ہے مراد جاری رہیں اور آنکھ تر رہے۔ اور اس مرض مین سفیدی بھی پیدا ہوتی ہے اور سبب اسکا امتلا سری مادی ہے **علاج** بعد تنقیہ مادہ موجبہ توتیا ہندی مغسول و دیگر کحلہا و کحل دمعہ امتلائی لگائین ؛ اور جو گرمی مزاج چشم و دماغ کی ہو تو مرکب چشم سیک اور رمد اور اشک گرم و رقیق ہون تو سرمہ دمعہ گرم کا استعمال کرین۔ اور اگر سردی مزاج چشم ہو نو کہ چشم گران اور اشک سرد ہوں۔ سرمہ دمعہ سرد کا استعمال کرین۔ اور باسلیقون ذرور ودوائی صلاج عضلات چشم نفع دے ؛

فصل ساتوین قذی کے بیان مین

جب آنکھ مین کچھ پڑجائے تو گرم پانی سے دھو ڈالیں اور قدرے شہد سلائی سے آنکھ مین ڈالین یا نشاستہ ڈالین فوراً آرام ہوجاویگا

فصل آٹھوین عشا یعنے شبکوری کے بیان مین

اس مرض کے تین سبب ہین ایک یہ کہ روح باصرہ غلیظ ہو بسبب بخارات۔ دویم یہ کہ بصر و چشم سے رطوبت زیادہ ہو۔ رطوبت بیضیہ مین غلظت ہو ؛ سویم ہمیشہ رہتے سایہ آفتاب کے بھی روح باصرہ

قیلی ہو، **علاج** ۔ باستعمال ایارجات تنقیہ دماغ کرین ۔ اور جھلکیین لیوین ۔ اور بادیان تثبیت
بابونہ مرزنجوش و تمام و سداب جوش انکباب کرین جگر پر بریان کرکے بخار لیوین اور جگر کا داغ پر
رکھین اور فلفل کو نکر اور بادیان اسپر رکھین کہ رطوبت جگر کو دوا خشک کرے یا جذب کرے اس دوا
کو باریک کرکے آنکھ مین لگائین اور جو یہ سبب ہے آفتاب کے ہو ترطیب کرین

فصل نوین جہر یعنے روزکوری کے بیان مین

علاج ترطیب دماغ کی کرین اور آب سرد مین غوطہ دیوین اور اندرون آب آنکھ کھولیں ۔ غذا
مقوی کھلانا ۔ اور مقوی بصر سرمہ آنکھ مین لگانا مغز سر بز بہت مفید ہے ؛

فصل دسوین جحوظ کے بیان مین

یہ معلوم ہوا کرتا ہے کہ آنکھین خارج کی طرف نکلی پڑتی ہین ۔ تنقیہ فصد و حجامت سے کرنا بہت مفید ہے
اور تنقیہ سر کا ادویہ مسہلہ سے اور ہلیلہ زرد فلفل آب پیاز و عرق سونف ملاکر آنکھ مین ڈالین
اور غذا کم اور خشک کھلائین ۔ اور شیاف طوطیا بہت فائدہ کرتا ہے ۔ طوطیا سبز ۶
ماشہ ۔ رسوت ۶ ماشہ ۔ شحم حنظل ۶ ماشہ ۔ صابون ولایتی ایک تولہ سائیدہ کرکے آنکھ
مین لگانا بہت مفید ہے ؛

فصل گیارھوین نتو القرنیۃ کے بیان مین

یعنے ابھر آنا قرنیہ کا شق ہوکر یا زخم سے کہ خطر رکھی میح طبقہ کے آجاوے اور طبقہ اوپر کو ابھر آوے
علاج ۔ بعد تنقیہ بدن اور خلط غلیظ بسرخ و تنقیہ عضو خاص اشیاء محللہ جون ذرور اصفر و سنبل
اخضر آنکھ مین لگاوین ؛

فصل بارہوین مور سرج کے بیان مین

یعنے طبقہ عنبیہ قرنیہ کو توڑکر نکل آوے کبھو دی شکل پر ہو کبھی سر مور کی طرح ہو اور کبھی مثل سر مگس کے
اور کبھی مثل دانہ انگور کے قرنیہ پر پیدا ہو گرد اسکے سپید سی طوق باندھے **علاج** مورسرج قبل اسکے
کہ کنارہ شگافتی قرنیہ سے غلیظ ہو جائین ۔ علاج پذیر ہے اور واسطے مراجعت نتو کے چیزہائے
قابض اور خشونت نہ رکھتی ہون آنکھ مین لگائیں مثل شادنج مغسول و اقلیمیا نقرہ و شیخ
روغنیہ اور کحل اکسیر مین ؛

فصل تیرھوین انتساع کے بیان مین

سبب اُس کا ضربہ یا خلط غلیظ یا بہتر ہے علاج فصد سر اروکی اور ساقو پنر پچھنی لگانا۔ اور چت لیٹنا اور پرہیز کرنا قے سے اور دودھ عورت کا آنکھ میں ڈالنا۔ بنفشہ ۲ ماشہ خطمی ۳ ماشہ زردی بیضہ مرغ میں ملاکر ضماد کرنا بہت مفید ہے ❊

فصل چودھوین ضیق کے بیان مین

بعد استفراغ بادی ورطوبت شیاف زعفران وغیرہ استعمال کریں۔ شیاف مامیثا ❊

فصل پندرھوین تخیلات کے بیان ہیں

جو علاج نزول الماء میں بیان ہوئے ہیں۔ استعمال کریں

فصل سولھوین نزول الماء کے بیان مین

تنقیہ دماغ کریں بعد تنقیہ شیاف مرارات و باسلیقون اور مانند اُسکی آنکھ میں لگائیں۔ اور سرمہ تخم نیل کا لگائیں۔ اور بعد رفع بصارت کے قدح کریں اور ہیچ ابتدا رکے یہ معجون فائدہ کرتی ہے حص مرچ انگوزہ۔ زنجبیل بادیان ہر چہار مساوی کوفتہ بیختہ در عسل سرشتہ یک مثقال ہر روز بخورند۔ وآب پیاز و سرگین قطاف سوختہ شہد میں ملاکر لگانا بہت اچھا ہے

فصل سترھوین قمور کے بیان مین

جو دیکھنے برف سے اور سفیدی کے آنکھ ضعیف ہوگئی ہو با دام تلخ گھسکر آنکھ پر ضماد کرنا اور دودہ عورت آنکھ میں لگانا۔ اور سیاہ کپڑا اوپر آنکھ کے رکھنا بہت مفید ہے

فصل اٹھارھوین ضعف العین کے بیان مین

یعنے روشنی بری معلوم ہو۔ علاج تقویت آنکھ کی کریں اور حریرہ خشخاش پلائیں۔ جو امراض نزلہ وزکام میں بیان ہوا ہے۔ اور تبرید میں کوشش کریں ❊

فصل اُنیسوین استرخاء الجفن کے بیان مین

بعد تنقیہ بدن کے اگر اور کچھ باقی رہے۔ تو علاج رمد کا کریں۔ جب مدہ زائل ہو۔ تو رگین داخل پلک کی کھولیں اور اوپر پلک و ابرو و پیشانی کے صبر اقاقیا۔ ماميثا و زعفران۔ وحب الآس

سہ سہ ماشہ در آب سائیدہ شیاف سازند در چشم کشد اول تنقیہ بدن نمایند و آہن پوٹلی بر چشم سیک کند۔ پوست خشخاش ۲ ماشہ۔ نمک سانبھر ۳ ماشہ۔ گلنار ۲ ماشہ۔ در آب گرم نہادہ بر چشم تکور کند۔ انشاء اللہ فائدہ خواہد شد۔ و سرمہ رمد در ینجا بکار مے آید۔ کف دریا ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ دار فلفل ۳ ماشہ۔ صدف سوختہ ۳ ماشہ۔ طوطیا بریان ۳ ماشہ۔ ہمہ را بطور سرمہ سائیدہ سرمہ سیاہ ایکتولہ آمیختہ در چشم کشد انشاء اللہ در ہفت روز فائدہ بسیار خواہد شد۔ وضماد استر خار بعنے اذراقی مقشر را در سرکہ سائیدہ بر چشم ضماد سازند۔ بسیار مجرب است +

فصل بیسوین شرناق کے بیان مین

یہ مرض وہ ہے کہ آنکھ کے اوپر کی پلک میں گوشت سخت پیدا ہو جاتا ہے۔ بسبب رطوبت کے اول تنقیہ فصد اور حجامت اور اسہال سے کریں اور قرص بنفشہ ۳ ماشہ اکلیل الملک ۳ ماشہ۔ تخم خطمی ۳ ماشہ سرکہ میں پیسکر آنکھ پر باندھے اور غذا گوشت طیور کا اور اغذیہ مغلظ سے پرہیز لازم ہے اگر ان تدبیروں سے جاوے تو بہتر ورنہ عمل جراحی کراوین

فصل اکیسوین عقدہ کے بیان مین

یہ مرض وہ ہے کہ آنکھ میں گرہ سخت اوپر کی پلک میں پڑ جاوے یہ تین قسم کی ہوتی ہیں علاج تخم السی اور موم سفید حلکر کے آنکھ پہ باندھین تاکہ گرہ نرم ہو جائے ورنہ عمل جراحی کر کے گرہ کو نکالے۔ اور مرہم داخلیون اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے +

فصل بائیسوین شعر منقلب مین جسکو پڑوال کہتے ہیں

علاج پہلے بالوں کو اکھاڑ کر خون پر کبوتر کا آنکھ میں لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ خون کٹھمل بھی اسمیں بہت نفع کرتا ہے۔ اور بلیلہ مربہ روزمرہ شب کو کھایا کرین۔ اور تنقیہ دماغ کا لازمی ہے اور لونگ و مصطگی پیسکر آنکھ پر لگائیں۔ اور جو زبوا منہ میں رکھین اور باسلیقون لگانا نفع کرتا ہے +

فصل تیسوین انتشار الاہداب یعنے گرنا بال پلکون کا

اول تنقیہ دماغ کرنا اور غذا مرغن کا استعمال کرنا اور روشنائی چشم آنکھ میں لگانا بہت مفید ہے نسخہ روشنائی روحی ہلیلہ کو عرق چنگرہ میں تر کر کے خشک کرنا اور شیرہ سنبر میں تر کر کے

خشک کرنا پھر روغن تلخ میں بتی بنا کر جلانا اور روشنی ہانڈ کا جل کے آنکھ مین لگانا مفید ہے +

فصل چوبیسوین صلابۃ الاجفن

یعنے بدشواری آنکھ کا کھلنا۔ پہلے افتیمون ایک تولہ۔ ہلیلہ کابلی ۳ ماشہ پانی میں جوشدیکر استفراغ کراویں۔ اور برگ خطمی ۲ ماشہ اور گل بنفشہ ۶ ماشہ جوشدیکر بھپارہ دین اور ضماد لود پیشانی ۳ ماشہ زعفران ایک ماشہ عرق گلاب میں گھسکر ضماد لگانا بہت مفید ہے اور شیاف باسیلقون بھی اس مین لفع کرتا ہے اور آنکھ میں سفیدی کا شعرہ ڈالنا بھی مفید ہے

فصل پچیسوین شعیرہ مین

یہ وہ ورم ہے جو کہ مانند جو کی کنارے پلک کے پیدا ہوتا ہے ہمرنگ جلد کے۔ اول فصد و تنقیہ دماغ کا کرنا۔ بعد ازان رسوت صبر ایلوا گل ارمنی برگ کاسنی سبز میں حلکر کے ڈالنا بہت مفید ہے اور مرہم داخلیون کا استعمال ضروری ہے۔ بعدہ عمل جراحی کرنا بہت مفید ہے۔

فصل چھبیسوین ضعف بصر میں

اول تنقیہ دماغ مسہل سے بعد تنقیہ کے غرغرہ کرنا وج ترکی و مصطگی سے اور مصطگی ۳ تولہ گلقند ایکتولہ کھانا۔ اور یہ سرمہ بہت فائدہ کرتا ہے۔ شادنج کف دریا ہلیلہ زرد سب کو پیسکر سرمہ بناکر آنکھ میں لگانا بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور سرمہ طوطیا مجرب بندہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ شورہ قلمی ۵ تولہ پھٹکری ۵ تولہ۔ طوطیا سبز ۵ تولہ ایک لوٹے میں بند کر کے گلحکمت کر کے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیکر سوختہ کرنا قدرے باریک پیسکر آنکھ مین لگانا بہت مفید ہے اور ضعف بصر میں اکثر میرے تجربہ مین آیا ہے۔ قرنفل ایک ماشہ۔ مرواریدایک ماشہ گل کنودا ایکتولہ۔ سرمہ سفید ۲ تولہ خوب حلکر کے آنکھ مین لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے بارہا میرے تجربہ مین آیا ہے +

فصل ستائیسوین قمل الجفن یعنے جو پڑجانا پلک مین

پہلے نمک اور صابن سے خوب دھوڈالیں اور اوپر سرمہ طوطیا جو بیان ہوا ہے ہمراہ سلائی سیماب کے لگانے سے فائدہ ہوتا ہے اور تنقیہ دماغ کا ضروری ہے اور سیماب ایک تولہ گندھک ایک تولہ ہردو کو پیسکر سرمہ بناکر لگانے سے نفع ہوتا ہے +

فصل اٹھائیسوین قروح الجفن

عدس پوست انار۔ پوست بیخ بن لبستہ سرکہ مین حلکر کے ضماد کرنا اور ہلیلہ بلیلہ آملہ وزن برابر۔ تھوڑے سے پانی مین بھگو کر صبح کو آنکھ کو صاف کرنا +

فصل اونتیسوین غرب مین جو ناصور آنکھ کے کونے مین پڑجاتا ہے

اول فصد سر اروکی اور صبر کندر انزروت دم الاخوین گلنار سرمہ اصفہانی بھٹکڑی زنگار وزن برابر لیکر شیاف بناکر آنکھ مین ڈالنا بہت مفید ہے اور اگر ممکن ہو تو عمل جراحی کرنا بھی نفع دیتا ہے +

فصل تیسوین حول مین یعنے آدمی ایک چیز کو دو دیکھے

دودھ عورت کا آنکھ مین ڈالنا اور استفراغ کرنا غرغرہ سے اور واسطے تحلیل ریاح کے گرم پانی سے سینکنا بہت مفید ہے۔ اور بایران سونف کے پانی مین حلکر کے لگانا بہت نفع کرتا ہے اور باسلیقون بھی لگانا بھی مفید ہے، اور عادت کو بدل دینا ضروری یعنے مولودی مین یہ مرض ہوا کرتا ہے کہ بچہ جس کروٹ پر لیٹا ہو اسی طرف دیکھا کرے۔ دایہ اُس کا خیال نہ کرے۔ یہ مشکل سے جاتا ہے اور ضعف بصر کی تدبیر ضروری ہے +

باب سوم

امراض الاذن شامل اوپر نو فصلونکے

فصل پہلی وجع الاذن کے بیان مین

یعنے درد کان کا اگر یبوست سے ہو تو روغن بادام گرم کرکے کان مین ڈالین اور اکثر کثرت ریاح سے ہی ہو جایا کرتا ہے۔ بہپارہ و بادیان ہکو کا دینا بہت نفع کرتا ہے + اور یہ روغن ہر ایک طرح کے درد کان کو نفع کرتا ہے بارہا میرے تجربہ مین آیا ہے۔ افیون ایک ماشہ صبر ایک ماشہ

زعفران ایکماشہ۔ سرکہ دو تولہ میں حل کر کے روغن گل ۳ تولہ ملاکر قدرے کان میں ڈالیں۔ اور حلوا بازار
کان پر باندھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اور اگر کان بہتا ہو تو پہلے نیب کی پتی کا بھوپارہ بیکر
قدرے سوہاگہ بریاں کر کے کان میں ڈالیں پیپ کو بھی خشک کر دیتا ہے اور درد کو بھی آرام
ہو جاتا ہے۔ اکثر گل داؤدی کے پتے کان میں ڈالنے سے بہت نفع ہوتا ہے اور لید اسپ کا
قدرے پانی نکالکر کان میں ڈالنے سے بہت مفید ثابت ہوا ہے +

فصل دوسری وقر وطرش و صمم کے بیان مین

نقصان سمع اور بطلان سمع یہ مرض ہے اور علاج ہر دو کا ایک ہے بلکہ صمم بھی انہیں شامل ہے
اور صمم جو سننا موقوف ہو جائے اُسکو کہتے ہیں اول تنقیہ دماغ کا کرنا مفید ہے بعد اسکے اطریفل
مربہ کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور حرمل ۳ ماشہ روغن کنجد ایکتولہ میں جلاکر کان میں ڈالنا بہت
نفع کرتا ہے اور پانی اولے جو ہمراہ بارش کے آسمان سے گرتے ہیں اسکا پانی ڈالنا بہت مفید
ہے۔ اور لوہار کی میان جو پانی جسمین لوہا بجھایا جاتا ہے اُسکا کان میں ڈالنا بہت مفید ہے
اور اگر میل ہو تو میل کو نکلوائے اور جو دوا کان میں ڈالی جائے نیمگرم کر کے ڈالیں۔ اور
تنقیہ کرنا لازمی ہے۔

فصل تیسری طنین و دوی کے بیان مین

اگر کان میں آواز نقارہ ڈھول کی معلوم ہو تو افیون ۱ ماشہ۔ حب صنوبر ایکماشہ۔ جندبیدستر
ایکماشہ روغن گل ۲ ماشہ میں ڈالکر جوشدیوین اور کان میں ڈالیں بہت نفع کرتا ہے۔ اور
صعتر۔ پودینہ۔ سونف۔ بابونہ تین تین ماشہ جوشدیکر بھپارہ کرین۔

فصل چوتھی انفجار الدم من الاذن کے بیان مین

یعنے اگر خون کان سے نکلے۔ اول گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ بعد میں گلنار دم الاخوین
اور سوہاگہ بریان کاغذ سوختہ سفوف کر کے کان میں ڈالیں۔ اور روغن گل ایکتولہ و
افیون ایکماشہ ہر دو کو کان میں ڈالنے سے اس مرض میں بہت نفع ہوتا ہے۔

فصل پانچوین انکسار الاذن کے بیان مین

یعنے اگر کان بسبب ضربہ و سقطہ کے ٹوٹ جائے دم الاخوین اقاقیا۔ انزروت پھٹکری

پیسکر کان پر لگانا مشکور کرنا۔ زرد چوبہ آرد گندم روغن گنجد سے بہت نفع کرتا ہے۔ سوہاگا خام النا بھی بہت مفید ہوتا ہے ؛

فصل چھٹی انقلاع الاذن کے بیان مین

اگر کان کھرکھرا ہو جائے تو مرہم داخلیون لگانا رسکپو سرکہ میں گھسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے۔ روغن زرد ایک تولہ۔ سوہاگہ ایک ماشہ بریان کرکے روغن لگانا بہت نفع کرتا ہے

فصل ساتوین اورام الاذن کے بیان مین

یعنے اگر کان میں ورم ہو جائے تو حدوار خطائی گیرو سرکہ میں گھسکر لگانا بہت مفید ہے۔ رسوت صندل سرخ عرق گلاب میں گھسکر لگانا نفع کرتا ہے۔ موم سفید۔ روغن گل میں حلکر کے لگانا مفید ہی اور تنقیہ الهالی کرنا بھی نفع کرتا ہے

فصل آٹھوین حکۃ الاذن یعنی خارش کان کے بیانمین

روغن گل ایکتولہ۔ سرکہ ایک تولہ کافور ایک ماشہ افیون ایک ماشہ حلکرکے کان مین ڈالنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور روغن بادام تلخ کان میں ڈالنا بہت مفید ہے ؛

فصل نوین ہرب الاذن یعنے برداشت نکرنے آواز میں

تقویت دماغ کی کرنا۔ اور روغن کدو سر پر ملنا اور کانوں مین ڈالنا بہت مفید ہے

باب چہارم

امراض ناک مین شامل ویر نو فصلونکے

فصل پہلی خشم ؛ فصل دوسری فساد شم ؛ فصل تیسری نیور بینی ؛ فصل چوتھی قروح بینی۔ فصل پانچوین رعاف۔ فصل چھٹی بخر الانف ؛ فصل ساتوین عطاس ؛ فصل آٹھوین جفاف انف ؛ فصل نوین حکۃ انف ؛

فصل پہلی خشم میں محسوس نہونا کسی بو کا خشم ہے علاج۔ اول فصد کرین

پھر تنقیہ حب ایارج سے کریں۔ اور بعد اسکے زنگار مرصافی مرہم بنا کر لگائیں اور گوشت زائد کو دستکاری سے کاٹیں۔ اور جوشاندہ انجیر کلونجی پانی میں جوشدیکر غرغرہ کرنا مفید ہے

فصل دوسری فساد الشم

علاج۔ تنقیہ دماغ کرکے تقویت دماغ کی کوشش کریں اور تیزشیاف روغن میں گھسکر ناک میں ڈالیں نسخہ تیزشیاف۔ نوشادر۔ زنگار۔ پھٹکڑی تین تین ماشہ گھسکر ناک میں ڈالنے سے اکثر فائدہ ہوتا ہے دیگر جندبیدستر ایک ماشہ۔ کندش ایک ماشہ۔ جاؤشیر ایکماشہ سکبینج ایکماشہ سفوف کرکے ناک میں ہولاس دین

فصل تیسری بثور سینی میں

تنقیہ کرنا لازم آیا ہے۔ اور مغز کدو ۳ ماشہ و مغز بادام ۳ ماشہ ہر دو کو مسکہ ایکتولہ میں گھسکر لگانا مفید ہے۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو مرہم زنگاری کا استعمال ضروری ہے۔ اور چوہار ال کا بہت مفید ہے۔ رسوت بھی فائدہ کرتی ہے

فصل چوتھی قروح بینی

زخم کا ہونا جس میں پیپ جاوے۔ مرہم سفیدہ و رال کا استعمال کریں۔ مرہم رال سفید ۶ ماشہ روغن کنجد ۲ تولہ ملاکر نیچے اتار کر پانی سے خوب دھوئیں جب سفید ہو جاوے سفیدہ کاشغری ایکماشہ ملاکر استعمال کریں۔ مرداسنگ ایکماشہ۔ اقلیمیا سفید ایک ماشہ۔ روغن گل ۳ تولہ میں ملاکر بتی لگائیں۔ بہرحال تنقیہ دماغ لازمی ہے

فصل پانچویں رعاف میں

یعنے نکسیر پھوٹنا ناک سے اور جبتک ضعف شدید نہ ہو بند نہ کریں۔ اکثر امراض دماغ میں بطور بحران کے طبیعت دفع کرتی ہے۔ اگر کسی سبب سے ہو تو فصد سرار دکر یا ملتانی مٹی سر پر لگانا بہت فائدہ کرتی ہے۔ برف رکھنا سر پر بہت مفید ہے۔ پانی خرلیدنا ناک میں ڈالنا بہت نفع رکھتا ہے۔ دم الاخوین کاغذ سوختہ سونگھنا بھی مفید ہے بطور ہولاس کے

فصل چھٹی بنجر الف یعنی بدبو آنا ناک سے

تنقیہ کرنا دماغ کا ضروری ہے۔ سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ سعد ۳ ماشہ گل سرخ ۳ ماشہ سونگھنا

بہت نفع کرتا ہے۔ اور رطوبت کو بہا دیوے۔ بیدانہ ۳ ماشہ شربت بنفشہ ۲ تولہ سے پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور اس مع قفعہ روغن کدو ناک میں ڈالنا بہت مفید ثابت ہوا ہے ✤

فصل ساتوین عطاس

علاج تدبیر دماغ کی تقویت کی کرین روغن گل اور روغن بید سادہ بہت مفید ہی اور حمام کرنا بھی مفید ہے۔ اور غبار وغیرہ سے احتراز کرین ✤

فصل آٹھوین جفاف الانف

یعنے خشک ہونا ناک کا۔ علاج تبرید پلانا مغز کدو خرفہ مغز بادام کاسنی لعاب بیدانہ ملا کر بہت مفید ہی۔ اور غرغرہ کرنا کشنیز کا جوشیدہ بکرہ بہت نفع کرتا ہے۔ اور روغن کدو ناک میں ڈالنا اور سر پر ملنا بھی مفید ہے ✤

فصل نوین حکۃ الانف مین

یعنے جب شوریت ناک میں پہنچکر جلاوے۔ علاج سونگھنا لخلخہ کا صندل ۳ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ عرق گلاب ایکتولہ میں تر کرکے۔ اور پینا مغز کدو ۶ ماشہ۔ گلقند ایکتولہ کا گھونٹ کر ہر روز صبح کو بہت مفید ہے ✤

باب پنجم

علاج بان و تالو و دہن و لبون مین شامل اور ٹیس فصلونکے

فصل پہلی ورم اللسان ✤ فصل دوسری بطلان الذوق ✤ فصل تیسری فساد الذوق
فصل چوتھی ثقل اللسان۔ فصل پانچوین عظم اللسان ✤ فصل چھٹی ضفدع اللسان ✤
فصل ساتوین شقاق اللسان۔ فصل آٹھوین حرقۃ اللسان۔ فصل نوین حکۃ اللسان ✤
فصل دسوین قلاع ✤ فصل گیارھوین کثرۃ اللعاب ✤ فصل بارھوین سیلاب اللعاب
فصل تیرھوین بخر الفم ✤ فصل چودھوین ورم الحنک فصل پندرھوین بیاض الشفۃ
فصل سولھوین تقشر الشفۃ فصل سترھوین تشقق الشفۃ۔ فصل اٹھارھوین اختلاج الشفۃ

فصل اڈنیسویں اورام الشفتہ ❖

فصل پہلی ورم اللسان یعنی ورم زبان میں

علاج۔ فصد سرارو کی کرنا۔ اور غرغرہ کرنا گلنار۔ مازو۔ رسوت۔ گشنیز سبز چھ چھ ماشہ اور غرغرہ کرنا بھنگڑہی۔ طوطیا سبز۔ ساتھ جغرات کے بہت مفید ہے

فصل دوسری بطلان الذوق محسوس نہ ہونا کسی مزہ کا

علاج۔ تنقیہ کرنا ساتھ ایارج فیقرا کے اور غرغرہ کرنا عاقرقرحا مویزج سے اور زنجبیل کالی کا ملنا زبان پر۔ اور مارالاصول کا پینا بہت نفع کرتا ہے ❖

فصل تیسری فساد الذوق یعنی خراب ہونا مزے کا

علاج اول تنقیہ ساتھ اسہال کے اور غرغرہ کرنا پھٹکری کا اور کھلانا ترشی کا بہت فائدہ دیتا ہے۔ اور نقوع املی بہت مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ تمر ہندی ۲ تولہ۔ ادرک ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ لہسن ۲ ماشہ ایک پاؤ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے روغن زرد ایکتولہ کا داغ دیں اور نبات سفید ۲ تولہ ملا کر نیمگرم پی جائیں۔ دو تین روز کرنے سے فائدہ عظیم ہوگا۔

فصل چوتھی ثقل اللسان یعنی بھاری ہونا زبان کا اور نہ پھرنا زبان کا

اگر بسبب بخار کے یہ پیدا ہو تو لعاب بیدانہ ۳ ماشہ۔ بھوسی اسبغول ۶ ماشہ نکالکر شربت نیلوفر ۲ تولہ میں ملا کر پلاویں۔ دو چار مرتبہ کرنے سے فائدہ عظیم ہوگا۔ اور ملنا عاقرقرحا ۳ ماشہ اور زنجبیل مرچ سیاہ صعتر۔ نوشادر۔ رائی۔ نمک تین تین ماشہ سفوف کرکے زبان کو ملیں۔ اور تنقیہ دماغ کا ایارجات سے اور ملنا تخم زردآلو دکا اور مالش کرنا اعصاب کا اس روغن سے بہت مفید ہے۔ ترکیب روغن یہ۔ زنجبیل۔ نمک لاہوری۔ برگ دھتورہ۔ برگ اس۔ جوز بوا۔ بسباسہ مرچ سیاہ۔ دار فلفل وزن برابر روغن کنجد چار حصہ زیادہ ملا کر روغن میں جلائیں اور اعصاب گردن پر مالش کریں۔ اور حبوب بچھناک کھلائیں بہت مفید ہے

فصل پانچویں عظم اللسان یعنے بھسٹرنا زبان کا

پہلے تنقیہ لازم ہے۔ بعد ازان نمک ۶ ماشہ۔ سرکہ ۳ تولہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ

فلفل سیاہ ۲ ماشہ ملاکر زبان پر مالش کریں۔ اور غرغرہ کرنا گلنار ۲ ماشہ۔ مازو ۲ ماشہ نمک سیاہ ۲ ماشہ سرکہ ۵ تولہ۔ پانی ۱۰ تولہ میں جوشدیکر بہت مفید ہے۔

فصل چھٹی ضفدع اللسان یعنے غدود پڑجانا نیچے زبان کے

اول فصد سرارو اور بعد تنقیہ اسہال سے اور پوست انار بورہ ارمنی نمک سانبر فلفل سیاہ عاقرقرحا نوشادر زبان پر ملنا بہت مفید ہے اگر ان تدبیروں سے فائدہ ہو تو بہتر ورنہ عمل جراحی کرنا لازمی ہے۔ اور زنگار سوختہ ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا سوختہ ۳ ماشہ پھٹکڑی سوختہ ۲ ماشہ در چھاچھ گاؤمیش ایک سیر ملاکر غرغرہ کرنا بہت کچھ مفید ثابت ہوئی ہیں۔ اور مویز منقی اور نوشادر ہموزن ملاکر منہ میں ڈالنا اور لعاب گرانا بہت نفع کرتا ہے

فصل ساتوین شقاق اللسان یعنے پھٹ جانے زبان میں

اسپغول ۲ ماشہ شربت بنفشہ ۳ تولہ ملاکر پینا بہت نفع کرتا ہے۔ اور تنقیہ دماغ کا کرنا اکثر مفید ہے۔ لعاب سپستان نکالکر شربت نیلوفر ملاکر پینا مفید ہے اور سبوس اسپغول زبان پر پھیرنا۔ اور صمغ عربی زبان پر رکھنا بہت فائدہ دیتا ہے

فصل آٹھوین حرقۃ اللسان یعنے سوزش کرنا زبان کا

شیرہ خرفہ کشنیز مغز کدو شیرین عرق بیدمشک میں شیرہ نکالکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پینا مفید ہے۔ اور مغز کدو لعاب اسپغول اور بیدانہ کا نکالکر ملنا اور پینا ہمراہ شربت صندل کے نفع کرتا ہے۔ اور تنقیہ کرنا خلط سوختہ کا مفید ہے۔

فصل نوین حکۃ اللسان یعنے کھجلانا زبان کا

تنقیہ دماغ کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور دودھ میں پانی گرم ملاکر غرغرہ کرنا مفید ہے اور پھر روغن گل سے مضمضہ کرنا نفع کرتا ہے۔ اور ہلیلہ زرد زبان پر ملنا بہت نفع کرتا ہے۔

فصل دسوین قلاع یعنے چھالے پڑنا زبان پر

علاج فصد سرارو کی لازمی ہے۔ اور چہار رگ کی فصد بھی فائدہ کرتی ہے۔ اور اسہال کرنا بھی مفید ہے اور غرغرہ کرنا پوست سماق گل سرخ کشنیز عدس عنب الثعلب سے بہت نفع کرتا ہے اور میانہ اس مطبوخ کو بہت نفع کرتا ہے۔ پوست ہلیلہ زرد ۲۔ ۲ ماشہ ۲ ماشہ ہمراہ شیرہ خیار

گل مندی. برادہ صندل سفید و سرخ. گل سرخ چھ چھ ماشہ برگ سنا مکی ۹ ماشہ سب کو ایک سیر پانی میں جوشدیکر صبح جب چہارم رہجائے چھانکر ۲ تولہ شہد ملا کر پینا بہت فائدہ دیتا ہے۔ اور دودہ گوار کا لگانا بہت مفید ہے ❊

فصل گیارہوین سیلان الآب یعنے زیادہ آنا پانی منہ سے

علاج فصد سر اروکی یا باسلیق کی اور کھلانا سیب کا اور بہی کا بہت نفع کرتا ہے اور اطریفل کشنیزی اور معجون فلاسفہ بہت نفع کرتی ہے۔ اور رومی مصطگی ۳ ماشہ گلقند ۲ تولہ ملا کر صبحکو ہمراہ عرق بادیان ایک پاؤ کے کھانا بہت فائدہ کرتا ہے اور یہ اطریفل بہت مفید ہے۔ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ مقشر ہلیلہ سب ایک ایک تولہ تمام چیزین کوٹ کر وچند شہد میں ملا کر اطریفل بنائیں خوراک ۹ ماشہ صبح وشام ہمراہ آب ❊

فصل بارہوین بخر الفم یعنے گندہ دہانی مین

ستو جو کے بہت مفید ہیں اور تنقیہ کرنا معدہ کا بہت مفید ہے۔ زنجبیل ۳ ماشہ ۲ تولہ گلقند مین ملا کر کھانا بہت مفید ہیں۔ اور سکنجبین پینا بھی مفید ہے۔ اور گوشت بریان کھانا بہت نفع کرتا ہے اور جلنار ایکتولہ سرکہ ۵ تولہ میں جوشدیکر غرغرہ کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور اطریفل صغیر اور جوارش عود بہت مفید ہے۔ اور عود ایک ماشہ مصطگی ایک ماشہ گلقند ۲ تولہ ملا کر ہر روز سات روز کھانا ساتھ عرق بادیان ایکپاؤ کے بہت نفع کرتا ہے ❊

فصل تیرہوین ورم الحنک یعنے ورم کرنا تالو کا

علاج پینا ہلیلہ زرد وشاہترہ تین تین ماشہ کا جوشدیکر بہت نفع کرتا ہے۔ اور غرغرہ کرنا گلنار۔ گلسرخ کزمارج چھ چھ ماشہ ۵ تولہ سرکہ ملا کر بہت مفید ہے اور غرغرہ کرنا مغز املتاس کا ساتھ دودہ کے بہت مفید ہے۔ اور رسوت ۲ ماشہ کشنیز ایکتولہ پوست ہلیلہ زرد ۲ ماشہ پانی مین بھگو کر پانی مین غرغرہ کرنا بہت مفید ہے۔ اور شربت توت ہمراہ عرق گاؤزبان کے پینا بہت نفع کرتا ہے اکثر موقعہ پر شعشار بھی بہت نفع کرتی ہے۔ اور باندھنا گل خطمی وبنفشہ ایک ایک تولہ کا روغن زرد مین بریان کرکے اوپر گلے کے بہت نفع کرتا ہے

فصل چودھوین بیاض الشفتہ یعنے سفید ہونا لب کا

بقولات سے پرہیز کرنا اور اکثر یہ مرض برص مین داخل ہی۔ اسکا علاج برص مین لکھا جاوےگا اور استخوان مور اور استخوان مار کے سرکہ مین گھسکر لگانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور استخوان ماہی کی بھی مفید ہی۔ اور یہ دوا کھلانا بہت نفع کرتی ہے۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ شاہترہ ایکتولہ۔ چرائتہ ایک تولہ۔ شیطرج ہندی ایکتولہ۔ زنجبیل ایکتولہ سبکو کوٹ کر شہد ہموزن ملاکر صبح وشام ۳ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ کھانا بہت نفع کرتا ہے ❊

فصل پندرہوین تقشر الشفتہ یعنے چھلکا اتر جانا لب کا

ملنا لعاب بیدانہ خطمی اور السی کا موم سفید روغن ملاکر بہت نفع کرتا ہے۔ چربی مرغ کی روغن زرد مین حلکر کے ناز ونشاستہ کتیرا ملاکر ملنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور بیضہ مرغ کا اندرونی چھلکا لگانا بہت مفید ہی اور گوشت وغیرہ ہر قسم سے پرہیز کرنا۔ اور بقولات کھانا مفید ہے ❊

فصل سولہوین تشقق الشفتہ یعنے پھٹ جانے لب مین

جو علاج اوپر بیان ہوا ہے۔ وہ اسجگہ بھی مفید ہی۔ مگر یہ مرہم بہت نفع کرتا ہے۔ سفیدہ کاشغری ۴ ماشہ۔ سفیدی بیضہ ایک عدد مین۔ موم سفید ایکتولہ روغن زرد ۵ تولہ بدستور مرہم بنائیں اور ہر روز لگائیں بہت مفید ہے ❊

فصل ستارہوین اختلاج الشفتہ یعنی پھڑکنا لب کا

علاج امراض اختلاج کلی کا کرین جو بحث سر مین بیان کیا گیا ہے اور لگانا کچلہ کا گھسکر بہت مفید ہی اور کھلانا حب اذراقی کا بہت نفع کرتا ہے اور کاسر ریاح کا لینا ضروری ہے اور یہ گولیان میرے تجربہ مین آئی ہیں۔ جدوار خطائی۔ عاقر قرحا۔ جوزبوا ہر ایککو زعفران تین تین ماشہ۔ بچناگ ایک ماشہ عرق سونف مین گھسکر گولیان برابر نخود کے بنائیں اور ہفت روز کھایا کرین۔ اور لونگ اور نمک کا لگانا بہت نفع کرتا ہی اسکی تدبیر ضروری ہے

فصل اٹھارہوین ورم الشفتہ یعنے ورم کرنا لب کا

ضماد کرنا رسوت جدوار کا بہت مفید ہے اور زنجبیل گیرو کا ضماد کرنا بہت نفع کرتا ہے اگر ضمادات سے فائدہ نہ ہو تو تنقیہ لازمی ہے۔ اور گل بابونہ آرد جو تخم خطمی اکلیل الملک کا

سرکہ یا عرق گلاب میں بہت مفید ہے۔ اور فصد کرنا سرارو کا بہت جلد نفع کرتا ہے ۞

باب ششم

علاج سنان یعنے دانت مین شامل اوپر سات فصلون کے

فصل پہلی وجع الاسنان مین فصل دوسری خرس میں فصل تیسری حضر میں ۞ فصل چوتھی تحرک الاسنان میں فصل پانچوین حریر الاسنان مین فصل چھٹی تسہیل نبات الاسنان میں فصل ساتوین ورم اللثہ

فصل پہلی وجع الاسنان یعنی درد دانت مین

فصد سرارو یا چہار رگ کی اور اسہال تمر ہندی سے معہ ہلیلہ جات کے اور گلاب ۲ تولہ سرکہ ۵ تولہ ملا کر غرغرہ کرنا بہت نفع رکھتا ہے اور ملنا کافور و نمک کا بہت مفید ہے اور یہ منجن بہت نفع کرتا ہے عاقرقرحا۔ مرچ سیاہ مصطگی مجیٹھ۔ باؤبرنگ افیون منجن بنا کر ملنا بہت مفید ہے اور روغن زرد ۲ تولہ۔ زعفران ایک ماشہ گرم کر کے سینک کرنا بہت نفع رکھتا ہے اور ہولاس کرنا زنجبیل فلفل سیاہ دار فلفل کا بہت مفید ہے۔ اور برشعشا ملنا دانتون پر بہت فائدہ کرتا ہے

فصل دوسری خرس یعنے کند ہونا اور گھٹا ہونا

علاج شہد و نمک ملا کر ملنا بہت مفید ہے۔ اور روغن گل ۲ تولہ مصطگی ۳ ماشہ کافور ۱ ماشہ ملا کر ملنا بہت مفید ہے۔ اور علاج تنقیہ بھی مفید ہے اور مقناطیس مجیٹھ خبث الحدید مرمر سفید صدف سوختہ ملنا بہت نفع کرتا ہے ۞

فصل تیسری حضر مین یعنے دانتون پر میل کا جم جانا سفید رنگ ہو کر

ان مین یہ منجن مفید ثابت ہوا ہے کف دریا شیشہ سوختہ اور کوڑی سوختہ بارہ سنگا ہموزن لیکر سب ملا کر ملنا مفید ہے اور لوہے کے اوزار سے پہلے صاف کریں اور چند اسہال کا لینا بہت مفید ہے۔ اکثر یہ امراض معدہ کی خرابی سے ہوا کرتی ہیں۔ معدہ کی درستی ضروری ہے

فصل چوتھی تحرک الاسنان یعنے ہلنا دانتون کا

علاج. گلسرخ عدس طباشیر ملنا بہت نفع کرتاہے۔ سعد پھٹکڑی سنبل الطیب حنا عاقرقرحا مصطگی ملنا بہت مفید ہے۔ روغن بلسان بلسان دانتو پر ملنا بہت نفع کرتاہے اور تقویت وبینا دماغ کو اور دانتون کو ساتھ روغن گل کے بہت مفید ہے اور اگر ساتھ خون آتاہے تو یہ منجن بہت مفید ہے۔ مازو۔ مائین۔ پھٹکڑی بریان۔ سوہاگہ بریان۔ مجیٹھ گلنار۔ پوست انار مصطگی۔ نمک سیاہ ملا کر ملنا بہت مفید ہے

فصل پانچوین حریر الاسنان یعنے بجنا دانتونکا سوتے ہوئے

علاج. تنقیہ ساتھ اسہال کے اور قتل دیدان کا۔ اور دوا الثامٹی چوکٹ کی دانتون میں بوقت سونے کے اور باندھنا پر پیل گنڈ کا گلے میں ✢

فصل چھٹی تسہیل نبات الاسنان

یہ وہ مرض ہے کہ بچوں کے دانت مشکل سے نکلتے ہیں علاج گھی اور چربی اور مغز ساق پنڈلی کی نمک ملا کر ملنا بہت نفع کرتاہے۔ اور گوشت دینا بچوں کو کھانے کے لیے بہت نفع کرتاہے۔ اور قدرے خون نکالنا بہت فائدہ دیتاہے ✢

فصل ساتوین ورم اللثہ یعنے سوجنا مسوڑونکا

فصد سر رو اور چہار رگ کی اور اسہال کرنا اور غرغرہ کرنا ہلیلہ زرد مسور دھنیا جلنار صندل سرخ جوشیدہ کا کرنا بہت مفید ہے یہ منجن مسوڑونکو اور دانتون کو بہت نفع کرتاہے ماجو۔ لائین کتھہ۔ پھٹکڑی۔ نوشادر۔ نمک لاہوری مصطگی مجیٹھ۔ ہمہ را سائیدہ بر دندان بمالند بسیار مجرب ہے۔ اور افیون مصطگی نمک سیاہ ملا کر ملنا بہت مفید ہے اور اگر خون آتا ہو تو مسوڑون سی مسور سوختہ۔ طباشیر۔ سماق۔ مازو۔ پھٹکڑی کو سرکہ میں جلا کر دانتو پر ملنا بہت مفید ہے

باب ہفتم

امراض الحلق میں شامل اوپر آٹھ فصلون کے

فصل ورم الحلق میں ❊ فصل دوسری سقوط اللہاۃ مین + فصل تیسری خناق میں ❊ فصل چوتھی قرحۃ البثور فی الحلق فصل پانچوین تعلق العلق والشکوک + فصل چھٹی انطباق المری + فصل ساتوین غبق مخنوق یا بوق ہیں + فصل آٹھوین بحوحۃ الصوت ❊ فصل نوین عسر البلع ❊

فصل پہلی ورم الحلق میں

فصد سرارو کی اور جونک لگانا بہت نفع کرتا ہے ۔ اور غرغرہ کرنا گلاب اور سرکہ سے مفید ہے اور املتاس تولہ نیم سیر دودھ مین جوشدیکر غرغرہ کرنا مفید ہے اور باندھنا گل خطمی و بنفشہ کا روغن زرد میں ترکرکے گلے پر باندھنا مفید ہے اور شربت توت پینا بہت مفید ہے اور غرغرہ کرنا عدس مسور اور املتاس اور برگ مسور سے بہت نفع کرتا ہے ۔ اور لگانا مغز تخم کریچوہ کا بہت مفید ہے ❊

فصل دوسری سقوط اللہاط یعنے لٹک آنا کوّے کا

علاجہ فصد سرارو کی اور غرغرہ کرنا گلنار مازو برگ توت سے اور پلانا مغز کدو شیرین کا ساتھ شربت بنفشہ کے اور لعاب بہدانہ ساتھ شربت نیلوفر کے بہت مفید ہے اور غرغرہ کرنا رب السوس مغز املتاس کا دودھ میں جوشدیکر اور روغن بادام اوپر سے ڈالکر مفید ہے

فصل تیسری خناق و ذبحہ بند حلق کا ہے

علاجہ ۔ فصد سرارو اور باسلیق اور ساق پر حجامت کرنا اور جونک لگانا گلو پر اور غرغرہ کرنا برگ توت اور مسور اور السی اور کشنیز سرکہ اور گلاب مین ترکرکے غرغرہ کرنا مفید ہے اور ضماد کرنا سداب و فت رائی رائی و سرکا اوپر گلے کے مفید ہے + اور انجیر و عناب شربت نیلوفر کے ساتھ پلانا بہت مفید ہے + اور لعاب بہدانہ مغز کدو گلقند یا عرق گلاب میں سکنجبین ڈالکر پلانا بہت مفید ہے + اور ذبحہ خناق کلی کو کہتے ہیں۔

علاج اس کا فصد غرغرہ قابضات سے مفید ہے +

فصل چوتھی بثور الحلق مین

علاجہ ۔ اول فصد بعد اسکے حریرہ نشاستہ کا جو میرے تجربہ مین آیا ہے ۔ بہت مفید ہے

نسخہ حریرہ نشاستہ گندم ۶ ماشہ مغز کدو ایک تولہ۔ لعاب بیدانہ ۳ ماشہ روغن بادام ۲ تولہ ڈالکر بنائیں بہت نفع کرتا ہے۔ اور غرغرہ کرنا لعاب اسبغول سے ساتھ شربت بنفشہ کے مفید ہے۔ اور غرغرہ کرنا رسوت دھنیا و طوطیا سے بہت نفع کرتا ہے۔

فصل پانچویں تعلق العلق والشوک یعنی چمٹنا جونک کا حلق میں اور پھنسنا کانٹا کا حلق میں علاج۔ غرغرہ کرنا سرکہ سے بہت مفید ہے اور مٹی سیاہ مونہ میں بھر کر کھائیں اور ایک ٹکڑا جگر بکرے کا ڈورا باندھ کر حلق میں لٹکائیں۔ تاکہ جھک جائے اور اگر کانٹا ہو تو شہد میں صوف تر کرکے حلق میں ڈورے سے لٹکائیں۔ اور تھوڑی دیر کے بعد کھینچ لیں

فصل چھٹی انطباق المری یعنی بند ہونا مری کا جو راستہ کھانیکا ہے علاج تنقیہ بعد اسکے غرغرہ کرنا افیون سنبل کندر اور ہمشین کا اور نیچے گلے کے لگانا فصد کیساتھ شرط حجامت کے اور لگانا جونک کا نیچے گلو کے اور سکنجبین کا ضماد کرنا مفید ہے +

فصل ساتویں غریق مخنوق یا لوہق یعنی پانی میں ڈوبنا اور کمند سے گلے کو گھونٹنا۔ علاج غریق کا یہ ہے کہ آدمی کو الٹا ڈالکر نیچے اسکے پیٹ کے ایک گھڑا مٹی کا رکھیں تاکہ پانی پیٹ کا بالکل خالی ہو جائے۔ بعد اسکے مرچ سیاہ اور سرکہ جوش دیکر حلق میں ڈالیں اور کتنے دن تک غذا حریرہ بادام و نشاستہ کا دیں اور اگر کف اسکے منہ سے یعنی جسکے گلے میں کمند سے گھونٹا ہو نکلے تو قابل علاج نہیں۔ اور اگر کف نہ نکلے تو فصد سرارو کرائیں۔ اور حقنہ کریں۔ اور غرغرہ روغن بنفشہ اور پانی نیم گرم سے مفید ہے +

فصل آٹھویں بحتہ الصوت یعنی بند ہونا حلق کا کہ آواز صاف نہ نکلے غرغرہ کرنا پوست خشخاش سے بہت مفید ہے اور شربت خشخاش اور عناب تخم کا ہو خرفہ اور سپستاں نشاستہ صمغ عربی سے غرغرہ کرنا مفید ہے اور جوشاندہ تخم خطمی خبازی کا اور دوا الحلتیت دوار الکرکم بہت مفید ہے اور شعشا بھی اسمیں ہمراہ شربت خرفہ کے مفید ہے +

فصل نویں عسر البلع یعنی بند ہونا گلے کا اور اترنا کھانے و پانی کا مشکل ہے علاج۔ غرغرہ کشنیز و خرفہ سے اور پلانا مغز کدو کا ہمراہ شربت بنفشہ کے اور لگانا موم روغن

ہمراہ اشیاء بارد کے یا ہمراہ روغن بادام کے اور پلانا تبرید کا ہمراہ شربت بنفشہ کے اور لعاب اسپغول و بیدانہ کا اور حب شفا اسمین بہت مفید ثابت ہوئی ہیں اور برشعشا بھی مفید ہے اگر ان تدبیروں سے فائدہ نہ ہو تو تنقیہ ساتھ اسہال کے کریں ✣

باب ہشتم

امراض الصدر میں شامل اور گیارہ فصلوں کے

فصل پہلی ربو و بہر مین۔ فصل دوسری سعال ✣ فصل تیسری نفث الدم فصل چوتھی ذات الریہ ✣ فصل پانچویں سل ✣ فصل چھٹی نفث مدہ ✣ فصل ساتوین ذات الجنب ✣ فصل آٹھوین شوقیہ ✣ فصل نوین ذات العرض ✣ فصل دسوین ذات الصدر فصل گیارہوین جمود الصدر ✣

فصل پہلی ربو و بہر مین یعنی دم آنا مشکل اور پھولنا نفس کا

علاج تخم السی ۶ ماشہ۔ اصل السوس ۶ ماشہ۔ زوفا خشک ۳ ماشہ۔ پانی میں جوشدیکر نبات سفید ۲ تولہ پلائیں۔ اور انجیر عناب پستان جوشدیکر شہد ملا کر پلانا بہت نفع کرتا ہے اور شربت بنفشہ اور نیلوفر کا ساتھ سفوف کتیرا اور رب السوس صمغ عربی کے پلانا بہت نفع کرتا ہے اور زعفران ساتھ پیاز دشتی کے کہلانا بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور لعاب اسپغول ساتھ روغن بادام کے شربت بنفشہ ملا کر بہت مفید ہے ✣

فصل دوسری سعال یعنی کھانسی خشک و تر

علاج۔ اول جوشاندہ اصل السوس سپستان عناب گل بنفشہ کا ساتھ شربت خشخاش کے بہت مفید ہے۔ اور یہ حب بہت مفید ہے۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست ہلیلہ زرد دو تولہ بیکر گولیاں بنانا بہت نفع کرتی ہیں۔ اور یہ حب کھانسی خشک کو بہت مفید ہیں۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ ایک عدد خرما میں بھر کر آگ میں سوختہ کریں یہ گولیاں برابر نخود کے بنا کر وقت سونے کے کھائیں۔ بہت مفید ہیں اور مجرب بندہ

حب برائے کھانسی خشک - رب السوس کتیرا صمغ عربی خشخاش زعفران مغز کدو شیریں مغز بادام مقشر ہموزن لیکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں - دو چار گولیاں ہمراہ شربت خشخاش کے دیویں بہت مفید ہیں اور ہر قسم کی بھی کھانسی تر میں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں نسخہ دیگر فلفل سیاہ ایکتولہ - فلفل سفید ایکتولہ بزرالبنج ایک تولہ - افیون ڈیڑھ تولہ - زعفران ۹ ماشہ عاقرقرحا ۳ ماشہ - فرفیون ۳ ماشہ سب کو پیسکر شہد سہ چندان ملاکر معجون بنائیں اور جو میں ایک ماہ بند رکھیں - وقت ضرورت کے ایک رتی مریض کو دیویں بہت مفید ہے +

حب ہش برائے کھانسی ہر قسم - انار دانہ ایکتولہ - فلفل سیاہ ۳ ماشہ دار فلفل ۳ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ - قرنفل ۳ ماشہ سب کو کوٹکر گولیاں برابر چنے کے بنائیں رات کو کھلائیں بہت مفید ہیں **حب کھانسی** کاکڑا سنگی ۳ ماشہ رب السوس ۳ ماشہ - کتیرا ۳ ماشہ پانی میں پیسکر کھلانا بہت مفید ہے

نمک برائے کھانسی ہر قسم از مجربات اوستاد مرحوم بانسہ سوختہ برگ کیکر برگ چرچڑہ ہر سہ کو سوختہ کرکے پانی میں حلکر کے نمک نکالیں اور ایک رتی کسوٹی قدر تو بہت مفید ہے - مدار کا گل سوختہ کرکے قدری قدری ہمراہ شہد کے کھلائیں - بہت مفید ہے سہاگہ بریان قدرے پان میں ڈالکر بوقت شب کھائیں بہت نفع کرتا ہے +

نسخہ اکسیر برائے کھانسی ہر قسم چاہے کیسی ہی پرانی کھانسی ہو بہت نفع کرتی ہے - قرنفل زنجبیل جائفل الاچی کلاں عاقرقرحا دار فلفل فلفل گرد - برادہ صندل سفید و سرخ ہموزن لیکر خوب باریک پیسکر بقدر ایک رتی کے رات کو منہ میں ایک دانہ یا شہد میں کھلائیں بہت نفع کرتی ہے +

لعوق برائے کھانسی خشک تنکر تیغال ۲ ماشہ مغز بادام ایکتولہ رب السوس ۳ ماشہ کتیرا ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ خشخاش سفید ۳ ماشہ سبکو پیسکر تولہ شربت زوفا میں ملا کر روغن بادام ۹ ماشہ ڈالیں اور قدرے قدرے کھلائیں بہت مفید ہے اور یہ گولیاں اکثر سل اور پرانی کھانسی کو بھی مفید ہیں - اذخر - زعفران - جدوار خطائی افیون کتیرا نشاستہ سبکو باریک پیسکر شہد میں ملاکر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بنائیں اور

ہمراہ شربت خشخاش و زوفا کے کھلائیں بہت مفید ہے۔ اور چشم گوسفند کی خشک کر کے ہمراہ شہد کے ملا کر کھانا بہت نفع کرتا ہے

فصل تیسری نفث الدم میں یعنے تھوکنا خون کا منہ سے

یہ کئی قسم ہے کسی عضو کا خون منہ سے آوے اسکو نفث الدم کہتے ہیں طبیب حاذق کو چاہیے کہ سبب اچھی طرح دریافت کر کے علاج کرے

علاج گیرو اور کاغذ سوختہ ہموزن ملا کر بقدر ایک ماشہ کے دین بہت مفید ہے اور غرغرہ کرنا اقاقیا گلنار پوست انار کتر ماز و سنگ بہت مفید ہے۔ اور دم الاخوین رب السوس کتیرا صمغ عربی طباشیر گل ارمنی گل مختوم برابر وزن لیکر سفوف بنائیں اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے کھلاوین اور اول تو روکے نہین جبتک ضعف نہ پیدا ہو اور کھانسی میں آویگا تو سل پیدا ہوگی اس علاج میں غور کرنا ضرور ہے اور آب بہی و آب انار سیب شیرین آب بھی اسمین بہت مفید ہے۔ اور یہ شربت مفید ہے برادہ صندل سفید گل نیلوفر مغز کدو شیرین ایک ایک تولہ سپستان ۵ عدد پوست خشخاش ۲ تولہ تخم خشخاش ایک تولہ سب کو عرق بید مشک میں بھگو کر نبات شہد ایک پاؤ ملا کر شربت طیار کریں اور ہمراہ سنگ یشب ایک ماشہ کھلائیں بہت نفع کرتی ہے مجرب ہے

فصل چوتھی ذات الریہ یعنے درد سینہ مین اور ورم مین

علاج بہ نشعار بہت مفید ہے گوزن سوختہ ہمراہ شہد کے بہت نفع کرتا ہے اور فصد باسلیق کرنا اور جوشاندہ انجیر عناب سپستان نیلوفر تخم خطمی بنفشہ مغز فلوس اور ترنجبین کے دیکر پلانا نفع ہے اور روغن بنفشہ کے۔ روغن بنفشہ موم سفید اکلیل الملک قیروطی بنا کر ضماد کرنا مفید ہے اور السی جوشاندہ کر پلانا مفید ہے۔ اور تخم ریحان ۳ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ جوشاندہ کر پلانا مفید ہے۔

فصل پانچوین سل مین یعنے قرحہ ہو جانا پھیپھڑے میں

علاج یہ حب کھلائیں۔ سرطان سوختہ ۶ ماشہ کتیرا ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ رب السوس ۳ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ خشخاش ایک تولہ افیون ۳ ماشہ زعفران ایک ماشہ سب کو کوٹ کر گولیاں برابر نخود کے بنائیں ہمراہ شربت عناب کے دو گولی کھلائیں۔ اور یہ حب بھی مفید ثابت ہوئی ہیں برنج ساٹھی ایک تولہ نشاستہ ایک تولہ در شیر خرہ ۵ تولہ حل کر کے گولیاں بنائیں اور ہمراہ شربت

خشخاش کے کھلائیں بہت مفید ہے اور روغن مچھلی کا اسمین بہت مفید ثابت ہوا ہے غذا گوشت بز دین۔ سرطان پکا کر دینا مفید ہے اور شربت خشخاش ہمراہ سفوف خشخاش بہت مفید ہے اور اس مرض میں ابتدا ہو تو علاج ہو سکتا ہے ورنہ یہ مرض منتقل بدق ہو جاتا ہے۔ پھر مشکل ہے۔ پرہیز اسمین لازمی ہے +

فصل چھٹی نفث المدہ یعنی پیپ آنا ساتھ تھوک کے

علاج۔ اسکا علاج مثل سل کے ہے۔ یہ درجہ تیسرے سل میں ایسا ہوتا ہے اسکا علاج مشکل ہے۔ فیصدی کوئی بچتا ہے یہ قرعہ ہو جاتا ہے شش میں اور کھانسی لازمی ہو جاتی ہے۔ اکثر موقعہ پر دیکھا گیا ہے کہ اول علاج اسکا جوشاندہ زوفا اور حلبہ اور انجیر سے اور ملنا قروطی کا سینہ میں جو موم اور روغن گل سے بنائی ہوئی ہو فائدہ کرتی ہے۔ اور میری تجربہ میں معجون برشعشا اور کشتہ گوزن آیا ہے۔ مگر چند روز صحت ہو جاتی ہے۔ ایک دو بیمار تمام عمر میں بچے مگر آخر اسی بیماری میں انکا انتقال ہوا یہ اخیر سل میں داخل ہے +

فصل ساتوین ذات الجنب مین یہ ورم کا ہے

جو سینہ اور آلات غذا تنفس کے حائل ہے اکثر دونو جانب سے ہوا کرتا ہے۔ علاج۔ اول فصد باسلیق لازم ہے جو سیدھی جانب ہو تو مخالف اسکے فصد کرین جو الٹی جانب ہو تو سیدھی جانب فصد لیں۔ اور پلانا عناب سپستان برگ گاؤزبان موئز منقی انجیر گل بنفشہ و خیار شنبر و ترنجبین کا بہت نفع کرتا ہے اور یہ ضماد بہت مفید ثابت ہوا ہے آرد جو ایکتولہ تخم خطمی ۶ ماشہ گوگل ایکتولہ تخم کتان ایکتولہ سرکہ میں پیسکر روغن بابونہ ملا کر نیمگرم ضماد کرنا اور بارہ سینگا گھسکر لگانا اور پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور تخم ریحان ۶ ماشہ عرق گلاب ۱۰ تولہ مین۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈالکر پلانا بہت مفید ہے اور زوفا دو آتش جو آب نخود عرق بادیان بہت مفید ہے اور اکثر موقعہ پر ضماد خردل کا بطور پلاستر کے لگانا بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ اور اگر قبض لازمی ہو تو برگ سنا مکی ۶ ماشہ گل سرخ ۶ ماشہ بادیان ۶ ماشہ عناب ۷ دانہ تخم خطمی ۶ ماشہ انجیر ولایتی ایک عدد جوشدیکر یا نیمین اور روغن بید انجیر ۵ تولہ ملا کر پلانا یا مغز فلوس ۵ تولہ عرق گلاب ۱۲ تولہ مین حلکر کے شیر خشت ۲ تولہ ترنجبین ۳ تولہ ملا کر پلانا بہت مفید ہے مجھ کو اکثر موقعہ پر اسکا

علاج معجون برشعشا اور کشتہ گوزن سے کام لینا پڑا ہے۔ خدا کے فضل سے اکثر صدری امراض
مین مجھ کو آیا نسخہ کوئی مفید ثابت نہیں ہوا

فصل آٹھوین شوصہ مین یہ ورم باطنی سینہ کا ہے جس کی تکلیف سے بیمار کسی طرح لیٹ نہ سکے

علاج اول حقنہ کرانا روغن بید انجیر و مغز فلوس سے ضروری ہے۔ اسکے بعد فصد باسلیق اور لگانا
مجمہ تاری و پارہ بہت مفید ہے۔ اور ضماد کرنا خردل و انجیر سے بہت نفع کرتا ہے باقی
علاج اسکے ذات الجنب کے کیئے جائین

فصل نوین ذات العرض یہ بھی ایک ورم ہے جو پشت کیجانب دونون شانونکے درمیان غشا پر ہوتا ہے

علاج اسکا علاج ذات الجنب کا ہے۔ اور قیروطی سینہ پر
اور دونون شانون کے درمیان ملنا بہت مفید ہے اور میرے تجربہ بین ضماد آیا ہی ابریشم ہری
ایکتولہ مصطگی ایکتولہ شراب خالص ۱ تولہ میں حلکرکے گرم کرکے دونون شانونکے درمیان ضماد کرنا اور اوپر سے ایک پارچہ لگا دینا
بہت مفید ہے اور پلانا مغز فلوس کا دودہ گائے مین حل شدیکر روغن بادام ڈالکر بہت مفید ہے باقی علاج
جو کچھ ذات الجنب مین کار آمد ہین وہ یہان بھی کار آمد ہین اور فصد لینا دونون جانب باسلیق کا
بہت نفع کرتا ہے۔ پلانا حریرہ نشاستہ کا روغن بادام سے چرب کرکے بہت مفید ہے ترکیب
اُسکی یہ ہے کہ نشاستہ ۲ تولہ عرق لیکر عرق گلاب ۱۲ تولہ مین حلکرکے آگ پر رکھکر پکا ئیں اور روغن
بادام ایکتولہ نبات سفید ۲ تولہ ڈالکر بطور حریرہ کے نیم گرم بیمار کو پلائین بہت مفید ہے

فصل دسوین ذات الصدر ورم ہونا اس غشا کا جو جانب ہڈی سینہ کے ہے اور وقت تکلیف ورم کے بیمار نہ اوپر کو دیکھ سکے اور نہ نیچے کی جانب دیکھ سکے اور چت لیٹنے میں آرام معلوم ہو

علاج قیروطی۔ موم روغن اور گل بابونہ و شبت اکلیل الملک گل روغن سے بنا کر مالش کرین اور
گوزن سوختہ۔ ہمراہ شہد کے کھلائیں اور فصد باسلیق بہت فائدہ کرتی ہے اور ضماد آرد جو
۲ تولہ اسپغول تخم خطمی گل بنفشہ کا پیسکر سینہ پر بہت فائدہ کرتا ہے اور حقنہ سے اسہال کرا دین در اصل السوس
گل زوفا سپستان عناب انجیر مویز منقے گل بنفشہ تخم خبازی پانی مین جوش دیکر نیمگرم پلانا بہت نفع

فصل گیارہوین جمود الصدر اور برد الصدر بھی کہتے ہین یہ بیماری اکثر پہاڑی ملکونمین سردی سے ہوتی ہے یعنے بیمار مشکل سے نیچے اوپر سانس لیوے اور درد سینہ مین ساتھ سانس کے سخت ہو۔ علاج اسکا گرم کرنا سینہ کا پارچہ گرم سے اور ضماد کرنا زنجبیل و جوزبوا و عاقرقرحا کا تھوڑی حلتیت ڈالکر نفع کرتا ہے اور معجون برشعشا اور کشتہ گوزن ہیں اکثر پہاڑ میں اسہیں لوگونکو دیتا رہا بہت فائدہ ہوا اور کئی مرتبہ پوستین گرم گرم گوسفند ذبح کرکے نکالکر اوپر سینہ بیمار کے بند کردیا فوراً نفع ہوا اور چوزہ مرغ کا شوربا بہت مفید پایا ہے۔

باب نہم

امراض القلب میں شامل اوپر پانچ فصلوں کے

فصل پہلی سوء مزاج قلب میں فصل دوسری خفقان۔ فصل تیسری غشی فصل چوتھی تقشر القلب ۔ فصل پانچوین جذب القلب میں ۔

فصل پہلی سوء مزاج قلب یعنے بگڑنے مزاج دل کے

علاج قلب میں گاوزبان بہت مدد دیتی ہے اسمین لطف خمیرہ گاوزبان تجربہ مین بہت مفید ہے۔ برگ گاوزبان ۲ تولہ۔ گل گاوزبان ایک تولہ۔ بادرنجبویہ ۹ ماشہ۔ گل موتیا ایکتولہ گل سیوطی ایک تولہ۔ بہمن سفید ایکتولہ ابریشم ایکتولہ سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ درعرق بیدمشک ایک سیر شب تر کردہ صبح بالیند جوشدادہ نبات سفید نیم سیر آمیختہ قوام سازند بالائیش ورق ۳۲ عدد سنگ یشب ۲ ماشہ۔ مروارید ایکماشہ مشک ایکماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ آمیختہ خمیرہ سازند قدری ۹ ماشہ صبح ہمراہ عرق گاوزبان یک پاؤ۔ و شربت صندل ۲ تولہ کے کھلائین اور ضماد برادہ صندل سفید ۳ ماشہ کشنیز خشک عرق گلاب ۲ تولہ مین گھسکر قلب پر لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے اور آبگاجرہ ۵ تولہ صبح نکالکر نبات سفید ڈالکر پینے سے سوء مزاج قلب ہر قسم کا دور ہوجاتا ہے۔ اور یہ شربت بہت مفید ثابت ہوا ہے نسخہ شربت سیب ولایتی ۱ عدد و ناسپاتی ۱۰ عدد و انار ولایتی ۵ عدد و سبکی پانی

نکالکر اسمین مربہ آملہ اعدد کا شیرہ نکالکر نبات سفید ایک پاؤ ملاکر شربت تیار کرین صبح و شام ہمراہ عرق گاوزبان کے ۲ ۲ تولہ پلائین نفع عظیم حاصل ہوتا ہے۔ باقی ادویہ خفقان مین بیان ہونگی

فصل دوسری خفقان مین

یہ مرض واقعہ مین آدمی کو آدمی نہین ہنے دیتا۔ مگر اسکے علاج مین بہت کوشش درکار ہے اور جو مجھکو تجربہ حاصل ہوا ہے وہ درج کتاب کرتا ہون۔ علاج اُسکا قریب مالیخولیا کے ہے اسمین ماء الجبن کا کرانا بہت مفید ہے۔ اور اسکا علاج فصل بہار مین بہت نفع کرتا ہے دواء المشک اشنہ بادرنجبویہ گل گاوزبان سنبل الطیب چھ چھ ماشہ مصطگی رومی برنجاسف تین تین ماشہ سبکو عرق بیدمشک ایکسیر مین جوش دین جب نصف رہجائے قند سفید نصف سیر ملاکر قوام کرکے اوپر سے سنگ یشب سوختہ کہربا شمعی مروارید ناسفتہ ملاکر مشک ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ اوپر سے آمیختہ کرکے جوارش بنائیں۔ خوراک ہمراہ عرق شیر ۳ تولہ کے پلائین عرق شیر مجوزہ بندہ خفقان بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ نسخہ یہ ہے

معجون مقوی قلب و مقوی معدہ جمیع اعضاء از مجربات بندہ

عنبر اشہب مشک خالص مروارید ناسفتہ یاقوت زمرد۔ ہر یک یکمثقال ورق طلا سہ مثقال آب سیب۔ آب انار۔ آب انگور۔ عرق گلاب۔ عرق بیدمشک۔ عرق گاوزبان (۲ تولہ، ۲ تولہ، ۲ تولہ، ایک پاؤ، ایکپاؤ، ایکپاؤ) برادہ صندل سفید۔ قند سفید قوام آوردہ بالائش طباشیر سفید ایکتولہ مصطگی رومی ایکتولہ (۹ ماشہ) ہمراہ آمیختہ معجون سازند (نیم سیر)۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاوزبان ۱۲ ہند از مجربات

مفرح دافع خفقان از مجربات استاد مرحوم

این نسخہ بسیار مجربست۔ برادہ صندل سفید ایکتولہ۔ عود ہندی ۹ ماشہ برگ گاوزبان ۲ تولہ دارچینی ایکتولہ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ ابریشم ۶ تولہ زعفران ۶ ماشہ بہمن سفید ایکتولہ۔ زرنباد ایکتولہ سنبل الطیب ایکتولہ بادرشک ایکتولہ۔ زرشک ایکتولہ۔ پوست ترنج ایکتولہ اسطوخودوس ایکتولہ۔ تخم فرنجمشک ایکتولہ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ تخم حماض ایکتولہ ہمہ ادر عرق بیدمشک یکسیر

تر کردہ جوشدادہ صاف نمودہ قند سفید ایکپاؤ آمیختہ معجون سازند و بالایش ورق نقرہ ۵۰ عدد و ورق طلا ۲۰ عدد. عنبر اشہب ۳ ماشہ. مشک خالص ۳ ماشہ. کہربا شمعی ۵ ماشہ. یاقوت رمانی ۴ ماشہ. طباشیر ایکتولہ. گل مختوم ۹ ماشہ. دانہ الاچی ایکتولہ. مصطگی ایکتولہ. درونج عقربی ایکتولہ. گلسرخ ایکتولہ. ہمہ را سائیدہ بالائش آمیزند. خوراک ایک مثقال ہمراہ شربت صندل ۲ تولہ و عرق گاؤزبان ۵ تولہ بخورند ❖

مفرح دیگر اکثر در تجربہ آمدہ است. مربہ ہی ۵ تولہ مربہ سیب ۵ تولہ. مربہ آملہ ۵ تولہ مربہ گاجرہ تولہ. مربہ ترنج ۵ تولہ. کشنیز خشک ۲ تولہ. دانہ الائچی سفید ایکتولہ شب در عرق گلاب ۳ پاؤ تر کردہ صبح جوشیدہ بر آوردہ در قند سفید نیم آثار قوام آوردہ مفرح سازند بالائش سنگ یشب کشتہ ۳ ماشہ و بسد کشتہ ۳ ماشہ مرجان کشتہ ۳ ماشہ آمیزند خوراک ۶ ماشہ صبح و ۶ ماشہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان ❖

شربت سیب درین باب مجربست ۱- آب سیب ۴ تولہ. آب گاجر ۲ تولہ. در عرق بید مشک ۲۰ تولہ بر آوردہ قند سفید تین پاؤ انداختہ شربت سازند ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام بنوشند بسیار مجربست

خمیرہ ابریشم در خفقان از مجربات والد ماجد. ابریشم خام ایکتولہ. برادہ صندل سفید و سرخ ایک ایکتولہ. عود ایکتولہ. مصطگی ایکتولہ. گل گاؤزبان ایکتولہ. برگ گاؤزبان ایکتولہ در عرق گلاب یکسیر تر کردہ جوشدادہ قند سفید نیم سیر قوام آوردہ بالائش ورق نقرہ ۲۰ عدد و ورق طلا ۱۰ عدد. زعفران ۶ ماشہ. مشک عنبر ۳ ماشہ آمیختہ خمیرہ سازند خوراک ۴ ماشہ ہمراہ شربت سیب

فصل تیسری غشی میں

علاج دوا المسک واسطے غشی و وحشت و وہم دل کے نہایت مفید ہے. قاقلہ کبار ۶ ماشہ قاقلہ صغار ۶ ماشہ مصطگی ۶ ماشہ. مشک عنبر ۳ ماشہ عود خام ۶ ماشہ. دارچینی ایکتولہ پوست ترنج ایکتولہ. قرنفل ۶ ماشہ. برگ مورد ۶ ماشہ. کبابہ ۹ ماشہ. سعد ۹ ماشہ. اذخر ۹ ماشہ. درونج عقربی ۹ ماشہ تخم فرنجمشک ۹ ماشہ بادرنجبویہ ایکتولہ. تخم مرزنجوش ۹ ماشہ دار فلفل ۶ ماشہ. مروارید ۳ ماشہ بسد ۳ ماشہ. کہربا ۳ ماشہ. ابریشم ۹ ماشہ. سافج ۹ ماشہ. بہمنین ایکتولہ. مشک خالص ۳ ماشہ

ورق طلا ۲۰ عدد ورق نقرہ ۵ عدد۔ ماء العسل ۲ سیر مربہ ہلیلہ ایک پاؤ دہ پختہ جوارش بسازند
خوراک ایک مثقال ہمراہ عرق بادرنجبویہ کے۔ اور ترکیب جسقدر علاج خفقان کی ہیں وہ بھی غشی
میں فائدہ کرتی ہیں۔ اور سنگ یشب ہمراہ خمیرہ گاؤزبان کے بہت مفید ہے اور غذائے
لطیف مثلاً گوشت وغیرہ بہت مفید ہے اور ماء اللحم انگوری اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوا ہے

نسخہ ماء اللحم برگ گاؤزبان ۵ تولہ بادرنجبویہ بہمن سرخ و سفید پانچ پانچ تولہ
زرباد ایکتولہ۔ موصلی سیاہ و سفید پانچ پانچ تولہ ثعلب مصری ۵ تولہ گل کیوڑہ ۵ تولہ
گل سوسیاہ تولہ۔ گلسرخ ۵ تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ گاجر تازہ ۵ سیر۔ ابریشم ۲ تولہ قرنفل ۲ تولہ
دانہ الائچی سفید و کلان دو دو تولہ گوشت گوسفند ۵ سیر۔ گوشت بٹیر ۲۰ عدد گوشت
گنجشک ۲۰ عدد۔ گوشت مرغ ۱۰ عدد سیب ۲۰ عدد۔ انار ۲۰ عدد ناسپاتی ۲۰ عدد۔ نارنگی ۲۰ عدد۔ انگور
۲ سیر کشمش ۲ سیر بادام ایک پاؤ۔ مویز منقے ۲ سیر پستہ ایکپاؤ مغز بادام ایک پاؤ مغز اخروٹ
ایکپاؤ۔ مغز کدو و تخم خرفہ ایکپاؤ۔ شیر تازہ ۲۰ سیر ہمہ را در دیگ انداختہ در پوٹلی مشک ۳ ماشہ۔
عنبر ۲ ماشہ۔ زعفران ایکتولہ۔ داد عرق دو آتشہ یکشد۔ خوراک ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام بسیار مجرب ست

فصل چوتھی تقشر القلب یعنے یہ معلوم ہوتا کہ دل چھلتا ہے۔

یہ اکثر مادہ صفرا کا دماغ سے قلب پر گرتا ہے پہلے اصلاح اسکی تنقیہ سے اگر بیمار کمزور ہو تو
غذا لطیف مثلاً گوشت طیور تیتر و بٹیر و گنجشک سے اصلاح کرنا اور مفرحات و معجونات مقوی قلب کا
استعمال کرنا بہت مفید ہے۔ اور عرق گاؤزبان و عرق گلاب شربت صندل کیساتھ پلانا
بہت مفید ہے۔ اور مربا ہلیلہ یا آملہ ہمراہ ورق نقرہ کے ملا کر اول روز کھلانا اور اوپر اسکے
سادہ سکنجبین ہمراہ عرق گلاب کے دینا بہت نفع کرتا ہے اور کشنیز خشک ۷ ماشہ دانہ الائچی کلاں
کا شیرہ نکالکر شربت صندل ملاکر چندروز استعمال کرنا بہت مفید ہے۔

فصل پانچویں جذب القلب یعنی بیٹھنا دل کا یہ مشارکت جگر سے ہوتا ہے

اول تنقیہ اسہال سے جگر کو پاک کریں۔ پھر مقوی سفوف ہمراہ عرق بید مشک و عرق گلاب
و کیوڑہ و گاؤزبان کے کھلائیں بہت مفید ہے۔ سفوف یہ ہے کشنیز خشک دانہ الائچی سفید
دارچینی ابریشم خام بادرنجبویہ تخم ریحان وزن برابر طباشیر ست گلو نصف وزن ملاکر ورق نقرہ

آہنسر کرکے ۳ ماشہ صبح ہمراہ ان عرقوں کے کھلایا جائے بہت مفید ہے۔ اور مربہ آملہ ایک تولہ ہمراہ ورق نقرہ ایک عدد شربت نیلوفر عرق گاوزبان کے فائدہ کرتا ہے
آلو شدار ولو لوی آہین بہت مفید پایا نسخہ یہ ہے مروارید ناسفتہ ۹ تا بسد ماشہ یشب یسعد کوفی۔ اذخر زعفران چھ چھ ماشہ عود خام۔ ابریشم۔ طباشیر سیاذج ہندی سنبل الطیب۔ گل ارمنی۔ تین تین ماشہ۔ شیر آملہ تازہ۔ ا تولہ۔ قند سفید ۱ تولہ ایک قوام کرین۔ اول آملہ کو شیر میں دو شب تر کرکے شیرہ نکالکر پھر ملادین خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ ایکپاؤ کے۔ پرہیز ترشی و بادی۔ غذا گوشت چوزہ مرغ تیتر بیٹیر ہمراہ آلو بخارا کے یا اندسنکہ یا سماق ملا کر پکایا ہوا اور تدبیرین بعد تنقیہ کے جو خفقان میں بیان ہوئی ہیں اسجگہ بھی مفید ثابت ہوئی ہیں

باب دہم

امراض پستان میں شامل و پر چار فصلونکے

فصل پہلی قلت اللبن ✤ فصل دوسری کثرت اللبن ✤ فصل چوتھی ورم الثدی ✤ فصل چوتھی دبیلۃ الثدی ✤

فصل پہلی قلۃ اللبن یعنے کم ہونا دودھ کا ✤

علاج حریرہ آرد گندم کا روز پلانا بہت مفید ہی۔ ترکیب اسکی یہ ہے آرد گندم ۵ تولہ در روغن زرد ۵ تولہ بریان نمودہ نبات سفید ۵ تولہ آمیختہ در شیر مغز کدو و زیرہ سفید ۳ ماشہ مغز بادام ایکتولہ در عرق گاوزبان نیم سیر نکالکر آرد گندم بریان کو اسمین بطور حریرہ پکاکر کھلانے سے دودھ بڑھ جاتا ہی۔ اور شیر تازہ گاؤ ہمراہ سبوس اسپغول کھلانا بہت نفع کرتا ہی۔ تودری زرد ایکتولہ۔ تودری سفید ایکتولہ خشخاش سفید ۲ تولہ ملاکر سفوف بنائیں۔ روزمرہ چھ ماشہ ہمراہ شیر تازہ ایکپاؤ کے ہفت روز تک کھلائیں۔ بہت نفع کرتا ہے پستان بز و خصیہ بز کا کھلانا بہت نفعد یتا ہی۔ اور غذائے لطیف جسقدر ہیں کھلانے سے بہت نفع ہوتا ہے یہ معجون لبوب بہت فائدہ کرتی ہے۔ ایک میرے دوست کے لڑکا پیدا ہوا۔ اسکو دودھ کی سخت

شکایت تھی میں نے یہ نسخہ تجویز کیا اسکے بہت فائدہ پہنچا نسخہ یہ ہے مغز خیارین ایکتولہ مغز خربزہ ایکتولہ مغز کدو شیرین ایکتولہ مغز بادام ایکتولہ تودری زرد ایک تولہ تودری سفید ایکتولہ بہمن سرخ وسفید ایکتولہ ثعلب مصری ۱ تولہ زیرہ سفید ایکتولہ کشنیز سفید ایکتولہ سبکو ہموزن لیکر خوب باریک کر کے ایک سیر دودھ گاؤ میں کھویا پکایا جائے جب دودھ کھویا ہو جائے۔ قوام قند سفید نیم سیر کر کے اسمیں ملا کر معجون بنائیں ہر روز ہمراہ شیر تازہ کے کھلایا کریں بہت نفع ہوتا ہے

فصل دوسری کثرت اللبن یعنی زیادہ ہونا دودھ کا

علاج سکھلانا اگر مغسول ایکتولہ کا ہمراہ زیرہ سیاہ ایکتولہ یعنے سفوف بناکر روز مرہ ۲ ماشہ ہمراہ عرق نانخواہ یا سونف کے مفید ہے اور ضماد کرنا مرصافی زیرہ سیاہ کا سرکہ میں بہت نفع کرتا ہے اور جو مجفف ادویات کا استعمال کرنا مفید ہے یہ مرض تو نہیں ہے مگر اکثر کسی کسی کو شکایت ہوا کرتی ہے

فصل تیسری ورم الثدی یعنی ورم کرنا پستان کا ضربہ سے یا اور وجہ سے

علاج۔ آرد جو آرد عدس سرکہ میں پیسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے۔ زنجبیل گیرو کا ضماد بھی نفع دیتا ہے۔ اور موم سفید روغن گل میں حل کرکے لگانا بہت نفع دیتا ہے۔ اور رسوت زہرہ گوسفند میں حل کرکے لگانا بہت مفید ہے اور گولر تازہ السی آرد جو سرکہ میں پیسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے اور اگر پستان پکجائے تو عمل جراحی کرکے اسکا مواد نکالکر مرہم سیاہ لگا دیویں اور ڈالنا گرم پانی کا اور پھر ناشانہ کا پستان پر بہت نفع کرتا ہے۔

فصل چوتھی دبیلۃ الثدی یعنے دنبل ہونا پستان پر اور درد پیدا ہونا

علاج سندھور ۶ ماشہ جعفرات ۲ تولہ میں ملا کر اسپر ضماد کرے انشاء اللہ نفع بہت دیگا اور تخم السی کنجد سیاہ پوست خشخاش اسپغول سرگین کبوتر ہموزن لیکر سرکہ میں حل کرکے ضماد کریں اور مراہم داخلیون اسمیں بہت نفع کرتی ہے۔ اور یہ مرہم جسکا بیان ہے بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ تخم حلبہ تخم بنفشہ تخم السی تخم خطمی تخم خبازی اسپغول ایک ایک تولہ شب کو پانی میں تر کر صبح لعاب نکالیں اور روغن السی ۱۰ تولہ میں لعاب ڈالکر پکائیں اور مرداسنگ ایکتولہ اور

سے آمیز کر کے مرہم طیار کریں۔ دبیلہ پر لگانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے

باب یازدہم

امراض المعدہ میں شامل اور انتیس فصلونکے

فصل پہلی سوء المزاج معدہ ٭ فصل دوسری وجع المعدہ میں ٭ فصل تیسری ضعف الہضم
فصل چوتھی سوء ہضم ٭ فصل پانچوین تخمہ ٭ فصل چھٹی ہیضہ ٭ فصل ساتوین نقصان الشہوت
فصل آٹھوین وحم ٭ فصل نوین شہوت قلبی ٭ فصل دسوین جوع البقر ٭ فصل گیارہوین عطش
مفرط ٭ فصل بارہوین ورم المعدہ ٭ فصل تیرہوین شادب ٭ فصل چودہوین قطی ٭ فصل پندرہوین
جشا ٭ فصل سولہوین فج ٭ فصل سترہوین تہوع ٭ فصل اٹھارہوین غثیان ٭ فصل انیسوین
تقلب النفس ٭ فصل بیسوین قے الدم ٭ فصل اکیسوین فواق ٭ فصل بائیسوین الثقل بالمعدہ
فصل تیئسوین وجع الفواد ٭ فصل چوبیسوین استرخا ٭ فصل پچیسوین تشنج المعدہ ٭ فصل
چھبیسوین جساوت ٭ فصل ستائیسوین قرب میں۔ فصل اٹھائیسوین خلفہ میں ٭

فصل پہلی سوء مزاج معدہ میں یعنی بگڑنا معدہ کا کسی وجہ سے

علاج معجون لکموئی ۶ ماشہ ساتھ شربت سکنجبین ۲ تولہ اور عرق سونف ۵ تولہ اور عرق گلاب ۵ تولہ کے کھلانا اور اگر اسہال آتے ہوں تو گلقند ساتھ مصطگی کے کھلانا مفید ہے اور اول تنقیہ ساتھ قے اور اسہال کے مفید ہے بعد اسکے جوارش مقوی معدہ بہت مفید ہے جوارش مقوی معدہ کا نسخہ یہ ہے۔ دارچینی۔ دانہ الائچی کلان مصطگی عود۔ زیرہ سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل گل سرخ سب ایک ایک تولہ۔ قند سفید آدہ سیر میں ملا کر قوام کرکے ۶ ماشہ صبح ہمراہ عرق سونف کے بہت مفید ہے یہ جوارش مجربات میں سے ہے

فصل دوسری وجع المعدہ میں یعنے درد ہونا معدہ میں

علاج اول قی سے تنقیہ کرنا ساتھ شربت سکنجبین اور نمک کے پانی میں ڈالکر بعد اسکے ٹکور کرنا ساتھ بھوسی گندم اور باجرہ اور نمک کے بہت مفید ہے اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو جوارش

بکموئی ساتھ عرق بادیان کے بہت مفید ہے، اور جوارش مجوزہ بندہ اس مرض میں ایک قسم کے درد
معدہ کو مفید ثابت ہوئی ہے۔ عنبر اشہب روغن بلسان انیسون نارمشک تخم کرفس جند بیدستر افیون
بزرالبنج برگ بادرنجبویہ مرزنجوش زعفران ہر ایک ۳ درم قرنفل ۵ درم۔ کبابہ ۵ درم قاقلہ صغار و کبار
پانچ پانچ درم سکوکوٹ کر سہ چند وزن شہد میں قوام کر کے جوارش بنانا اور چھ ماشہ صبح و شام
ہمراہ عرق بادیان و عرق گلاب و سکنجبین کے مفید ہے۔ جوارش خبث الحدید واسطے معدہ کے بہت مفید
ثابت ہوئی ہے صفت ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ شیطرج تخم کرفس ہر ایک ۶ درم پوست ہلیلہ بلیلہ
منقی نانخواہ۔ تودری سرخ و زرد۔ دارفلفل گنجد مقشر ہر یک چہار درم۔ قرفہ سنبل الطیب جوز بوا
فلفلموئہ ہر ایک ۲ درم۔ دانہ ہیل قسط سلیخہ قرنفل بسباسہ خولنجان فج نارمشک سعد عنبر اشہب
مشک خالص ہر یک ۳ درم خبث الحدید ۳ درم خبث الحدید کو روغن زرد میں بریان کر کے
باقی ادویہ کو خوب باریک پیس کر عسل ۳ وزن میں جوارش بنائیں خوراک ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق
بادیان کے کھائیں جوارش بکموئی زیرہ سیاہ ۵ تولہ سرکہ ۱۰ تولہ میں تر کر کے خشک کریں۔
فلفل سیاہ ایکتولہ۔ برگ سداب ایکتولہ۔ زنجبیل ایکتولہ۔ بورہ ارمنی ایکتولہ۔ دارفلفل ایکتولہ۔
تربد سفید ایکا یکتولہ ہمہ را کوفتہ دو شہد دو وزن کف گرفتہ معجون سازند وقت ضرورت ۹ ماشہ بخورند۔
نسخہ جوارش مصطگی معدہ و جگر کو بہت مفید ہے مصطگی ایکتولہ در عرق گلاب ۱۰ تولہ حل کردہ
قند نیم سیر سفید قوام آوردہ جوارش سازند۔ وقت ضرورت بخورند

فصل تیسری ضعف الہضم و سوء ہضم و تخمہ ایک ہے

علاج قرص ہاضمہ کھلانا بہت مفید ہے نسخہ قرص ہاضمہ۔ دارچینی پودینہ سونف۔
نانخواہ۔ عود ہندی دانہ الائچی کلان۔ قرنفل زیرہ سیاہ۔ گل سرخ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر نمک لاہوری
ایک ایک ست ایکتولہ سرکہ ۵ تولہ تیزاب گندھک ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہمہ را کوفتہ قرص
سازند۔ یک قرص قدری چار نخود باید ہمراہ عرق بادیان یاد کے کھلائیں بہت مفید ہے
دبید الورد مقوی جگر بسیار مجرب ست و این نسخہ برابر طلا بہتر و خوشتر
عجیب خاصیت دارد بارہا در تجربہ آمدہ ست سنبل الطیب مصطگی
زعفران طباشیر دارچینی اذخر اسارون قسط شیرین غافث تخم کشوث لک منقی تخم کرفس

زراوند طویل حب بلسان عود غرقی دانہ ہیل ہر یک درم ورق گل سرخ ننزوع الاقماع برابر ہمہ ادویہ عسل سہ وزن معجون سازند۔ خوراک یکدرم تا دو درم ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ بدہند ٭

دوار الکبریت مقوی معدہ وجگر از مجربات است سیتبل الطیب۔ قسط تلخ سلیخہ مصطگی حب الغار زنجبیل قرنفل بسباسہ ہر یک دو مثقال زراوند طویل فلفل سیاہ تخم کرفس انیسون نانخواہ زیرہ کرمانی فنطوریون باریک اسارون کبریت زرد راوند انجدان پودینہ دشتی نعناع خشک تخم انجرہ کندر از ہر یک چار مثقال عود ہندی فلفل سفید ہر یک پنج مثقال زعفران یک و نیم مثقال مشک تبتی فرفیون ہر یک یکمثقال دو وزن ادویہ شہد معجون سازند و بعد از شش ماہ استعمال نمایند ٭

شربت فولاد مقوی معدہ وجگر بسیار مجرب ست و قابل بادشاہان ست این نسخہ است و مقوی باہ و روشنی چشم لاغری بدن و رنگ را سرخ نمودہ اعصاب را قوی و سخت کند و مفاصل و بواسیر و ضعف را دور کند انشاء اللہ بعد از استعمال کیفیت باید دید از مجربات والد ماجد بندہ ہست صفت آن قند سیاہ کہنہ ۲۰ سیر۔ شہد خالص ۲۰ سیر۔ بادرنگ ۲ تولہ۔ فلفل گرد ۲ تولہ زنجبیل ۲ تولہ آملہ منقی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ۔ برادہ فولاد ۲۰ تولہ ادویہ را کوفتہ در سبوچہ گلی انداختہ در زمین چہل روز دفن کنند بعد برآوردہ یکتولہ قبل از غذا باید خوردہ انشاء اللہ فائدہ بسیار خواہد دید

روغن مصطگی مقوی معدہ و سوء ہضم را دور کند از مجربات بندہ است رومی مصطگی ۲ تولہ۔ روغن گل ۱۲ تولہ در شیشہ انداختہ مہر مضبوط نمودہ در آب پنج آثار در دیگچہ انداختہ آتش دہند در شیشہ روغن شود قدرے در زبان مریض را بدہند و بر معدہ ضماد سازند ٭

حبوب ہاضمہ از مجربات ست نمک لاہوری یکتولہ۔ مرچ سیاہ یکتولہ نوشادر یکتولہ سوہاگہ یکتولہ در عرق لیموں کھرل نمودہ بعد طعام یک حب بدہند مجرب ست ٭

حب تکاریہ برائے درد معدہ بسیار مجرب ست صبر یکتولہ۔ بزر البنج سوہاگہ۔ فلفل سیاہ ہر یک چھ ماشہ در گودہ گھیکوار حل نمودہ حب بمقدار نخود دہند یک حب صبح و یک حب شام ہمراہ عرق بادیان بدہند۔ مجرب ست ٭

فصل چوتھی ہیضہ مین

انیسون زیرہ سیاہ مصطگی۔ عود غرقی یک یک تولہ در آب انار ترش نیم سیر جوشدادہ قدرے قدرے بنوشند

حب ہیضہ پوست اک یکتولہ۔ فلفل سیاہ یکتولہ دانہ فلفل سرخ یکتولہ سایدہ حب بمقدار نخود بہ بندند یک حب بدہند مجرب ست

عرق برائے ہیضہ بسیار مجرب ست۔ عرق پیاز یکپاو فلفل سرخ ۲ تولہ جدوار یکتولہ۔ سرکہ یکپاو کافور یک تولہ۔ لہسن ۵ تولہ گل ارمنی یکتولہ۔ آب چونہ خوردنی یک پاؤ در آب جوش دادہ نصف باقیماندہ قدرے بوقت حاجت بدہند مجرب ست۔ عرق پیاز و سرکہ بہت مفید ہی۔ اکثر یہ ترکیب بہت جگہ تجربہ مین آئی ہے۔ نارجیل دریائی پیپارہ ہر سو ہر خطائی ایک ایک ماشہ در عرق گلاب یکپاؤ حل کردہ سکنجبین ۲ تولہ برف اندا ختہ قدرے قدرے بنوشند

دوائی ہیضہ زرشک انار ترش۔ پوست سماق۔ پوست بیرون پستہ ہر یک جزو طباشیر سفید۔ گل سرخ غورہ خشک ہر یک نیم جزو کوفتہ بیختہ از دو درم بدہند

دوائی ہیضہ انار دانہ سایدہ یکدرم۔ زنجبیل یکدرم۔ زیرہ سفید یکدرم۔ تربد یکتولہ۔ پوست ہلیلہ پوست ہلیلہ زرد یک درم نمک سنگ یکتولہ جملہ را کوبیدہ باریک سازند قدرے ہمراہ عرق گلاب و سکنجبین بدہند مجرب ست اور غذا بالکل منع ہے اور جسوقت افاقہ ہو جاوے شوربہ مرغ ہمراہ پوست سماق کے تھوڑی روٹی بھگو کر کھلانا مفید ہے۔ اور اس مرض میں جبتک معدہ کو صاف نہ کیا جاے تب تک غذا منع ہے۔ اور تقویت ہاضمہ کی لازمی ہے اور پانی سونف و گلاب کا اسمین بہت نفع کرتا ہے۔ اور ترش اثمار کا کھلانا بہت مفید ہے

فصل پانچوین نقصان الشہوت و بطلان الشہوت کے بیان مین یعنے بھوک بالکل جاتی رہی یا غذا سے نفرت ہو جاے

علاجہ اول تنقیہ معدہ کا ساتھ قے اور اسہال کے اور اگر جلے ہوئے ڈکار آوین تو تقویت معدہ کی ساتھ گلقند اور عرق سونف کے اور سبک کرنا باجرش کے مفید ہے اور جوارش فوتنجی اور جوارش لبوب بہت فائدہ کرتی ہے اور نعوع تمر ہندی کا جو بیان ہوا ہے بہت نافع ثابت ہوا ہے اسکا استعمال کیا جاے

ورق طلا ۲ عدد ملا کر خوراک ۲ ماشہ ہمراہ عرق ۵ تولہ کے کھلاوین چند روز مین فائدہ عظیم ہو گا۔
اور غذائے گوشت مرغ مفید ہے

فصل نوین عطش مفرد مین یعنے پیاس کا بہت لگنا

علاج۔ مغز کدو شیرین ۶ ماشہ۔ خرفہ ۳ ماشہ کاسنی ۴ ماشہ تخم خیارین ۶ ماشہ۔ تخم تربوز ۶ ماشہ
تخم خربوزہ ۶ ماشہ۔ سبکو عرق گاؤزبان ایک پاؤ مین شیرہ نکالکر سکنجبین تین تولہ ملا کر پینا بہت
فائدہ کرتا ہے۔ مفرح سیب ساتھ شربت لیمو کے ۹ ماشہ کھلانا عجیب الاثر دیکھا ہے۔ نسخہ مفرح کا یہ
ہے سیب ولایتی خراشیدہ ۱۵ عدد ریزہ ریزہ کر کے ایک سیر عرق گلاب مین جوشدیوین جب ہو جائے
طباشیر ایک تولہ ورد ہی مصطگی ایکتولہ۔ عود ایکتولہ۔ ست گلو ایک تولہ۔ سنگ یشب ۳ ماشہ۔
عقیق محرق ۳ ماشہ۔ قند سفید آدھ سیر میں قوام کر کے مفرح تیار کرین۔ اوپر سے ورق نقرہ
وورق طلا بیس بیس عدد۔ مشک خالص ایک ماشہ زعفران ۵ ماشہ حلکر کے خوراک ۶ ماشہ ہمراہ
عرق بیدمشک و گلاب و کیوڑا کے کھلائین۔ انشاء اللہ فائدہ عظیم ہو گا
دیگر الایچی سفیدہ ۵ ماشہ پودینہ خشک ۳ ماشہ۔ سونف ۶ ماشہ۔ سبکو عرق گلاب پاؤ بھر مین
جوشکر کے نبات سفید بقدر ضرورت ملا کر نیم گرم پلانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔
دیگر زہر مہرہ خطائی ایک ماشہ۔ نارجیل دریائی ایک ماشہ بیٹھہ ایک ماشہ ان تینوں کو عرق گلاب ایک
پاؤ میں گھسکر سکنجبین سرکہ ملا کر اور برف سے ٹھنڈا کر کے قدرے قدرے پلادیں۔ اور غذا آش جو
اور عرق بیدمشک میں ملاکر نفع کرتا ہے اور جبتک پیاس قطعی نہ بند ہووے کھانے کو ہرگز نہ دیوین
ورنہ ہیضہ ہو جانیکا خوف ہے کنول گٹہ ایک ماشہ۔ دار فلفل ایک ماشہ۔ طباشیر ایکماشہ شہد ۲ تولہ
میں حلکر کے قدرے قدرے چٹانا بہت فائدہ کرتا ہے۔ یہ نسخہ عجیب ہے

فصل دسوین ورم معدہ مین یعنے سوجنا معدہ کا اور سخت ہونا معدہ کا

علاج۔ فصد باسلیق کرنا مفید ہے۔ پانی انار شیرین کا پلانا فائدہ کرتا ہے۔ اور طبع کو ملین کرین
ساتھ خیار شنبر و تمر ہندی کے۔ اور ضماد کرنا گودہ املتاس اور منقع عرق مکو میں بہت فائدہ کرتا
ہے۔ اول اگر قبض لازم ہو تو اسہال کرانا ساتھ برگ سنا ۹ ماشہ گلو سبز ۹ ماشہ بادیان
۹ ماشہ۔ مغز فلوس ۳ ماشہ۔ تمر ہندی ۲ تولہ کے عرق گلاب ایک پاؤ میں جوش دیکر روغن بادام

ایکتولہ ملا کر پلانا ضروری ہے۔ بعد اسکے گلقند ایکتولہ۔ سرکہ ۲ تولہ میں ملا کر سات روز تک ہمراہ عرق مکو بادیان کے بہت مفید ہے۔ اور جوارش سماق کھلانا درم معدہ کو فائدہ عظیم بخشتی ہے۔ ترکیب اسکی یہ ہے پوست سماق ۲ تولہ زرشک ۲ تولہ کشمش سبز ۵ تولہ۔ دانہ لائچی کلان ایکتولہ۔ رومی مصطگی ایکتولہ۔ عود ایکتولہ۔ زیرہ سیاہ ایکتولہ سرکہ ۵ تولہ میں سائیدہ کرکے قند سفید ایکپاؤ شہد خالص پاؤ بھر قوام کرکے جوارش طیار کریں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ و مکو ۵ تولہ و سکنجبین ۲ تولہ کے صبح و شام سات روز تک کھلاویں مفید ہے۔ اور چار عرق ورم معدہ میں بہت فائدہ کرتے ہیں۔ ترکیب انکی یہ ہے مکو خشک ۲۰ تولہ بادیان ۲۰ تولہ گل سرخ ۲۰ تولہ۔ اجوائن ۲۰ تولہ پانی دس سیر میں ڈالکر عرق کھینچیں۔ ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام۔ شیر گلقند ایکتولہ ساتھ ملا کر پلانے سے نفع ہوتا ہے۔ اور غذا گوشت مرغ تیتر و بٹیر کا دینا بہت اثر رکھتا ہے۔ سیٹرہان منع ہیں۔

فصل گیارہویں تثاؤب یعنے جمائی آنے میں

علاج اول تنقیہ معدہ کا ساتھ اسہال کے کرنا لازمی ہے۔ اور کھلانا گلقند ایکتولہ کا ساتھ عرق گلاب ۵ تولہ کے چند روز بہت مفید ہے اور کھلانا عود کا ساتھ گلقند کے فائدہ عظیم رکھتا ہے اور معجون فستقین اس مرض میں نہایت ہی مفید ثابت ہوئی ہے۔ ترکیب اسکی یہ ہے فستقین ۲ تولہ زیرہ کرمانی ایک تولہ۔ برنجاسف ڈیڑھ تولہ گل سرخ ۵ تولہ۔ عود ایکتولہ۔ دانہ لائچی کلان ۲ تولہ دارچینی ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایکتولہ دار فلفل ایکتولہ۔ رومی مصطگی ایکتولہ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ آملہ ۲ تولہ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ۔ سبکو کوٹ چھانکر شہد دو چندان میں ملا کر معجون بنائیں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ایک ہفتہ پلائیں۔ فائدہ عظیم حاصل ہوگا اور جوارش کمونی۔ جوارش عود و جوارش مصطگی۔ اس مرض میں فائدہ کرتی ہیں۔ اور کھلانا معجون برشعثا کا بہت فائدہ دیتا ہے۔ دواء الکرکم اس باب میں بہت مفید ثابت ہوا ہے ترکیب اسکی یہ ہے زعفران ۲ تولہ اسارون ایکتولہ۔ انیسون ایکتولہ فطراسالیون ایک تولہ۔ ریوند چینی ایکتولہ سنبل ۹ ماشہ قسط ۹ ماشہ سلیخہ ۹ ماشہ۔ قفاح اذخر ۹ ماشہ حب بلسان ۹ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ جعدہ ۹ ماشہ مصطگی ۹ ماشہ غافث ۹ ماشہ روغن بلسان ۹ ماشہ۔ مُر ۹ ماشہ سبکو کوٹ چھانکر شہد دو چندان

میں ملاکر معجون بنائیں۔ اور بقدر ۲ ماشہ کے کھلاوین

فصل بارہوین تمطی یعنے انگڑائی کے بیان مین

علاج۔ تثاوب اور اس مرض کا علاج ایک ہی ہے اور اطریفل کشمشی اس مرض بہت مفید ہے
پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ۔ کشنیز خشک ہر یک چہار درم کوفتہ کرکے
در روغن بادام چرب نمودہ و کشمش دوازدہ درم نبات بست و چہار درم آمیختہ بقوام آرند خوراک ۹
ماشہ بہ ہمراہ عرق گلاب دس تولہ۔ انشاء اللہ تعالی در ہفت روز فائدہ بسیار خواہد دید ؛

دیگر۔ اطریفل خبث الحدید منقول از استاد مرحوم برائے تقویت معدہ و دماغ و سرعت انزال انفع دہد۔
پوست ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کلان۔ آملہ منقے۔ تخم کرفس شیطرج ہندی۔ نانخواہ صعتر ہر یک ۲ تولہ
ہیل ہہاہ سنبل الطیب وج ترکی۔ از ہر یک سہ تولہ۔ دارچینی چہار تولہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید
نارمشک۔ نمک سیاہ۔ ہر یک یکتولہ۔ خبث الحدید ۲ تولہ۔ خردل ایک تولہ۔ نوشادر چھ ماشہ کوفتہ
بیختہ با روغن بادام شیرین چرب نمودہ بہ عسل کف گرفتہ سہ وزن ادویہ اطریفل سازند و بعد
سہ ماہ بکار برند ؛

فصل تیرہوین جشاء یعنی آروغ بسیار آمدہ

علاج اول تنقیہ معدہ کا قے سے سکنجبین و پانی گرم نمک ملا کر یا اسہال سے جوشاندہ ہلیلہ زرد
بعد اسکے شربت سیب بہی کا عود خام و گلاب ملا کر پلانا نہایت مفید ثابت ہوا ہے اور کہربا نیم
درم عرق گلاب پانچتولہ میں گھسکر پلانا بہت مفید ہے۔ تمر ہندی۔ شربت لیموں مصطگی
ساتھ سکنجبین و شربت انار کے پلانا بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور جوارش جالینوس اس مرض میں بہت
مفید ثابت ہوئی ہے۔ اور امراض معدہ مین بھی اکثر کار آمد ہوتی ہے اور مقوی دماغ بھی ہے

نسخہ جوارش جالینوس سنبل الطیب سلیخہ۔ دارچینی۔ خولنجان قرنفل۔
سعد۔ زنجبیل فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ قسط شیرین۔ عود بلسان۔ اسارون۔ تخم مورد۔
قصب الزریرہ۔ زعفران۔ ہر یک دو درم مصطگی نیم درم۔ قند سفید بوزن ادویہ تمام اجزا را کوفتہ
بیختہ بہ دو چندان شہد آمیختہ معجون سازند۔ خوراک ۲ مثقال تا سہ مثقال پیش از طعام و بعد
از طعام بخورند۔ جوارش مذکور مقوی معدہ و جگر و دافع قولنج و عسر البول انفع دہد ؛

قرنفل قرفہ۔ دارچینی سلیخہ سنبل الطیب۔ جوز بوا۔ دانہ ہیل مصطگی قاقلہ حب بلسان زعفران ہریک چہار درم سقمونیا۔ تربد حب النیل۔ ہریک شش درم قند سفید ہموزن ادویہ کوفتہ بیختہ بہ عسل دو چند گرفتہ معجون سازند۔ خوراک ۲ مثقال بآب گرم بسیار فائدہ میدہد ✤

حب ہاضمہ بسیار فائدہ میکند نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد سفید سقمونیا۔ زنجبیل نمک سیاہ صبر تخم کرفس فلفل سیاہ۔ غافث سقل۔ ہریک سہ درم۔ انجیر زرد۔ مویز منقی۔ ہریک شش درم کوفتہ بیختہ حب بمقدار نخود بہ بندد ہر یک صبح و یک شام بعد از طعام باید خورد بسیار فایدہ میدہد

فصل چودہوین در بیان قے وتہوع وغشیان یعنے قے بار بار آنا اور نکلنا مادے کا و قے آنا خشک اور کچھ نہ نکلنا

اول تنقیہ کرنا قے سے سکنجبین پلاکر عرق گلاب و شربت صندل اگر پیاس ہے پلانا بہت مفید ہے اور اگر نفخ و قراقر ساتھ ہو تو پلانا سکنجبین اور گلاب کا عرق سونف کے ساتھ اور یہ تدبیر بہت مفید ہے۔ عود ہندی ایک ماشہ مصطگی ایک ماشہ شہد ایکتولہ میں ملا کر پلانا یا چٹانا بہت مفید ہے۔ شربت انار پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ لقوع بہت فائدہ کرتا ہے دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ۔ بادیان ۲ ماشہ۔ عرق گلاب یکپاؤ میں جوش کرکے مصری ایکتولہ ملا کر پلانا بہت فائدہ کرتا ہے اور ہلدی حقہ میں پلانا بہت مفید ہے۔ کنول گٹہ ۳ ماشہ۔ دارفلفل ۳ ماشہ۔ شہد ۲ تولہ میں ملا کر چٹانا بہت نفع کرتا ہے شربت لیموں ہمراہ برف کے پلانا بہت ہی مفید ہے۔ اور جوارش عود ترش اسباب میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ جو درج کی جاتی ہے۔ قرنفل دو درم سنبل الطیب ایکدرم۔ عود خام ۵ درم عرق گلاب ۲۰ تولہ۔ نبات سفید ۴۰ تولہ قوام کرکے سبکو ملائیں۔ اور جوارش تیار کریں اور بقدر ۳ ماشہ کے دینا ساتھ عرق گلاب اور سکنجبین کے بہت مفید ہے۔ اور یہ تجربہ بہت مفید ہے۔ فوراً قے کو بند کردیتی ہے۔ زرشک ۳ ماشہ پوست سماق ۵ ماشہ شربت انار ۵ تولہ سکنجبین سادہ ۵ تولہ۔ عرق گلاب ۵ تولہ سب کو ملاکر قدرے قدرے پلانا بہت مفید ہے۔ اور قسط۔ سنبل الطیب۔ قرنفل کا ضماد کرنا بہت فائدہ کرتا ہے اور ایک کباب

عجیب ہے۔ یعنی چراغ جو کڑوی تیل میں جلایا گیا ہو اسکو آگ میں سرخ کر کے جب اسکی سب میل جل جائے اسکو عرق گلاب میں بجھا کر قدری قدرے پلانا بہت فائدہ کرتا ہے۔ زنجبیل لیموں ترش کے قدری قدری ڈالکر چٹانا قے کو بہت جلد روکدیتا ہے۔ اب انار شیرین اور آب لیموں اور آب ترنج اور آب تمر ہندی۔ آب آلو بخارا عرق گلاب۔ عرق سونف عرق سکنجبین ہیں کہ سبکو ملاکر برف سے ٹھنڈا کر کے پلانا بہت مفید ہے

فصل پندرہوین قئے الدم یعنے خون کی قے آنا

علاج۔ فصد باسلیق کا کرنا اور پلانا رب بہی کا ساتھ گلنار و کندر کے مفید ہے اور پلانا شربت سیب و کہربا کا گھسکر عرق بیدمشک میں بہت نفع کرتا ہے۔ اور پلانا آب تربوز کا سکنجبین ڈالکر نہایت مفید ہے اور پلانا زرشک مغز کدو شیرین کا عرق گلاب میں گھسکر بہت مفید ہے اور یہ سفوف بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کہربا شمعی۔ بسد۔ سنگ یشب گل ارمنی گل مختوم تین تین تین ماشہ۔ خرفہ۔ طباشیر ست گلو۔ دانہ الائچی سفید۔ مغز کدو شیرین۔ مغز خیارین۔ مغز تخم رب السوس۔ کتیرا صمغ عربی سب چھ چھ ماشہ انکا سفوف بناکر تین تین ماشہ ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ کے کھلانا بہت مفید ہے۔ اور یہ دوا عجیب الاثر ثابت ہوئی ہے۔ فوراً نفع کرتی ہے۔ کاغذ سوختہ۔ گیرو۔ گوند ڈھاک برابر وزن کر کے ایک ماشہ ہمراہ بارتنگ ۳ ماشہ کے ملاکر ساتھ لعاب صمغ عربی ۳ ماشہ کے کھلانا بہت مفید ہے

فصل سولہوین فواق یعنے ہچکی میں

علاج۔ پہلے سکنجبین و نمک گرم پانی ملاکر قے کرائیں۔ بعد اسکے لعاب اسپغول ۳ ماشہ لعاب بیدانہ ۳ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ ۴ تولہ کے ملاکر ۹ ماشہ روغن بادام ڈالکر پلانا مفید ہے۔ اور آش جو روغن بادام ملاکر برف میں ٹھنڈا کر کے دینا نفع کرتا ہے۔ اور مصطگی ۵ ماشہ زیرہ سیاہ ۵ ماشہ۔ پودینہ خشک ۵ ماشہ۔ زنجبیل ۵ ماشہ سعد ۵ ماشہ سنبل الطیب ۵ ماشہ۔ دار فلفل ۵ ماشہ سرکہ ۴ تولہ شہد خالص ۱ تولہ میں ملاکر قدری قدری ہمراہ عرق گلاب کے چٹانا بہت مفید ہے اور بہتر ہے کہ چھینک لانا ہچکی کو فوراً بند کر دیتا ہے اور ڈکار لانا بھی نفع کرتا ہے۔ غذا گوشت مرغ۔ دارچینی ڈالکر کھانا مفید ہے۔ اور اگر خدانخواستہ نفع نہ ہو تو

فصد باسلیق بہت نفع دیتی ہے۔ آب کدو ہمراہ دودھ تازہ کے ملاکر پلانا مفید ہے۔ اور روغن بادام ہمراہ شیر نیم گرم کے بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور اکثر مشارکت جگر سے ہی یہ مرض ہو جایا کرتی ہے اوس وقت عرق گلو و کاسنی ہمراہ اسکنجبین کے پلائیں اور فم معدہ پر خردل کا ضماد کریں انشاء اللہ فوراً تسکین ہوگی مجرب ہے

فصل سترہویں انقلاب المعدہ یعنے نکلنا براز کا منہ کے رستہ قے بن کر

علاج۔ کھلانا سفوف قابض کا جس کا بیان درج کیا جاتا ہے بہت نفع کرتا ہے نسخہ یہ ہے مازو مائین گلنار گیرو گوند ڈھاک۔ کہربا شمعی موچرس سب وزن برابر لیکر سفوف بنائیں اور تین ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے کھلائیں۔ نفع کرتا ہے۔ اور سیماب یکتولہ ایکدم مریض کو پلانے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ اور یہ نسخہ بہت مفید ہے کشنیز خشک۔ انجبار۔ زرشک حب الآس۔ تخم خشخاش۔ پوست سماق۔ تین تین ماشہ سب کا شیرہ نکالکر آب بہی ملاکر پلانا بہت مفید ہے اور غذا عدس۔ پوست سماق ڈالکر اکیلا کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ زردی بیضہ مرغ نیم برشت کھلانا بہت نفع کرتی ہے۔ اور ماء اللحم انگوری بہت مفید ہے۔ اور بارتنگ۔ طباشیر۔ دانہ الاچی سفید اقاقیا۔ گلنار ہموزن ملاکر ۳ ماشہ ہمراہ شربت حب الآس دیں بہت مجرب ہے و مفید ہے۔ اور اول تنقیہ ہمراہ قے کے معدہ کو صاف کریں۔ بعد ازاں گل ارمنی گل مختوم گیرو گل ملتانی سب کو پیسکر سفوف بنائیں۔ اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے دیں ؛

فصل اٹھارہویں وجع الفواد میں یعنی درد فم معدہ ساتھ سختی غشی کے ہونا

علاج اول فصد باسلیق زنند و عرق گلاب کیوڑہ ہمراہ تخم گلقند مفید است ضماد برمعدہ قرنفل سائیدہ ضماد کنند بسیار فائدہ میدہد و آب غبار لحیتہ التیس السانی پلانا مفید ہے و شیرہ گلقند یکتولہ و حب قرطم یکتولہ در عرق گلاب یکپاؤ برآوردہ برف انداختہ قدری قدری بنوشند اول قے ہمراہ سکنجبین و نمک و آب گرم بسیار فائدہ میدہد۔ اور یہ جوارش بہت مفید ہے گل سرخ فلفل زنجبیل دار فلفل زراوند طویل۔ دارچینی اسارون ہر یک ۲ تولہ مصطگی زرنباد بودینہ انیسون ہر یک یکتولہ جندبیدستر کوفتہ بیختہ برابر عسل اور برابر گلقند ملاکر بنائیں۔ ۲ مثقال ہمراہ عرق گلاب کے بہت مفید ہے۔ اور تمر ہندی ۲ تولہ۔ آلو بخارا ۱۰ عدد۔ غاریقون ۳ ماشہ ہمراہ گلقند

اول خوردہ آب لال برآوردہ سکنجبین ہر کہ ۳ تولہ انداختہ. وعرق کیوڑہ ۵ تولہ و عرق گلاب ۵ تولہ
بہ برف سرد نمودہ بنوشند۔ اور اگر غشی طاری ہو تو اول لخلخہ سونگھائیں۔ برادہ صندل سفید ۳ ماشہ
خس ۳ ماشہ. کشنیز ۳ ماشہ. کافور یکماشہ۔ در عرق گلاب ترکردہ لخلخہ نمایند تا کہ ہوش آید۔ اگر ہوش نیاید
فصد باسلیق باید کرد۔ مجرب ست۔ اور یہ ضماد وجع الفواد کو بہت مفید ہے۔ دارچینی۔ وج ترکی عود
زرنباد چھ ماشہ مصطگی ایکتولہ ۵ تولہ گلاب میں حل کرکے فم معدہ پر ضماد کرنا بہت فائدہ کرتا ہے
اور عنبر ایکماشہ ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ کے کھلانا بہت مجرب ہے اور حلتیت یکماشہ در عرق بادیان
حلکردہ بنوشند وصعتر مومیائی در عرق گلاب حلکردہ مجرب ست۔ معجون فسنتین در وجع الفواد بسیار
مجرب ست اور میرے تجربہ میں بھی آئی ہے نسخہ یہ ہے افسنتین نیم درم۔ انیسون۔ تخم کرفس
ہر یک پنجدرم سلیخہ دو درم۔ افیون۔ جند بیدستر۔ ہر یک دو درم عسل دو چند ملا کر معجون بنائیں
خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق گلاب دہند۔ اور باندھنا پیٹ لیموں کا۔ اور ملنا پاؤں کا بہت مفید ہے اور غذا
شوربا مرغ ہمراہ زیرہ سیاہ و الائچی کلان و دارچینی کے دینا نفع کرتا ہے۔ اور جو تقویت
معدہ اور وجع المعدہ میں علاج ہیں وہ یہاں بھی کرنا مفید ثابت ہوئے ہیں اور اگر ساتھ پیاس شدت سے ہو
تو دودھ گاؤ کو برف میں سرد کرکے پلانا بہت نفع کرتی ہے۔ اور معجون برشعشا بھی مفید ہے

فصل انیسوین در استرخاء معدہ یعنے سست اور ڈھیلا ہونا معدہ کا

علاج۔ جوارش فنجنوش جہت استرخاء المعدہ و ریاح بواسیر مفید نسخہ یہ ہے ہلیلہ بلیلہ آملہ۔
فلفل دارفلفل۔ زنجبیل۔ سعد۔ شیطرج ہندی سنبل الطیب یک یک درم۔ تخم شبت تخم گندنا ہر یک
چہار درم خبث الحدید مدبر صد درم کوفتہ بیختہ بہ عسل کف گرفتہ دو وزن از روغن گاؤ چرب نمودہ معجون
سازند بعد شش ماہ بکار برند۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ریا عرق گلاب ریا دہند مجرب ست و اگر
مشک دو درم داخل کنند بہتر ست۔ سنگدانہ مرغ بقدر نیم مثقال سائیدہ ہمراہ شہد بخورند و
علاج فالج بسیار فائدہ میدہد و این جوارش بسیار مجرب ست۔ بہلاوا ایکتولہ۔ مغز بیدانجیر ۵ تولہ۔
لہسن ۲ تولہ در شیر گاؤ دو سیر شیر شدہ بعد ازان در روغن زرد نیم سیر بریان نمودہ بالائش بالنگنی
یکتولہ و تخم کرفس نانخواہ و جوز بوا بسباسہ۔ زنجبیل مصطگی عود یک یکتولہ سنبل الطیب ۲ ماشہ سعد فلفل
سیاہ۔ دارفلفل یک تولہ ہمہ کوفتہ در عسل دو چندان کف گرفتہ جوارش سازند۔ خوراک ۹ ماشہ

ہمراہ عرق بادیان یکپاؤ صبح وشام بدہند۔ غذا چوزہ مرغ وبٹیر بدہند۔

فصل بیسویں تشنج المعدہ میں یعنے اینٹھنا معدہ کا

علاج آب دریائے شور بنا ید داد واین مضرست علاج کبک یا دراج پاک کردہ بر خشت نہادہ در تنور سوختہ کردہ معہ استخوان بسایندہ بقدر ۳ ماشہ در شربت آس آمیختہ بخورانند۔ واین ضماد بسیار مفید ست۔ موم وروغن گل گل سرخ آمیختہ قرد طی سازند وقدری قدری بر معدہ ضماد کنند حقنہ درین مرض بسیار فائدہ مند ونسخہ حقنہ این ست۔ عدس مقشر آس بریان۔ گلنار۔ گل سرخ سفرجل چھ چھ ماشہ سیب ہمہ را ایک یک یکتولہ لاون وقرنفل چھ چھ ماشہ نبات سفید ۳ تولہ شب ہمہ را در کوزہ کردہ صبح حقنہ کنند واین اجزا بنوشند ونوشیدن شیر گاو تازہ ومسکہ گاو آمیختہ بسیار فائدہ مے دہد وعلاج این علاج در تشنج گذشت درینجا فائدہ میکنند واین حب بسیار مفید ست۔ جدوار خطائی زعفران سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ قرنفل دارچینی ہریک چھ چھ ماشہ مشک خالص ۲ ماشہ مصطگی ۲ تولہ ہمراہ سائیدہ در شہد آمیختہ حب بمقدار نخود بندند وہمراہ لعاب بیدانہ بدہند اول درینجا مرغن اشیاء استعمال کنانند۔ بعد از علاج با فائدہ باید نمود۔ وغذا گوشت تیتر وبٹیر ومرغ مرغن ہمراہ نان گندم بسیار مجرب ست وروغن بنفشہ برائے لش وخوردن بسیار مفید ست

فصل اکیسویں جساوت معدہ یعنے سخت ہونا معدہ کا

علاج۔ ضماد کرنا تکو ویا بونہ وآرد جو وخطمی واکلیل الملک واصل السوس تین تین ماشہ۔ موم سفید ایک تولہ۔ روغن گل ۲ تولہ۔ روغن بنفشہ ۲ تولہ آمیختہ ضماد سازند وجوشاندہ افتیمون بسیار فائدہ مند این ست۔ افتیمون ۵ ماشہ۔ بسفائج ۵ ماشہ اصل السوس ۳ ماشہ بیخ خطمی ۴ ماشہ پرسیاؤ شاں ۲ تولہ مغز فلوس ۲ تولہ سبکو ملا کر اور عرق گلاب میں جوشدہ کر پلا دیں۔ اور پلانا شاہترہ ۳ ماشہ تمر ہندی ایک تولہ۔ املتاس ۲ تولہ۔ ترنجبین ۳ تولہ ملا کر جوشدہ کر پلانا بہت مفید ہے اور باسلیق کا کرنا بھی مفید ثابت ہوا ہے اور ضماد کرنا اس قردطی کا بہت نفع کرتا ہے۔ گل سرخ ۳ ماشہ۔ اکلیل الملک ۳ ماشہ بیخ خطمی ۴ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ گل روغن ۳ تولہ موم سفید ایک تولہ ملا کر ضماد کرنا مفید ہے اور جوارش خرنوب بہت مفید ہے۔ خرنوب۔ زیرہ سیاہ مدبر حب الآس کو کنار جنگلی شاہ بلوط کتیرا بریان سب اجزا برابر لیکر کوفتہ کر کے شہد وچند

ہیں معجون بنائیں چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف کے مفید ہے اور جوارش کندا ص بہت
مفید ثابت ہوئی ہے ترکیب جوارش کندر کندہ جلنار ہر یک ۱ درم - وج ناگرخواہ سنبل الطیب انیسون
کلونجی ہر یک دو درم کوٹ چھانکر دو چندان شہد میں ملا کر بہت نفع کرتی ہے اور ضماد کرنا اس کا
بہت مفید ہے - اشق مقل جند بیدستر - زعفران - جاوشیر - صبر لعاب ملٹھی و لعاب خطمی روغن گل
ملا کر قرولی بنائیں اوپر سے گلسرخ - و زنجبیل ضماد کریں - باقی علاج برائے طبیب ؎

فصل بائیسویں ذرب المعدہ میں یعنی اسہال ہونا بغیر ہضم کے ذرب ہے

علاج اول فصد باسلیق مفید ہے اور قرص طباشیر بہت مفید ہے - طباشیر گل سرخ تخم حماض
ایک ایک درم - صمغ عربی ۲ درم - نشاستہ ۲ درم - کتیرا دو درم - لعاب اسپغول میں ملا کر قرص بنا
بہت مفید ہے اور یہ سفوف بھی بہت مفید ہے اسپغول - تخم ریحان گشنیز تخم گاؤزبان سب اجزا
برابر لیکر بریان کر کے سفوف بنائیں - اور کھلانا ۶ ماشہ کے وزن کا ساتھ لعاب بیدانہ کے بہت
مفید ہے - اور جوارش کمونی بہت مفید ہے پہلے شربت ورد پلانا بہت مفید ہے اور مصطگی و عود
تین تین ماشہ گلقند ۲ تولہ میں ملا کر بقدر ۳ ماشہ کے کھلانا بہت مفید ہے اور ذرب کے واسطے یہ
دوا بہت مفید ہے تخم خشخاش حب الآس الجنار خرفہ کشنیز زرشک پوست سماق ہموزن لیکر
انکا سفوف بنائیں بقدر ۳ ماشہ ہمراہ شربت بہی کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور بریشم بھی
مفید ہے اور کھلانا سفوف گیرو کا بہت مفید ثابت ہوا ہے گیرو ایک ماشہ حب الآس - شاہ بلوط بریان
کتیرا صمغ عربی نشاستہ چھ چھ ماشہ - گل ارمنی - دم الاخوین تین تین ماشہ مغز بیدانہ چھ ماشہ
سب کو کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ ہمراہ شربت حب الآس تین تولہ - اور عرق گلنار
۱۰ تولہ کے کھلائیں بہت مفید ہے - اور غذا آش جو ہمراہ شربت انار کے بہت نفع کرتی ہے
یہ نسخہ میری تجربہ میں بہت مرتبہ آچکا ہے - اور بہت مفید پایا ہے

باب دوازدہم

امراض جگر میں شامل اور پندرہ فصلوں کے

فصل پہلی سوء مزاج کبد ۞ فصل دوسری ضعف الکبد. فصل تیسری سدۃ الکبد فصل چوتھی نفخۃ الکبد ۞ فصل پانچوین وجع الکبد. فصل چھٹی ورم الکبد. فصل ساتوین ورم العضلات فصل آٹھوین ذبلۃ الکبد. فصل نوین قیام الکبد. فصل دسوین اسہال الکبد فصل گیارہوین سوء القنیہ. فصل بارہوین استسقا. فصل تیرہوین حصات الکبد فصل چودہوین تبشر سطح الکبد. فصل پندرہوین تغیر الکبد ۞

فصل پہلی سوء مزاج الکبد یعنے بگڑنا مزاج جگر کا

علاج تنقیہ کرنا فصد اور اسہال سے. اور پلانا جوشاندہ ہلیلہ و خیار شنبر بہت مفید ہے یا خیساندہ تمر ہندی و آلو بخارا ساتھ ترنجبین کے سکنجبین ملا کر بہت نفع کرتا ہے اور پلانا آب انار و شربت صندل و شیرہ خیارین و لعاب اسبغول و شیرہ مغز کدو و خیار کا بہت مفید ہے اور آرد جو عدس و صندل کا جگر پر ضماد کرنا اور آش جو ہمراہ سرطان نہری کے پکایا ہو دینا اور شیرہ خرفہ ساتھ طباشیر کے و شربت بزوری و شربت دینار و قرص طباشیر شربت حماض دوا الکرکم ساتھ عرق سونف و گلو کے کھلانا مفید ہے اور شربت افسنتین بھی مفید ہے اور ضماد کرنا سنبل اذخر و قسط و سلیخہ گل سرخ و زعفران ساتھ روغن شونیز کے مفید ہے. اور دارچینی زیرہ سیاہ و اطریفل صغیری مین ملا کر کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور معجون فلاسفہ بھی مفید ہے مطبوخ افتیمون پلانا بھی نفع کرتا ہے. اور غذا کشک جو پالک. خرفہ اور گوشت مرغ تیتر بٹیر کا بہت مفید ہے. اور یہ اثر بھی جو میرے تجربہ مین آچکی ہے اصلاح جگر کے واسطے بہت مفید ہے نسخہ بادیان. تخم کرفس اصل السوس گلقند. دارچینی رومی مصطگی. قرنفل دارچینی. زعفران ان سبکی ہموزن گلقند مین ملائین خوراک ایکتولہ ہمراہ شربت بزوری کے ہر روز وقت صبح کے نوش کرین نہایت مفید ہے.

جوارش دارچینی سوء مزاج جگر کو بہت فائدہ کرتی ہے نسخہ دارچینی. عود ہندی اسارون از ہریک شش درم. قرنفل فلفل سیاہ. دارفلفل سنبل الطیب. اسارون. زنجبیل پودینہ ہریک ہشت درم. جوز بوا مصطگی. انیسون بادیان سلیخہ ہریک سہ درم زعفران دو درم بسباسہ دو درم سبکو کوٹ چھانکر شہد مین ملائیں. خوراک ایکتولہ بوقت صبح ہمراہ عرق سونف کے نوش کرین جوارش مجوزہ بندہ برائے سوء مزاج جگر بسیار مفید است ۞ زنجبیل سنبل الطیب

مصطگی نانخواہ۔ کرفس تخم سلیخہ زیرہ سیاہ۔ حب بلسان سافج ہندی ہموزن لے کر دو چند شہد مین ملاکر جوارش طیار کریں۔ خوراک ۹ ماشہ بوقت صبح۔ ہمراہ شربت بزوری نوش کریں

معجون خبث حدید۔ ہر امراض جگر کو مفید ہے۔ خبث حدید مدبر۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ۔ آملہ گزمازج۔ ہریک پانزدہ درہم۔ اذخر۔ سعد کوفی۔ زنجبیل۔ فلفل کندر ہریک دو درہم۔ سب کو کوٹ پیسکر دو چند شہد میں اور مربہ آملہ سہ چند ملاکر معجون بنائین۔ خوراک ایکماشہ ہمراہ عرق سونف ٭ یہ شربت برائے سوء مزاج جگر کے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ بادیان بیخ بادیان تخم کرفس انیسون سعد یک یکتولہ۔ مغز کدو شیرین۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین مغز تخم تربوز دو دو تولہ۔ گل سرخ ۵ تولہ سب کو عرق مکو ایک سیر میں تر کر کے صبح جوشدیکر تین پاؤ مصری ملاکر شربت تیار کرین۔ خوراک دو تولہ بوقت صبح نوش کریں ؁

فصل دوسری ضعف جگر میں

علاج ماءاللحم انگوری ضعف جگر کے لیے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ دارچینی ایکتولہ سلیخہ ایکتولہ مصطگی ایکتولہ۔ زیرہ سیاہ ایک تولہ۔ گاوزبان ۲ تولہ۔ گل گاوزبان ایکتولہ گل نیلوفر ایکتولہ ابریشم ۲ تولہ۔ صندل کا برادہ ایک تولہ۔ بہمن سفید ایکتولہ۔ بہمن سرخ ایک تولہ۔ تودری زرد ایکتولہ تودری سفید ایکتولہ۔ تعلب مصری ۳ تولہ بادیان ۲ تولہ نانخواہ ۲ تولہ سیب ولایتی ۵ ۲ عدد ناسپاتی ۲۵ عدد رنگترہ ۲۵ عدد۔ انار ۱۵ عدد۔ کشمش سبز ۵ سیر۔ گوشت گوسفند جوان ۱۵ سیر گوشت تیتر ۱۵ عدد۔ بٹیر ۲۰ عدد۔ مرغ ۱۰ عدد۔ زعفران ایکتولہ مشک خالص ۳ ماشہ بطریق معمول عرق کھینچیں۔ خوراک ۵ تولہ ہر روز بوقت صبح نوش کرین ؁

دواءالمسک۔ ضعف جگر کے واسطے نہایت ہی مفید ہے۔ زرنباد۔ درنج۔ مروارید۔ کہربا بسد ابریشم ہر ایک چھ درہم۔ بہمن سفید سنبل الطیب۔ سافج ہندی۔ دانہ لائچی سفید کلان قرنفل ہر ایک ۵ درہم۔ کشنیز دار فلفل۔ زنجبیل مصطگی ہریک چہار درہم مشک خالص تین درہم۔ زعفران دو درہم۔ سب کو کوٹ چہانکر دو چندان شہد مین ملاکر ورق نقرہ ۵۰ عدد ورق طلا ۳۰ عدد۔ آمیز کر کے جوارش طیار کرین۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ عرق گاوزبان نوش فرماوین مجرب ہے

شربت افسنتین اصلاح جگر کیواسطے بہت مفید ہے اور تقویت جگر کی کرتا ہے اور یرقان کو بھی فائدہ بخشتا ہی۔ زرشک ایکتولہ۔ پوست سماق ایکتولہ۔ ابریشم مقرض ایکتولہ۔ کاسنی ایکتولہ بنجبادیان ایکتولہ افسنتین ۲ تولہ۔ تخم خیارین ۲ تولہ۔ تخم خربوزہ ۲ تولہ سنبل الطیب ایکتولہ۔ ایک سیر عرق مین جوشدیکر مصری تین پاؤ ملاکر شربت تیار کرین۔ خوراک ۲ تولہ ہمراہ عرق مکو و عرق سونف کے صبح وشام پلائین غذا لطیف مثلاً پلاؤ شوربا بٹیر و تیتر کھلانا بہت مفید ہی اور بقولات سے پرہیز کرین

فصل تیسری سدۃ الکبد یعنے سدہ پڑجانا جگر مین

علاج یہ ضماد لگائین۔ افسنتین ریوند خطائی بیخ کرفس کاسنی مکو گل سرخ ہموزن لیکر مکو سبز مین پیسکر ضماد کرین۔ اور مسہل ریوند چینی ۳ ماشہ برگ سنا مکی ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۲ ماشہ بادیان ۵ ماشہ در عرق ملاکر جوشدیکر روغن بیدانجیر ۲ تولہ ملاکر پلادین اور غذا زیرباجات ساتھ گرم مصالحے کے کھلادین۔ اور ورم جگر کا علاج یہان بھی مفید ہے اور یہ سفوف سدہ جگر کو بہت مفید ثابت ہوا ہے تربد سفید خراشیدہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ اسطوخودوس۔ افتیمون غنچہ گل سرخ کتیرا ہموزن لیکر روغن بادام مین چرب کرکے سفوف بنادین اور ہموزن شکر سفید ملاکر ایک تولہ صبح ہمراہ آب نیم گرم کے یا عرق سونف کے کھلانا بہت مفید ہی اور یہ سفوف بھی اس مرض مین کارآمد ہے اکثر میرے تجربہ مین بھی آیا ہے۔ اور بہت مفید ثابت ہوا ہے صفت یہ ہے تخم خیارین ۵ ماشہ تخم خربزہ ۵ ماشہ تخم کاسنی ۳ ماشہ تخم کشوث ۳ ماشہ تخم کرفس انیسون بادیان۔ رب السوس دو دو ماشہ ہر ایک زرشک ۴ ماشہ۔ ریوند چینی ۴ ماشہ۔ لک مغسول۔ زعفران فی اسبیل مصطگی افسنتین تین تین ماشہ کافور ۲ ماشہ سبکو کوٹ چھانکر سفوف بنائیں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ و عرق مکو ۵ تولہ و شربت بزوری ۲ تولہ کے پلانا بہت مفید ہے اور یہ سفوف بھی لے رہا میری تجربہ مین آیا ہی گل سرخ ۳ درہم زرشک لک مغسول مجیٹھ طباشیر صندل سفید۔ نشاستہ صمغ عربی۔ ریوند چینی تین تین ماشہ تخم حماض ۳ ماشہ زعفران ۱ ماشہ سفوف بناکر تین ماشہ ہمراہ شربت افسنتین کے نہایت مفید ہی۔ اور یہ سفوف لک از مطب استاد قبلہ بدست آمدہ ہست۔ اکثر مجرب یافتہ۔ لک مغسول حب الآس۔ شاہ بلوط مصطگی مازو سبز عود بلسان پوست انار ہر یک یک جزو۔ زنجبیل کندر ہر یک نیم جزو ہموزن شکر سفید آمیختہ سفوف سازند خوراک ۵ ماشہ ہمراہ عرق گلو بسیار مجرب ست منقول از مطب استاد برائے سدہ جگر

وضعف معدہ بسیار مجرب ہے۔ قرنفل مصطگی۔ عنبر اشہب الائچی خورد۔ عود غرقی سنبل الطیب و ج
دو نخ سوختہ گلنار۔ مشک۔ بسد۔ مرجان۔ کہربا۔ گل مختوم۔ پوست مغز پل طباشیر سب ہموزن
شکر سفید برابر وزن آمیختہ۔ خوراک ۵ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ

یہ چورن برائے سدہ جگر اکثر ہمیرے مطب میں شامل ہے۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی والز
ہیل بادیان مصطگی پودینہ نانخواہ طباشیر شیطرج از ہریک چہار ماشہ۔ جوکھار دارچینی۔
قرنفل پوست اترج سنبل الطیب زیرہ سفید پترج تج ہریک ۳ ماشہ انار دانہ ۷ ماشہ نمک لاہوری
ایک تولہ۔ نمک سیاہ ایکتولہ کپور کچری بریان ۷ ماشہ تربد سفید ۲ تولہ۔ آب لیمون ۱ تولہ وکھار نخود
۵ تولہ سرکہ ۷ تولہ ہمہ راکوفتہ جوارش سازند۔

فصل چوتھی نفخ الکبد یعنے پھول جانا جگر کا

علاج کاسر ریاح کا استعمال ضروری ہے۔ اول سبک کرنا چاہیے۔ اور پانی گرم نمک ڈال کر نطول کریں۔ اور عرق گلاب اور عرق سونف اور عرق کاسنی ساتھ سکنجبین بزوری کے پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور غذا کباب وغیرہ اور اگر مشارکت امعائی ہے تو مسہل دیوین اور اگر اعصاب حجات کی ہے تو مدارات پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ دوا بہت مفید ہے لک مغسول۔ دو قوتخم کرفس گل چنبیلی۔ زیرہ کرمانی۔ زنجبیل زوفا خشک ہریک چہار درم خطبانا۔ زراوند۔ مدحرج ہریک دو درم۔ صبر سنبل الطیب مجیٹھ ہریکنا درم حب بلسان سلیخہ مصطگی مقل قصب الزریرہ اسارون ہریک شش درم۔ رب السوس ۱۵ درم بسپسالیوس ۳ درم سبکو کوٹ چھانکر شہد دوچنداں میں ملاکر خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق مکو ۵ تولہ و شربت سکنجبین بزوری ۲ تولہ کے نہایت مفید ہے۔ اور دیگر دوا رالک۔ لک مغسول قسط تلخ ققاح اذخر ترمس حب الغار حلبہ فلفل ہریک ۱۰ درم ریوند چینی ۱۵ درم ہمہ راکوفتہ دو وزن شہد آمیختہ معجون سازند خوراک ۵ ماشہ ہمراہ شربت افسنتین ۲ تولہ و عرق بادیان اور عرق نانخواہ و بادیان و مکو و گلاب دو دو تولہ سکنجبین بزوری ۲ تولہ ملاکر اول چہار ماشہ ایکماشہ خوردہ بالائیش بنوشند اور گولیاں نفخ الکبد کو بہت مفید ہیں نمک سانبھر نمک لاہوری نمک سنگ اجواین پیپی۔ تخم کرفس انیسون بادیان گل سرخ مصطگی۔ عود گل ایک ہموزن لیکر عرق لیمون میں کھرل کرکے گولیاں برابر نخود کے بنائیں۔ ایک گولی کھائیں بہت مفید ہے

فصل پانچوین وجع الکبد یعنے جگر کے بیان میں

علاج آب تربوز پاؤ بھر مغز کدو شیرین ۶ ماشہ شربت بزوری ۲ تولہ آمیختہ از برف سرد کردہ قدری قدری بنوشند۔ اول تنقیہ قے واسہال سے ہونا ضروری ہے اور ضماد سعد ۶ ماشہ سنبل الطیب ۶ ماشہ مغز خیارشنبر ۲ تولہ گل سرخ ۶ ماشہ بر جگر ضماد نمایند مفید است و عرق مکو و کاسنی ہمراہ سکنجبین بزوری بسیار مفید است اور یہ مرض اکثر مشارکت معدہ و گردہ سے بھی ہو جایا کرتا ہے اور اکثر اورام ہونے سے بھی ہوتا ہے اُسکا لحاظ ضروری ہے اور کھلانا معجون کمونی کا ساتھ عرق بادیان و مکو کے نہایت مفید ہے، اور یہ سفوف ہمراہ خیارشنبر کے دینا بہت نفع کرتا ہے۔ تربد سفید ایکتولہ سنبل الطیب ۶ ماشہ ہمراہ روغن بادام ایکتولہ کے چرب کرکے اوپر سے آلو بخارا ۱۰ دانہ تمرہندی ۳ تولہ عرق گلاب ایکپاؤ میں آب زلال نکالکر اور خیارشنبر ۵ تولہ عرق گلاب میں شب کو ترکرکے دونوں کو اوپر سے پلادیں بہت مفید ثابت ہوا ہے اور یہ گولیان وجع الکبد کے واسطے اکسیر ثابت ہوئی ہیں۔ برگ سنا مکی ۶ ماشہ تربد سفید ۶ ماشہ مغز بادام مقشر ایکتولہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۶ ماشہ سبکو کوٹ کر مویز منقی ۳ تولہ میں ملاکر گولیان برابر کو کنار دشتی کے بناکر شبکو ایک گولی ہمراہ عرق مکو ۵ تولہ و عرق کاسنی ۵ تولہ۔ اور شربت بزوری ۲ تولہ ڈالکر اور صبح کو ایک گولی ہمراہ عرق گلاب کے مفید ہے غذا آب گوشت مرغ تیتر و بٹیر دینی چاہیئے

فصل چھٹی ورم الکبد میں یعنے ورم ہونا جگر کے کسی حصہ میں

علاج۔ پہلے فصد باسلیق ہر ارد کا کریں۔ بعد اسکے عرق کاسنی اور عرق مکو ہمراہ سکنجبین بزوری کے فائدہ کرتا ہے اور ضماد کرنا کشنیز اور گلاب اور روغن گل و صندل۔ بابونہ۔ آرد جو اکلیل الملک اور ساتھ پانی مغز املتاس کے اور مسہل کرنا املتاس سے روغن بادام ڈالکر مفید ہے اور قرص افسنتین اور قرص غافث یا قرص راوند کے ساتھ جوشاندہ تخم کرفس انیسون اور نانخواہ بیخ کاسنی سکنجبین بزوری ملاکر اور بعد تنقیہ کے یہ قرص بہت مفید ہے گل سرخ۔ انیسون تخم کرفس قثاء اذخر مصطگی سنبل الطیب اسارون۔ راوند چینی لک فوہ زعفران ہر ایک برابر وزن لیکر قرص بنا دیں۔ ہمراہ سکنجبین بزوری اور عرق مکو و سونف کے پلانا بہت مفید ہے اور یہ ضماد بھی ہمراہ اسکے کرادیں۔ آرد میتھی۔ انجیر زرد۔ گوگل۔ اشق۔ اکلیل۔ سعد۔ صندل سفید سنبل الطیب ہر ایک تین تین ماشہ۔ موم سفید ایکتولہ روغن گل پانچتولہ ملاکر ضماد کریں۔

اور یہ جوشاندہ بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ افتیمون۔ سنا کی تخم بالنگو منتھی گاؤزبان۔ تخم کاسنی برابر وزن لیکر عرق مکو میں جوش کرکے قدرے شکر سفید ملا کر پلانا بہت مفید ہے۔ اور یہ سفوف بھی اکثر مفید ثابت ہوا ہے۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ سیاہ تخم کرفس۔ انیسون بادیان ہر ایک چھ چھ ماشے سفوف کرکے ہمراہ شیر شتر کے پلانا بہت مفید ہے۔ اور غذا گوشت مرغ تیتر بٹیر کھلانا بہت مفید ہی گرم مصالحہ ڈالکر ابتدا میں آب نخود پلائیں۔ قرص مقل بہت مفید ہی۔ طباشیر گل سرخ گلنار۔ زرشک یسماق گزمازج۔ تخم حماض تخم کاسنی۔ تخم خرفہ۔ انیسون سنبل الطیب ریوند چینی مقل ہموزن لیکر ہمراہ شیر گلقند کے قرص بنائیں اور ساتھ شربت بزوری کے نوش کریں ۞

فصل ساتوین ورم الفضلات مین یعنے پردون مین ۞

علاج۔ لسانی عضلات اور ورم جگر مین فرق یہ ہے کہ ورم جگر بشکل ہلال ہوتا ہے۔ اور بول براز بند ہو جاتا ہے اور عضلات مین بول و براز نہین ہوتا۔ اول مسہل دیوین اور فصد کرین۔ باسلیق کی بعد اسکے یہ شربت کشوث جو میری تجربہ میں آیا ہے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ نسخہ تخم کشوث۔ سعد کوفی نانخواہ افسنتین۔ گل سرخ۔ گاؤزبان۔ بادیان ہر ایک کو ایکا ایک تولہ لے کر تخم خیارین تولہ تخم خربوزہ ۲ تولہ بیخ کرفس ۲ تولہ۔ بیخ اذخر بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ ریوند خطائی ایکتولہ۔ مویز منقے ۵ تولہ۔ عناب ۲۰ عدد سپستان ۳۰ عدد۔ سنا کی ایک تولہ۔ مکو خشک ۲ تولہ اسکو عرق مکو میں تر کرکے صبح مصری تین پاؤ ڈالکر شربت تیار کرین۔ دو دو تولہ ہمراہ عرق کاسنی اور مکو کے پلانا بہت مفید ہی اور یہ جوارش بھی مفید ثابت ہوئی ہے نسخہ انار دانہ ترش ایکتولہ زنجبیل ایکتولہ۔ زیرہ سیاہ ایکتولہ۔ تربد سفید ایکتولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایکتولہ۔ نمک سیاہ ایکتولہ بلیلہ ایکتولہ مرچ سیاہ ایکتولہ فلفل دراز ایک تولہ اسکو باریک چھانکر شہد دوچند مین ملاکر جوارش طیار کرین ہمراہ عرق مکو اور بادیان کے بوقت صبح وزن چھ ماشہ کھلائین۔ اور ضماد کرنا۔ گل سرخ۔ سعد اور سنبل الطیب کا نہایت مفید ثابت ہوا ہے اور یہ سفوف نہایت مجرب ہے پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ بلیلہ۔ آملہ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ خبث الحدید ہر ایک تولہ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۱۲ تولہ ملاکر سفوف بنائیں۔ ہمراہ شربت کے پلائین جسکا ذکر آگے ہی نسخہ شربت برائے ورم جگر اور

عضلات بہت ہی سریع الاثر ثابت ہوا ہے۔ پوست بیخ کاسنی ۲ تولہ تخم کاسنی ۲ تولہ۔ پوست بیخ بادیان بادیان۔ بیخ کرفس ایکتولہ۔ تخم کرفس ایکتولہ۔ تخم خرفہ ایکتولہ۔ مغز کدو شیرین ۲ تولہ۔ حب قرطم ۲ تولہ گل غافث ایکتولہ۔ تخم خطمی ۲ تولہ ملیٹھی سنبل الطیب گل بنفشہ۔ گاؤزبان۔ مویز منقی۔ تخم کشوث سب ایک ایکتولہ عرق بادیان دو سیر میں تر کرکے مصری تین پاؤ ڈالکر شربت بنائیں اور صبح کیوقت ۲ تولہ ہمراہ عرق مکو نوش کریں

فصل آٹھویں دبیلۃ الکبد یعنی دنبل جگر میں ہو کر پھٹنا

علاج عرق گلاب ہمراہ سکنجبین کے پلانا مفید ہے اور شیرہ تخم خیارین و تخم خربوزہ و تخم خشخاش وغیرہ ساتھ شربت نیلوفر کے پلانا فائدہ کرتا ہے۔ اور یہ سفوف مفید ثابت ہوا ہے۔ مصطگی۔ تخم کاسنی گل ارمنی۔ کندر پرسیاوشان۔ گل سرخ طباشیر۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ بارتنگ ریوند ہر ایک تین تین ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں چھ ماشہ ہمراہ پانی شہد کے پلانا نہایت مفید ہی اور یہ ضماد کریں۔ عود خام۔ زعفران گل ارمنی گیرو۔ سبکو ہموزن لیکر سرکہ میں پیسکر نیمگرم کرکے ضماد کریں۔ اور غذا زردی بیضہ نیمبرشت اور گوشت تیتر و بٹیر لوے کا۔ اور دودھ تازہ گاؤ و شتر کا پلانا نہایت مفید ہی اور حریرہ آرد گندم۔ روغن بادام میں ڈالکر کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور ضماد ان ادویات کا بہت مفید ہی۔ برگ مکو برگ بنفشہ۔ برگ کاہو۔ برگ خرفہ۔ صندل سفید گل سرخ گل بابونہ افسنتین زعفران مصطگی سنبل الطیب کافور سبکو پیسکر نیمگرم کرکے ضماد کریں اور یہ قیروطی بہت مفید ہے گل بابونہ مصطگی۔ زعفران حب الغار مقل آرد جو اکلیل سب تین تین ماشہ لیکر موم ایکتولہ روغن گل ۵ تولہ میں ملاکر قیروطی بنایں۔ اور اسکا ضماد کریں بہت مفید ہے جو بعد از تجربات لکھی گئی ہے

فصل نویں قیام الکبدی میں یعنی اسہال جگر میں سے آنا خون کا بلغم یا درد کا

یہ کئی قسم سی ہے اور اطباء نے تحریر کیا ہے اسہال جگری اور اکثر خون کے ہوتے ہیں اور اکثر لوگ اسکو اسہال دموی شمار کرکے اسکے بند کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور بیمار ہلاک ہو جاتا ہے طبیب کو چاہیے کہ اس مرض میں غور سے علاج کریں۔ اول شناخت کرے اسہال جگری اور معوی

ہیں فرق بہت بڑا ہے اول جگر سے جو خون آتا ہے اسمین بو ہوتی ہی اور معوی مین بو نہین ہوتی اور جگر کا خون دورے سے آتا ہے اور معوی دورے سے نہیں آتا اور جگری ہیں درد نہین ہوتا اور معوی مین درد شدید ہوا کرتا ہے۔ اور جگری ہیں بدن روز بروز دبلا ہوتا جاتا ہے۔ اور معوی میں دُبلا نہیں ہوتا

غرض یہ ہے کہ خوب سمجھکر علاج کرین اور جگری خون پتلا ہوتا ہے مانند دہوون گوشت کے اور معوی گاڑھا ہوتا ہے یہی فرق ہے اور اطبا نے اسکو چند قسم بیان کیا ہی غور سے تشخیص کریں۔ پھر علاج کرین مویز منقے اس مرض مین مفید ثابت ہوا ہے مریض کو چند دانہ مویز منقی بھونکر ہمراہ ورق نقرہ کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور جب مرض ثابت ہوجاے اسوقت ہمراہ پانی بارتنگ کی کھلائیں بہت مفید ہی اور یہ سفوف بھی مفید ہی طباشیر نشاستہ۔ دم الاخوین گل ارمنی ریوند۔ گلنار۔ عصارہ۔ زرشک سبکو برابر وزن لیکر سفوف طیار کرین ۴ ماشہ صبح شام کھلائیں اور غذا مانند برنج ہمراہ شوربا دارچینی ملا کر کھلائیں اور یہ تبرید بہت مجرب ثابت ہوئی ہی اسہال الکبدی کیواسطے اکسیر ہے زرشک کشنیز۔ تخم خشخاش پوست سماق۔ بیخ انجبار۔ حب الآس سب چھ چھ ماشہ باریک پیسکر شیرہ نکالین۔ اور رب بھی ۲ تولہ ملا کر صبح وشام پلائیں۔ اور غذا آب عدس ہمراہ پوست سماق کے اور یہ میرے استاد کے مطب سے مجھ کو حاصل ہوا ہے۔ طباشیر گل سرخ۔ سنبل الطیب۔ بسلیخہ زرشک لک مغسول۔ تخم حماض بریان فوفہ صندل سفید۔ نشاستہ۔ صمغ عربی بریان سب کو برابر وزن لیکر سفوف بنائیں اور تین ماشہ صبح وشام ہمراہ دوغ آہن تاب کے۔ اور غذا آش جو مفید ہی۔ اور عود ایکماشہ مصطگی ۲ ماشہ۔ طباشیر ایکماشہ پیسکر گلقند میں ملاکر وقت سونے کے کھائیں مجرب ہے۔ انیسون ایک ماشہ مصطگی ایک ماشہ ہمراہ شربت انار کو کھلانا بہت مفید ہے۔ اور قرص کافور بھی بہت مفید ہی۔ گل سرخ تخم حماض تخم خرفہ۔ کتیرا صمغ عربی زعفران سعد سنبل الطیب مغز کدو شیرین سب برابر وزن لے کر کافور نصف وزن ملا کر لعاب بیدانہ میں قرص بنائین۔ اور ایک قرص ہمراہ شیرہ زرشک ۷ ماشہ شربت بزوری معتدل کے کھانا بہت مفید ہی اور یہ سفوف کہربا بہت مفید ہی۔ اکثر میرے تجربہ مین بھی بہت مرتبہ آیا ہے۔ گل ارمنی۔ گل مختوم کتیرا صمغ عربی تخم حماض بو داوہ تخم خطمی خبازی حب

الآس گل سرخ گلنار. کشنیز خشک سبکو وزن برابر کوٹکر سفوف بنائین اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت انار کے کھلانا بہت مفید ہے اور غذا لطیف آش جو شوربا تیتر یا بٹیر کھلانا مفید ہے۔ اور یہ نقوع بہت مجرب ہے کتیرا الکبولہ کیتھ ۲ ماشہ. بیل گری. در عرق بید مشک نیم آثار شب تر کردہ صبح آب لالال قدرے قدرے شربت بروزی ۲ تولہ ڈالکر پلانا ہر قسم کے اسہال کبدی کو مفید ہے اور فصد باسلیق داہنے ہاتھ کی اس مرض میں بہت مفید ہے۔ اور صندل گلاب مین گھسکر جگر پر طلا کرنا بہت نفع کرتا ہے اور معجون پودینہ کھلانا بہت مفید ہے

فصل دسوین سوء القنیہ مین یہ مقدمہ استسقا کا ہے یعنی تہیج ہونا چہرہ کا اور زرد ہونا بدن کا اور تمام بدن مانند خمیر کے ہو جاوے

علاج شربت دینار اور شربت افسنتین اور عرق کاسنی اور سونف اور غذا گوشت تیتر و بٹیر کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور کھلانا کشتہ فولاد کا اور معجون خبث الحدید کا بہت مفید ثابت ہوا ہے اور یہ شربت لک بہت مفید ہے۔ نسخہ لک مغسول رومی مصطگی خطیا یا سعد کوفی تخم کرفس. ہر ایک تولہ تولہ. کاسنی بیخ کاسنی. بادیان. بیخ بادیان دو دو تولہ. گل گاؤزبان اسپنبل الطیب. نانخواہ. فسنتین ایک ایک تولہ. مغز تخم خیارین. مغز تخم خربوزہ مغز بادرنگ. مغز کدو شیرین. مکوی خشک. تخم کشوث پوٹلی بستہ دو دو تولہ سبکو عرق مکو و عرق بادیان ایک ایک سیر میں شب کو تر کرکے صبح جوش دیکر عسل ایک حصہ نبات سفید دو حصہ ملاکر شربت تیار کرین اور ہمراہ عرق مکو کے پلاوین بہت مفید ہے۔ اور غسل کرانا پانی شور سے مفید ہے اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز کراوین۔ اور یہ سفوف بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے پوست ہلیلہ زرد. پوست ہلیلہ. آملہ فلفل گرد دار فلفل. فلفلموبہ خبث الحدید افسنتین سعد کوفی. سنبل الطیب مصطگی. تخم کرفس سب کو ہموزن لیکر قند سیاہ کہنہ برابر ملاکر سفوف بنائیں اور ۹ ماشہ ہمراہ شربت لک کے کھلاوین بہت نفع ہوتا ہے اور میرے تجربہ مین بھی آچکا ہے اور یہ ضماد سوء القنیہ کو بہت مفید ہے. زنجبیل. تخم کرفس. لک مغسول. ریوند چینی مصطگی چھ چھ ماشہ سرکہ میں نیم گرم کرکے ضماد کرین بہت مفید ہے اور ضماد کرنا دارچینی اور سلیخہ اور زراوند مدحرج

کا ساتھ گلاب کے بہت مفید ہے اور پلانا ماء الاصول کا ساتھ پانی دریاب کے بہت مفید ہے اور پلانا آب انار کا بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور بتدریج تنقیہ کرانا اور کھلانا مویز منقی ۵ دانہ اور گلقند ایک تولہ اور سرکہ ایکتولہ کا ساتھ عرق کاسنی اور مکو کے بہت نفع کرتا ہے اور پلانا پانی بھٹی لوہار کا یا دو کان قلعی گر کا ازحد فائدہ کرتا ہے اور یہ ترکیب فولاد کی مفید ثابت ہوئی ہے ۲ تولہ فولاد کا برادہ کر کے اسکو شیر کھٹائی خوردہ میں خوب کھرل کریں بعدہ ۲ سیر اوپلہ کی آگ دیویں نہایت مفید ہے۔ کشتہ ہوجاویگا۔ برنج گلابی ایک رتی ہمراہ شہد ایکتولہ کے ملا کر ہمراہ عرق سونف کے کھلایا کریں

فصل گیارہویں استسقا کے بیان میں

یہ مرض تین قسم کا ہوتا ہے۔ ایک کو لحمی کہتے ہیں۔ دوسرے کو زقی۔ تیسرے کو طبلی علاج سب کا قریب قریب ہے

علاج پہلے یہ حب شروع کریں بہت فائدہ ہوگا:۔ ریوند چینی۔ غاریقون تربد سفید۔ زراوند دحرج مقل انیسون سب کو وزن برابر لیکر کوٹ چھانکر عرق میں گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا شیر شتر کے کھلانا بہت مفید ہے اور پلانا شیر شتر کا ساتھ ریوند چینی کے بہت مفید ہے اور بول شتر زیادہ فائدہ کرتا ہے اور حمام میں مریض کو بٹھا کر پسینہ لینا بہت مفید ہے اور گرم گرم ریت میں بیمار کو دبا دیں نفع کرتا ہے اور پلانا شربت بزوری حار کا ساتھ پانی انار کے مفید ہے۔ اور قرص اذریوں سب قسموں کو فائدہ کرتا ہے۔ ماذریون مدبر سرکہ میں کر کے پوست ہلیلہ زرد۔ آرد جو برابروں لیکر ساتھ گلاب کے قرص بناویں ہمراہ عرق مکو کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اعد و وار الکرکم اور دوار اللک بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ تریاق فاروق۔ اور تریاق اربعہ بہت مفید ہے۔ اور یہ ضماد بہت نفع کرتا ہے۔ آرد حلبہ۔ پیخال کبوتر۔ علک البطم تین تین تولہ جزلی بکری میں ملا کر تمام بدن پر ضماد کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور گوبر بیل کا تمام بدن پر لگا کر دھوپ میں بیٹھنا بہت مفید ہے اور یہ تریاق استسقا طبلی کو مینے مفید پایا ہے اور میرے استاد کے تجربہ میں بھی تھا مجرب نسخہ یہ ہے۔ راسن خسک فلفلگرد زیرہ سیاہ سنبل الطیب

.... بخسوس شحم حنظل۔ تخم فنجنگشت۔ بیخ ایبون۔ تخم ایبون پوست بیخ غاریقون۔ پوست بیخ غافث۔ مغز بادام شیرین و تلخ جعدہ غاریقون۔ بابونہ۔ سنبل ان زعفران۔ بورہ ارمنی پوست ہیل۔ شیرین ملح اندرانی۔ زوفا خشک فو بیخ ساذج ہندی مصطگی تخم حلبہ مرو رب السوس ورق شبت۔ تخم کرفس انیسون افسنتین۔ قنطریون کہربا میعہ یابسہ میعہ سائلہ اسارون فطراسالیون قفاح اذخر تخم انجرہ۔ افتیمون حب الآس حب کاکنج ریوند چینی تخم حماض بادرنگ تخم جرجیرہ۔ عصارہ زرشک پوست ہلیلہ زرد حب الغار خبطبا بامرضاف زراوند سب کو ہموزن لیکر خوب باریک پیسکر ہمراہ شہد ہموزن کے ملاکر قرص تیار کریں یہ نسخہ حکم اکسیر کا رکھتا ہے اور ہر قسم استسقار کو بہت مفید ثابت ہوا ہے ایک قرص بوزن ایک مثقال کے ہو اور ساتھ عرق بادیان کے بہت مفید ہے اور یہ تریاق ہر قسم کی زہر کو بھی نفعد یتا ہے یہ نسخہ مطب استاد سے حاصل ہوا ہے انکے تجربہ میں بھی آیا ہے۔ اور مجرب ثابت ہوا ہے اور استسقا میں شربت کشوث بہت مفید ثابت ہوا ہے نسخہ یہ ہے تخم کشوث تخم بادیان۔ تخم کرفس نانخواہ سعد کوفی سنبل الطیب بیخ کاسنی بیخ بادیان افسنتین افتیمون قطب الزریرہ سبکو ہموزن لیکر عرق مکو میں جوشدیکر عسل مصفی ملاکر شربت بنائیں اور تین تولہ صبح کو ہمراہ عرق بادیان و عرق مکو کے کھلادیں مجرب ہے۔ زیادہ طول نہیں کیا گیا :

فصل بارہویں حصاۃ الکبد یعنی پیدا ہونا سنگریزہ کا جگر میں

علاج فصد باسلیق کا لازم ہی او خون کو کسی طشت میں رکھیں اسمیں ریگ پائی جائیگی۔ پلانا شربت بزوری کا ہمراہ شیرہ تخم خربزہ کے بہت مفید ہے اور یہ سفوف بھی بہت مفید ہی۔ حب بادنجان کاکنج۔ تخم کرفس مغز خربزہ مغز خیارین مغز کدو شیرین حجر الیہود کثیرا تخم خرفہ صمغ عربی رب السوس ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور بہ ناشتہ ہمراہ اس شربت کے پلائیں انشاء اللہ بہت نفع دیگا۔ شربت تخم خربوزہ ایک پاؤ۔ عرق بادیان ایک سیر میں جوشدیکر شکر سرخ تین پاؤ ملاکر شربت تیار کریں ۲ تولہ صبح ہمراہ سفوف کے اور ۲ تولہ شام ہمراہ سفوف کے کھلائیں بہت نفع ہوگا۔ اور اول تنقیہ کرنا ساتھ آلوبخارا اور

تربندی مغز فلوس و ترنجبین کے مفید - شربت جہت غصات الکبد مجرب - پوست ترب پوست بیخ کبر بادآورد - پوست رازیانہ تخم کرفس سیاوشان گل بنفشہ گل گاؤزبان خار خسک کا کنج تخم خبازی ہموزن یعنی ایک ایک تولہ لیکر سفید تین پاؤ ملا کر قوام کریں اور ۲ تولہ صبح اور ۳ تولہ شام ہمراہ عرق بادیان کے پلانا بہت مفید ہے - باقی علاج جو صلابۃ الکبد میں مذکور ہوا ہے یہاں بھی مفید ہے

فصل تیرہویں خفقۃ الکبد یعنی حرکت اختلاجی جگر میں پیدا ہو

علاج - اول تنقیہ ساتھ اذخر دکشوث - شاہترہ افسنتین و غافث کے کرنا بہت مفید ہے اور سکنجبین بزوری ۲ تولہ - مامیران چینی ایکماشہ زعفران ۳ ماشہ ملا کر صبح شام پلانا نفع کرتا ہے - اور یہ شربت میری تجربہ میں آچکا ہے - بہت مفید پایا ہے - تخم کرفس - تخم کشوث چھ چھ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ایکتولہ - عدکوفی سنبل الطیب چھ چھ ماشہ زعفران ۱ ماشہ بیخ بادیان ۲ تولہ بادیان ۲ تولہ تخم خیارین - تخم خربوزہ ۲ تولہ - گل سرخ ۵ تولہ سبکو عرق شاہترہ ایک سیر میں تر کرکے جوشدیکر نبات سفید تین پاؤ ملا کر شربت بنائیں اور اوپر سے سرکہ ۵ تولہ ملا کر شربت تیار کریں ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام کو ہمراہ عرق چرایتہ کی یا شاہترہ کے پلائیں بہت مفید ہے اور گلقند ایکتولہ مصطگی و عود ایک ایک ماشہ ملا کر کھلانا بہت مفید ہے اور غذا گوشت مرغ تیتر یا بٹیر کا ساتھ مصالح گرم الائچی دارچینی و زیرہ سیاہ کے پلائیں بہت مفید ہے اور کشنیز و بادیان ہموزن لیکر شکر ہموزن ملا کر سبکو چھ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ایکپاؤ کے کھلانا نفع کرتا ہے

فصل چودہویں تشتج الکبد یعنے چھالے پڑنے سطح جگر میں

علاج - اول فصد باسلیق اور بعد میں تنقیہ کرنا اور مدرات پلانا بہت مفید ہے اور یہ ضماد بہت مفید ثابت ہوا ہے - زہر مہرہ خطائی ایکماشہ - گل ارمنی - جدوار خطائی - کافور ایکماشہ عرق گلاب میں حل کرکے اوپر جگر کے ضماد کریں بہت مفید ہے اور یہ سفوف دینا بہت نفع کرتا ہے - طباشیر - دانہ الائچی سفید - ست گلو - تخم خرفہ چھ چھ ماشہ تخم خیارین مغز کدو شیریں دو دو تولہ کافور ۲ ماشہ - کتیرا و صمغ عربی تین تین ماشہ سبوس اسپغول ایکتولہ سفوف بنا کر ۵ ماشہ صبح ہمراہ سکنجبین بزوری کے - اور بوقت شام ہمراہ لعاب بیدانہ ۳ ماشہ و شربت نیلوفر کے

دینا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ تبرید بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ خار خسک تخم کاسنی تین تین ماشہ بادیان و تخم خیارین چھ چھ ماشہ۔ کاکنج ۳ ماشہ۔ تخم خربوزہ ۶ ماشہ۔ مغز کدو شیرین ایکتولہ عرق مکو میں شیرہ نکالکر شربت بزوری بارد ۲ تولہ ملا کر پلانا بہت مفید ہی اور غذا بالک اور کدو اور جو موسم میں جاکر ہون دینا مفید ہے

فصل پندرہوین تصغر الکبد یعنے چھوٹا ہونا جگر کا مقدار طبعی سے

علاج پہلے تنقیہ اسہال سی اور بعد ازان تقویت دینا جگر کو غذائی لطیف تیتر و بٹیر اور گوشت مرغ سے اور یہ حریرہ بہت مفید ہے مرغ چوزا ایکعدد و عرق گلاب نیم سیر میں جوش دیکر صاف کرکے اسمین مغز بادام شیرین ۲ تولہ اور مغز کدو ایکتولہ کا شیرہ نکالکر ملائیں۔ اور نشاستہ گندم ۱ تولہ روغن تازہ ایکتولہ مین چرب کرکے اسمین ملا کر حریرہ بنائیں چند روز کے کھلانے سی نفع عظیم ہوتا ہے۔ اور یہ جوارش بھی بہت مفید ہے مصطگی و سعد ایکا ایکتولہ۔ دارچینی و عود چھ چھ ماشہ دانہ الائچی کلان ایک تولہ سنبل الطیب و سعد کوفی چھ چھ ماشہ زرنباد ۳ ماشہ۔ زیرہ سیاہ چھ ماشہ سبکو کوٹ چھانکر شہد خالص دو وزن میں ملا کر جوارش بنائیں اور چھ ماشہ صبح ہمراہ شیرہ گلقند ۲ تولہ و شیرہ مویز منقے ۹ ماشہ اور عرق بادیان ایکبار کے کھلانا بہت ہی۔ اور ضماد کرنا سعد کا سرکہ میں جگر پر بہت نفع کرتا ہے۔ غذا شیر بز بہت مفید ہے

باب سیزدہم

در امراض الطحال شامل اوپر چھ فصلوں کے

فصل پہلی سوء مزاج طحال مین۔ فصل دوسری یرقان میں۔ فصل تیسری ورم الطحال میں فصل چوتھی ضعف طحال میں فصل پانچوین نفخۃ الطحال میں۔ فصل چھٹی نفخۃ الطحال میں

فصل پہلی مزاج الطحال و امراض نقرالطحال کے ہونے اور بگرنا طحال کا کسی وجہ سے سوء مزاج

علاج ضماد کرنا اوپر طحال کے بہت مفید ہے یہ ضماد بہت فائدہ کرتا ہے۔ زراوند مدحرج ایکتولہ زراوند

طویل ۶ ماشہ سرکہ ۳ ماشہ مین گھسکر لگانا بہت نفع دیتا ہے اور کھلانا اس سفوف کا بہت مفید ہے صبر سقوطری تخم کرفس۔ نمک سیاہ۔ نوشادر۔ سوہاگہ۔ فلفل سیاہ۔ دارفلفل اجوائن دیسی سبکو ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور ۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیان کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور حلوائے گھیکنوار کا کھلانا اس مرض میں بہت مفید ہے۔ گھیکنوار نیم سیر اول آگ میں بریان کرین اور گودہ نکالکر گھی مین بھونین۔ اور ہموزن عسل ملاکر تیار کریں۔ اور ایکتولہ ہمراہ عرق مکو کے کھلادین ۲ تولہ

فصل دوسری یرقان کے بیان میں

علامت۔ سبب اسکا زردی آنکھونکی یا سیاہی آنکھونکی اگر مادہ جگر مین زیادہ ہووے تو زردی آنکھونکی اور بدن کی اور اگر مادہ طحال میں ہو تو سیاہی آنکھونکی اور بدن کی علاج سکنجبین بزوری ساتھ عرق مکو کے اور تنقیہ کرنا ساتھ اسہال کے مجرب ہے اور کھلانا گلقند ایکتولہ اور سرکہ ۲ تولہ کا ملاکر ساتھ عرق بادیان کے بہت مفید ہے اور یہ نسخہ اس مرض میں بہت مفید ہے گل سرخ ۶ ماشہ۔ پھٹکری ایک ماشہ جغرات ایکپاؤ مین ملاکر ہفت روز پلائین بہت نفع کرتا ہے اور جوشاندہ افتیمون ۶ ماشہ۔ افسنتین چھ ماشہ۔ ہلیلہ زرد چھ ۶ ماشہ کا ساتھ سکنجبین بزوری ۲ تولہ کے ملاکر پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور تنقیہ کرنا ساتھ اسہال کے ضروری ہے اور پلانا اس شربت کا بہت مفید ہے نمک منسول چھ ماشہ۔ سعد ایکتولہ۔ افسنتین ایک تولہ مصطگی ۶ ماشہ بادیان۔ بیخ بادیان تخم کرفس ایک ایک گل سرخ ۲ تولہ تخم خیارین۔ تخم خربزہ مکو خشک کاسنی بیخ کاسنی ایک ایکتولہ۔ عرق بادیان ایک سیر میں جوشدیکر نبات سفید تین پاؤ آمیختہ کرکے شربت بنالین۔ اور ۳ تولہ صبح ہمراہ عرق شاہترہ ایک پاؤ کے پلانا بہت مفید ہے۔ سفوف پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی برگ بنفشہ تخم کاسنی شاہترہ تخم کشوث۔ افسنتین زرشک سقمونیا نمک لاہوری ہموزن لیکر سفوف بنائین اور ہمراہ شربت بزوری کے ۳ ماشہ کھلائین۔ بہت مفید ہے۔ یہ عرق یرقان کے واسطے بہت مفید ہے۔ گل نیلوفر کنول گٹھ۔ گل گاوزبان گل کیوڑہ شاہترہ افسنتین کاسنی بیخ کاسنی۔ برگ مکو۔ برگ خرفہ۔ برگ بید۔ تخم کشوث۔ تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ گل عافث کا فور تمر ہندی آلو بخارا کو ہموزن ایک ایکتولہ لیکر تیرہ کلو دس سیر میں ترکرکے عرق کھینچیں ۵ تولہ صبح کو ہمراہ

شربت بزوری کے سات روز پینے سے ہر قسم کا یرقان دور ہو جاتا ہے۔ آب انار ترش و شیرین کا
پلانا بہت مفید ہے برگ بھسکٹیرہ ہمراہ مغز کدو تلخ پیسکر ناک میں ڈالیں۔ فوراً زردی یرقان
کی دور ہو جاتی ہے۔ مغز توری تلخ در عرق گلاب سائیدہ در اندازند۔ یرقان ہر قسم دور شود
تمر ہندی ۳ تولہ۔ آلو بخارا ۷ دانہ عرق بید مشک ایکپاؤ میں تر کرکے آب لال لیکر شیر گلقند کا تولہ
ملا کر سات روز تک پلانا بہت مفید ہے۔ اور یہ سفوف بارہا میری تجربہ میں آچکا ہے ہر قسم کے یرقان
کو مفید ہے۔ طباشیر ایکتولہ۔ دانہ الائچی سفید ۲ تولہ۔ ست گلو زر شک۔ پوست سماق ایک ایکتولہ
کافور ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ سفوف بناکر ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین بزوری کے کھلائیں۔ بہت
نفع کرتا ہے۔ غذا پالک خرفہ کدو توری شلجم اور گوشت اگر دیا جائے تو ساتھ ترشی لیموں
کے دیویں۔ اور آب لیموں کو ساتھ عرق بید مشک کے پلانا بھی نافع ہے کاسنی سبز لیکر
اسکو پھاڑ کر ہمراہ سکنجبین بزوری کے سات روز استعمال کریں۔ مفید ہے۔ اور ضماد کرنا صندل
کا جگر پر مفید ہے

فصل تیسری ورم الطحال میں

علاج تنقیہ کرنا ساتھ جوشاندہ ہلیلہ زرد افسنتین و گل سرخ کے بہت مفید ہے اور نسخہ
مجرب ہے۔ برگ کیلہ ایک سیر خشک کرکے ۳ سیر پانی میں ڈالکر جوشدیویں اور مقطر کرکے شیشہ
میں ڈالیں اور پانی اسکا ۵ تولہ ہر روز صبحکو پلائیں۔ ایک ہفتہ تک بہت فائدہ ہوتا ہے
واسطے صلابت طحال کے بہت مجرب ہے۔ نوشادر ۲ سرخ۔ خردل ایک ماشہ۔ پیسکر شہد ایکتولہ میں
ملا کر سات روز کھلائیں بہت مفید ہے۔ از مجربات استاد مرحوم برائے صلابت طحال اچار
آم کہ در سرکہ انداختہ باشد چھ ماشہ در یک تولہ شہد آمیختہ خورانند بسیار نافع ست دیگر
از مجربات استاد مرحوم برائی صلابت طحال پھٹکری ۲ سرخ اور قند سیاہ ۲ ماشہ آمیختہ
بخورند اگر گرمی محسوس تکو دو شیر خرفہ بدہند مجرب ست دیگر برائی صلابت طحال و ورام
الطحال سوہاگہ ایک ماشہ۔ خردل ۲ ماشہ بقدر ایک ماشہ ہمراہ شربت افسنتین بخورند مجرب ست
برائی ورم الطحال۔ آب لہسن یکتولہ نہار بخورند و بالا کش حلوائے مرغن ۵ تولہ بدہند مجرب ست
سفوف برائی ورم الطحال بسیار مجرب ست۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ

نمک سنگ جوکھار زیرہ سیاہ انگوزہ ۔ انار دانہ سماق زنجبیل مرچ سیاہ پیپل کل ہموزن برابر کرکے سفوف بناویں اور ۳ ماشہ بعد طعام کے کھانا بہت مفید ہے مجرب ہے

فصل چوتھی ضعف الطحال یعنی تھوڑا بھوک کا اور سیاہ ہونا بدنکا بسبب طحال کے

علاج یہ جوارش بہت مفید ہے ۔ انار دانہ زنجبیل ۔ زیرہ سیاہ ۔ تربد سفید ۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ ۔ نمک سنگ ۔ مرچ سیاہ ۔ دار فلفل ۔ جوکھار چھ چھ ماشہ سبکو کوٹ دو چند شہد ملاویں اور چھ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ایک چھٹانک کے کھلانا بہت مفید ہے اور ضماد کرنا موم روغن گل کا سرکہ ملاکر اوپر طحال کے بہت نفع کرتا ہے ۔ اور واسطے ضعف طحال کے یہ گولیان بہت مفید ثابت ہوئی ہیں ۔ صبر ۔ سہاگہ بریان ۔ فلفل سیاہ ۔ انگوزہ ۔ پوست بیخ اک سبکو ہموزن لیکر شیرہ گھیکنوار مین حلکرکے گولیان برابر نخود کے بنائین اور ہمراہ عرق بادیان کے کھانا بہت نفع ہوتا ہے ۔ اور یہ گولیان از مطب استاد مرحوم واسطے مرض طحال کے بہت مفید ہیں بلکہ وجع مفاصل کو بھی مفید ثابت ہوئی ہیں ۔ سورنجان تلخ صبر تربد سنا کی افسنتین شحم حنظل پوست ہلیلہ زرد ۔ ہلیلہ سیاہ بادیان فلفل سیاہ کالی زیری مغز کرنجوا سب کو چھ چھ ماشہ لیکر کوٹ چھان کر شیرہ مویز منقے میں حلکرکے گولیان بنائین ایک صبح ایک شام ہمراہ عرق سونف کے بہت مفید ہے اور یہ سفوف بھی مجربات مین سے ہے پوست ہلیلہ زرد ۔ آملہ زنجبیل فلفل سیاہ ۔ دار فلفل خبث الحدید ایک ایک تولہ ۔ قند سیاہ کہنہ ملاکر سفوف بنائین ۳ ماشہ ہمراہ شربت افسنتین ۲ تولہ کے نہایت مفید ہے

فصل پانچوین سدۃ الطحال یعنی سدہ پڑنا تلی مین اور معلوم ہونا گرانی کا طحال مین بدون علامت ورم کے

علاج پلانا عرق تانخواہ اور عرق مکو وانیسون کا ساتھ شربت افسنتین کے بہت مفید ہے اور اول تنقیہ کرنا بہت نفع دیتا ہے اور قرص گند یک بہت مفید ہیں خردل ۱۲ ماشہ حب الرشاد ۵ تولہ سرکہ ۲۰ تولہ میں تر کرکے برگ سداب ایکتولہ ۔ گل سرخ ۳ تولہ رب السوس سنبل الطیب تین تین ماشہ عصارہ افسنتین ۶ ماشہ مصطگی نو ماشہ سلیخہ ۳ ماشہ مرکی ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ

مصطگی ۹ ماشہ عود ہندی ۹ ماشہ کبریت صفی ایکتولہ سبکو کوٹ چھانکر سرکہ میں قرص بنا ئیں. ایک قرص بوزن ۱ ماشہ ہفت روز تک ہمراہ اس شربت کے کھلانا بہت مفید ہے ٭

شربت برائے سدۃ الطحال گلسرخ ۵ تولہ - زرہ سفید ایکتولہ - برگ سنا مکی ایکتولہ تخم خیارین ۲ تولہ مغز کدو تخم خربزہ ۲ تولہ خردل ۳ ماشہ - ہلیون ۹ ماشہ فستنتین ۲ تولہ تخم کشوث ایکتولہ سبکو عرق مکو میں تر کرکے صبح جوشدیکر نبات سفید تین پاؤ ڈالکر شربت بناویں اور ۲ تولہ صبح ہمراہ عرق بادیان کی نہایت نفع کرتا ہی مجرب ہے ٭ اور برائے سدہ طحال سکنجبین بزوری ۳ تولہ ہمراہ خبث الحدید مدبر ایکماشہ و عرق سونف ۵ تولہ کے ایک ہفتہ تک بہت مفید ہے اور ملینات یعنے ضماد کرنا زراوند مدحرج اور کیتر اور صبر کا اوپر طحال کے سدہ کو بہت نفع کرتا ہے اور غذا گوشت و زیرہ مسالحہ دارچینی و قرنفل کے طحال کو مفید ہے اور باقی علاج ث الکبد میں جو آیا ہے وہ اجگہ بھی مفید ثابت ہوتا ہے. طحال کی مشارکت کبد کی ہے

فصل چھٹی نفخۃ الکبد یعنی پھول جانا تلی کا علاج

علاج - خردل ایکتولہ - آرد جو ۵ تولہ - دونوکو عرق سونف مین گوندہکر تنور میں ٹکیا پکاوین بقدر یکماشہ ہمراہ ۵ تولہ عرق مکو کے کھلانا بہت مفید ثابت ہوا ہے. اور ضماد کرنا کندر انزروت زراوند ساتھ سرکہ کے بہت مفید ہے اور پلانا اس شربت کا بہت ہی نفع کرتا ہے صل السوس بادرنجبویہ برگ گاؤزبان ایک ایکتولہ - شاہترہ ۲ تولہ کے. تخم کرفس ایکتولہ بیخ کاسنی ۲ تولہ تخم کشوث ایکتولہ تخم خیارین ۲ تولہ سلیخہ ایکتولہ فستنتین ۲ تولہ - تمر ہندی ۵ تولہ گلسرخ ۵ تولہ سبکو ۲ دو سیر پانی میں جوش کرکے تین پاؤ مصری ڈالکر قوام کریں اور ۲ تولہ ہمراہ عرق مکو ۵ تولہ کے ایک ہفتہ استعمال کریں. اور شربت صالحین اس مرض میں حکم اکسیر کا رکھتا ہی - ترکیب اسکی یہ ہی. کاگزی نیمبو ۱۰۰ عدد عرق لیموں کاغذی آدھ سیر - آب دریا یعنے بارانی آدھ سیر شکر سفید آدھ سیر سب کو ملا کر دو بوتلوں میں نصف نصف ڈالکر نصف نصف بوتل خالی رکھیں اور ایک ناند پانی کا بھر کر اسمیں ڈالدیں اور ڈاٹ بوتلوں کے مضبوط باندھ کر منہ پر تار لگاویں اور سات روز کے بعد جب جوش آجائیں نکالکر صاف کرکے ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام کو پلاویں نہایت مفید ہی - اور یہ گولیاں بھی امراض طحال کو بہت مفید ہیں شحم حنظل صبر تربد سفید

غاریقون گل غافث افسنتین نکچھکنی فلفل سیاہ سہاگہ نوشادر سب کو ہموزن لیکر شیر گھیکنوار میں حلکر کے گولیان بمقدار نخود بنا کر ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ سکنجبین بزوری کھلاویں سایۂ دل میں نفخ تلی دو ہوجائیگا

باب چہاردہم

در امراض امعا شامل اوپر نو فصلوں کے

فصل پہلی قراقر میں۔ فصل دوسری خروج الریح بغیر ارادہ فصل تیسری زلق الامعا۔ فصل چوتھی اسہال معوی۔ فصل پانچوین زحیر میں فصل چھٹی مغص مین۔ فصل ساتوین ایلاوس میں۔ فصل آٹھوین قولنج میں۔ فصل نوین دیدان میں

فصل پہلی قراقر کے بیان میں

یعنے خفیف درد کا ہوتا امعاء مین۔ علاج پہلے اس سفوف کو کھلائین:۔ اسپغول تخم کنوچہ۔ تخم ریحان۔ تخم بالنگو ایک ایک تولہ سب کو روغن بادام مین چرب کر کے ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۳ ماشہ و بہیدانہ ۳ ماشہ و شربت بنفشہ ۳ تولہ پلانے سے قراقر دور ہوجاتا ہے اور کھلانا اس جوارش کا بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ جوارش مصطگی عود۔ زیرہ سیاہ دارچینی قلمی تج سنبل الطیب۔ سعد۔ بہمن سرخ و سفید مغز تمر ہندی سب کو ہموزن لیکر شیر منقے دو درن ڈالکر شیر گلقند برابر ملا کر جوارش بنائین خوراک ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کے بہت مفید ہے اور کھلانا معجون برشعثا ایک ہی کا فائدہ مند ہے اور گولیان بھی اکسیر کا حکم رکھتی ہیں مصطگی ایک تولہ افیون ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ ہر سہ کو پیسکر شہد بقدر ضرورت ملا کر گولیان بقدر ماش کے بناوین اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی کے دیوین

فصل دوسری خروج ریح بغیر ارادہ یہ مرض سوء ہضمی سے پیدا ہوتا ہے

علاج یہ سفوف بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پودینہ خشک۔ دانہ الائچی کلان۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی قلمی۔ زیرہ سیاہ تیجپات ایک ایک تولہ

ایک ایک تولہ عود ہندی چھ ماشہ۔ رومی مصطگی ایکتولہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری نمک سنگ۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ پیپلامول سب دو دو تولہ۔ گل سرخ ۵ تولہ سبکو کوٹ کر سفوف بنائیں۔ خوراک بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کھلایا کریں اور یہ گولیان بھی مفید ہیں۔ گندھک مصفی۔ بادیان۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ انیسون زیرہ سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ ایک ایکتولہ۔ زرنباد ۶ ماشہ۔ عرق لیموں ۲ تولہ میں حلکر کے گولیان برابر نخود کے بنائیں ایک صبح اور ایک شام ہمراہ شربت سکنجبین بزوری کے کھلانا مفید ہی اور یہ عرق اس مرض میں حکم اکسیر کا رکھتا ہی۔ بادیان۔ گل سرخ۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ دارچینی شیطرج ہندی۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید عنب الثعلب گل گاوزبان۔ بادرنجبویہ۔ قند سیاہ کہنہ سب دوائیں ہموزن قند دو وزن ملاکر عرق کھینچیں ۵ تولہ صبح اور ۵ تولہ شام قبل از طعام کے پلادیں اور غذا گوشت تیتر و بٹیر وغیرہ کی کھلائیں

فصل تیسری زلق الامعاء کے بیان میں

علاج یہ زلق کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے خس سعد پیپل گری۔ کشنیز۔ زنجبیل صندل سفید گٹھ و موتھ ہموزن لے کر سفوف کر کے ۳ ماشہ دینا ہمراہ شیرہ کشنیز اور خرفہ کے بہت مفید ہے اور یہ دوا بھی بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نانخواہ۔ زیرہ سفید ہموزن لیکر ۳ ماشہ ہمراہ دوغ ترش کے دینا بہت نفعکرتا ہے

دوا برائے زلق و زحیر مجربست زنجبیل بادیان۔ مغز بیل سنگ بصری برابر ہموزن گرفتہ سفوف سازند و یک ماشہ ہمراہ عرق گلاب بدہند مجربست ما اور یہ دوا بارہا میرے تجربہ میں آچکی ہے۔ مغز بیل۔ موچرس۔ خستہ انبہ کہنہ ہر ایک تولہ۔ جوز بوا ۳ ماشہ افیون ایک ایکماشہ سفوف بناکر ایک ماشہ ہمراہ آب کھائیں۔ اور یہ بھی مجرب ہے۔ ہینگ مدبر۔ مصطگی اناردانہ کوکنار۔ دار فلفل کشنیز بریان صمغ عربی ہموزن لے کر اور روغن گاؤ میں چرب کر کے بقدر ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے دین مجرب ہے

برای اسہال۔ خون مغز خستہ انبہ مغز جامن مغز کونج برابر لیکر کوٹیں اور سفوف کر کے ۳ ماشہ ہمراہ دھوون برنج ساٹھی کے دین مجرب ہے اور یہ سفوف اکثر میرے تجربہ میں

آبا ہے تخم حماض بریان۔ بہیدانہ مویز۔ کشنیز بریان۔ گل سرخ خرنوب۔ شاہ بلوط۔ طباشیر
پوست سماق حب الآس۔ انار دانہ ہموزن لیکر سفوف بناکر ۳ ماشہ صبحکو ہمراہ رب بہی ۲ تولہ
وعرق بید مشک دیوین مجرب ہے۔ **برائے سنگرہنی** :۔ ہلیلہ زنگی۔ بیلگری۔ بادیان
کوکنار۔ رال۔ موٗرپھلی۔ اسبغول۔ کشنیز۔ جوزبوا۔ سعد خستہ اب ہمہ انیم کوب کنند و
بادیان نیم خام کردہ ہموزن شکر آمیختہ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شیرہ حب الآس بنوشند مجرب ست
دیگر برائے ہمیں مرض از مجربات استادم حوم موچرس۔ گزمازج۔ گل دھاوا۔ مصطگی
بیلگری۔ کوکنار۔ رال۔ ہمہ برابر کوفتہ سفوف سازند خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بدہند غذا
چاول ساٹھی و دال مونگ :۔ بسیار مجرب است

فصل چوتھی اسہال معوی کے بیان میں

یہ کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ خونی اور پیپ یا سحج سے کہ خراش ہو کر جو ہوی کہلاتے ہیں
طبیب کو لازم ہے کہ خیال سے علاج کرے یہاں علاج سب کا ایک بیان ہوتا ہے
علاج۔ فصد باسلیق کا بھی لازم ہے کہ اول فصلقات کا استعمال کرادین یعنی لعاب بہیدانہ
ولعاب ریشہ خطمی لعاب گاوزبان کا نکالکر ہمراہ شربت بنفشہ کے دینا بہت مفید ہے اور یہ
سفوف اول دینا ضروری ہے اسپغول۔ تخم مرو۔ تخم کنوچہ۔ تخم بالنگو روغن بادام سے چرب
کرکے ہمراہ شربت بنفشہ کے دینا مفید ہے بعد اسکے شیرہ حب الآس و شیرہ کشنیز خشک و
تخم خشخاش اور رب بہی کیساتھ ملاکر پلانا بہت نفع کرتا ہے یہ سفوف عجیب خاصیت رکھتا ہے
کہربا شمعی۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ گیرو۔ گلنار۔ کاغذ سوختہ۔ حب الآس چھ چھ ماشہ
مصطگی ۲ ماشہ سبکا سفوف بناکر ۳ ماشہ ہمراہ شربت حب الآس کے بہت مفید ہے یہ سفوف
اسہال معوی کیواسطے اکسیر ہے مصطگی دانہ الایچی سفید۔ طباشیر گلنار سنبل الطیب۔ لسبد
سوختہ مغز بیل۔ مغز تمرہندی سبکو ہموزن لیکر ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ رب بہی ۲ تولہ کے دینا مفید
ہے یہ بھی از مجربات استادم حوم ہے۔ مروارید۔ لسبد سوختہ گلنار۔ طباشیر خرنوب گل قبرسی
گل ارمنی۔ ہرادہ صندل سفید نارہنگ بریان تخم حماض شاہ بلوط بریان حب الآس پوست
کوکنار کشنیز خشک بریان۔ صمغ عربی بریان۔ گل مختوم مصطگی انار دانہ اقاقیا۔ کاغذ سوختہ

بیلگری کتیرا گتھ سفید ہموزن سبکو لیکر برابر کا اسپغول ملاوین اور سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح ہمراہ شیر خرفہ ۳ ماشہ و مغز کدو شیرین ۶ ماشہ و عرق بید مشک ۵ تولہ کے ملا کر بہت نفع کرتا ہے غذا چاول مناسب حال

فصل پانچوین زحیر مین یعنی پیچش کے بیان مین دیوین مجرب ہے

یہ بھی کئی قسم سے ہوتی ہے۔ علاج پہلے مغلقات کا استعمال کرانا ضروری ہے تاکہ یہ معلوم ہو جاوے کہ زحیر صادق ہے یا کاذب اول اسپغول تخم کنوچہ و تخم بالنگو و تخم ریحان ہموزن لے کر روغن بادام میں چرب کر کے کھلانا اگر پاخانہ مین نکل آوے تو زحیر صادق ہے اگر نہ نکلے تو زحیر کاذب ہے اگر صادق ہے تو علاج قابضات کے کرنا اور اگر کاذب ہے تو تنقیہ کرنا ساتھ روغن بید انجیر کی بعد علاج کرنا مفید ہے۔ اور یہ سفوف اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ شاہ بلوط۔ پوست انار۔ مازو چھ چھ ماشہ۔ پوست سماق ایک تولہ۔ حب الآس ایک تولہ سبکو کوٹ چھانکر سفوف بنائین اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے کھلانا نفع دیتا ہے۔ اور یہ بھی مفید ہے تخم خطمی و خبازی نشاستہ بریان۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی سبکو برابر لیکر سفوف بنائین اور ۳ ماشہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۳ ماشہ و بیدانہ ۳ ماشہ کے ۳ تولہ شربت خشخاش ملا کر بہت مفید ہے اور یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے حب الآس۔ شاہ بلوط۔ خرنوب۔ خشخاش۔ خرفہ ہمہ برابر گرفتہ سفوف ساختہ ہمراہ شربت انجبار کی بقدر ۳ ماشہ اور اگر خالص خون آتا ہو تو یہ دوا بہت مفید ہے۔ بارتنگ بریان۔ بادیان بریان تخم ریحان بریان۔ مردارسنگ بریان۔ حب الرشاد بریان تخم حماض بریان۔ صمغ عربی بریان طباشیر۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ مغز گل قریسی بیل گری پوست بیرون پستہ سوختہ حب الآس خستہ خرما خستہ جامن خستہ انبہ انار دانہ جفت بلوط خرنوب کہربا شاخ بز سوختہ کہربا مروارید جوز السرو سوختہ پوست گردکان سوختہ نشاستہ پشک کنار ادرخود کاغذ سوختہ کنا سوختہ گلنار تخم خطمی بریان اقاقیا لک صندل پوست خشخاش زیرہ سیاہ دم الاخوین رب الجبار ہمہ را ہموزن گرفتہ سفوف سازند۔ ہمراہ لعاب بیدانہ ۳ ماشہ بدہند انشاء اللہ زحیر ہر قسم دور شود مجرب ست دیگر از مجربات استاد مرحوم۔ نشاستہ بریان گل ارمنی۔ تخم گل صمغ عربی فوفل شاخ گوزن سوختہ پوست تخم مرغ سوختہ پوست انار گلنار۔ تخم ریحان بریان بارتنگ زیرہ بریان جفت بلوط

گل سرخ۔ بسباسہ۔ عود غرقی طباشیر حب الآس کشنیز خشک۔ بیخ انجبار انار دانہ کہربا شمعی سماق ہمہ را
وزن برابر گرفتہ سفوف ساختہ قدر ۳ ماشہ کے ہمراہ آب سرد یا شیرہ انجبار بدہند مجرب ست ؛ اور یہ گولیان بھی مجرب الآثار
ہین بہت مجرب ہیں۔ سہاگہ بریان ا تولہ۔ شنگرف افیون دو دو تولہ در شہد خالص دو تولہ انداختہ
حب بقدر فلفل بہ بندند نصف دیگر با آب لیمون انداختہ حب بمقدار فلفل خورد بہ بندند اگر اسہال بوقت
شب زیادہ آیند گولی شہد والی خورند و اگر در روز اسہال زیادہ آیند حب لیمون والی بدہند بسیار
مجرب ست ؛ اور اکثر چھوٹے بچون کو دست آیا کرتے ہیں انکے واسطے یہ گولیان بہت مفید ہیں
گلنار۔ جوز بوا افیون۔ چاکسو۔ نرکچور۔ زیرہ سفید۔ زردچوب کونپل نیب کونپل سکامن
کونپل لیکر سبکو کوٹ چھانکر گولیان بقدر موٹھ باندھیں اور ایک یا دو گولی دین بہت مجرب ہے
دیگر برائے آمدن خون اسہالی و بواسیری مجرب ست۔ پوست بیضہ مرغ سوختہ۔ سندرس شیطرج
ہندی از ہریک ۲ ماشہ۔ نوشادر ایک رتی کوفتہ حب بمقدار نخود بہ بندند خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ
بارتنگ ۲ ماشہ و شیرہ بیخ انجبار ۶ ماشہ بدہند غذا الیین باشند کھچڑی چاول بہ ہند مجرب ست اور برشعثا
بھی بہت نفع کرتی ہے مجربات میں ہیں ؛

فصل چھٹی مغص کے بیان مین

یہ درد امعا ریح سے یا خلط صفرا سے ہوتا ہے علاج اول تنقیہ کرنا ساتھ مغز فلوس شیر
خشت روغن بادام سے یا روغن بیدانجیر سے بہت مفید ہے بعد اسکے تخم کرفس انیسون بادیان
نانخواہ ہموزن لیکر بقدر ۳ ماشہ شہد ایکتولہ مین ملا کر کھلانا نہایت مفید ہے اور اس حقنہ سے
بہت نفع ہوتا ہی۔ برگ ہنا پو کی تخم حنظل حب النیل چھ چھ ماشہ تربد ا تولہ۔ خیار شنبر ۵ تولہ اسکو
ایک سیر دودھ مین پکا کر روغن بادام ۲ تولہ ملا کر حقنہ کرنا بہت مفید ہے اور میری تجربہ مین اکثر آیا
ہے پہلے یہ دوا پلانا۔ برگ سنا کی ایکتولہ گل سرخ ۹ ماشہ بادیان ۹ ماشہ۔ تخم کرفس ایکتولہ نانخواہ
ایک تولہ سبکو ایک سیر شیر گاے مین جوش دیں جب نصف ہوجاے روغن بیدانجیر ۵ تولہ ملا کر قدرے
شکر ڈالکر مریض کو پلانا انشاء اللہ تعالی فوراً خداوند کریم شفا دیتا ہی اگر دوسرے روز مریض کچھ
شکایت کرے تو یہ گولیان کھلانا بہت مفید ہے سکنجبین تخم حنظل سقمونیا۔ تربد سفید ہر ایک سہ درم
سبکو کوٹ چھانکر سداب کی پانی میں گولیان برابر نخود کی بنائیں اور ہمراہ عرق سونف کھلادیں

بہت مفید ہے۔ اور یہ معجون اکثر تجربہ میں آچکی ہے سقمونیا ۱ درم قاقلہ کبار و صغار زنجبیل دارچینی قرنفل فلفل ہر یک ۵ درم قرفہ ساذج ہندی۔ دار فلفل زنجبیل۔ بادیرنگ کابلی تونفل آملہ تخم کرفس سنبل الطیب زعفران مصطگی ہر یک سہ درم سبکو کوٹکر شہد دو وزن ملاکر معجون بنائین اور چھ ماہ ہمراہ عرق بادیان دس تولہ نیم گرم کے کھلانا مغص کیلیے بہت مفید ہے اور غذا نان تنور یا گوشت مرغ تیتر یا بٹیر ہمراہ مصالح گرم مثل الائچی زیرہ و دارچینی کے بہت مفید ہے ؀

فصل ساتوین قولنج مین یعنی امعا مین سدہ پڑکر درد پیدا ہوتا ہے اور بول براز بند ہو جاتا ہے

علاج پہلے حقنہ کرکے طبیعت کو نرم کرین بعد اسکے مسہل سقمونیا و غاریقون شحم حنظل سے عمل میں لائین۔ مگر پہلے جبتک حقنہ سے طبیعت نرم نہو مسہل منع ہے اور جب طبیعت صاف ہوجائے ایک روز غذا نہ دین۔ اور یہ شیاف بھی پہلے نفع کرتا ہے۔ ترید سفید۔ شحم حنظل انزروت بورہ ارمنی نمک شور شکر سرخ سبکو برابر کوٹ کر شیاف بنائین اور روغن زرد سے چکنا چور کرکے دبر مین رکھین بہت نفع ہوگا اور قولنج کا مشتبہ ہوتا ہے۔ درد گردہ و رحم و مغص و درد جگر اور درد معدہ اور درد طحال اور درد دندان ان سب اول فرق کرنا طبیب کو ضروری ہے۔ اکثر اور درد پہلے اپنے اپنے عضو کی جگہ سے ہوتا ہے مگر مغص ضروری اسکے شامل ہے اس مین بھی یہ فرق ہے کہ مغص مین طبیعت نرم ہوتی ہے اور اجابت آتی ہے اور قولنج مین اجابت نہیں آتی اور گاہے تھوڑی سی بھی جاتی ہے اور قولنج میں بیمار مانند کبوتر کی لوٹتا ہے اور کبھی غشی بھی ہوتی ہے اور عرق سرد آتا ہے اور مقام قولنج کا درمیان خاصرہ و دبر و عانہ کے ہوتا ہے۔ اور یہ جوارش بہت مفید ہے۔ قرنفل دانہ الائچی سفید دارچینی زعفران صبر پوست ہلیلہ زرد۔ زنجبیل شنگرف سبکو ہموزن لیکر دو حصہ شہد مین ملاکر جوارش بنا دین اور ۴ ماشہ ہمراہ عرق سونف کے نہایت مفید ہے۔ اور یہ گولیان ہر قسم کے قولنج و مغص کو نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ انزروت پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی نمک ہندی مصطگی زعفران ساذج ہندی قسط شیرین سلیخہ ریوند چینی زنجبیل انیسون تخم کرفس فلفل قرنفل دارچینی سقمونیا ترید ہر ایک سہ ماشہ حب السلاطین ۱۲ ماشہ سبکو عرق سونف مین کھرل کرکے گولیان برابر نخود کے بنا دین۔ سہ گولی روز کھلانا بہت مفید ہے ہر قسم کے

قولنج کو دور کر دیتی ہے۔ اور یہ گولیاں حکم اکسیر کا رکھتی ہیں۔ حب سلاطین مدبر ۲ ماشہ مغز گری نخود ۳ ماشہ۔ تربد سفید ایک تولہ سبکو پیسکر قند سیاہ کہنہ ایک تولہ ملا کر گولیاں نخود کی برابر بنا کر ایک گولی ہر دو تین گولی تک دیوین نہایت مفید ہے اور یہ جوارش درد جگر و رحم و مغص و گردہ و قولنج کو حکم اکسیر کا رکھتی ہے۔ قرنفل قرفہ۔ دارچینی سلیخہ سنبل الطیب جوز بوا۔ دانہ ہیل مصطگی حب بلسان زعفران سقمونیا۔ تربد۔ حب النیل سبکو برابر وزن لیکر کوٹ چھانکر دو چندان شہد میں ملا کر جوارش بنائیں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱ تولہ کے کھلانا نہایت مفید ثابت ہوا ہے از حد مجرب ہے اور یہ چورن بہت نفع کرتا ہے اور میرے تجربہ میں بارہا آچکا ہے۔ دارچینی قلیفل سیاہ فلفلموبہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ سیاہ زیرہ سیاہ سیاہ فج ہندی نمک سیاہ نمک سانبر نمک لاہوری نمک سنگ آب لیموں کاغذی تیزاب گندھک گل مدار سب ادویہ کو لیکر اونٹ کے دودھ کا گل مدار ملا کر سرکہ میں پرورده کریں مصطگی عود ہندی نصف وزن ملا کر چورن بنائیں اور صبح و شام ہمراہ عرق بادیان و عرق نانخواہ کے کھلانا از حد مفید ہے اور غذا گوشت تیتر و بٹیر و مرغ و مصالحہ دارچینی وغیرہ خوب ملا یا ہو یا شوربا دین از حد نفع کرتا ہے اور سبک کرنا باجرہ سے قولنج میں بہت نفع دیتا ہے

فصل آٹھوین ایلاوش میں

یعنے اے پروردگار رحم کر یہ وہ مرض ہے کہ آدمی مشکل سے بچتا ہے۔ یہ قسم قولنج میں ہوتی ہے قے کیساتھ براز کا نکلنا اور درد ہونا اوپر ناف کے اور فائدہ نہ ہونا تنقیہ سے اور تہوع و قے لازم ہونا اس مرض میں علاج شوربا گوشت ہدہد کا بہت مفید ہے اور خراطین خشک کر کے کھلانا نفع کرتا ہے اور عقرب بریان اور شاخ گوزن سوختہ اور براز بھیڑیا کا اور ساتھ ماء العسل کے بہت مفید ہے۔ اور فصد باسلیق الحل مفید ہے اور یہ مطبوخ بہت فائدہ کرتا ہے۔ انیسون تخم کرفس بادیان ایک ایک تولہ لیکر عرق گلاب ایک سیر میں جوش دیکر اور مغز فلوس ۵ تولہ اسمیں حل کر کے اوپر سے روغن بید انجیر ملا کر پلانا بہت نفع کرتا ہے اور برگ اسکو بستر تخم خطمی آرد جو گل اکلیل الملک والسی کوفتہ کر کے ۵ تولہ روغن بنفشہ میں ترکر کے گرم گرم ناف پر ضماد کریں۔ اور یہ حقنہ بھی اکثر مفید پائی ہے۔ روغن بید انجیر ۵ تولہ۔ لعاب کتان ا تولہ لعاب حلبہ ایکتولہ۔ لعاب مرو ایکتولہ

عرق عنب الثعلب نیم سیر مین ملا کر پلانا بہت مفید ہے اور غذا گوشت مرغ و تیتر کا شوربا اور روغن بیدانجیر سے مرغن کر کے مفید ہے اور باقی علاج جو قولنج کو مفید ہے

فصل نوین دیدان مین یعنے کیڑے پڑجانے امعامین

یہ چار قسم سے ہیں۔ ایک حیات جو لانبا ہوتا۔ دوسرا حب القرع مانند کدو دانہ کے۔ قسم تیسری گول قسم چھوٹے چھوٹے مشابہ کیڑے سرکہ وغیرہ کے اور ہر چہار قسم کو بولنا دیدان کا ہی اسلیے کہ دیدان کا جمع دود کی ہے۔ دود کیڑے کو کہتے ہیں ؛

علاج۔ کمیلہ دس تولہ۔ پوست انار ایکتولہ جغرات ایک سیر ہیں ملا کر پلانا بہت فائدہ کرتا ہے اور ضماد کرنا پیٹ پر بہت مفید ہے۔ ضماد یہ ہے سماق۔ اقاقیا۔ گل مختوم چھ چھ ماشہ پیشاب مین حل کر کے ضماد کرنا مفید ہے۔ اور شحم حنظل۔ تولہ تولہ کمیلا بادبرنگ کوٹ کر پتہ گوسفند مین ملا کر شیاف بنا کر دبر مین رکھین ہر قسم کے دیدان کو نفع کرتا ہے ؛ اور گشنیز خشک نیم ماشہ ہمراہ عرق کاسنی کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے ؛ اور آب برگ شفتالو ایک تولہ۔ پوست شاہتوت ایکتولہ۔ پوست درخت انار ترش ایکتولہ جوشاندہ کر پانی مین پلانا نفع کرتا ہے اور تنقیہ کرنا ساتھ کمیلہ اور رسوت کے بہت مفید ہے ؛ اور پلانا شحم حنظل تربد نمک ہندی چھ چھ ماشہ آب برگ نکروندہ مین پیسکر پلانا بہت مفید ہے اور شیرین چیزون سے پرہیز کرنا لازمی ہے ؛ اور برگ حنا۔ موم سفید ایک ایک تولہ ہر دو کو ملا کر شیاف کرنے سے دیدان نکل آتے ہیں۔ اور یہ گولیان دیدان کے واسطے بہت مفید ہیں ؛ گولیان یہ ہیں۔ بیخ کبر۔ صعتر۔ پودینہ سبز۔ ترمس ابہل افتیمون ہر یک سات ماشہ جند بیدستر سہ ماشہ در شیرہ مویز منقے سرشتہ حب بقدر نخود بہ بندند و یک حب صبح و یک شام بخورند مجرب ست ؛ اور یہ گولیان بھی مفید ہیں شحم حنظل تربد سفید کمیلہ پوست انار پوست ہلیلہ زرد وزن برابر لیکر شیرہ بادیان مین ملا کر گولیان برابر نخود کے بنائین بہت مفید ہیں۔ اور نارجیل تراشیدہ با شکر خوردن نافع ست اور یہ بہت مجرب ہے۔ زرد چوب ۳ ماشہ بادبرنگ چھ ماشہ در آب شیرہ بر آوردہ ۲ تولہ شکر سفید آمیختہ بنوشند دیدان ہر قسم دور شود و در پنبہ آلودہ شیاف سازند و شیرہ برگ نکروندہ و برگ تمباکو و گل تمباکو سوختہ در روغن سرشتہ و رسوت آمیختہ بر روغن چرب کردہ

کردہ حمول سازند مجرب ست وشیر برگ پھنگرہ سیاہ وشیر برگ ہتورہ سیاہ وشیر برگ تمبول ہر روز دو بار از انگشت در مقعد بمالند دیدان دور شود مجرب ست. واین حب بسیار مجرب ست. رسوت چاکسو مقشر حلیلہ ہر یک دو ماشہ صبر یک ماشہ فلفل نیم ماشہ برگ بید دو عدد در آب گگروند گذاز حب سازند بمقدار جوار بہ بندند یک حب صبح ویک شام بدہند مجرب ست. کتھ سفید. افیون. برگ کنار ناریل چھ چھ ماشہ کتھ سائیدہ بمقدار موٹھ حب سازند وہمراہ آب بدہند بسیار مجرب ست وغذای کھچڑی بے نمک مجرب ست

باب پانزدہم

در امراض مقعد شامل اوپر نو فصلوں کے

فصل. پہلی بواسیر میں؛ فصل دوسری نزع البواسیر؛ فصل تیسری ناصور المقعد؛ فصل چوتھی ورم المقعد. فصل پانچویں شقاق المقعد. فصل چھٹی استرخاء المقعد فصل ساتوین خروج المقعد؛ فصل آٹھوین فروع المقعد؛ فصل نوین حکة المقعد

فصل پہلی بواسیر کے بیان مین

برائے بواسیر خونی بسیار مجرب ست. پوست ریٹھہ. قند سیاہ. ایک ایک تولہ کوفتہ حب بمقدار کوکنار بہ بندند وصبح وشام بدہند مجرب ست؛ دیگر. استخوان زاغ بر آتش بخور کنند بواسیر را نافع است ایضاً. برای بواسیر خونی وبادی؛ شورہ قلمی. تج تلسی. رسوت یک یکتولہ در عرق بھنگرہ حل نمودہ حب بمقدار نخود بہ بندند ویک صبح ویک شام و بر دانہ بواسیر ضماد نمایند شورہ قلمی بر دانہ بواسیر ضماد نمایند در عرق پھٹکرہ حل نمودہ در دو ہفتہ بواسیر دور شود برای بواسیر برگ پیپل ۵ تولہ. در آب یک سیر جوشندادہ آب نصف کنند اور دو برگ را پختہ برای خوردن دہند مجرب ست. برای بواسیر خونی. برگ انب بجای تمباکو بکشند مجرب ست برای بواسیر گل محکند یکتولہ شکر سفید یکتولہ. روغن زرد یک تولہ بطور حلوا پختہ برای خوردن دہند بواسیر خونی وبادی دور شود برای بواسیرہ. تخم رو اسن سہ ماشہ باب تازہ بخورند مجرب ست؛ برای بواسیر

خونی. تخم چیلملی یعنی تخم حماض ایکتولہ. شکر سفید ایکتولہ ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ آب تازہ بخورند
بسیار مجرب است اس نسخہ میں اسرار ہے اور میری تجربہ میں بھی یہ اکسیر ثابت ہوا ہی اور اسکے استعمال
سے نقصان نہیں ہوئی. رسوت ایکپاؤ در عرق ترب یک نیم سیر انداختہ زیر آفتاب چہل روز بدارند بعدہ
صاف نمودہ گیرد ۴ تولہ. کوئلہ کریر ۴ تولہ مغز تخم بکائن ۴ تولہ مغز نیبہ ۴ تولہ الائچی سفید ۲
تولہ. جوکھار. سورنجان تلخ. سورنجان شیرین. قند سیاہ کہنہ ایک ایکتولہ. ناگیسر ایکتولہ بہ عرق
گلاب ایکپاؤ حل نمودہ و آمیختہ بر آتش پختہ کنند و حب بمقدار کوکنار صحرائی بہ بندند و یک صبح و یک
شام بدہند. برای بواسیر ہر قسم از اسرار الاطبا گوشت مینڈک ۵ تولہ. گوشت گوسفند ہر دو
را پختہ مصالح وغیرہ انداختہ مرغن پختہ کنند. سہ روز برای خوردن دہند بسیار مجرب است.
برای بواسیر خونی مغز تخم نیبہ. مغز تخم بکائن. رسوت چھ چھ ماشہ مصطگی ۳ گولچہ ہر ۲ ماشہ
بلادر ایک ماشہ. پوست ہلیلہ سیاہ ۳ ماشہ. در عرق کیوڑا کھرل نمودہ حب بمقدار نخود بہ بندند یک صبح
و یک شام ہمراہ آب تازہ و پوست ریٹھہ سائیدہ بر مقعد ضماد سازند. برائے بواسیر ریحی
زیرہ سیاہ ایک ایک ماشہ. شہد ایکتولہ آمیختہ صبح و شام بخورند بواسیر ریحی دور شود.
برای بواسیر از رطب استاد. ہلیلہ سیاہ بروغن گاو بریان نمودہ. آملہ مقشر. پوست ہلیلہ زرد
گل سرخ طباشیر گزمازج. صدف سوختہ کہربا. تخم کشنیز رسوت مروارید ناسفتہ. ریوند چینی ہمہ ادویہ
را کوفتہ بیختہ با قل محلول بگلاب حب بمقدار نخود بہ بندند. سہ حب ہمراہ عرق بارتنگ
۵ تولہ و با عرق بید مشک تولہ. برائے بواسیر. تخم بیدانہ. دال ارہر چھ چھ ماشہ. مویز منقی
تولہ. زعفران ۳ ماشہ. گوگل ایک تولہ. رسوت چھ ماشہ. عرق مولی ۵ تولہ عرق مکوہ ۵ تولہ
عرق سیب ۵ تولہ حل نمودہ حب بمقدار نخود بہ بندند یک حب صبح و یک شام بخورند.
بخور بواسیر: تخم گندنا و تخم میمنہ کہ در گندم میباشند بر آتش بخور کنند مجرب است
برائے بواسیر: کندر. رسوت. مویز منقی ایک ایک تولہ در شیرہ ترب ۵ تولہ حل نمودہ
حب بمقدار نخود بہ بندند برای خوردن دہند مجرب است. سفوف برای بواسیر خونی
ناگیسر. اندرجو تلخ. سورنجان. گل ارمنی گرفتہ سفوف نمودہ ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ دہند
مجرب است. برائے بواسیر. تخم مغز نیبہ ایک تولہ مغز تخم بکائن ایک تولہ مرچ سیاہ ایکتولہ

تخم گندنا مقل رسوت۔ ایک ایک تولہ در عرق گگر دندہ ۵ تولہ حل نمودہ حب بمقدار نخود بستہ
یک صبح و یک شام بدہند برائے بواسیر خونی گلو سبز چرائتہ۔ پوست خشخاش یک
یک تولہ در آب یک سیر جوشدادہ قدرے قدرے بنوشند۔

مرہم بواسیر۔ سرب در آب ترب ہفت بار بجھاؤ دادہ در آب نیب ہفت مرتبہ در آب سوت ہفت
مرتبہ بجھاؤ دادہ در سنگ گاؤ سائیدہ مرہم سازند مجرب ست +

سفوف برائے بواسیر خونی پھٹکڑی بریان کندر بریان سفوف نمودہ ہموزن
گرفتہ ہمراہ شیر خام بخورند۔ پھٹکڑی خام در آب انداختہ آبدست نمایند مجرب ست

برائے بواسیر خشک رال سفید ایکتولہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ طوطیا سائیدہ ایک ماشہ قدرے
روغن تلخ انداختہ بر مقعد بمالند مجرب ست

سفوف برائے بواسیر خونی مجرب ست سرمہ سیاہ ایکتولہ۔ مازو سبز ایک تولہ۔ باد رنگ
ایک تولہ سفوف ساختہ ۳ ماشہ ہمراہ آب سرد بدہند +

ایضا برائی بواسیر فلیتہ در مقعد نہادہ بواسیر دور شود۔ شیر تھیکنوار شیر کٹائی خورد
ایک ایک تولہ برآوردہ پنبہ آلودہ بر مقعد نہادہ ہفت روز بدہند مجرب ست۔ و برای خوردن
شیر کٹائی ایک تولہ ہمراہ عرق شاہترہ ۵ تولہ بسیار مجرب ست و در ہفت روز دور شود

مرہم بواسیر خشک رال سفید ایکتولہ۔ روغن تلخ ۳ تولہ آمیختہ بر مقعد بمالند بسیار مجرب ست

فصل دوسری بیچ البواسیر میں

علاج یہ حب بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ زرنباد سیاہ۔ ہلیلہ شیطرج ہندی۔ عاقرقرحا
فلفل دار فلفل تخم گندنا مقل ہریک وزن برابر لیکر گندنے کے پانی میں گولیاں برابر
فلفل سیاہ کے بناویں اور صبح و شام ہمراہ شیر عیارین ۲ ماشہ و بادیان ۳ ماشہ کے پلانا
بہت مفید ہے اور برگ ہلیلہ سائیدہ حب بمقدار نخود بستہ اور کشتہ گوزن بہت مفید
ثابت ہوا ہے اور شربت بزوری اس مرض میں بہت نفع کرتا ہے اور وہ یہ ہے بیخ کاسنی
تخم کاسنی۔ بادیان۔ بیخ بادیان ایک ایک تولہ۔ تخم کشوث ۳ ماشہ۔ تخم کرفس۔ نانخواہ افسنتین
افسنتین۔ زیرہ سیاہ۔ سنبل الطیب از ہر یک چھ چھ ماشہ تخم خیارین ۲ تولہ۔ تخم خربوزہ تولہ

مغز تربوز ۲ تولہ۔ مکو خشک ایکتولہ۔ گل سرخ ۵ تولہ سبکو رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو نبات سفید تین پاؤ ڈالکر شربت بنائیں اور ۳ تولہ ہمراہ عرق بادیان کے پلانا بہت نفع کرتا ہے اور تنقیہ کرنا ساتھ افیتموں کے جوشاندہ ہلیلہ کے مفید ہے اور تقویت گردے کی کرنا ضروری ہے۔ اور یہ سفوف بہت مفید ہے۔ مغز خیارین۔ مغز خربزہ۔ زرنباد ہلیلہ و بلیلہ زرد و دار فلفل زیرہ سیاہ دارچینی مصطگی۔ عود سبکو عرق افتیمون میں تر کر کے خشک اور ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین بزوری کے کھلانا بہت مفید ہے۔ اور گوگل۔ جوگ راج اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوا ہے اور تر کرنا مقعد کے ساتھ روغن سرشف کے بہت نفع دیتا ہے۔ اور غذا با دانگہرا اور لبقولات سے پرہیز لازم ہے

فصل تیسری ناسور مقعد یعنی بواسیر کے بیان میں

یہ دو قسم ہے۔ ایک نافذ۔ دوسری غیر نافذ۔ نافذ کا علاج نہیں۔ غیر نافذ کا ہے۔ علاج مرہم رسکپوا میں مفید ہے یعنے رسکپور ۳ ماشہ مسکہ گاؤ ۳ تولہ۔ کافور ایک ماشہ سفید کاشغری ۳ ماشہ ملا کر لگانا بہت نفع کرتا ہے اور یہ مرہم بھی مفید ہے دم الاخوین ۴ درم مر ۴ درم پست کابلی۔ گلنار چار چار درم۔ صبر کندر۔ انزروت تین تین درم زنگار نیم درم موم سفید ایکتولہ روغن گل ۵ تولہ آمیختہ مرہم سازند۔ اور یہ دوا بہت مفید ہے رسکپور ۲ تولہ سنکھیا ایکتولہ بشراب برانڈی ایکتولہ حل نمودہ در لوہان زیر پالا انداختہ جوہر کشند و در موز منقے یک چاول ہفت روز بدہند غذا مرغن بسیار مجرب ست۔

دیگر سنکھیا ایکتولہ۔ شیر بدارہ تولہ میں حل کر کے جوہر کھینچیں اور موز منقے یا ملائی میں ایک چاول ڈالکر ہفت روز کھائیں بہت مجرب ہے

دوائی عجیب در بواسیر از مجربات بندہ آلہ مقشر پھٹکری نیلا تھوتھہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مردار سنگ یک یک تولہ برتابہ آہنی سوختہ قدری در روغن گندہ آمیختہ بر بواسیر ضماد نمایند بسیار مفید است۔ و پیاز را در آتش برشتہ نمودہ بر بواسیر بندند بسیار فائدہ میدہد۔ برگ تمباکو پوربی در آب تر کردہ بر بواسیر بندند مجرب ست۔ آب کگروندہ و نیز آب پیاز و تولہ مردار سنگ۔ انزروت دم الاخوین در ۵ تولہ روغن گل سوختہ مرہم سازند بر بواسیر ضماد نمایند

بسیار مجرب است۔ دیگر۔ رال سفید ایکتولہ۔ مرداسنگ ۲ ماشہ۔ طوطیا ایک ماشہ سائیدہ در یکتولہ روغن
تلخ قدری آمیختہ بمالند مجرب در ہفت روز دور شود۔

فصل چوتھی ورم المقعد میں

علاج فصد باسلیق یا حجامت قطن کی کرنا مفید ہے۔ اور مرہم سفیدی بیضۂ مرغ
روغن آمیختہ ضماد سازند اور اگر درد ہو تو قدرے افیون ملا کر لگاویں اور پلانا شربت
سیب و انار کا ہمراہ اسبغول کے دینا بہت مفید ہے۔ اور قے بہت فائدہ کرتی ہے۔ اور اگر ورم
باہر کیجانب ہو تو عمل جراحی کرانا مفید ہے۔ اور ضماد کرنا برگ چقندر ۲ تولہ پیسکر اور آرد جلبہ
ایکتولہ ملا کر ضماد کرنا مفید ہے اور یہ ضماد بہت نافع ہے۔ اکلیل الملک خطمی عدس مقشر برگ عنب
الثعلب سب اجزای برابر لیکر ۵ تولہ روغن میں حل کرکے سفیدی بیضہ ملا کر ضماد کریں بہت مفید ہے
اور زردی بیضہ مرغ و چربی گوسفند و روغن گل ملا کر ضماد کرنا بہت مفید ہے اور آبزن کرنا بہت
مفید ہے انکو خشک بنفشہ۔ اکلیل الملک خطمی خبازی السی وزن ۵ ۵ تولہ لیکر ڈیڑھ سیر پانی
میں جوشیدہ کر مریض کو بٹھلانا نفع کرتا ہے۔ اور مرہم داخلیون بھی بہت مفید ہے۔ اور باندھنا برگ
بھنگ و برگ سداب کا روغن گل میں بریان کرکے بہت نفع کرتا ہے۔ اور گل بابونہ گل سرخ اکلیل
الملک سرکہ میں گھسکر روغن بنفشہ میں بریان کرکے باندھنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور کھلانا سبوس
اسبغول کا ساتھ ریشہ خطمی و لعاب بہدانہ کے بہت مفید ہے شربت بنفشہ ڈالکر۔ ہمیشہ قبض کا
لحاظ رکھیں اور استمقام کو روغن سے تر رکھیں اور غذا خرفہ و پالک و شحم بہت مفید ہے۔

فصل پانچویں شقاق المقعد یعنی پھٹ جانا مقعد کا

علاج۔ یہ مرہم بہت مفید ہے۔ انزروت رال سفید کافور کتھ سفید کاشغری جست
سوختہ ہموزن لیکر موم سفید ہموزن ایک دوا کے روغن گل ۳ حصہ لیکر مرہم بنائیں بہت
مفید ہے لعاب بہدانہ ۳ ماشہ نکالکر ہمراہ اسبغول ایکتولہ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلانا بہت
مفید ہے اور پلانا شیرہ مغز بادام اور شیرہ مغز کدو و عرق بید مشک میں نکالکر اور شربت بزوری
۲ تولہ ملا کر پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ مرہم نہایت مفید ہے روغن گل ۵ تولہ سفیدہ

سفیدہ ۳ ماشہ۔ مردارسنگ ۳ ماشہ۔ اقلیمیا نقرہ ۳ ماشہ۔ نشاستہ ۳ ماشہ عنبار برنج ۳ ماشہ
کتیرا ۳ ماشہ۔ لعاب خطمی ۳ ماشہ اسبغول ۳ ماشہ۔ بیدانہ ۳ ماشہ۔ چربی بط ۱۲ ماشہ۔ موم
ایکتولہ مرہم بنائیں۔ اور فصد کرنا بھی اسحالت میں لازم ہے کہ شقاق سے خون جاری ہوا گر
اگر سوزش زیادہ ہو تو شربت نیلوفر ۳ تولہ۔ شیرہ خرفہ۔ ۳ ماشہ ملاکر پلانا بہت مفید ہے یہ مرہم بھی
بہت مفید ہے لعاب بیدانہ ۲ ماشہ۔ لعاب اسپغول۔ لعاب خطمی۔ لعاب حلبہ۔ لعاب کتان
سب کا نکالکر روغن گل ۵ تولہ موم سفید ایکتولہ ملاکر مرہم بناویں اور اوپر سے دم الاخوین
ملاکر لگانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور میری تجربہ میں بھی کئی مرتبہ آچکا ہے بہت مجرب ہے!

فصل چھٹی استرخاء المقعد میں

علاج اگر بسبب قطع بواسیر کے ہو وہ لاعلاج ہے۔ اور اگر یہ بسبب پہنچنے سردی کے ہو تو جو علاج
فالج میں بیان ہوا ہے۔ وہ کریں۔ اور یہ روغن بہت مفید ہے۔ قسط تلخ۔ قسط شیرین۔
دارچینی جوز آبساسہ۔ تخم دہتورہ۔ فرفیون عاقرقرحا جند بیدستر سبکو آدہ سیر پانی میں
جوشدیکر روغن کنجد ۱۰ تولہ میں ملاکر جوشدیویں جب کہ روغن رہجاوے مالش کریں اور
برائے خوردن یہ ترکیب بہت اچھی ہے۔ حب بلادر ایکتولہ۔ اجوائن چھ ماشہ تخم کرفس ۳ ماشہ
فلفل سیاہ۔ دار فلفل عاقرقرحا جوزبوا چھ چھ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ مغز تخم جید
انجیر ۵ تولہ سبکو کوٹ چھان کرہ وچند شہد میں ملاکر جوارش بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ
صبح ہمراہ آب بادیان کے دو ہفتہ استعمال کرائیں۔ اور تنقیہ کرنا ساتھ شحم حنظل اور ہڑ
سفید صبر زعفران غاریقون وخیارشنبر کے بہت مفید ہے اور ضماد کرنا کو بخبیل و ہدا
دگیر وکا از حد نفع کرتا ہے۔ اور آبزن کرنا بہت مفید ہے۔ مکو سبز اکلیپا و گل بنفشہ
۵ تولہ۔ اکلیل الملک ۲ تولہ۔ تخم شبت ۵ تولہ۔ تخم حلبہ ۵ تولہ۔ تخم خطمی ۲ تولہ تخم خبازی
۳ تولہ سبکو پانی ۲ دو سیر میں جوشدیکر آبزن کراویں۔ اور غذا لیے مرغ گوشت تیترو
بٹیرکا بہت مفید ہے اور پلانا مارالاصول کا بہت نفع کرتا ہے۔ یہ نسخہ بہت ہی مجرب
اور مفید ثابت ہوا ہے ٭

فصل ساتوین خروج المقعد یعنی نکلنا کانچ کا خروج المقعد ہے

علاج پہلے یہ قروطی کی مالش کرین۔ اکلیل الملک گل بابونہ تخم حلبہ تخم شبت سب ۳ ماشہ پیسکر ۵ تولہ روغن گل میں ملا کر موم سفید ایکتولہ آمیختہ کرکے قروطی بنائیں اور مقعد پر مالش کرین بہت فائدہ ہوگا۔ بعد اسکے بشاہ بلوط تخم مورد مازو گلنار تخم گل ہموزن ملا کر پانی مین جوشدہ بکر آبدست لیوین۔ اور ثفل اُس کا کوٹ کر اوپر مقعد کے باندھین۔

دیگر۔ دارچینی مرزنجوش کو شراب انڈی مین حل کرکے ضماد کرین۔ اور برائے خوردن سپستان ۱۰ تولہ کوٹ چھانکر ۶ ماشہ ہمراہ دودھ خام ایکپاؤ کے کھلانا بہت ہی مفید ہے اور سبوس اسپغول ہمراہ شربت بنفشہ کے بہت نفع کرتا ہے۔ اور گل بنفشہ ۶ ماشہ برگ حنا ۶ ماشہ۔ روغن گل مین ترکرکے اور گرم کرکے قدری افیون ملا کر باندھنا بہت مفید ہے اور اگر ان ادویہ سے فائدہ نہ ہو تو فالج استرخا کا علاج کرین اور غذا برگ خرفہ و پالک و شلجم اور بقولات کا کھانا بہت نفع کرتا ہے۔

فصل آٹھوین قروح المقعد یعنی زخم ہونا مقعد مین

علاج مرہم انزروت بہت مفید ہے۔ انزروت ۳ ماشہ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ کتیرا سفید ۳ ماشہ۔ جست سوختہ ۳ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ سبکو ہموزن لیکر روغن بنفشہ ۵ تولہ موم سفید ایکتولہ۔ ملا کر مرہم بنائین۔ اور لگانا سیپ کا گھسکر ساتھ مسکہ گاؤ کے اور قدرے کافور ملا کر بہت نفع دیتا ہے۔ اور پلانا شربت صندل کا بہت مفید ہے اور یہ ضماد بہت نفع دیتا ہے اور مرہم داخلیون اور مرہم سیاہ بہت مفید ہے اور مرہم رال کی بہت نفع کرتی ہے اور باقی علاج جو اور زخمون کا ہے وہ کراوین۔ یا زیادہ دیر کا ہوجاویگا تو ناسور ہوجاوے گا۔

فصل نوین حکۃ المقعد یعنی خارش ہونا مقعد مین

علاج فصد کرنا باسلیق کا بہت مفید ہے۔ اور پلانا جوشاندہ افتیمون کا بہت مفید ہے۔ اور یہ دوا

بہت مفید ہی۔ سرکہ ۲ تولہ۔ روغن گل ۳ تولہ۔ کافور ایک ماشہ ملا کر ضماد کریں اور کھلانا غذا بقولات سرد کا مانند خرفہ و پالک اور کھلانا روٹی بے نمک کا بہت مفید ہے اور یہ شربت بہت نفع کرتا ہے افتیموں ایکتولہ۔ بسفائج ۶ ماشہ۔ برگ سنائے ایکتولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ شاہترہ ایک تولہ۔ چرایتہ ایک تولہ۔ مجیٹھ ایکتولہ۔ عناب ۵ عدد در آب جوشدادہ عسل ۲ پاؤ انداختہ شربت سازند ۲ تولہ ہمراہ عرق شاہترہ کے بہت مفید ہے اور ملنا ۶ ماشہ حنا و ۳ ماشہ سیماب کا روغن گل ایکتولہ ملا کر بہت نفع کرتا ہے۔ اور پلانا عرق شاہترہ کا ساتھ برگ حنا کے شب کو بھگو کر بہت مفید ہی اور لگانا جونک کا مقعد پر بہت مفید ہی۔ اور تنقیہ کرنا ساتھ قے کے بہت نفع دیتا ہی۔ اور لگانا موم و چربی بز کا گرم کرکے اور سینک کرنا مقعد پر بہت مفید ہی۔ اور لگانا پچھنے کا اوپر ساق پنڈلی کے اس مرض کو نفع کرتا ہے۔
اور اگر بواسیر کا خروج نہ ہو تو بواسیر کا علاج کریں از حد مفید ہے اور باندھنا برگ بھنگ و برگ گینڈے کا بہت نفع کرتا ہے۔

باب شانزدہم

امراض کلیہ یعنی گردہ میں شامل اوپر دس فصلوں کے

فصل پہلی سوء مزاج کلیہ۔ فصل دوسری ہزال الکلیہ۔ فصل تیسری ضعف الکلیہ۔ فصل چوتھی ریح الکلیہ۔ فصل پانچویں وجع الکلیہ۔ فصل چھٹی ورم الکلیہ۔ فصل ساتویں قروح الکلیہ۔ فصل آٹھویں جرب الکلیہ۔ فصل نویں فی ذیابیطس ہیں۔ فصل دسویں حصاۃ الکلیہ۔

فصل پہلی سوء المزاج کلیہ میں یعنی بگڑ جانا مزاج گردہ کا گرمی سے

علاج گلقند عسلی ۲ تولہ۔ عرق گلاب ۵ تولہ۔ عرق بادیان ۵ تولہ معجون کمونی چھ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ کے کھلاویں اور لعاب اسپغول ۶ ماشہ لعاب بیدانہ ۶ ماشہ شیرہ خرفہ ۳ ماشہ۔ شربت صندل ۳ تولہ کے پلانا مفید ہے۔ اور روغن قسط ملنا بہت مفید ہے

اور یہ سفوف بہت فائدہ کرتا ہے۔ طباشیر۔ کافور۔ خارخسک ۶ ماشہ الائچی ست گلو۔ گشنیز
خشک۔ خرفہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین کثیرا۔ صمغ عربی۔ رب السوس ۲ ماشہ۔ مغز بیدانہ۔ تخم خشخاش
گل ارمنی۔ برادۂ صندل ہموزن لیکر سفوف بناوین ہمراہ شربت بزوری یا شربت صندل
کے صبح ۴ ماشہ۔ شام ۴ ماشہ پلانا بہت مجرب ہے۔ اور مسہل کرنا ساتھ جوشاندہ بنفشہ سپستان
عناب آلو بخارا۔ تمر ہندی۔ مغز فلوس۔ شیر خشت ترنجبین کے پلانا مفید ہے۔ تخم حماض ہمراہ
دوغ ترش کے پلانا بہت مفید ہے اور یہ شربت بہت فائدہ کرتا ہے۔ بیخ کاسنی تخم کاہو
بادیان۔ بیخ بادیان تخم کرفس تخم خرفہ۔ تخم کشوث۔ مغز تخم خیارین۔ مغز کدو۔
مغز خربوزہ۔ تخم خطمی خبازی گل نیلوفر آلو بخارا تمر ہندی۔ سبکو ہموزن لیکر عرق بید مشک
ایک سیر میں قوام کر کے مصری ۳ پاؤ ملا کر شربت بنا وین۔ اور ۲ تولہ صبح ہمراہ عرق کاسنی کے
کھلانا مفید ہے۔ اور صندل سفید عرق گلاب میں گھسکر ضماد کرنا بہت مفید ہی اور یہ قرص بہت
نفع کرتا ہی۔ طباشیر سفید۔ زرشک۔ گل سرخ۔ گل کاہو۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ تخم کاسنی کثیرا
ہر ایک ایک تولہ مغز تخم خربوزہ ۳ تولہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ کافور ۴ ماشہ
لعاب اسبغول میں پیسکر قرص بنائیں۔ اور صبح و شام ہمراہ شربت بزوری کے ایک ہفتہ کھلانا
بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور یہ سفوف مفید ہے مغز تخم خیارین حب الکاکنج مغز بادام مقشر رب السوس
نشاستہ صمغ عربی۔ دم الاخوین۔ کثیرا کندر۔ تخم کرفس گل ارمنی تخم خرفہ تخم حماض کہربا
افیون سب کو ہموزن لیکر افیون نصف حصہ ملاکر نہایت مفید ہے۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ
شربت بزوری پلاوین۔ اور کھلانا ہالک خرفہ و بودری و کدو و شلجم پائی نہ انیائی گرم سے
پرہیز کرنا لازمی ہے۔ اور کھلانا لبوب کبیر کا از حد مفید ثابت ہوا ہے نسخہ اس کا بحث باہ
میں آویگا۔ اور پلانا آب کدو تازہ کا تنور میں پختہ کر کے اور کھلانا تربوز کا بہت مفید ہے
ہمراہ سکنجبین کے

فصل دوسری ہزال الکلیہ

یعنے دبلا ہونا گردہ کا۔ علاج یہی مغز بادام۔ مغز فندق مغز نارجیل ہموزن لے کر
پستہ دو حصہ ملا کر سفوف بنا وین ۱۰ ماشہ ہمراہ شربت سیب یا شیر خام گاو کے پلائین

اور دواء الترنجبین بہت فایدہ کرتی ہے۔ ترکیب یہ ہے:۔ ترنجبین آدھ سیر لیکر ۲ سیر تازہ شیر گائے میں جوش کرکے قوام کریں۔ جب قوام شہد ڈال کر جوارش کا ہوجاوے۔ رات کے وقت ایک تولہ ہمراہ دودھ کے کھلاویں۔ اور کھانا غذاے مقوی و مرغن کا بہت مفید ہے اور یہ سفوف بہت فایدہ کرتا ہے:۔ صمغ عربی کتیرا نشاستہ ثعلب دارچینی دانہ الایچی سفید مغز بادام مغز نارجیل مغز پستہ مغز چلغوزہ سب ایک ایک تولہ رومی مصطگی کوٹ کر سفوف بنائیں اور ہمراہ شیر خام کے صبح و شام چھ چھ ماشہ کھلائیں۔ یہ معجون بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ دارچینی قسط شیریں زعفران سکنجبین فلفل سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ کنجد مقشر ۲ تولہ۔ تخم ترب ایک تولہ۔ تخم شلغم ایک تولہ۔ تخم جرجیر ایک تولہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ کہربا ۳ ماشہ۔ بسد ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۲ تولہ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل دو دو تولہ ثعلب ۵ تولہ۔ تودری زرد۔ تودری سفید۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ایک ایک تولہ۔ شقاقل ۲ تولہ مصطگی ۶ ماشہ عود ۶ ماشہ عنبر ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیس کر دو چندان شہد میں ملاکر معجون بناویں۔ اور صبح و شام ایک ایک تولہ ہمراہ شیر خام گاو کے کھاویں۔ پرہیز ترشی و جماع کا لازمی ہے

فصل تیسری ضعف الکلیہ یعنی ضعف گردہ مین

علاج۔ فصد باسلیق اور تنقیہ قے سے اور یہ دوا بہت مفید ہے۔ دم الاخوین گلنار گل ارمنی عصارہ حبۃ التیس صمغ عربی ہم وزن لے کر سفوف بنائیں اور ہمراہ شیرہ بارتنگ چھ ماشہ کے ۳ ماشہ پلاویں بہت مفید ہے:۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہے۔ برادہ صندل سفید ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۳ ماشہ۔ اقاقیا ۳ ماشہ۔ رامک ۳ ماشہ۔ آس ۳ ماشہ۔ نمک ۳ ماشہ پانی میں پیس کر ضماد کریں اور پلانا شیر ستر وگاؤمیش ہمراہ گل ارمنی ایک ماشہ کے بہت نفع کرتا ہے:۔ اور یہ لبوب بہت نفع کرتا ہے۔ مغز بادام مغز چلغوزہ مغز فندق مغز انزروت مغز کدو شیریں مغز خیارین مغز تربوز سب ایک ایک تولہ تخم شلجم ۶ ماشہ۔ تخم ترب ۶ ماشہ تخم انجیر ۹ ماشہ۔ حب الخضرا ۹ ماشہ۔ حب البطم ۹ ماشہ۔ بہمن سرخ و سفید۔ تودری زرد و تودری سفید۔ شقاقل ستاور ۹۔ ۹ ماشہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ سبکو کوٹ چھانکر

شہد دو چندان میں ملا کر معجون بنائیں اور اوپر سے ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ زعفران ۳ ماشہ مشک ڈیڑھ ماشہ ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاو میش کے۔ غذا کلہ پاچہ ساتھ ترشی کے اور شیر برنج سویق جو یعنے ستو جو بہت مفید ہے۔ اور جماع سے پرہیز کریں اور بقولات سے اجتناب لازم ہے۔ اور جو ہزال الکلیہ میں ذکر آیا ہے وہ یہاں بھی مفید ہے اور کھلانا گردہ بز کا غذا کے طور پر بہت فایدہ کرتا ہے ٭

فصل چوتھی ریح الکلیہ یعنے ریح پیدا ہونا گردہ میں

علاج یہ ضماد بہت مفید ہے۔ زیرہ سداب۔ تخم شبت بابونہ ہم وزن لے کر پیس کر ضماد کریں۔ اور نمک ۲ تولہ سبوس گندم ۲ تولہ ملا کر پوٹلی سے سینک کریں اور یہ پلادیں بادیان سداب گل سرخ انیسون پوست بیخ بادیان۔ پوست بیخ کبر چھ چھ ماشہ لے کر پانی میں جوش دے کر عسل ۲ تولہ ملا کر پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ سفوف بہت مفید ہے دارچینی مصطگی بادیان گل سرخ انیسون عود ہندی زیرہ سیاہ نمک سیاہ نمک لاہوری نوشادر گل سرخ جوکھار تربد سفید ہوں لیکر سفوف بنا کر ہمراہ سکنجبین بزوری کے بقدر ۳ ماشہ کھلانا بہت مفید ہے ٭ اور یہ شربت بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ بیخ بادیان ۲ تولہ بادیان۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ گل غافث۔ بیخ اذخر۔ گل سرخ۔ ترنجبین ہر ایک ایک تولہ نبات سفید تین پاؤ ملا کر شربت بنائیں اور ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ایک چھٹانک کی کھلانا بہت مفید ہے۔ اور غذا شوربا گوشت بز کا ٭ اور یہ ضماد بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے قسط تلخ ۳ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ سرنیش سرماہی ایک تولہ پانی میں ملا کر نیم گرم ضماد کریں اور غذا نان گندم زردی بیضہ مرغ آب پیاز شوربا مرغن مرغ و تیتر و بٹیر بہت مفید ہے اور تنقیہ کرنا ساتھ قے کے بہت نفع کرتا ہے اور کھلانا گوگل کا ساتھ شیر نیم گرم کے بہت مفید ہے ٭

فصل پانچویں وجع الکلیہ یعنی درد گردہ میں

علاج آبزن کرنا یعنے پانی گرم دوران میں بیٹھنا بہت نفع کرتا ہے۔ گل بابونہ۔ تخم شبت تخم خطمی دو دو تولہ۔ برگ کرنب ۵ تولہ سبوس گندم ۳ تولہ دس سیر پانی میں جوش دیکر پانی میں

مریض کو کھلاویں بہت مفید ہے۔ اور مالش کرنا روغن قسط سے بہت مفید ہے + اور معجون برشعشا
کھلانا ایک رتی ہمراہ عرق بادیان کے بہت مفید ہے + اور فصد باسلیق کرنا مفید ہے + اور
انگشتری دہان فرہنگ پہننا بہت نفع کرتی ہے + اور پلانا شیرہ بادیان چھ ماشہ شیرہ تخم کشوث
۳ ماشہ ہمراہ ایک گلقند ۲ تولہ در عرق بادیان ایک چھٹانک بہت مفید ہے۔ تخم انجرہ یعنے بالون ۷ ماشہ
ہمراہ سکنجبین بزوری کھلانا بہت مفید ہے۔ اور اگر احتباس بول ساتھ ہو تو پھر تخم خیارین تخم
خربزہ تخم مغز کدو شیرین خرفہ ۳ ماشہ بادیان چھ ماشہ گھوٹ کر گلقند ۲ تولہ ملا کر خاکسی ۷ ماشہ اول
ہمراہ دینا بہت مفید ہے + اور گل ٹیسو ۱۰ تولہ۔ گل کسم ۵ تولہ جوش دیکر پانی میں نطول کرانا بہت
نفع کرتا ہے + اور یہ ضماد بہت نفع کرتا ہے! افیون ایکماشہ تخم شبت۔ زعفران۔ کندر۔ تخم قرطم
تین تین ماشہ پانی میں پیس کر نیم گرم ضماد لگانا مفید ہے۔ اور نشاستہ کھلانا اور لیپ کرنا نشاستہ
کا اس مرض میں بہت نفع دیتا ہے + اور پلانا اس جوشاندہ کا بہت نفع کرتا ہے۔ انجیر زرد ۲ عدد
دو تولہ فطراسالیون پرسیاوشان ہر یک چہار ماشہ۔ خار خسک ۷ ماشہ۔ زوفا خشک ۳ ماشہ۔
سب کو پانی میں جوش دیکر اوس پانی جوشاندہ میں شیرہ تخم قرطم ایک تولہ و شیرہ گلقند ۲ تولہ
ملا کر پلانا عجیب اثر رکھتا ہے بہت مفید ہے + اور باقی علاج ہر محل گردہ کا لحاظ رکھیں +

فصل چھٹی ورم الکلیہ میں یعنی ورم کرنا گردہ کا

علاج۔ فصد باسلیق اور صافن کی کرنا مفید ہے اور پلانا ماءالشعیر ساتھ شربت بنفشہ و
لعاب اسپغول و لعاب بیدانہ و تخم خطمی کی بہت مفید ہے + اور یہ ضماد بہت مفید ہے۔ آرد جو
صندل مامیثا و عنب الثعلب ہموزن لیکر پانی کاسنی میں کوٹ کر اور روغن بنفشہ ملا کر نیم گرم
ضماد کریں اور اگر قبض ہو تو مغز فلوس ۲ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ ملا کر روغن بادام ایکتولہ ملا کر
شیر خشت ۵ تولہ ملا لیویں بہت نفع کرتا ہے + اور عناب ۷ دانہ سپستان ۱۰ عدد۔ آلو بخارا ایکتولہ
بنفشہ ۷ ماشہ کاسنی ۷ ماشہ۔ مکو ۷ ماشہ تخم خطمی ۷ ماشہ سب کو عرق بادیان ایک پاؤ میں تر کر کے
شربت بنفشہ ۳ تولہ ملا کر پلانا بہت نفع کرتا ہے اور نطول کرنا اگر دو پر بہت نفع دیتا ہے تخم
خطمی ایکتولہ۔ بادیان تخم کرفس حلبہ تخم شبت۔ اکلیل الملک۔ السی مقدار چھ۔ گل بنفشہ

گل بابونہ ایک ایک تولہ سبکو ۵ سیر پانی میں جوش دیکر نطول کریں بہت مفید ہے۔ اور پلانا شیرہ کاسنی شیرہ خیارین شیرہ مغز کدو و تخم بادیان تخم کشوث کاوکانج پانی میں نکال کر گلقند تین تولہ ملاکر پلانا بہت مفید ہے اور کرانا قے کا ہر قسم درد گردہ کو مفید ہے اور ملنا روغن قسط بہت نافع ہے اور ملنا قیروطی کا اوپر قطن و کمرگاہ کے بہت نفع کرتا ہے۔ قیروطی یہ ہے ✤ گل بابونہ اکلیل الملک تخم کتان۔ تخم حلبہ۔ تخم خطمی۔ مقل ہر ایک تین تین ماشہ۔ پیہ گوسفند ایک تولہ مغز ساق گاؤ ایک تولہ۔ گل روغن ۵ تولہ۔ موم سفید ایک تولہ۔ بطریق معمول بناکر مالش کریں اور مغز فلوس ۲ تولہ افتیمون ایک تولہ۔ شیر گاؤ نیم آثار میں جوش دے کر ۲ تولہ شربت ورد ملاکر پلانا بہت نفع کرتا ہے ✤ اور اطریفل کبیر بہت فائدہ دیتا ہے یا حریرہ نشاستہ کا کھلایا جاوے ہمراہ روغن بادام کے اور پلانا عرق بادیان دکمو کا بہت مفید ہے ✤

فصل ساتویں قروح الکلیہ یعنے زخم ہونا گردہ میں

سبب اس کا پیپ و خون آنا ساتھ پیشاب کے اور درد ہونا موضع خصوص میں اور نکلنا چھلکے کا برنگ سرخ یا زرد ✤ علاج۔ قے کرانا بہت نفع کرتی ہے اور فصد باسلیق کا ہونا بھی ضروری ہے اور اسہال مضر ہے اور یہ سفوف بہت مفید ہے صندل سفید صندل زرد۔ صندل سرخ۔ ریوند چینی۔ نشاستہ۔ رب السوس۔ شاخ گوزن۔ صمغ عربی۔ مغز خیار دراز مغز خیار خورد۔ بادرنگ۔ مغز خربزہ۔ کتیرا۔ مغز کدو۔ کافور۔ کہربا شمعی ہر ایک چھ چھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرہ بادیان چھ ماشہ کے کھائیں بہت مفید ہے۔ یہ سفوف قروح کلیہ و مثانہ و حرقت بول کو بہت نفع کرتا ہے گوکھرو سنگ جراحت۔ بیخ بند۔ تال مکھانہ۔ تخم خرفہ کتیرا منھا گوند ہم وزن لے کر سفوف بنادیں ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ السی چھ ماشہ کے کھلانا بہت مفید۔ یہ خمیرہ بہت مفید ہے ✤ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ حجر الیہود ۶ ماشہ۔ سنگ سرماہی ۳ ماشہ صمغ عربی ایک تولہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ عرق گلاب ۱ تولہ۔ عرق بیدمشک ۱ تولہ۔ قند سفید ایک پاؤ بطریق جوارش بنائیں۔ اور ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ خیارین ۶ ماشہ کے کھلانا بہت مفید ہے اور یہ سفوف بھی بہت اکسیر ثابت ہوا ہے ✤ مامیران چینی ریوند چینی چھ چھ ماشہ

صمغ عربی ایک تولہ افیون ۳ ماشہ۔ تخم خرفہ ایک تولہ۔ کنجد سفید ۲ تولہ۔ زرشک ایک ایک تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ گوکھرو ایک تولہ۔ گوگرد ۳ ماشہ۔ مغز خیارین ۴ ماشہ سفوف بنا کر چھ ماشہ ہمراہ شربت صندل ۲ تولہ دیں بہت مجرب ہے۔ اور یہ نقوع بہت مفید ہے۔ ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ قابلی۔ آملہ پوست ہلیلہ کشنیز خشک بادیاں بادرنگ سب کو چار چار ماشہ لیکر آدھ سیر نیم گرم پانی میں جوش دیکر رات کو ہوا میں رکھیں اور صبح ایک تولہ قند ملا کر پلانا بہت مفید ہے۔ سات روز استعمال کریں اور یہ سفوف بھی مفید ہے۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ انیسوں۔ زوفا کندر سب چھ چھ ماشہ افیون ایک ماشہ۔ تخم خشخاش ایک تولہ ملا کر سفوف بناویں اور یہ بہت نفع کرتا ہے اور جب قرحہ صاف ہو جاوے تو یہ سفوف کھلانا مفید ہے۔ دم الاخوین گل ارمنی کاغذ سوختہ کندر کہربا شمعی گیرو نشاستہ صمغ عربی کتیرا طباشیر تخم کاسنی بادیان تخم خیارین رب السوس مغز بادام کاہو تخم کرفس سفوف بنا کر ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ کاہو ۵ ماشہ کے کھلانا بہت مفید ہے اور غذا بیضہ نیم برشت بہت مناسب ہے اور باندھنا بھنی کا پارچہ سرخ میں گلے میں خروج گردہ کو مفید ہے + اور پلانا ریشہ خطمی و السی کا بہت نفع کرتا ہے۔ اور نشاستہ گندم روغن گل میں بریان کر کے حریرہ بنا کر کھلانا بہت نفع کرتا ہے اور گوشت کنجشک۔ زردی بیضہ مرغ۔ گوشت مرغ فربہ و مانند شیر خر و اسپ و شیر شتر و شیر بز نہایت مفید ہے + اور شیرہ مغز بادام و نشاستہ گندم روغن بادام ملا کر پلانا بہت مفید ہے

فصل آٹھویں جرب الکلیہ میں کھجلی ہونا گردہ میں

علاج۔ فصد باسلیق و صافن کرنا مفید ہے۔ اور تبرید مغز کدو ۶ ماشہ و خیارین ۹ ماشہ مغز خربوزہ ۶ ماشہ ترنجبین ۵ تولہ شیرہ نکال کر پلانا بہت مفید ہے + اور پلانا شاہترہ ۶ ماشہ آلو بخارا ۷ دانہ سپستان ۱۱ دانہ۔ عرق گلاب ایک پاؤ میں تر کر کے پلانا بہت مفید ہے۔ اور حقنہ کرنا مفید ہے + اور یہ سفوف بہت مفید ہے۔ رب السوس کتیرا صمغ عربی طباشیر زرشک تخم خرفہ تخم خیارین مغز کدو شیرین بادیان۔ کاسنی سب کو ہم وزن کوٹ چھان کر برابر وزن کا اسبغول ملا لیں اور ۶ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے ایک ہفتہ تک۔ اور قے بہت فائدہ کرتی ہے۔ اور دوائے مسہل دینا بہت نقصان کرتا ہے اس واسطے

منع ہے اور جرب گردہ و مثانہ کا علاج ایک ہی ہے۔ اور پلانا آلو بخارا شاہترہ مغز خیار سبز ترنجبین یا شربت درد بہت مفید ہے۔ و آب آہنگراں پنبہ آلودہ بر جسم دارند جرب را۔ تمورات رانفع کندہ یہ سفوف بہت مفید ہے ✤ طباشیر صمغ عربی نشاستہ کتیرا ہر ایک دو درم تخم خرفہ ۳ درم ریوند چینی مامیران چینی ہر واحد یک درم۔ زرشک منقی ۷ درم۔ کنجد مقشر بریاں ۱۵ درم۔ گوکھرو۔ گوگرد زرد۔ مغز تخم خیار بادرنگ ہر یک دہ درم نبات سفید بست درم خوراک ۳ درم ہمراہ لعاب اسپغول بنوشند مجرب است ✤ دیگر مغز خیارین ۶ ماشہ۔ تخم خربزہ ۶ ماشہ۔ شربت عناب ۲ تولہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ آمیختہ بنوشند ✤ شیرہ مغز بادام ۷ عدد با عرق بید مشک ہمراہ اسپغول بدہند و بر گردہ حجامت کرنا بہت مفید ہے۔ اور لگانا جونک کا اوپر گردہ کے اور پلانا شربت دینار کا ہمراہ لعاب بہیدانہ کے بہت مفید ہے ✤ اور احلیل روغن کدو و شیر خر و شیر دختران و روغن نیلوفر و لعاب بہیدانہ بذریعہ پچکاری مفید ہے۔ اور غذا از زردی بیضہ نیمبرشت و بچہ مرغ بسیار مجرب است ✤ و آیں شربت بسیار مجرب است بیخ کاسنی۔ کاسنی۔ مغز خیارین آلو بخارا تخم خطمی اسپغول۔ مغز خیارین مغز خربزہ مغز کدو شیریں بادیاں۔ تخم کرفس وزن برابر گرفتہ نبات سفید حسب ضرورت انداختہ شربت سازند ۲ تولہ صبح ہمراہ عرق بادیان اگر حجر الیہود و بعد سائیدہ یکتولہ آمیزند احدے خواہد شد مجرب است ✤

فصل نویں ذیابطیس میں

یہ دو قسم کا ہوتا ہے حار و بارد۔ اور یہ وہ مرض ہے کہ بسبب ضعف جگر و گردہ کے ہوتا ہے اور اس بیماری کی علامت یہ ہے کہ پیشاب بہت آتا ہے

علاج۔ سنگ یشب کھلانا و ہمراہ مربہ آملہ اول کھلا کر اوپر سے عرق بید مشک پلانا بہت مفید ہے اور یہ سفوف بھی بہت مفید ہے۔ کشنیز خشک گل سرخ طباشیر تخم کاہو تخم خرفہ گلنار ارمنی گلنار صمغ عربی ہر یک نیم ماشہ۔ کافور ایک سرخ سفوف بنا کر ہمراہ شربت انار شیریں ۲ تولہ بدہند مجرب است ✤ یہ قرص بہت مفید ہے۔ طباشیر رب السوس مغز تخم خیارین تخم کاہو تخم خرفہ بریاں صندل سفید کشنیز خشک بریان گل ارمنی نشاستہ گلنار سماق صمغ عربی ہم وزن لے کر قرص بنائیں دیگر۔ یہ قرص بہت مفید ہے قلعی کشتہ تخم تربوز خرفہ مقشر صندل سفید صندل سرخ

تخم کاسنی کافور کوفتہ بیختہ باب انار ترش قرص بہ بندند و ہمراہ شیر تازہ بدہند مجرب است + یہ سفوف بہت مفید ہے۔ گاؤ خشک۔ برگ جامن خشک کردہ کشتہ خاکستر مرجان صدف دریائی اصل السوس مقشر صمغ عربی کتیرا گل نیلوفر گاؤزبان مروارید ناسفتہ گل سرخ تخم کشنیز خشک تخم خرفہ صندل سفید کافور گلنار گل ارمنی تخم خشخاش سفید مغز چلغوزہ موصلی سیاہ تخم سروالی سب کو برابر وزن کوٹ چھان کر سفوف بناویں اور ایک تولہ ہمراہ عرق کاسنی کے بہت مفید ہے + دیگر سفوف از مجربات است + موصلی دکھنی سفید ستاور آملہ مصطگی خارخسک ست گلوست سلاجیت نیلوچن بیکھان بید گل منڈی خشت چاہ کہنہ نبات ہم وزن ملا کر سفوف بناویں اور ۴ ماشہ ہمراہ شربت بزوری کے دیں + اور یہ عرق بہت مفید ہے + صندل سفید کشنیز خشک عنب الثعلب اصل السوس ہر ایک پاؤ آنار برگ شاہترہ ایک سیر برگ کاسنی دو سیر گل منڈی ۳ سیر۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ گل خطمی۔ گل گاؤزبان برگ گاؤزبان ہر ایک آدھ آدھ سیر کافور ۱۲ درم بطریق معروف عرق نکالیں اور ۵ تولہ ایک ہفتہ تک پلائیں + مفرح بسیار مجرب است برائے ذیابطیس حار۔ شربت انار شیریں نیم پاؤ۔ شربت انار ترش نیم پاؤ۔ آلو بخارا ۷ دانہ تمر ہندی ۴ تولہ۔ آب رنگترہ نیم آثار۔ نبات سفید نیم آثار۔ نبات سفید بہ قوام آرند۔ بعد ازان عنبر اشہب نیم ماشہ آمیختہ فرود آورند۔ بعد ازان تخم حماض کشنیز مقشر بر بر جورہ۔ مغز کدو شیریں مغز خیارین خرفہ مقشر تخم کاہو طباشیر ہر ایک شش ماشہ۔ گل گاؤزبان۔ کہربا شمعی چھ چھ ماشہ ورق نقرہ لیب بسد مرجان سوختہ مروارید ناسفتہ ہر واحد ۳ ماشہ سائیدہ کرکے اوپر سے ملائیں اور خوراک چھ ماشہ ہمراہ عرق بید مشک مجرب است + یاقوتی برائے ذیابطیس مروارید ناسفتہ زہر مہرہ بسد سوختہ کہربا شمعی ہر یک ماشہ حب الآس جفت بلوط دم الاخوین شادنج مغسول دارچینی حب کاکنج خصیۃ الثعلب سعد کوفی صندل سرخ تودرین تخم خشخاش سفید بریان ابریشم مقرض در شربت حب الآس قوام کرکے قدرے عنبر ملا کر خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت حب الآس + سیدوا بہت مفید ہے۔ ہلیلہ بلیلہ آملہ امکترہ املتاس مساوی در آب جوش دادہ بنوشند + دیگر۔ گلو کھارہ خرما با شہد در آب جوش دادہ بنوشند + مجرب دوائی۔ گلو چترہ در آب جوش دادہ بنوشند۔ گلی انگترہ مار ماہی سب کو جوشدیکر پلانا مفید ہے + گلو سبز سائیدہ بنوشند

دیگر۔ پوست ارنی پوٹیت یا زردچوبہ یا پاڑی درآب جوش وادہ بنوشند وہمراہ سلاجیت بہند مجرب است + اور کھلانا گوشت کا بہت نفع کرتا ہے + اور سفوف مفید ہے۔ شقاقل مصری ثعلب بہمن سرخ۔ بہمن سفید حب السنہ چلغوزہ کنجد مقشر دانہ ہیل مقشر تخم خیارین ہر یک ۲ ماشہ مغز ہندوانہ شش ماشہ نبات سفید ایک سیر آمیختہ ہمراہ آب سرد بدہند مجرب است +

فصل دسوین حصاۃ در الکلیہ یعنی آناریت وکنکر کا گردہ سے

علاج۔ کشتہ حجر الیہود بہت فایدہ مند ثابت ہوا ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ حجر الیہود ۵ تولہ لے کر شیرہ ترب آدہ سیر میں حل کرکے خشک کریں اور بعد آتش ۵ سیر اوپلہ صحرائی کی دیویں۔ خوراک ایک چاول ہمراہ شربت بزوری بسیار مجرب است +

دیگر۔ کشتہ مرجان اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ مرجان ۵ تولہ لیکر گل گلاب تازہ دس تولہ میں نگدہ بنا کر رکھیں اور آتش دس سیر اوپلہ کی دیں بہت مفید ہے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ شیر خیارین ایک تولہ کے +

دیگر۔ شیرہ برگ نیب سبز ایکتولہ پانی میں نکالکر ایکتولہ روغن زرد کا داغ دیکر پہلے مغز کرنجوہ ایک ماشہ ایک تولہ شہد میں ملا کر کھاویں اور اوپر سے اسکو پیویں بہت فایدہ کرتا ہے +

دیگر۔ آب کریلہ سبز ایکتولہ ساتھ دوغ ترش ایک پاؤ کے ملا کر پینا بہت مفید ہے +

دیگر۔ برگ کرنجوہ جلا کر اسکی خاکستر ہمراہ شہد کے کھاویں سنگ گردہ دور ہوجاتا ہے مجرب ہے + یہ سفوف بہت مفید ہے۔ حجر الیہود سنگ سرماہی خیارین مغز تخم آلو بالو مغز حب الحلب حب القلت مغز چلغوزہ ترید سفید بادیان تخم خیارین تخم کرفس سب کو ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور ۶ ماشہ ہمراہ عرق بادیان و شربت بزوری کے دیویں بہت مفید ہے۔ اور یہ شربت اکسیر ثابت ہوا ہے۔ تخم خربزہ شکر سرخ تین پاؤ قوام کرکے شربت بناویں اسکے ہمراہ سفوف عقرب سوختہ بہت مفید ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ عقرب سیاہ سوختہ ۳ عدد خاکستر کردہ خاکستر چوب انگور جوکھار تخم کرفس مغز خیارین مغز خربزہ مغز کدو شیرین خرفہ مقشر ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور ۳ ماشہ ہمراہ اس شربت کے دیں بہت مفید ہے۔ اور پینا پانی سرد کا نہایت فایدہ کرتا ہے۔ اور غذا پالک خرفہ گوشت مرغ کشنیز تر کدو توری بہت مفید ہے +

بابُ ہفتدہمُ

امراض مثانہ مین شامل اُوپر چودہ فصلون کے

فصل پہلی ورم المثانہ۔ فصل دوسری قروح المثانہ۔ فصل تیسری جرب المثانہ۔ فصل چوتھی جمود الدم فی المثانہ۔ فصل پانچوین وجع المثانہ۔ فصل چھٹی خلع المثانہ۔ فصل ساتوین ریح المثانہ۔ فصل آٹھوین حصاۃ المثانہ۔ فصل نوین حرقۃ البول۔ فصل دسوین احتباس البول فصل گیارہوین تقطیر البول۔ فصل بارھوین سلسل البول۔ فصل تیرھوین بول فے الفراش۔ فصل چودھویں بول الدم

فصل پہلی ورم المثانہ مین

علاج۔ فصد باسلیق کی کرنا۔ اور آبزن کرنا ان ادویہ سے مفید ہے۔ تخم خطمی تخم خبازی گل نیلوفر گل بابونہ۔ تخم کاسنی۔ گل ٹیسو۔ ہر ایک ۵ تولہ ۵ سیر پانی مین جوش دیکر آبزن کراوین بہت مفید ہی دیگر میدے کی روٹی دودہ مین پکاکر باندہنا مفید ہی دیگر نطول کرنا تخم کتان حلبہ خطمی اکلیل بابونہ مغز قرطم برسیاوشان سبکو جوش دیکر نطول کرنا بہت مفید ہی دیگر یہ قرطی ملنا بہت مفید ہی۔ چربی بط۔ چربی گردہ بز چھ ماشہ موم سپید ایک تولہ۔ روغن گل ۵ تولہ۔ گل بابونہ ۳ ماشہ سبکو ملاکر ملنا بہت مفید ہی۔

فصل دوسری قروح المثانہ مین

علاج یہ سفوف بہت مفید ہی اور بارہا میرے تجربہ مین آیا ہے۔ کتیرا صمغ عربی دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ طباشیر۔ رب السوس حب کاکنج گلنار۔ گل نیلوفر۔ تخم خشخاش از ہر یک سہ ماسہ۔ نشاستہ۔ تخم خیارین مغز کدو۔ تخم خرفہ مغز خربزہ از ہر یک ۵ ماشہ ریوند چینی ۴ ماشہ ہمہ را کوفتہ بیختہ سفوف سازند خوراک ۷ ماشہ صبح ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ مجربست دیگر این سفوف از مطب استاد برائی قرحہ مثانہ و گردہ بسیار مجربست۔ کتیرا گلنار۔ صندل سفید طباشیر موچرس۔ خارخسک۔ گزمازج قلعی کشتہ ہر واحد چار ماشہ کہربا شمعی مصطگی۔ گل ارمنی ثعلب شقاقل لسان الحصافیر ہر یک ۲ ماشہ سفوف ساختہ شفم

ہمراہ شیرہ خربزہ ۶ ماشہ بدہند مجرب ست دیگر سفوف برای قرحہ مثانہ مجرب ست اصل السوس ست سلاجیت شورہ قلمی جوکھار دانہ الائچی کلان گل ٹیسو برگ حنا ہلدی زیرہ سفید از ہریک چار ماشہ نبات سفید وزن برابر سفوف ساختہ ۹ ماشہ بدہند و ہمراہ شیرہ خارخسک ۹ ماشہ در عرق بادیان یکپاؤ برآوردہ شربت بزوری ۳ تولہ آمیختہ مجرب ست۔

دیگر سفوف برائی قرحہ مثانہ بسیار مجرب ست۔ طباشیر ست گلو۔ دانہ الائچی خوردہ نشاستہ رب السوس۔ کتیرا صمغ عربی خرفہ تخم خشخاش۔ بارتنگ۔ مغز بادام مغز خیارین مغز خربزہ مغز کدو شیرین مغز بادبرنگ۔ گل ارمنی مغز بیدانہ ہموزن گرفتہ سفوف ساختہ ۶ ماشہ صبح ہمراہ شربت بزوری و شیرہ کاسنی بدہند مجرب ست۔

دیگر۔ قرص کاکنج درین باب بسیار فائدہ میدہد آزمودہ ست۔

فصل تیسری جرب المثانہ مین

علاج۔ کرنا فصد باسلیق کا اور کرانا قے کا بہت مفید ہے اور دودھ عورت اور بادام روغن کا حمول کرین دیگر یہ سفوف بہت مفید ہے۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہم وزن لے کر سفوف بنا دین۔ اور ہمراہ شیرہ خرفہ و مغز کدو کے پلا دین۔ اور شربت بنفشہ و شربت خشخاش دو دو تولہ ہمراہ آب گرم پئین۔ دیگر پلانا لعاب اسپغول و بیدانہ ہمراہ روغن بادام کے شربت بنفشہ ملا کر بہت مفید ہے۔

دیگر یہ سفوف بہت مفید ہے۔ تخم خرفہ۔ تخم کاسنی نشاستہ کتیرا صمغ عربی گل ارمنی۔ صندل سفید۔ مغز کدو شیرین۔ مغز خیارین۔ زرشک کشنیز سبکو ہموزن لیکر سفوف بنا دین اور چھ ماشہ ہمراہ شربت بزوری کے کھلا دین بہت مفید ہے۔

دیگر حب کاکنج اس مرض مین بہت مفید ہے۔ تخم خیار۔ تخم کاکنج۔ تخم کرفس تہیلوں ایچ۔ گل ارمنی دم الاخوین۔ صمغ عربی افیون سبکو ہموزن ملا کر گولیان برابر نخود کے بنا دین اور ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ۔ اور عرق گاؤزبان ایک چھٹانک کے کھائین

دیگر یہ عرق بہت مفید ہی۔ تخم کاسنی۔ شاہترہ۔ مکو۔ گل خطمی۔ گاؤزبان۔ گل کاسنی

سداج ہر یک ایکپاؤ گل گلاب ۵ سیر در آب شیرین ہش سیر ڈالکر عرق نکالین اور ۵ تولہ عرق ۳ تولہ سکنجبین بزوری ملاکر پلانا بہت مفید ہے۔ اور غذا مزعفر گوشت مرغ و تیتر و بٹیر بہت مفید ہے اور بقولات سے پرہیز کرنا بہتر ہے۔ باقی علاج جو جرب الکلیہ مین بیان ہوا مفید ہے

فصل چوتھی جمود الدم یعنے منجمد ہونا خون کا مثانہ مین

علاج پلانا سکنجبین بزوری ۳ تولہ کا ہمراہ خاکستر چوب انگور کے بہت مفید ہے
دیگر برنجاسف۔ تخم کرفس۔ تخم ترب۔ سداب ہر ایک ۳ ماشہ آدھ سیر پانی میں جوش دیکر ہمراہ سکنجبین بزوری پلانا بہت مفید ہے دیگر پلانا خالص سرکہ ۳ تولہ کا اس مرض مین مفید ہے بسفائج ۳ ماشہ۔ تخم قرطم ایک تولہ۔ پنیر مایہ ۲ ماشہ آدھ سیر پانی مین جوشدیکر پلاوین۔
دیگر یہ شربت بہت مفید ہے اکلیل الملک تخم خطمی۔ اذخر۔ بیخ اذخر سنبل الطیب سداب تخم خیارین بادیان اصل السوس۔ بادرنجبویہ تخم خرفہ سب کو ہموزن لیکر عرق مکو مین تر کرکے شربت بنائین اور قند سفید ڈالین۔ خوراک ۳ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کے پلانا بہت مفید ہے
دیگر یہ سفوف بھی بہت فائدہ مند ہے تخم کرفس پودینہ۔ زیرہ سیاہ بسفائج برنجاسف ہر ایک ۵ ماشہ سداب۔ اذخر سعد کوفی مصطگی فلفل سیاہ ہموزن لیکر سرکہ مین تر کرکے خشک کرین اور سفوف بنائین۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ شربت سکنجبین کے بہت مفید ہے
دیگر یہ ضماد بہت مفید ہے۔ روغن بابونہ ۳ تولہ تخم شبت ۲ تولہ آمیختہ بالند و بعدہ حمام روند مجرب ہے۔ اور آبزن کرنا گل نیسوفر تخم شبت۔ تخم حلبہ کا کنج تخم خربزہ گوکھرو قرطم بابونہ گل بابونہ اکلیل الملک بنفشہ پودینہ جنگلی۔ بزرالبنج برگ نیب برگ سنا برگ حسک برگ کرنب کرم وگز مازج سوئیہ ہموزن پیسکر جوشدیکر آبزن کرین +

فصل پانچوین خلع المثانہ یعنے ہٹ جانا جگہ سے مثانہ کا

علاج خصیہ خرگوش کا ساتھ شراب ریحانی کے پلانا بہت مفید ہے اور پلانا ترفلہ مرغ کا لیکر بہت مفید ہے اور فصد صافن کرنا بہت مفید ہے پوست خربزہ خشک کردہ سفوف نمودہ ۳ ماشہ بخور انند اور فصد صافن نفع کرنا بہت مفید ہے اور کرنا علاج فالج کا بہت بہتر ہے۔ اور سوکوار چینی سنبل الطیب اذخر قسط تلخ بسباسہ جوز بوا حنظل مغز بید انجیر جند بیدستر حلتیت جاوشیر

ہموزن لیکر گولیان برابر نخود کے بنائین۔ اور ہر روز صبح ہمراہ عرق بادیان کے ایک گولی کھلائین بہت مفید ہے اور مالش کرنا روغن قسط سے اور کھلانا معجون برشعثا کا بہت مفید ہے۔ اور مالش روغن مرچ ترکی بہت نافع اور مجرب ہے

دیگر یہ گولیان بہت مفید ہیں۔ تربد سفید۔ حنظل صبر سوہاگہ۔ فلفل سیاہ ہموزن لیکر شیر گھوار میں گولیان برابر نخود کے بنائین اور صبح وشام کھلائیں بہت نفع کرتی ہیں اور آبزن کرنا بہت مفید ہے۔ گل ٹیسو۔ گل معصفر گل بنفشہ گل خطمی اکلیل الملک بورہ ارمنی۔ نمک سیاہ سبوس گندم ہر ایک پانچ پانچ تولہ دس سیر پانی میں جوش دیکر آبزن کرین

دیگر یہ سفوف بہت مفید ہے۔ تخم خربزہ نیم پاؤ سعد کوفی ایکتولہ سنبل الطیب۔ دارچینی قلمی عود ہندی مصطگی رومی۔ زیرہ سیاہ۔ ناخواہ ہر ایک ایکتولہ سبکو کوٹ چھانکر سفوف بنائین۔ اور چھ ماشہ ہمراہ آب مویز منقے یعنے مویز منقے ۱۱ دانہ کو پانی مین جوش دیکر پلانا مفید ہے

فصل چھٹی ریح المثانہ یعنے پھولنا اور نفخ کرنا مثانہ کا

علاج۔ ماء الاصول ساتھ روغن بیدانجیر کے بہت مفید ہے سات روز استعمال کرین اور روغن بیدانجیر اس مرض میں بہت مفید ہے اور پچکاری کرنا روغن بادام وروغن کدو وروغن بیدانجیر کا بہت فائدہ کرتا ہے

دیگر اور یہ ضماد کرنا بہت مفید ہے سداب پودینہ۔ شبت۔ جند بیدستر۔ ہر یک چھ ماشہ سرکہ مین حلکر کے بہت نفع دیتا ہے اور کھلانا روغن زعفران کا اور ملنا بہت نفع کرتا ہے اور اگر پیشاب دشواری سے آتا ہو تو پوست خربزہ کا کوٹکر ۳ ماشہ ساتھ ایکتولہ قند سیاہ کے ملا کر کھلانا بہت مفید ہے اور قے کرانا بہت نفع کرتی ہے۔ اور یہ تریاق بہت نفع کرتا ہے دوغ سوختہ شاخ گاؤ سوختہ بسد سوختہ۔ مروارید ہر یک نیم مثقال۔ افیون رب السوس ہر یک یکمثقال سماق منقی غورہ خسک طین فارسی گل شیرازی ریوند ہر یک ۶ ماشہ خشخاش سیاہ وسفید بزرالبنج ہر یک سہ مثقال۔ عصارہ حبۃ الجبیس فطراسالیون زوفا خشک۔ شعتر تخم کرفس انیسون ہر یک ۲ مثقال۔ گل مختوم۔ تخم خطمی تخم خبازی تخم خرفہ مغز تخم خیارین مغز کدو مغز خربزہ۔ دم الاخوین ہر یک ۵ مثقال صمغ آلو۔ نشاستہ کتیرا حب القلت حب صنوبر۔ خرنوب مغز بادام شیرین

مقبشر ہریک ہفت مثقال گل ارمنی مغسول گل قبرسی یازدہ مثقال حب کاکنج چہ ماشہ ہمہ را کوفتہ وشہد سہ وزن ادویہ انداختہ تریاق تیار سازند۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان۔ غذا گوشت بریان مرغ وکلہ پاچہ بسیار مفید ست۔ وغسل آب گرم بسیار مفید ست

فصل ساتوین حصاۃ المثانہ یعنی پیدا ہونا پتھری یا کنکر کا مثانہ مین

علاج۔ کشتہ حجر الیہود ہمراہ شربت بزوری کے نہایت مفید ہے ترکیب کشتہ حجر الیہود یہ ہی۔ حجر الیہود ۵ تولہ۔ در عرق مولی ۲ تولہ کھرل نمودہ خشک کردہ آتش ایسر اوپلہ بدہند خوراک ۴ چاول ہمراہ شربت بدہند۔ شربت یہ ہے۔ کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ بادیان۔ بیخ بادیان ہر یک ۲ تولہ۔ تخم کشوث ۶ ماشہ۔ گل خطمی ایکتولہ۔ مغز خیارین ۴ تولہ۔ مغز خربزہ ۴ تولہ۔ مغز کدو شیرین ۴ تولہ۔ در عرق مکو ۲ سیر شب تر کردہ صبح نبات سفید ۱ ر پاو انداختہ شربت سازند وسہ تولہ بدہند نہایت مجرب ست

دیگر یہ معجون بہت مفید ہے۔ حب بلسان حب القلت۔ حجر اسفنج۔ خاکستر عقرب بیخ کاکنج ہموزن لیکر اور کوٹکر خس کے پانی مین ترکرکے خشک کرین اور دوچندان شہد ملاکر معجون بنائین اور ۶ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ کے بہت مفید ہی۔ اور ملنا روغن عقرب کا اس مرض مین بہت مفید ہی۔ ترکیب روغن عقرب سنبل الطیب اذخر۔ زعفران جوز بوا گل بابونہ۔ قسط تلخ۔ ہریک دو درم۔ عقرب سیاہ ۵ عدد در روغن زیتون ۵ تولہ و روغن گل دس تولہ ڈالکر چالیس روز دھوپ مین رکھین۔ واسطے حصاۃ کے نہایت مجرب ہے،

دیگر۔ عمل جراحی کرانا بہت مفید ہی اور پتھر پھوڑ بوٹی جو ترش ہوتی ہی اس کا شیرہ نکالکر ہمراہ خرمہرہ زرد سوختہ ایک ماشہ کے کھلانا بہت مفید ہی۔ اور صدف سوختہ اور کشتہ بیضہ مرغ ہمراہ شربت خربزہ کے بہت نافع ہی ترکیب شربت۔ تخم خربزہ ایک پاؤ چوب انگور ایک تولہ ہر دو کوٹکر پانی مین جوشیدہ بکرہ ۱ ر پاؤ شکر سرخ ملاکر شربت بنائین اور خوراک ۳ تولہ دیوین۔ انشاء اللہ ریگ مثانہ وسنگ مثانہ کے واسطے یہ نسخہ نہایت مفید اور مجرب ہے،

فصل آٹھوین وجع المثانہ یعنے درد کرنا مثانہ کا

علاج۔ بادیان۔ سداب احمود پودینہ انیسون۔ تخم گاجر۔ ہریک سہ ماشہ لیکر پانی مین جوشدیکر اور ۳ تولہ شربت دینار ملاکر پلاوین بہت نفع کرتا ہے۔
دیگر۔ یہ ضماد بہت مفید ہے۔ سداب۔ برنجاسف۔ پودینہ۔ جندبیدستر شبنت حلتیت ہر یک چھ ماشہ سکو لیکر پیسکر ضماد کرین دیگو۔ آبزن کرنا بھی بہت مفید ہے گل ٹیسو بابونہ گل کیستم۔ گل بنفشہ اکلیل الملک مرزنجوش ہریک ۲ تولہ سب کو پانچ بار پانی مین جوشدیکر آبزن کرانا بڑا مفید ہے دیگو۔ اطریفل صغیر ۹ ماشہ ہمراہ شیرہ گلقند ۲ تولہ کے بہت نفع کرتا ہی اور ملنا روغن بابونہ۔ سوسن و نرگس و فرفیون ملاکر ملنا بہت مفید ہی۔ اور گرم پانی کرکے مثانہ پر گرانا بہت مفید ہے اور کرنا پچکاری کا روغن بادام و روغن بابونہ ہمراہ پانی اذخر کے بہت مفید ہے اور پلانا تخم خربزہ و تخم کرفس کا ہموزن لیکر پانی مین جوشدیکر بہت مفید ہے دیگو۔ ضماد بھی بہت مفید ہی۔ اکلیل الملک بھنگ کو ہی فرفیون پوست خشخاش سکو سرکہ مین حل کرکے ضماد کرنا بہت مفید ہی۔ اور پلانا روغن بیدانجیر ۲ تولہ کا ساتھ شیرہ گاؤزبان کے بہت مفید ہے اور پلانا اس شربت کا بہت نفع کرتا ہی۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ بادیان بیج اذخر سعد بیخ کاسنی تخم کاسنی برنجاسف تخم خطمی مغز خیارین مغز خربزہ۔ پوست خشک خربزہ ہموزن لیکر نبات ۵ پاؤ ملاکر شربت تیار کرین اور ۳ تولہ صبح ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ کے پلاوین۔ اور باندہنا گل ٹیسو کا گرم کرکے اوپر مثانہ کے بہت مفید ہے اور غذا پالک خرفہ بہت مفید ہے

فصل نوین حرقۃ البول یعنے سوزش بول

علاج۔ لعاب بیدانہ ۴ ماشہ اسپغول ۶ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ ۳ تولہ کے مفید ہے اور یہ تبرید بہت مفید ہے۔ شیرہ خرفہ۔ شیرہ کاہو۔ شیرہ مغز تربوز۔ شیرہ خیارین۔ شیرہ مغز کدو شیرین شیرہ کاسنی ہمراہ ۴ تولہ گلقند اور ۲ ماشہ روغن بادام ملاکر پلانا بہت مفید ہے۔
دیگو۔ یہ شربت بہت نفع کرتا ہی۔ مغز خیارین ۲ تولہ۔ مغز کدو شیرین ۲ تولہ۔ مغز تربوز۔ تخم خرفہ تخم کاسنی۔ تخم کاکنج۔ ہریک ۱ تولہ لیوین اور شیرہ نکالین اور نبات سفید ۵ پاؤ ملاکر شربت بناوین۔

خوراک شربت ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۵ تولہ کے پلائیں۔ پرہیز تیز و حار اشیا سے اور غذا یخنی مرغ بہت مفید ہے اور پلانا شیرہ خار خسک ۹ ماشہ و شیرہ مغز کدو و شیرہ تخم ایکتولہ کا ہمراہ ۲ تولہ سکنجبین بزوری کے پلانا بہت مفید ہے اور کرنا پچکاری کا بہت نفعدیتا ہی۔ شیرہ کا کنج کو ہمراہ روغن کدو کے ملا کر پچکاری کریں۔ اور اگر فائدہ نہ ہو تو فصد باسلیق یا اسہال کرانا شیرہ مغز کدو ایکتولہ اور بادیان ۶ ماشہ و بنفشہ ایک تولہ گلقند ۲ تولہ۔ تربد سفید ۳ ماشہ کے بہت مفید ہے اور بعد ازاں یہ سفوف بہت نفع کرتا ہے۔ طباشیر۔ خرفہ کاسنی۔ مغز کدو۔ شیرہ بن ست گلو حب کا کنج کتیرا صمغ عربی سنگجراحت مغز بیدانہ خشخاش سفید ہموزن لیکر سفوف بناویں اور ہمراہ شیرہ مغز کدو شیرہ بن ایکتولہ و شربت بزوری ۳ تولہ کے کھلانا سات روز تک بہت مفید ہے

فصل دوسری احتباس البول یعنی بند ہونا پیشاب کا

یہ کئی وجہ سی ہوتا ہے مگر علاج مجرب سب کا ایک ہی جگہ درج کیا جاتا ہی علاج بیخال ہوش و بیخال کبوتر و نیل ہر سہ کو سہ ماشہ لیکر پانی میں حلکر کے ضماد کریں اور پلانا قلمی شورہ ایکتولہ کا ہمراہ شیرہ ترب ۰۰ ا تولہ ملا کر بہت مفید ہے اور آبزن کرنا بڑا مفید ہی۔ اکلیل الملک۔ تخم خطمی۔ گل ٹیسو۔ گل بابونہ ایک ایک تولہ پانی ۱ سیر میں جوشدیکر آبزن کرانا اور سفل اسکا اوپر مثانہ کے باندھنا بہت مفید ہی۔ اور کرنا پچکاری کا مفید ہے نمک لاہوری ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ایکتولہ لیکر پانی میں ڈالکر پچکاری کریں اور اگر حصاۃ کے سبب سے ہو تو حصاۃ کا علاج کریں اور اگر ورم کا باعث ہو تو ورم المثانہ سی علاج کریں اور اگر خلع المثانہ کا علاج ہو تو کریں اور کرنا کپور ریہ جو دھوبی کام میں لاتے ہیں اسکی بہت نفعکرتی ہی اور نطول بہت مفید ہے۔۔ دار چینی۔ سعد۔ سنبل الطیب۔ سلیخہ۔ قرنفل۔ بسباسہ ہر ایک تولہ سکو پانی میں جوشدیکر نطول کرنا بہت مفید ہے اور آبزن کرنا اکلیل الملک تخم شبت تخم حلبہ گل بنفشہ گل بابونہ سبوس گندم۔ نمک لاہوری گل ٹیسو ہر یک ۵ تولہ کو خشک آ تولہ کو دو آب تھندی ایک سیر جوشدیکر آبزن کریں بسیار مجرب ہے۔ غذا گوشت مرغ مرغن بیضہ مرغ و تیتر و بٹیر مفید ہی۔ پرہیز ترشی و بادی چاہیے

فصل گیارھوین تقطیر البول یعنی قطرہ قطرہ آنا پیشاب کا

علاج مغز کدو شیرین۔ خربزہ۔ خیارین تخم خشخاش مغز تربوز چھ چھ ماشہ لیکر شیرہ نکالکر شربت سکنجبین بزوری ۲ تولہ ملاکر پینا مفید ہے اور شربت خشخاش ہمراہ شیرہ خشخاش پلانا نفع کرتا ہے دیگر یہ سفوف بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ حب الکنج دم الاخوین کتیرا صمغ عربی۔ خرفہ کاسنی۔ تخم خیارین تخم خربزہ ہموزن لیکر نبات سفید ہموزن ملاکر چھ ماشہ ہمراہ ۲ تولہ شربت بزوری کے پلانا بہت نفعکرتا ہی۔ اور یہ سفوف بہت مفید ہے رب السوس۔ طباشیر دانہ الائچی سفید ستگل مغز ہندوانہ۔ مغز کدو شیرین۔ تخم خیارین بارتنگ مغز بیدانہ سبوس اسپغول تخم خشخاش سفید گلنار خرفہ۔ سبکو ہموزن لیکر سفوف بناوین اور چھ ماشہ ہمراہ آب تربوز کے یا آب کاسنی کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور پلانا سکنجبین بزوری ۳ تولہ کا ہمراہ شیرہ فرطم ایکتولہ و شیرہ گلقند ۲ تولہ کے ہمراہ حجر الیہود بہت مفید ہی۔ اور تکور کرنا شورہ قلمی ۲ تولہ کا بہت نفعکرتا ہے اور ملنا روغن بلسان و روغن زیتون و روغن بادام کا مثانہ پر بہت ہی مفید ہے

فصل بارھوین سلس البول یعنی بے ارادہ پیشاب کا نکل آنا

علاج۔ کندر سعد خولنجان جفت بلوط حب الآس گلنار ہموزن لیکر سفوف بنائین اور ۶ ماشہ کھلانا بہت مفید ہے۔ دیگر اور ضماد کرنا جندبیدستر و زعفران و مشک ملاکر مفید ہے معجون حابس البول۔ جفت بلوط کندر سعد خرفہ خولنجان راسن وج ترکی ہم وزن لیکر شہد ملاکر معجون بناوین۔ اور چھ ماشہ ہمراہ عرق بادیان کے کھلاوین۔ یہ سفوف مفید ہے۔ طباشیر خرفہ گلنار گل ارمنی تخم کاھو صمغ عربی کشنیز خشک ہموزن لیکر سفوف بناوین اور چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ کے کھلاوین بہت مفید ہے معجون خبث الحدید اسکی تاثیر بہت ہی اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ زنجبیل فلفل سیاہ دارچینی آملہ مقشر بلیلہ شیطرج ہندی زراوند مدحرج ثعلب مغز چلغوزہ بابونہ نارجیل ہر یک ۵ درم تخم بابونہ مویز منقی ۳۰ درم شہد دوچندان ملاکر معجون بنائین اور خبث الحدید ۱۱ ماشہ اضافہ کرین بہت مجرب ہے۔ معجون دیگر اقاقیا۔ گلنار ۳ درم ہر ایک صندلین چھ درم

عدس قصب الذریرہ تخم حماض صمغ عربی طباشیر سفید ہر ایک دو درم کندر یکدرم تخم مورد ۴ مثقال کوفتہ بگلاب حل کرکے قند دو وزن ملاکر معجون بناویں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ عرق آب انار دانہ مجرب ہے غذا گوشت بریان قلیہ آب نخود و تیتر و بٹیر وغیرہ مصالح گرم دارچینی ڈالکر کھائیں۔

فصل تیرھوین فی بول الفراش یعنی نکلنا پیشاب کا سوتے مین بغیر ارادہ کے

علاج سعد، کندر مصطگی خولنجان مغز چلغوزہ جفت بلوط حب الآس گلنار ہموزن لیکر سفوف بنائین اور ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان کے کھلاویں اور ملنا مسک جند بیدستر کا روغن سوسن مین ملاکر بہت مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ بروغن گاو بریان کندر زنجبیل زرنج ترکی۔ خولنجان ترنفل خصیۃ الثعلب اقاقیا مغسول صندل سرخ شہدانج بریان کلونجی سفید گلنار ہموزن میش سرخ سوختہ جفت بلوط بریان عود صلیب شونیز بریان کہربا بسد سوختہ موئے مشک عنبر خشخاش نخود بریان کشمش کشنیز و گندم بریان ہمہ برابر کوفتہ دو چندان شہد ملاکر معجون بنائین۔ خوراک چھ ماشہ دیگر خصیہ گوسفند بریان کرکے کھلائین دیگر ضماد کردن پشک بز بسیار مفید ست۔ گوشت خرگوش بریان خوردن مفید بود دیگر خصیہ خرگوش خشک کردہ شیلجم شبت عاقرقرحا تخم کرفس آمیختہ قدرے بخورند دیگر یہ دوا بہت مفید ہے پودینہ خشک سعد شونیز بریان کندر حب الرشاد خردل عسل دو وزن ملاکر ۳ ماشہ کھانا بہت مفید ہے۔ دیگر یہ دوا بہت مفید ہے۔ تخم کتان بریان اقاقیا کندر ماہیشا شب یمانی سعد بلوط۔ نشاستہ راسن جفت بلوط حب الآس۔ گلنار گل ارمنی صمغ عربی تخم خرفہ تخم کاہو سبکو برابر پیکر سفوف بنائین اور صبح وشام چھ ماشہ کھائین۔

فصل چودھوین بول الدم یعنی خون آنا بجائے پیشاب کے

علاج یہ سفوف بہت مفید ہے۔ گل ارمنی دم الاخوین سنگ جراحت کتیرا صمغ عربی شادنج عدسی مغسول سفوف ساختہ ۳ ماشہ ہمراہ شیر خشخاش شیرہ خرفہ بدہند دیگر یہ قرص بہت مفید ہے۔ تخم خیارین نشاستہ کتیرا صمغ عربی گلنار سک دم الاخوین۔ طباشیر

ست گلو کا کنج افیون ہموزن لیکر عرق گلاب میں گھسکر قرص بنائین۔ اور چھ ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے کھلائین دیگر اور کھلانا چاکسو کا بقدر ۳ ماشہ کے ہمراہ شربت صندل کے اکسیر ثابت ہوا ہے۔

دیگر یہ دوا بہت مفید ہے سنگجراحت گیرو گوند چنیا کتہ کاغذ سوختہ۔ گلنار گل ارمنی کسبہ کہربا سفوف کرکے ہمراہ آب دو بہ بائیدہ بخورند دیگر یہ ضماد کرنا۔ گلنار۔ گل ارمنی اقاقیا صندل سرخ گل سرخ کا پیس کر اوپر مثانہ کے مفید ہے۔ دیگر یہ نقوع بہت مفید ہے کشنیز خشک حب الآس۔ پوست سماق زرشک تخم پوست خشخاش۔ خرفہ بیخ انجبار۔ آملہ منقے ۳ ماشہ لیکر پانی میں پیسکر پلانا بہت نفع کرتا ہے دیگر فصد باسلیق کا کرنا مفید ہے دیگر یہ سفوف بھی مجربات مین ہے۔ بسد کہربا شمعی مروارید صدف سوختہ کندر شاہ بلوط اقاقیا گلنار سماق سبکو کوٹ چھانکر ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار کے کھلانا مفید اور گوشت مرغ وکبوتر وتیتر وبٹیر۔ وبیضہ مرغ نیم بریان ونشاستہ گندم در شیر پختہ کردہ مفید است دیگو کھلانا مور پنکھی کا ایک ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ کے مفید ہے

باب ہشتدہم ۲۸

در امراض مردان یعنی امراض قضیب وخصیہ شامل اوپر بائیس فصلون کے

فصل پہلی نقصان باہ مین۔ فصل دوسری سرعت انزال مین۔ فصل تیسری کثرت جماع وشہوت مین۔ فصل چوتھی جریان منی ومذی وودی میں۔ فصل پانچوین منی الدم میں۔ فصل چھٹی احتلام میں۔ فصل ساتوین فریموس مین۔ فصل اٹھوین عذیطہ مین۔ فصل نوین ابنہ میں۔ فصل دسوین ورم خصیہ میں۔ فصل گیارہوین عظم خصیہ میں۔ فصل بارہوین عانونہ مین۔ فصل تیرھوین وجع خصیہ میں۔ فصل چودھوین ارتفاع الخصیہ مین فصل پندرہوین دوالی الصفن میں۔ فصل سولہوین صلابت الصفن مین۔ فصل ستارہوین استرخار الصفن مین۔ فصل اٹھارہوین قروح القضیب میں فصل انیسوین حکۃ القضیب وخصیہ میں۔ فصل بیسوین اورام القضیب مین۔ فصل اکیسوین شقاق القضیب مین

فصل بائیسوین سدہ القضیب مین

فصل پہلی نقصان باہ مین

یہ مرض دو قسم پر ہے۔ ایک قلت خون اور روح وریح سے۔ دوسرا بسبب جلق کی خرابی سے شناخت پہلے سبب کی لاغر ہونا بدن کا۔ اور نہ خواہش ہونا جماع کا۔

علاج غذائیں مرغن اور لطیف کے کھلانے کی کوشش کرین اور معجون لبوب کبیر بہت مفید ہے جسکا نسخہ یہ ہے مغز بادام شیرین۔ مغز فندق مغز چلغوزہ مغز اخروٹ۔ مغز حب البطم۔ حب الزلم۔ حب الفلفل۔ تخم خشخاش۔ کنجد مقشر۔ تخم شلجم۔ تخم ترب تخم خربوزہ۔ تخم جرجیر۔ تخم پیاز۔ تخم اطیہ۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ زنجبیل کچلہ ہر یک یک تولہ۔ دارچینی۔ تخم انجرہ۔ خولنجان۔ تودری زرد تودری سفید بسباسہ۔ جوزبوا۔ زعفران تین تین ماشہ سبکو کوٹ چھان کر شہد دو چندان ملاکر معجون بنادین اور مشک ۳ ماشہ۔ ورق عنبر ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ ورق طلا ۲۰ عدد ملاکر خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر نیمگرم گاؤ کے۔ اور چھ ماشہ شام کو۔ پرہیز ترشی و بادی سے۔ بسیار مجرب ہے

دیگر یہ حریرہ بہت مفید ہے۔ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ مغز پنبہ دانہ ۶ ماشہ۔ مغز بادام مقشر ۲ تولہ۔ چار مغز ایک تولہ۔ زعفران ۲ سرخ سب کو آدھ سیر دودھ میں حل کرکے آگ پر پختہ کرین۔ اور دو تولہ شہد ملاکر حریرہ بنائین اور سات روز تک دیوین اور جماع سے قطعی پرہیز کرین۔ بہت مفید ہے۔ دیگر یہ حلوا مفید ثابت ہوا ہے بیضہ مرغ ۲۵ عدد زردی نکالکر روغن زرد آدھ سیر۔ شہد آدھ سیر آرد نخود بریان۔ آرد گندم تخم جرجیر ہر یک دس تولہ بطریق معمول حلوا بنائین اور ایک تولہ صبح ہمراہ دودھ کے کھلاوین بہت مجرب ہے اور غذا گوشت بریان مرغ بہت مفید ہے۔

دیگر یہ ماء اللحم بہت مفید ہے۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ ابریشم مقرض بادرنجبویہ گل سیوتی۔ گل سرخ۔ ہر یک تولہ۔ ثعلب۔ شقاقل ۳ تولہ۔ ستاور۔ گل اسگندھ عاقرقرحا۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ بادیان۔ نانخواہ۔ تخم کرفس ہر یک یک تولہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز خیارین۔ مغز کدو شیرین مغز تربوزہ۔ مغز بار جیسل ہر یک ۵ تولہ۔ تخم گزر ۳ تولہ اوشیگن ۲ تولہ۔ عاقرقرحا

ایکتولہ سیب ولایتی ۲۰ عدد - ناسپاتی ۲۰ عدد - انار ۲۰ عدد - رنگترہ ۳۰ عدد - انگور ۵ سیر کشمش ۵ سیر - مویز منقے ۵ سیر - شکر سفید ۲ سیر - گوشت مرغ ۵ اعدد گوشت بٹیر ۲۵ عدد - گوشت تیتر ۳۰ عدد - گوشت لوا ۲ عدد گوشت گنجشک ۵۰ عدد - گوشت گوسفند جوان ۱۰ سیر - زعفران ۲ ماشہ - مشک خالص ۳ ماشہ بطریق عرق کشند - خوراک ۵ تولہ صبح و شام بسیار مجرب ست -

دیگر - از مجربات استاد مرحوم - برای قوت باہ - عاقرقرحا ۲ تولہ - خوب باریک کرکے سرکہ کہنہ ۵ تولہ تر کردہ شہد ۵ تولہ ملا کر بطور لعوق کے بنائیں - خوراک ۲ ماشہ ہمراہ آب گرم ہفت روز انشاء اللہ باہ بسیار شود

دیگر یہ معجون بھی بہت مجرب ہے - حرمل - بسباسہ - جوز بوا - قرنفل دارچینی تخم جرجیر ہر یک ۵ درم - کنجد مقشر ۲ درم - شہد دو وزن ادویہ خوراک ۹ ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم آدھ سیر - سات روز استعمال کریں بہت مجرب ہے

دیگر دوائی عجیب الاثر برائے قوت باہ - تودری زرد تودری سفید تین تین ماشہ - عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ اول تودری خوردہ بالائش عرق بنوشند - در ہفت روز فائدہ بسیار باشد -

دیگر یہ گولیاں عجیب اثر رکھتی ہیں - عاقرقرحا - اسپند سوختنی - نیم بریان و نصف خام - پوست خشخاش - کنجد سیاہ - قرنفل خشخاش - موصلی سیاہ - شونیز - جوز بوا - اسگند فلفلموئیہ - تودری سفید تودری سرخ - ثعلب مصری - تخم ریحان ہر یک تولہ مغز بادام ۵ تولہ - مغز چلغوزہ ۵ تولہ - مغز اخروٹ ۵ تولہ ست سلاجیت ایکتولہ اذراقی مدبر ۲ ماشہ جدوار - زعفران - افیون ہر یک چھ ماشہ - زرنباد - فلفل سیاہ ہر یک تولہ - گوزن سوختہ ۵ ماشہ - قند سیاہ کہنہ ۳ تولہ ہمہ را کوفتہ حب بمقدار نخود بہ بندند - یک حب صبح و یک حب شام ہمراہ آب تازہ یا شیر تازہ بخورند بسیار مجرب ست

دیگر یہ حریرہ بہت مفید ہے - مغز بنولہ - دانہ ماش مقشر - مغز بادام - مغز نارجیل - مغز چلغوزہ مغز فندق - ہر ایک تولہ تولہ لیکر دودھ گاؤ نیم سیر میں شیرہ نکالیں اور ۲ تولہ روغن زرد سے داغ دیکر صبح کو پلائیں - بہت مفید ہے

دیگر - از مطب حکیم محمد شفا صاحب دہلوی برائے قوت باہ بسیار مجرب ست - گاجر آدھ سیر - خرما آدھ سیر

در شیر گاؤ ۵ سیر پختہ کنند بعد ازان آرد نخود بریان یا رسیدہ گندم نار روغن زرد بریان کردہ یا نیم سیر حلوا سازند قوام شہد یک آثار۔ بالائش مغز بادام۔ مغز فندق۔ مغز پستہ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر یک ۵ تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ گوند خرما ایکتولہ۔ دارچینی زنجبیل۔ خولنجان۔ زعفران ہر یک چھ ماشہ آمیختہ حلوا سازند۔ خوراک ۲ تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ نیم آثار بدہند۔ مجرب ست

دیگر یہ گولیان مجہ کو ایک درویش کامل سے دستیاب ہوئی تھین بہت مجرب ہیں۔ قوت باہ کے واسطے۔ سیماب گندھک۔ آملہ سار ایک ایک تولہ۔ اول سیماب کو پارچہ میں سات بار صاف کرین اور گندھک کو دودھ مین صاف کرکے کجلی کرین۔ بعد ازان قرنفل و کات سفید ایک تولہ ملا کر زردی بیضہ مرغ ۲ عدد مین حل کرکے گولیان کو کنار صحرائی کے برابر بنائین ایک گولی بوقت شب ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ کے کھلائیں بہت مجرب ہے۔

قسم دوسری باہ مین جو بسبب غلط کاریون کے سست ہوجاتا ہی ور عضو مین کجی آجاتی ہے

علاج۔ پٹی برائے مجلوق بسیار مجرب ست۔ شیر زقوم میں ایک پارچہ ململ کو خوب تر کرین۔ پھر خشک کرین اور بعد ازان انبہ ہلدی میں تر کرین۔ پھر خشک کرین۔ بعد ازان شیر گوسفند مین تر کرکے رات کو اوپر قضیب کے باندہیں۔ سات روز مین انشاء اللہ صحت ہوجاوے گی اور جب یہ عمل شروع کرین تو مریض کو یہ دوائی بطور حلوی ۵ روز کھلائیں۔ آرد نخود ۵ تولہ روغن زرد ۵ تولہ مین بریان کرکے ۵ تولہ شہد مین قوام کرین۔ بعد ازان زعفران ایک ماشہ ملا کر قلعی کشتہ ایک سرخ روز مرہ ملا کر ۵ تولہ روز کھلائیں۔ ترشی بادی سے پرہیز کرائیں۔

دیگر۔ یہ طلا کجی و کوتاہی و حلق زدہ کو بہت مفید ہی گھونگچی سفید۔ خراطین بیر بہوٹی بیخ مدار۔ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ایک تولہ۔ پستہ ۲۵ سب کو حل کرکے پارچہ میں بتی بنا کر شیر مدار دس تولہ میں تر کرین بعد ازان روغن زرد دس تولہ ملا کر اوپر میخ آہنی کے پیچید کرکے روغن ٹپکائیں اور بوقت شب اوپر قضیب کے مالش کرکے ستار روز پان باندھین بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اور کشتہ نقرہ کا گری ہمراہ شہد کے ستار روز ایک ایک رتی کھلائین بہت فائدہ کرتا ہی۔ ترکیب یہ ہے اول نقرہ ایک تولہ لیکر شیر گرونڈہ میں ایک سو مرتبہ بجھا کر

سنگرف ۲ ماشہ سنکھیا ۲ ماشہ شیر گرونڈ میں حل کرکے اس نقرہ پر ضماد کرین۔ اور ۴ سیر اوپلے کی
اگ دیوین بہت عمدہ کشتہ ہوجاویگا۔

دیگر ترکیب کشتہ نقرہ برائی قوت باہ وقوت اعصاب بسیار مجرب ست۔ دارچینی کباب چینی۔
چوب چینی۔ ریوند چینی۔ ہر ایک تولہ کوفتہ کرکے زیر و بالا روپیہ کے رکھکر ۲ سیر اوپلہ کی آگ
دیوین عمدہ کشتہ ہوجاویگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ ۵ تولہ حلوا سات روز کھائیں بہت مفید ہے
دیگر کشتہ ہڑتال طبقی برائے قوت باہ بسیار مجرب ست۔ ہڑتال طبقی سیماب ہر دو تولہ تولہ ہر دو
در شیر کتلی خورد سائیدہ قرص بستہ در سایہ خشک نمودہ در سکورہ گلی انداختہ گلحکمت نمودہ
آتش ۵ سیر اوپلہ بدہند۔ انشاء اللہ کشتہ برنگ سفید خواہد شد۔ بسیار مجرب ست۔ برای قوت
باہ یکچاول ہمراہ مسکہ گاو ۳ تولہ صبح بدہند مجرب ست۔

دیگر یہ گولیان بہت مفید ثابت ہوئی ہیں مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ مشک ۱۰ ماشہ عنبر ۲ ماشہ
جدوار خطائی ۲ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ ست سلاجیت ایکتولہ ثعلب دو تولہ
اول ثعلب را در شیر برگد تر نمودہ بعد ازان ہر دو را علیحدہ علیحدہ کوفتہ با لائش این ادویہ آمیختہ
قرنفل یکتولہ۔ عاقرقرحا ایکتولہ۔ کچلہ مدبر ۲ ماشہ در عرق گلاب ۱ تولہ خوب حل نمایند وبعد ازان این
روغن آمیختہ وورق طلا ۲ عدد۔ وورق نقرہ ۳ عدد حب بمقدار نخود بہ بندند ویک حب صبح
ویک شام ہمراہ شیر گاؤ بر اسلام ابسیار مجرب ست۔ اکثر یہ گولیان برائی مہاراجہ جنبانیا کرتا تھا
روغن تیر ہے۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ گھونگچی سفید تخم جر جیر ہر ایک ۵ تولہ۔ سبکو ۲ دو سیر شیر
میں جوشدیکر جغرات بنائیں اور مسکہ نکالکر گرم کرکے روغن بنائین اور قدری ڈال کر
گولیان بنائیں بہت مفید ہے اور یہ طلا استعمال کرین ۔۔ عاقرقرحا۔ مرچ دکھنی قسط
تلخ ہر یک تولہ۔ مال کنگنی ۵ تولہ۔ تخم دھتورہ ایکتولہ۔ پوست بیخ کنیر ایک تولہ۔ سفید ایکتولہ
گھونگچی سفید ایکتولہ۔ کندش ایک تولہ۔ فرفل ۳ تولہ۔ بسباسہ۔ کچلہ چھناک ہر یک تولہ بیلادر ۵ تولہ
تیر بھولی ایکتولہ۔ انگوزہ ۱۰ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۳ تولہ سبکو شیر مدار دس تولہ میں ترکرکے
روغن آتشی شیشی میں بطور چتال جنت کے نکالین اور سات روز مالش کرین بہت فائدہ
ہوگا۔ دیگر یہ نسخہ طلا قابل بادشاہون کے ہی۔ گنجشک نر خانگی گرفتہ و پرش دور کردہ

آشیانہ زنبور سرخ نہد بجد یکہ بمیرد بعد ازان عاقرقرحا زہرہ مرغ ایک عدد زہرہ گوسفند یک عدد زردی بیضہ مرغ ۵ تولہ سب کو کوٹ کر ۲ تولہ روغن چنبیلی میں سوختہ کریں اور صاف کرکے شیشی میں رکھیں اور سات روز مالش کریں اور ساتھ اسکے ہالون ۳ ماشہ زردی بیضہ مرغ ایک عدد میں ملا کر شہد تین پاؤ ڈال کر سات روز تک استعمال کریں بہت مجرب ہے +

دیگر یہ ضماد بھی بہت مفید ہے مغز ہتولہ دارچینی تخم ترب عاقرقرحا در شراب برانڈی حل نمودہ سات روز مالش یعنی ضماد نمایند و ہمراہ خوردن این سفوف بسیار مفید بکیفیت گوکھرو سفید ۵ تولہ ثعلب مصری ۵ تولہ خردل ایکتولہ ہمراہ شیر گاو نیم آثار بقدر ۶ ماشہ بدہند۔ در ہفت روز فائدہ گردد بسیار مجرب ست غذا گوشت مرغ و بٹیر و کباب و پلاؤ مرغن۔ پرہیز ترشی و بادی اور جیسا محل ہو طبیب کو لازم ہے کہ موقعہ کا علاج کرے

فصل دوسری سرعت انزال مین

علاج یہ سفوف بہت نفع کرتا ہے۔ بیخ بند ایکتولہ۔ ثعلب مصری۔ کتیرا صمغ عربی کشنیز خرفہ کاہو تخم خشخاش ہر یک تولہ۔ سبکو کوٹ چھانکر سفوف بناوین۔ اور ۶ ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ کے صبحکو کھائیں بہت فائدہ دیتا ہے

دیگر تنقیہ کرانا بہت مفید ہے اور اگر خون کا غلبہ ہو تو فصد باسلیق بھی نفع کرتی ہے اور جماع کرنا کثرت سے بہت مفید ہے۔

دیگر یہ سفوف بہت مفید ہے۔ کونپل ڈھاک کے در سایہ خشک نمودہ بعد ازان مصطگی بہمن سرخ بہمن سفید۔ تودری زرد۔ تودری سفید۔ ہلیلہ کیکر خشک کردہ موچرس کشنیز خشک تخم خشخاش سبکو ہموزن لیکر شکر سفید ہموزن ملاکر ۶ ماشہ صبح ہمراہ شیرہ خام کے کھاوین بہت مفید ہے سات روز تک کھایا کریں۔

دیگر تخم ریحان تخم ہلیل۔ برابر وزن لے کر کوٹ کر سفوف بنائین بہت مفید ہے سات روز استعمال کریں اور ترشی اور بادی سے پرہیز کریں +

دیگر معجون برشعشا بہت مفید ہے۔ اور یہ دوا بھی بہت فائدہ مند ہے کشتہ قلعی کشتہ نقرہ دانہ الائچی سفید طباشیر پوست بیخ ڈھاک پوست بیخ مولسری۔ موصلی سبنبھل گوند

ڈھاک صمغ عربی ست سلاجیت سبکو کوٹ چھانکر سفوف بناویں اور ۶ ماشہ روزمرہ ہمراہ شیرہ بادیان
کے کھایا کریں مجرب ہے، دیگر یہ سفوف جریان منی و سرعت انزال کو بہت مفید ہے۔ لک مغسول۔ تخم
قنب ہر یک ایک تولہ۔ تخم دہتورہ سیاہ ۳ ماشہ۔ کشنیز تولہ۔ کاہو تولہ سبکو کوٹ چھانکر ایک ماشہ ہمراہ شربت
بزوری ۲ تولہ کے کھاویں بہت مفید ہے۔

دیگر یہ گولیاں عجیب اثر رکھتی ہیں۔ جوز بوا شنجرف عاقرقرحا چھ چھ ماشہ افیون ۳ ماشہ سبکو کوٹکر قدر شہد
ملاکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور ایک گولی بوقت ضرورت کے کھائیں بہت مفید ہے دیگر کھانا صمغ
عربی پوست کیکر گل کیکر سبکو برابر کوٹ چھانکر سفوف بناویں۔ پرہیز ترشی و بادی سے از مجربات ہے

فصل تیسری خواہش شہوت جماع میں

علاج۔ اگر طاقت بدن ہی ہو تو بدون ضرورت کے توڑنا ایسی قوت کا اچھا نہیں ہوتا۔ اگر ضرورت
ہو تو پہلے فصد باسلیق او مسہل کریں اور غذائیں مائل بہ ترشی کھائیں مثل انار ترش و سرکہ و کافور
و کشنیز و عناب و غورہ و زرشک کے مفید ہے اور کھلانا تخم کاہو و تخم بھنگ و کشنیز خشک و بلوط نیلوفر
تخم خرفہ صندل سماق گلنار مسور مقشر طباشیر گل سرخ کافور سفوف بنا کے دینا بہت نفع کرتا ہے
اور پینا شہدانج و پوست خشخاش کا ساتھ دوغ ترش کے بہت مفید ہے دیگر یہ سفوف بھی مفید ہے
تخم سداب تخم سنبھالو پودینہ خشک مرزنجوش خرفہ کاہو کشنیز خشک پوست خشخاش کا بنا کر ہمراہ
لعاب اسپغول و بیدانہ و شربت نیلوفر ڈالکر کھلانا بہت مفید ہے دیگر یہ سفوف برای ایں حن مجرب
ست ماحصل السوس۔ تخم کاہو۔ تخم سداب۔ تخم سنبھالو اندر جو گوکھرو تالمکھانہ سپستان تیج سعد تخم
ریحان۔ کشنیز خشک شاہ بلوط گلنار ہمہ را سفوف ساختہ ہمراہ آب سرد بدہند مجربست غذا نان جویں
و تخم کرنب۔ شیر برنج اور غسل کرنا سرد پانی سے بہت مفید ہے

فصل چوتھی جریان منی میں یعنے نکلنا منی کا بے اراد اور نکلنا مذی و ودی کا

علاج یہ سفوف بہت مفید ہے تعلب مصری شقاقل مصری ستاور سبوس اسپغول بہمن سرخ بہمن

تودری زرد تودری سرخ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید موصلی مسمل مصطگی رومی۔ موچرس مغز سنگھاڑہ۔ سورنجان شیرین۔ مغز تخم تمر ہندی ہموزن لے کر سفوف بنائین اور شکر سفید ہموزن ملاکر ۶ ماشہ صبح و ۶ ماشہ شام ہمراہ دودہ گائے ایک پاؤ کے دیوین ترشی وبادی سے پرہیز کرین۔ بہت مجرب ہے

دیگر یہ سفوف ہر قسم کے جریان کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ بیخ بند سیاہ۔ تخم ہلیل گوکھرو ہر یک تولہ سپستان ۳ تولہ۔ اندرجو تالمکھانہ ایک ایک تولہ سفوف ساختہ شکر سفید ہموزن ملاکر ۵ ماشہ صبح اور ۵ ماشہ شام ہمراہ شیرتازہ کے کھلاوین۔ پرہیز ترشی وبادی کا اور یہ دواہر قسم کے جریان یعنی منی ودی وہ ودی۔ تخم سداب تخم سنبھالو۔ برگ پودینہ سعد گلنار۔ زیرہ سیاہ مرکی تہدانہ شونیز سبکو کوٹ کر سفوف بناوین اور ۶ ماشہ ہمراہ شربت نیلوفر کے کھلانا بہت مفید ہے۔

دیگر یہ سفوف بھی مجرب ہے۔ اصل السوس سداب تخم کاہو۔ گلنار تخم سنبھالو نشاشتہ تالمکھانہ اسپند سوختنی سبکو برابر کوٹکر ۶ ماشہ کھانا شربت عناب کے ساتھ اور کھانا ترشی ودودہ وغیرہ کا نقصان کرتا ہے

دیگر یہ حب اکسیر کا حکم رکھتی ہیں مذی وودی دور ہوجاتی ہے۔ عاقرقرحا جوزبوا آبسا دارچینی قرنفل اسپند کنجد سیاہ افیون ہموزن لیکر عسل خالص الگ گولیان برابر نخود کے بناوین اور صبح وشام ہمراہ پانی کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے

دیگر۔ یہ گولیان بہت نفع کرتی ہیں۔ انیسون۔ تخم کرفس رازیانہ فودنج مسکطراشیع سنبل الطیب۔ دارچینی سلیخہ حب بلسان اصل فسط ہر یک ۲ درم اول عورت را بدہند مجرب است ویک مرد بخورند انشاء اللہ حمل خواہد شد دیگر این حب مجرب ست۔ جوز بوا خولنجان بسباسہ افیون خصیۃ الثعلب ہموزن لیکر گولیان برابر نخود کے بناوین یک حب صبح ویک شام بدہند۔

دیگر یہ حب قوت باہ وجریان کو بہت مفید ہے عود قرنفل کبابہ فلفل قرفہ زعفران بالنگو دارفلفل گل بابونہ ہر یک چھ ماشہ مرواریدہ ۳ ماشہ عسل قدری ڈالکر گولیان بناوین اور سات روز تک استعمال کرین ۞

دیگر یہ معجون بہت مفید ہے۔ تودری زرد تودری سفید گزر مازج ساذج سعد زعفران قرنفل سورنجان جوزبوا بسباسہ مصطگی انیسون حب النیل پوست خشخاش قاقلہ طباشیر ورق گل سرخ صندل سفید سنبل الطیب عود غرقی درونج عقربی بوزیدان صمغ عربی تخم انجرہ دارچینی شقاقل بہمن سفید بزرالبنج بابہ شتر اعرابی بزر القنب ثعلب کشمش خرما مغز بادام و مغز بادام پستہ چلغوزہ مصطگی بہمن سرخ موصلی سیاہ منڈی ہال کنگنی تخم شلغم تخم قرطم تخم ترب حب الفلفل حب المستد خرد تخمی سبکو برابر کوٹ کر شہد دو چندان ملا کر معجون بنا دیں اور ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ ایکپاؤ کے کھاویں بہت نفع کرتا ہے

فصل پانچویں منی الدم یعنی نکلنا خون کا بجائے منی کے بسبب ضعف خصیتین کے

علاج۔ روغن مصطگی اور خصیوں کے ملنا بہت مفید ہے۔ غذا بیضہ مرغ کھلانا اور خصیہ گوسفند کا کھلانا بہت فائدہ کرتا ہے اور حجامت کرنا پنڈلیوں پر بہت مفید ہے ؛

دیگر یہ سفوف بہت نفع کرتا ہے۔ خرفہ کاسنی طباشیر گل ارمنی گل مختوم رب السوس کتیرا صمغ عربی کاغذ سوختہ گیرو حجر الیہود ہموزن لیکر سفوف بنا دیں ۶ ماشہ ہمراہ شیر خرفہ ۳ ماشہ و شربت بزوری ۳ تولہ کے پلانا بہت مفید ہے۔

دیگر یہ سفوف بھی بہت نفع کرتا ہے۔ گلنار گل ارمنی دم الاخوین کتیرا صمغ عربی ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور ۳ ماشہ ہمراہ لعاب اسبغول کے کھانا مفید ہے۔

دیگر کشتہ بیضہ مرغ یک سرخ ہمراہ دانہ الائچی سفید و طباشیر و دم الاخوین ایک ایک ماشہ کے کھانا بہت نفع کرتا ہے

دیگر یہ ضماد بہت نفع کرتا ہے۔ کشنیز خشک ۳ ماشہ حی العالم ۲ ماشہ۔ اقاقیا ۲ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ کا بہت نفع کرتا ہے دیگر کھلانا تخم خشخاش ۶ ماشہ کا ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ کے بہت مفید ہے اور جماع سے پرہیز اور اشیاء گرم سے پرہیز بہت نفع کرتا ہے ؛

فصل چھٹی احتلام یعنی نکل آنا منی کا رات کو سوتے ہوئے بلا ارادہ جماع کے اور علاج اس کا

باندہنا بہت نفع کرتا ہے۔ برگ بید مشک وبرگ سنبھالو۔ وگل سرخ بتسر ڈالکر سکو سفید کے

دیگر یہ گولیان بہت نفع کرتی ہیں۔ گلنار۔ بلوط۔ شونیز کندر ہر یک چھ ماشہ کندر ہموزن

لیکر گولیان برابر نخود کے بناویں۔ اور رات کو دو گولیان کہاویں بہت مفید ہیں۔

دیگر یہ ضماد کرنا بہت مفید ہے صندل سفید۔ عود ہندی جند بیدستر اقاقیا قسط تلخ وج ترکی

حب الآس سبکو برابر لیکر سرکہ میں حلکر کے ضماد کرین بہت نفع کرتا ہے

دیگر یہ ضماد بھی بہت مفید ہے۔ سورنجان تلخ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ زرشک گلنار

کزمازج۔ جوز السرو عود ہندی عود صلیب کوٹکر گلاب مین حلکر کے گرم ضماد کرین۔

دیگر یہ سفوف بھی نفع کرتا ہے۔ موصلی سنبل۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تج ثعلب مصری

بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ سبوس اسبغول سپستان تخم حماض تخم

سرالی کشنیز خشک۔ تخم خشخاش سپستان سبکو کوٹکر سفوف بنائیں اور ہموزن شکر ملاکر ۶ ماشہ

صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ آب تازہ بخوراند ✤

دیگر دوار المسک وخمیرہ مروارید جو بحث قلب میں آیا ہے بہت مفید ہے۔ پوست خشخاش ۹ ماشہ

بادیان کشنیز چھ چھ ماشہ نہار پانی میں تر کرکے صبحکو آب زلال اسکا پلانا بہت مفید ہے

دیگر یہ دوا عجیب الاثر ہے۔ تخم بلبل سپستان تخم ریحان تخم خشخاش وبیخ قند سیاہ سپید

ہموزن لیکر سفوف بناوین ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ آب سرد کے کھلانا بہت اچھا ہے۔

دیگر یہ معجون اذراقی بہت نفع کرتی ہے۔ اذراقی مدبر مقشر ایکتولہ لیکر گل گاوزبان ۲ تولہ

فلفل سیاہ ایکتولہ زیرہ سیاہ دارچینی۔ ہر یک تولہ ثعلب مصری ۱ تولہ مصطگی ۲ تولہ عود ۱ تولہ

سبکو کوٹکر دو چند شہد مین ملاکر معجون بنائیں۔ ایک تولہ بعد کھانے کے دینا بہت مفید ہے اور اکثر

یہ مرض جلق ہی ہوجاتا ہے۔ جلق کا علاج کرین ✤

دیگر یہ طلا اکسیر کا حکم رکھتا ہے مغز کرنجوہ۔ قرنفل جوز بوا۔ ہر ایک ایک تولہ درشیر زقوم

۵ تولہ حلکر کے روغن چنبیلی ۵ تولہ ملاکر خوب حل کرین اور قضیب کو لگاکر اوپر سے پان بنگلہ باندہیں

بہت نفع ہوتا ہے

دیگر یہ گولیان عجیب الاثر ہیں مصطگی زعفران افیون کشتہ کو زن ہموزن لیکر قندر

شہد ملاکر گولیان برابر نخود کے بنائین اور ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ آب تازہ کے کھائین اور پرہیز ترشی دودھ دبقولات سے ضروری ہے اور کھلانا تخم عنب الثعلب کا بہت نفع کرتا ہے اور عرق ماء اللحم بھی بہت مفید ہے اور رکھنا منہ مین جوزبوا کا سات روز تک احتلام کو روکتا ہے اور کھانا غذا کا رات کو بہت کم اچھا ہے ؛

فصل ساتوین فریسموس مین یعنے ذکر کا قائم رہنا آرزوے جماع مین ہر وقت

علاج یہ سفوف بہت مفید ہے ۔ کشنیز خرفہ کاہو شہدانج تخم سبھالو ۔ گلنار کافور طباشیر دانہ الایچی سفید ہموزن سفوف کرکے ۶ ماشہ ہمراہ عرق شیر ر ماد کے کھلاوین ایک ہفتہ اور فصد باسلیق اور صافن کا بہت نفع کرتا ہے ۔

دیگر باندہنا عانہ وپشت پر ٹکڑہ شیشہ کا بہت مفید ہے اور قی کراویں اور روغن سداب کا عانہ پر مالش کرین اور اسہال سے پرہیز کراوین ؛

دیگر عرق شیر بہت نفع کرتا ہے ۔ برگ گاؤزبان برگ خرفہ برگ کاسنی برگ بید مشک برگ سنبھالو برگ جامن برگ کدو برگ پالک بادرنجبویہ گل گاؤزبان برگ کاہو ہر ایک ایک پاؤ لیکر ۲ سیر پانی مین رات کو ڈالکر بطریق عرق کھینچیں اور وقت کشید عرق کے کافور ایک تولہ زعفران ۶ ماشہ پانی مین ڈالین ۔ اور دودھ گوسفند دس سیر صبحکو وقت کشید عرق ملاوین بہت نفع کرتا ہے ۔ غذا پالک کدو یا آش جو یا عدس زرشک ڈالکر کھانا بہت نفع کرتا ہے اور کھلانا نشاستہ بلوط کا خالص ہمراہ شیر خرفہ کے بہت مفید ہے ۔

فصل آٹھوین عذیطہ مین یعنی نکل آنا پاخانہ کا وقت جماع کے

علاج اقاقیا کندر گلنار ۔ راک صمغ عربی کا شیاف بناکر وقت جماع کے دبر مین رکھین اور روغن بہی اور روغن ابہل ور روغن نار دین مقعد پر ملین ۔

دیگر یہ گولیان بہت فائدہ کرتی ہین مصطگی عود پوست سماق ۔ تخم خرفہ خشخاش ہموزن لیکر اور افیون نصف وزن ملاکر گولیان برابر نخود کے بنائین اور ہمراہ پانی ایک گولی کھلادین

دیگر معجون برشعشا کا کھانا مفید ہے اور جوارش عود ترش بہت فائدہ کرتی ہے۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ بسد ۵ ماشہ مرجان ۲ ماشہ۔ عود ۳ ماشہ دارچینی ۲ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ ماشہ زیرسیاہ چھ ماشہ۔ کندر ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ و فلفل سفید ایک ایک تولہ زنجبیل شامی ۲ ماشہ آملہ مربہ ۵ تولہ ہلیلہ مربہ ۵ تولہ سیب مربہ ۵ تولہ۔ مربا ہہی ۵ تولہ۔ سبکو عرق بید مشک میں سائیدہ کرکے طباشیر ایکتولہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ دانہ الائچی سفید ایک تولہ ملا کر دو چند شہد میں ملا کر معجون بنالیں اور ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ کے صبح و شام کھانا بہت مفید ہے۔ زردی بیضہ مرغ ہمراہ تخم خرجیر کے کھانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور غذا گوشت بریان اور کباب تیتر و بٹیر کا اور بیضہ مرغ کا کھانا بہت مفید ہے پرہیز ترشی اور بادی کا اور لبنات و حامضات کا اور کھانا کنجشک خانگی کا شوربا بنا کر بہت مفید ہے۔ اور شبکو کم کھاوے۔ اور پہلے پاخانہ سے صاف ہو کر جماع کرے

فصل نویں علۃ المنناکح میں

اس مرض کو اطبا علت ابنہ کہتے ہیں۔ یہ وہ مرض ہے کہ آدمی کو خواہش جماع کرانے کی دبر میں ہو اور بدون جماع کرائے چین نہ پڑے یا تو بچپن میں صحبت بیجڑوں کی اور نامردوں کی باہم عمل کری اس فعل کا عادی ہو جائے یا مزاج قدیم سے انوثی ہو۔ اور آلات تناسل طرف باطن کی میل کرے اور جب تلی گرم ہو جائے اور امعا مستقیم دغدغہ کرے اسوقت بدون جماع کے صبر نہ آوے۔

علاج مسہل بلغم کا کہ جو شور نکالے دیویں اور ملبنار وغن بنفشہ کا ساتھ لعاب اسبغول و بیدانہ کے بہت نفع کرتا ہے اور مسہل یہ ہے شحم حنظل ایارج فیقرا تربد سفید تخم کشائی کلاں سفوف بنا کر ہموزن لیکر روغن بادام میں چرب کرکے ۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیان تین بار و کھاویں بہت مفید ہے اور یہ ترکیب بہت عمدہ ہے۔ برگ سنا مکی اتولہ گل سرخ ۲ ماشہ بادیان ۶ ماشہ در آب نیم سیر جوشدادہ روغن بید انجیر ۵ تولہ آمیختہ نیم گرم نبات سفید ۳ تولہ انداختہ بنوشند اور بعد غذا اختشکہ و شوربا اور لگانا اس روغن کا بہت نفع کرتا ہے۔ کافور ۳ ماشہ

بھنگ سبز ۱ تولہ۔ برگ صدبرگ ایکتولہ۔ رسوت ایک ماشہ۔ سبکو ۳ تولہ روغن گل میں ملا کر ضماد کرے اور غذائے شوربا مرغ کا بہت نفع کرتا ہے۔ دیگر چلنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور کوئی علاج نہیں ہے

فصل دسویں ورم الخصیہ میں

علاج۔ فصد باسلیق اور صافن اور حجامت ساقین کی کرنا بہت مفید ہی اور سرکہ اور گلاب لعاب اسبغول و آب کشنیز سبکو ملا کر ضماد کرنا بہت مفید ہے

دیگر۔ تخم کاہو ایک تولہ۔ پوست خشخاش ۲ تولہ دونوں کو پیسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے۔

دیگر۔ یہ دوا بہت مفید ہی۔ صبر ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ سبکو پیسکر سفیدی بیضہ مرغ میں حل کرکے ضماد کرنا حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔

دیگر باندھنا گل ٹیسو پانی میں جوشدیکر اور گرانا پانی گرم گرم کا اوپر خصیہ کے بہت مفید ہے اور باندھنا پھوگ کسم کا گرم گرم بہت نفع کرتا ہے۔ اور باندھنا موم کا بقدر ۵ تولہ کے۔

دیگر پلانا اس جوشاندہ کا بہت مفید ہے۔ بادیان ۶ ماشہ۔ اصل السوس ۳ ماشہ۔ انیسون ۶ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ ملا کر جوشدیکر پیویں اور اگر قبض ہو تو مسہل لازم ہی روغن بید انجیر سے۔ اور ضماد کرنا تخم کتان ۶ ماشہ وحلبہ ۶ ماشہ۔ اکلیل الملک ۶ ماشہ کا ساتھ سرکہ کی بہت مفید ہے اور پلانا تخم قرطم ایک تولہ۔ اور گلقند ۲ تولہ کا عرق بادیان میں پیسکر بہت مفید ہے اور قی کرانا بہت نفع کرتی ہے اور یہ ضماد بہت مفید ہے مقل ۳ ماشہ اکلیل ۳ ماشہ۔ گل بابونہ ۳ ماشہ۔ مغز ساق گاؤ ایک تولہ۔ پیہ مرغ چھ ماشہ۔ میعہ سائلہ ۳ ماشہ سبکو روغن گل ۵ تولہ اور موم سفید ایک تولہ ملا کر بہت نفع کرتا ہے۔ اور غذا شوربا مرغ کا اور گوشت بریان بہت ہی مفید ہے

فصل گیارہویں عظم الخصیتین یعنے بڑا ہونا خصیوں کا

علاج۔ بیخ شوکران ایکتولہ۔ تفاح ایکتولہ۔ پوست خشخاش ۳ تولہ جوشدیکر پانی میں باندھنا مفید ہی۔ اور ضماد کرنا گل ارمنی وسرکہ کا بہت نفع دیتا ہے اور باندھنا سرب کا پترہ بنا کر بہت مفید ہی۔ اور یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ یعنے برگ بھنگ ایکتولہ۔ برگ دھتورہ

ایک تولہ۔ تخم بھنگ ایک تولہ سبکو پیشاب خچر میں پکا کر باندھنا عجیب الاثر ہے۔
اور کھانا حب مقل کا بہت نفع کرتا ہے: گوگل۔ بادیان۔ انیسون۔ زنجبیل ہر یک
چھ ماشہ۔ تخم بید انجیر ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر گولیان برابر بیر کے بنائین۔ اور ایک گولی
ہمراہ عرق بادیان کے کھائین۔ بہت نفع دیتی ہے۔ اور مسہل کرنا ساتھ قے کے مفید ہے
دیگر۔ فصد صافن بہت مفید ہے۔ غذا گوشت کا کھلانا بہت مفید ہے۔ پرہیز ترشیون
وبقولات کا بہت نفع کرتا ہے۔ اور پلانا عرق ماء اللحم کا مفید ہے۔ اور یہ سفوف بہت مفید
ثابت ہوا ہے لک مغسول شہد انج۔ مصطگی رومی عود۔ دارچینی۔ زیرہ سیاہ گل ارمنی
گل مختوم گیرو سب کو برابر کوٹ کر سفوف بنا دین۔ اور چھ ماشہ ہمراہ شیرہ قرطم ۹ ماشہ
وشیرہ گلقند ۳ تولہ کے کھلانا بہت مفید ہے اور لگانا اس کا بھی نفع کرتا ہے۔ اور باندھنا
گل ٹیسو کا بہت نفع کرتا ہے۔ مجرب ہے۔

فصل بارہوین عاقونہ یعنے اختلاج فم رحم یا فم ذکر کا اور ادعیہ منی کا اختلاج یعنے پھڑکنا

علاج فصد باسلیق کا مفید ہے۔ اور پلانا شیر خشت ۲ تولہ ترنجبین ۵ تولہ مغز فلوس کا ہمراہ
دودھ کے جوشدہ یکبر نفع کرتا ہے اور ضماد کرنا اس کا قضیب اور ادعیہ منی پر بہت مفید ہے
صندل سفید گل ارمنی۔ افیون گشنیز خشک پیسکر ضماد کریں اور آب خرفہ پلانا بہت
نفع کرتا ہے۔ اور قضیب پر جونک لگانا مفید ہے۔

دیگر مسہل دیوین ساتھ جوشاندہ اصل السوس گل بنفشہ۔ بادیان تخم خطمی تخم
خبازی۔ تخم خیارین کا پلا کر بعد ازان مغز فلوس و شیر خشت ملا کر روغن بادام ملا کر پلانا
بہت مفید ہے اگر ان تدبیرون سے نفع نہ ہو تو معجون اذراقی بہت مفید ہے۔ بجلد بر۔ دارچینی
گل گاؤزبان ہر یک تولہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۹ ماشہ۔ مصطگی رومی ۹ ماشہ
عود غرقی چھ ماشہ۔ طباشیر۔ دانہ الایچی کلان۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہر یک تولہ سب کو
پیسکر دو چند شہد مین ملا کر معجون بنائین خوراک ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام دو ہفتہ تک

دو ہفتہ تک کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ غذا گوشت بریان ہمراہ نان گندم و گوشت تیتر و بٹیر کھلانا بہت مفید ہے۔ اور لگانا قرنفل و زنجبیل و گیرو کا پیپ بہت مفید ہے۔ اور ملنا روغن مصطگی اور روغن ناردین اور روغن زیتون کا بہت مفید ہے۔ اور باقی علاجات جو اختلاج کی بحث میں بیان ہوئے ہیں کریں۔

فصل تیرہوین وجع الخصیہ مین یعنی درد کرنا خصیوں کا

علاج۔ کھلانا گلقند، زنجبیل دارچینی ہر یک تولہ ملا کر ساتھ عرق بادیان ، پاؤ کے بہت نفع کرتا ہے۔ اور سینک کرنا ساتھ خشت خام کے مفید ہے اور باندھنا برگ بھنگ کا جوشدیکر نفع کرتا ہے۔ اور سینک کرنا پوست خشخاش ۳ تولہ کا پانی ایک چھٹانک میں جوش دیکر بہت مفید ہے

دیگر۔ ضماد کرنا زعفران و افیون کا سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے بہت مفید ہے اور قے کرانا بہت نفع کرتا ہے اور نطول کرنا ساتھ پانی ادویہ کے بہت مفید ہے۔

دیگر نطول۔ تخم شبت عنب الثعلب تخم حلبہ اکلیل الملک بادیان گل ٹیسو برگ عنب کا ہموزن لے کر پانی میں جوشدیکر بہت مفید ہے۔ اور کھلانا معجون فلاسفہ کا ہمراہ عصارہ ریوند چینی سہ مرغ کے بہت مفید ہے۔ فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

دیگر پلانا عرق بادیان کا نیمگرم نفع کرتا ہے۔

دیگر ان گولیون کا کھلانا بہت مفید ہے۔ برگ سنا مکی ۳ تولہ مغز بادام ۳ تولہ تربد سفید غاریقون۔ حب النیل ہر یک تولہ کوٹ چھانکر ہمراہ عرق بادیان قدرے ملا کر گولیان برابر کوکنار صحرائی کے باندھیں اور ایک گولی ہمراہ شیر گرم ایک پاؤ کے کھلائیں بہت مفید ہے اور چھیدنا گوش کا بجانب مخالف بہت نفع کرتا ہے غذا گوشت کا شوربا نان گندم بہت مفید ہے

دیگر معجون برشعثا بہت ہی نفع کرتی ہے۔

دیگر پانی گرم نمک ملا کر ڈالنا بہت ہی مفید ہے۔

فصل چودہوین ارتفاع الخصیۃ یعنے چڑھ جانا اوپر کو خصیہ کا

سبب اسکا غالب آنا سردی کا ہے علاج۔ حمام کرانا بہت مفید ہے۔ اور نطول کرین اکلیل الملک مرزنجوش تخم حلبہ و تخم شبت کے پانی مین جوشدیکر نطول کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور کھلانا زنجبیل کا مربہ ہمراہ ورق طلا کے ایکتولہ اور لگانا زعفران و افیون کا اوپر خصیہ کے بہت مفید ہے اور کھلانا اس معجون کا اوپر خصیہ کے بہت مفید ہے۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ تج۔ زیرہ سیاہ۔ مصطگی۔ عود۔ ہریک چھ ماشہ تخم خشخاش ایکتولہ۔ مغز بید انجیرہ تولہ۔ مغز تخم قرطم ۳ تولہ کوٹ چھانکر دوچند شہد ملاکر معجون بنائین بہت مفید ہے

دیگر جوارش کمونی ہمراہ عرق بادیان ریاؤ کے کھلانا بہت مفید ہے

دیگر لگانا اسپغول کا کوٹ کر ہمراہ سرکہ کے بہت مفید ہے۔ اور ملنا روغن گل ۵ تولہ وسوم ایکتولہ و گل بابونہ ۳ ماشہ و اکلیل الملک ۶ ماشہ کا قیروطی بناکر اور باندھنا روئی گرم کا اور کرنا نکور کا باجرا سے اور نمک سے بہت مفید ہے اور باندھنا انگشت دوسری پاؤنکے ساتھ تار آہن کے وجع کلیہ کو بہت مفید ہے۔ اور غذا شوربا مرغ کا روغن بادام ڈالکر بہت نفع کرتا ہے اور پلانا اور ملنا روغن بادام ایکتولہ کا ساتھ خردل ایک تولہ کے ملاکر بہت مفید ہے اور جو علاج تشنج کا ہے وہی کرنا بہت مفید ہے۔ اور ملنا زنجبیل کا عانہ پر بہت مفید ہے۔

فصل پندرہوین وہ الی الصفن یعنے سپید ہونا رگون خصیون کا بسبب صفن وصلابت صفن یعنے سخت ہونا جلد خصیونکا صفن نام جلد خصیہ کا ہے

علاج قے کرانا بہت مفید ہے اور لگانا مسک کا بہت مفید ہے۔ اور لگانا کافور ایک ماشہ کا ساتھ مسکہ گاؤ ایک تولہ کے بہت مفید ہے

دیگر یہ مرہم بہت فائدہ کرتی ہے جست سوختہ ۳ تولہ کتھ سفید ۳ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ روغن گاو در آب شستہ بطور مرہم سازند و بر خصیہ ضماد سازند

دیگر شاہترہ کا سیاہ پلانا ساتھ شربت عناب کے بہت مفید ہے۔ اور لگانا لعاب اسپغول ۶ ماشہ

ولعاب حلبہ ولعاب بہدانہ ۲ ماشہ سب کو نکالکر روغن گل ۵ تولہ سرکہ ۵ تولہ سب کو ملاکر کافور ۳ ماشہ ملاکر لگانا بہت نفع کرتا ہے

دیگر۔ یہ شربت بہت مفید ہے۔ شاہترہ چرائتہ۔ گل منڈی برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ بسفائج۔ برنجاسف پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ مقشر برگ سنا مکی گل سرخ بادیان تربد سفید سبکو چھ چھ ماشہ لیکر دو سیر عرق گاؤزبان میں سبکو بھگو کر صبح نبات سفید۔ پاؤ ملاکر شربت بنائیں اور ۳ تولہ صبح کو ہمراہ عرق شاہترہ کے پلانا بہت مفید ہے۔ غذا پالک وخرفہ وکدو وشلغم وغیرہ اور اشیائی گرم وتیز سے پرہیز کرنا لازمی ہے۔

فصل انیسویں احتراق الصفن یعنی فوطے ہونا جلد خصیہ کا

علاج جو کچھ کہ استرخا میں بیان ہوا ہے وہ یہاں بھی مفید ہے اور لگانا روغن قسطمرکب کا بہت نفع کرتا ہے۔ قسط تلخ ایک تولہ۔ قسط شیرین ایک تولہ۔ جوزبوا بسباسہ۔ قرنفل کربخود چھ چھ ماشہ۔ برگ دہتورہ۔ برگ پیاز۔ انجیر۔ برگ سنجنہ ہر یک تین تولہ سب کو ۲ دو سیر پانی میں شب کو تر کرکے روغن کنجد تار ملاکر تیار کریں اور شب کو خوب مالش کریں اور سات گولیاں کھلائیں بہت مفید ہیں۔ کچلہ مدبر ۲ ماشہ فلفل سیاہ۔ دار فلفل ایک ایک تولہ مصطگی عود ہندی۔ زیرہ سیاہ چھ چھ ماشہ مغز بادام مقشر ۲ تولہ ملاکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں۔ اور ہر روز ایک صبح اور ایک شام ہمراہ عرق بادیان کے بہت مفید ہے۔

دیگر۔ یہ ضماد بہت مفید ہے۔ گلنار کشنیز خشک گل ارمنی۔ اقاقیا صندل سفید سبکو ہموزن لیکر سرکہ میں پیسکر ضماد کریں اور لگانا کچلہ کا پیشاب گائے میں گھسکر بہت نفع کرتا ہے

دیگر۔ یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ سورنجان تلخ صبر زرد سفید ملٹا کی افستین تخم سیاہ پنیر شحم حنظل اجمود چھ چھ سبکو پیسکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں۔ اور ایک صبح اور ایک شام ہمراہ عرق گاؤزبان کے کھائیں پرہیز ترشی ولبنیات

دیگر۔ یہ ضماد بہت مفید ہے۔ اقاقیا۔ گلنار گزمازج۔ شاہ بلوط گل مختوم طباشیر گیرو صندل سرخ رسوت ہموزن لیکر سرکہ میں حلکر کے یا آب کشنیز سبز میں حل کرکے ضماد کریں۔

غذا گوشت مرغ تیتر و بٹیر وغیرہ اور باقی علاج جو استرخاء المقعد میں بیان ہوا عمل میں لائیں مجرب ہے ۔

فصل ستارھوین قروح القضیب و قروح الخصیہ مین

یہ ہر دو مرض ایک مرض ہے ۔ اور اطبا نے اسکو آتشک سے علیحدہ تجویز کیا ہے مگر بسبب طول ہونے کے اسکی تفصیل آتشک و سوزاک مین داخل کر دی ہے ۔ جو قروح اوپر قضیب کے ہوں وہ حشفہ چھوڑ کر وہ اکثر حدت وغیرہ سے ہو جاتے ہیں ۔ اُنکا علاج مرہم وغیرہ سے کرین اور جو حشفہ کے نزدیک ہو اُسکا علاج آتشک کا کیا جاوے ۔ اور جو زخم اندرونی ہو اُسکا علاج سوزاک کا کیا جاوے ۔ ہر ایک کی تفصیل جدا جدا بیان کی جاتی ہے ۔ اول علاج قروح کا جو بدون آتشک کے ہو اُسکو قروح القضیب کہتے ہیں

علاج ۔ صبر ۔ انزروت ۔ مردارسنگ ۔ اقاقیا ۔ مقسول سبکو ہموزن لیکر پانی میں گھسکر لیپ کرین اور یہ دوا بھی لگانا بہت نفع کرتی ہے ۔ طوطیا سوختہ ۔ کُندر سوختہ ۔ مس سوختہ ۔ شادنج ۔ گلنار ہموزن لیکر سفوف بنا کر چھڑکین ۔ اور دوا بھی مفید ہے ۔ کاغذ سوختہ ۔ پوست درخت صنوبر سوختہ ۔ گل ارمنی ۔ سفیدہ کاشغری ۔ کتھ ۔ کافور سبکو لیکر ساتھ روغن گاو کے حل کرکے لگاوین ۔ اور یہ مرہم بہت مفید ہے ۔ کندر ۔ دم الاخوین ۔ مرکی ۔ صبر ۔ مردارسنگ ۔ انزروت سبکو چھ چھ ماشہ لیکر ۵ تولہ روغن ۔ موم سفید ایک تولہ ملا کر مرہم بنائین ۔ اور اول تنقیہ قے و اسہال سے کرنا مفید ہے ۔ اور یہ دوا ہر قسم کے قروح کو بہت نفع دیتی ہے ۔ طوطیا خام ۔ سنگرف ۔ چوک ۔ حب سلاطین ہر ایک چھ ماشہ سبکو کوٹ کر قدرے پانی ملا کر گولیان بقدر نخود کے بناوین اور ایک گولی ہمراہ چھاچھ جغرات یعنے دھی لیکر اسمین قدرے ملا کر ایک گولی اُسکے ہمراہ کھاوین غذا کھچڑی بعد اسہال کے ۔ دو روز بعد یہ گولیان ہمراہ جغرات کے سات روز استعمال کرنے سے ہر قسم کا قروح خشک ہو جاتا ہے ۔ اجوائن خراسانی ۔ اجوائن دیسی ۔ تخم کرفس اجمود ہر یک تولہ ۔ بھلاور ۷ عدد ۔ کنجد سیاہ ۷ تولہ ۔ سیماب ایک تولہ ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ ملا کر کھرل مین چار روز تک خوب کوٹین اور بعد مین گولیان برابر کوکنار کے بنائین اور ایک گولی ہمراہ جغرات کے کھلائین ۔ جملہ ہر قسم کی آتشک ہے ۔ بہت مجرب ہے

اور یہ گولیاں آتشک کو بھی بہت مفید ہیں۔ یہ گولیاں بھی اکسیر کا حکم رکھتی ہیں پالکنگنی لتجوان خراسانی۔ اجوو کچلہ۔ گیرو۔ کلونجی ہر یک چھ ماشہ۔ تخم دھتورہ ۳ ماشہ سبکو بغیر گیرو کے بریان کر کے افیون ۳ ماشہ ملا کر گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور سات روز تک کھلاوین بہت مفید ہیں۔ خوراک نان گندم وگوشت روغن زرد بہت مفید مین اور یہ گولیان اکسیر کا حکم رکھتی ہیں

حب مجرب بیخ حنظل۔ ومردارسنگ ایک ایک تولہ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ ہمہ را آتش گرم نمودہ حب بمقدار نخود بہ بندند او ڑدا آتشک کیواسطے نہایت مفید ہی شنگرف۔ سہاگہ عاقرقرحا مازو ہریک تولہ ہمہ را کوفتہ بر چلم بجائی تماکو بکشند۔ آتشک دریک روز دور شود +

دیگر آتشک کیلیے۔ مردارسنگ۔ سوہن مکھی ترلسی تخم ہلیل عاقرقرحا برابر لے کر ۲ ماشہ اوپر چلم کے بجائے حقہ کے پیوین۔

دیگر برائے آتشک۔ ہلیلہ سیاہ ایکتولہ۔ نیلہ تھوتھا ۲ ماشہ ۰ ور عرق لیمون ۵ تولہ کھرل کرین اور حب بمقدار نخود کے بنائین ہفت روز تک ہمراہ پانی کے بہت مجرب ہے۔

دیگر برائے آتشک ہر قسم قروح سنکھیا سفید ۹ ماشہ۔ گندہک آملہ سار ۸ ماشہ کاتہ سفید ۹ ماشہ سمندر پھل ۳ ماشہ۔ اسکو عرق لیمون میں حل کر کے حب بمقدار فلفل سیاہ کے بنائیں اور سات روز تک ایک گولی بڑھاتا جائے۔

دیگر برائے آتشک۔ کلونجی مردارسنگ ایک ایکتولہ دونون کی پڑیان ۳ ماشہ کی درمن کی بنا کر سات روز تک کھلادین بہت مجرب ہے۔

دیگر یہ گولیان بہت مفید ہیں۔ بھلادر وسیماب ایک ایک تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ گولیان برابر نخود کے بنائین۔ اور ایک گولی ہمراہ جغرات یا آب سرد کے دیوین۔

دیگر برائے آتشک۔ پوست ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ سعد دار ہلد بیخ حنظل ۳ ماشہ کی پڑیا بنا کر ایک حصہ شکو پانی میں بھگو کر ۲ تولہ شہد ملا کر ہفت روز تک پلائین۔

دیگر یہ گولیان حکم اکسیر کا رکھتی ہیں۔ سیماب ۱ ماشہ قند سیاہ ۳ ماشہ کو ملکر سات گولیان بنائین اور ایک گولی ہر روز کھاوین +

دیگر برائے آتشک حب سلاطین ۱۰ ماشہ مردارسنگ ایک ماشہ حب بمقدار نخود کے باندہیں

اگر گرمی معلوم ہووے تو جغرات پلا دیں بہت مجرب ہے۔

دیگر برائے آتشک۔ کلونجی۔ کنول گٹہ۔ قند سیاہ۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مردار سنگ ۹ ماشہ سبکو کوٹکر ۱۲ گولیاں بنائیں۔ اور ایک گولی صبح و شام۔ سات روز تک غذا نان گندم و روغن زرد۔ در ہفت روز انشاء اللہ تعالی فائدہ بسیار شود ✤

دیگر برائے آتشک۔ سم الفار۔ عاقرقرحا کتھہ سفید۔ بھنگرہ۔ سپاری چکنی برابر سائیدہ حب بمقدار نخود بندند۔ پرہیز ترشی و بادی و نمک و گوشت در ہفت روز صحت کلی باشد۔

دیگر برائے آتشک جدیدہ و کہنہ۔ سیماب ۹ ماشہ سنبل سفید ایکماشہ۔ عرق لیموں ۱۰۰ عدد میں کھرل کرکے مصطگی ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ ملا کر گولیاں برابر مرچ سیاہ کے بنائیں۔ سات روز میں ہر قسم کا آتشک دور ہوجاتا ہے۔ یہ حب اکسیر کا خاصہ رکھتی ہے ✤

دیگر برائے آتشک۔ سیماب۔ افیون۔ قند سیاہ ہر یک تولہ۔ عرق لیموں کاغذی ۵ عدد سائیدہ شنگرف ۶ ماشہ آمیختہ حب بمقدار نخود بہ بندند پرہیز مچھلی۔ ترشی۔ دال مونگ ✤

دیگر حب برائے آتشک کہنہ و جذام سیماب ۱ ماشہ۔ مغز پستہ ۱ ماشہ۔ مغز بادام ۱ ماشہ برگ حنا تازہ ایکتولہ۔ گوگل ۷ ماشہ۔ کتیرا ۱ ماشہ صمغ عربی۔ انزروت۔ ریوند چینی تربد ہر یک ۱ ماشہ غاریقون۔ نشاستہ۔ زعفران مصطگی۔ کافور۔ جدوار۔ سقمونیا ہر یک ماشہ۔ اول سیماب را در عرق لیموں کاغذی ۱ عدد سائیدہ باقی ادویہ اوپر ملا کر گولیاں برابر نخود کے بنائیں۔ سات روز تک استعمال کرنے سے ہر قسم کا کہنہ و جدید دور ہوجاتا ہے ✤

دیگر برائے آتشک و ناسور و بھگندر بسیار مجرب ست حب سلاطین مغز کرنجوہ مرچ سیاہ زنجبیل ہر یک ۲ ماشہ در آب سائیدہ حب بمقدار نخود بہ بندند و ہفت روز یک صبح و یک شام بخورند بسیار مجرب است

دیگر دوائے عجیب زخم انداز و خشک شود کلیخت سوختہ نیلہ تھوتھا سوختہ۔ خرمہرہ سوختہ ہمہ را سائیدہ بر زخم اندازند مجرب ست۔

دیگر معجون عشبہ برای مادہ سوداوی و آتشک و جذام بسیار مجرب ست۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر یک تولہ۔ برگ سنارکی ۳ تولہ۔ بسفائج تربد

ترکیب ـ افتیمون ہر یک ۱ ماشہ عشبہ ۵ تولہ سب کو کوٹ چھانکر شہد سہ چندان ملاکر معجون بناویں ـ
خوراک ہفت ماشہ تا یک تولہ ہمراہ شربت افتیمون ۲ تولہ **نسخہ شربت افتیمون** ـ
بسفائج ۳ تولہ ـ افتیمون ۵ تولہ ـ گل منڈی ـ گل نیلوفر ہر یک ۵ تولہ برادہ صندلین ۳ تولہ شاہترہ ۳ تولہ
عناب سرپھوکہ ۵ تولہ ـ نبات سفید ۳ پاو شربت سازند ۳ تولہ ہمراہ عرق مرکب آمیختہ بنوشند ـ
نسخہ عرق مرکب چوب چینی عشبہ گل منڈی برادہ صندلین مجیٹھ ـ پوست بکائن پوست
نیب ـ گٹاہی خورد ـ گٹائی کلان معہ برگ و پھل شاہترہ ـ چرائتہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ
کابلی گل نیلوفر ـ گل برگ گاؤزبان ـ گل گاؤزبان ـ بادرنجبویہ ـ سعد کلونجی ـ پانچی ـ گلو
بادبرنگ ـ کٹکی ـ زرد چوبہ ـ وج ـ اندرجو ـ بھنگرہ بیخ سارو تواری بیخ اندرائن سب پانچ پانچ
تولہ لیکر عرق کشید کریں ـ اور ہمراہ شربت ۵ تولہ کے پلاویں مجرب ہے
دیگر یہ نسخہ عجیب خاصیت رکھتا ہے ـ سوزاک و بھگندر و آتشک دور ہوجاتا ہے سنکھیا ایکتولہ
رسکپور ۲ تولہ در نصف بوتل شراب برانڈی حل نمودہ بعد خشک شدن در لوبان کوریان
زیر بالا کردہ جوہر کشند ـ ایک چاول ہمراہ مویز منقے یا بالائی بدہند مجرب است سات روز تک
اور یہ دھونی بہت مجرب ہے شنگرف ایکتولہ موم سفید ۲ تولہ ملاکر بقدر ایک ماشہ کے اوپر آگ
کے رکھکر بخور دیویں ـ آتشک کو بہت فائدہ ہوتا ہے ٭

قروح القضیب اندرونی یعنی سوزاک ہیں ـ کاجل سوزاک ـ بھوکر مول

برادہ شاخ گاؤمیش ایک ایکتولہ ـ روغن گاؤمیش آمیختہ کلبہ سازند کاجل بکشند قدری در
چشم کشند دیگر کاجل برائے سوزاک ـ برادہ شاخ گوزن ایکتولہ ـ پارہ ۲ ماشہ ورق طلا ایک
عدد ـ ہلیلہ سیاہ ۲ ماشہ ـ عاقرقرحا ۲ ماشہ مصطگی ۲ ماشہ گوکھرو کلان ۲ ماشہ گوکھرو خورد تخم
بھنگ ـ برگ گاؤزبان ـ تخم حلبہ ـ تخم کاہو مقشر ـ تخم ریحان خرما ـ سوہن مکھی ہر یک ۱ ماشہ ہمہ
در روغن گاؤ ۱۰ تولہ فلیتہ ساختہ کاجل سازند ـ قدرے در چشم کشند ٭
دیگر برائے سوزاک کشتہ ـ صدف کلان مروارید ہی ایک عدد ـ قلعی دو تولہ ورق نمودہ در آوند
گلے انداختہ منہ گھیکوار کہ در آوند کردہ بالا انداختہ دہن او بکہری ـ تولہ بالائش آمیختہ گلکمت نمودہ
آتش سیر آ تاریدہ مینمبہ ـ بقدر یک سرخ بدہند مجرب است ـ

دیگر سفوف برائی سوزاک۔ رال سپید۔ طباشیر۔ صمغ عربی نشاستہ کتیرا ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔ اور پوست خشخاش بھی ملائیں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح ہمراہ دودھ خام کے دیں

دیگر برائی سوزاک۔ پھٹکری سفید ایکتولہ۔ افیون ۳ ماشہ آمیختہ در آتش سوختہ بعد ازان طباشیر کتیرا صمغ عربی۔ نشاستہ۔ ست بیروزہ ہر یک ایک تولہ ملا کر سفوف بنائیں اور ۳ ماشہ ہمراہ دودھ خام کے کھلاویں۔ انشاء اللہ تعالی بہت فائدہ مند ہے۔

دیگر۔ برائی سوزاک۔ رال سفید۔ پوست خشخاش ہر یک تولہ دونوں کو پیسکر سفوف بنائیں اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ کے بہت مجرب ہے

دیگر برائی سوزاک۔ اصل السوس۔ تخم کاہو گلنار۔ گل سرخ۔ تخم سداب تخم سنبھالو۔ ہر یک تولہ گل ٹیسو ہر یک ۴ تولہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ دودھ خام ایکپاؤ کے دین

دیگر برائی سوزاک۔ رال سفید پھٹکری بریان کتھہ سفید۔ شورہ قلمی سنگجراحت۔ صمغ عربی کتیرا نشاستہ سب کا سفوف بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ شیر خار خسک کے کھلائیں بہت مجرب ہے

این از مجربات استاد رحمت اللہ است

دیگر برائی سوزاک کتیرا صمغ عربی دم الاخوین گل ارمنی طباشیر رب السوس گل نیلوفر گلنار حب الکاکنج تخم خشخاش نشاستہ۔ تخم خیارین مغز کدو مغز خربزہ۔ تخم خرفہ ہر یک ۳ ماشہ ریوند چینی ہر یک ۴ ماشہ کوفتہ سفوف سازند۔ خوراک ۵ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ

دیگر برائے سوزاک اصل السوس ست سلاجیت شورہ قلمی جوکھار الایچی کلان گل ٹیسو برگ حنا ہلدی ذیرہ سفید۔ برابر وزن نبات سفید برابر خوراک ۳ ماشہ ہمراہ آب سرد بدہند۔

دیگر سفوف برائی آتشک و سوزاک و جریان ہر قسم مجرب ست۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ ہلیلہ کابلی ۳ ماشہ۔ بلیلہ ۱۱ ماشہ آملہ ۱۱ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰ ماشہ۔ شاہترہ چوب گز ۱۱ ماشہ گل سرخ ۹ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ۔ برگ سنا مکی ۲ ماشہ کوفتہ سفوف ساختہ بعد از تنقیہ ۳ ماشہ بخورانند۔ پرہیز باشد

دیگر برائی سوزاک مصطگی ۲ ماشہ زعفران ۱۱ ماشہ افیون ۲ ماشہ کشتہ گوزن ۳ ماشہ ست سلاجیت ۳ ماشہ شہد قدرے آمیختہ حب بمقدار نخود بہ بندند یک یک را با آب سرد بدہند مجرب

دیگر برائے سوزاک۔ مائیں خورد ۳ ماشہ ہمراہ دوغ ترش کے سات روز کھلائیں بہت مجرب ہے
دیگر۔ شاخ برگد ۳ ماشہ دانہ الائچی سفید ۷ عدد ہر دو را در آب شبہت بر آوردہ نبات سفید ۲ تولہ
آمیختہ بنوشند در سہ روز انشاء اللہ تعالی سوزاک دفع شود از مجربات است۔

دیگر رست بیروزہ۔ رال سفید ایکتولہ۔ کباب چینی ۶ ماشہ ریوند چینی ۳ ماشہ۔ سفوف بنا کر ۳ ماشہ
ہمراہ شربت بزوری کے سات روز دین مجرب ہے۔

دیگر برائے سوزاک۔ کبریت۔ شورہ قلمی۔ ریوند چینی جوکھار رال سفید ہموزن لیکر سفوف بنائیں
اور ۳ ماشہ ہمراہ شیر خام کے دیوین۔ غذا دودھ چاول یا خشکہ ہمراہ دوغ ترش یا پالک خرفہ
کدو۔ پرہیز گرم اشیا و گوشت ÷ اور پینا مدرات کا بہت مفید ہے۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ آب سرد
ایکپاؤ میں ملا کر پلانا اور سے دوغ پینا بہت نفع کرتا ہے

فصل اٹھارہوین حکۃ القضیب و خصیہ یعنی خارش ہونا قضیب و خصیہ مین

علاج۔ پہلے کشنیز و گلاب و سرکہ و صندل کا ضماد کرین۔ اگر فائدہ نہو تو فصد باسلیق اور صافن
کا اور تنقیہ کرنا بہت مفید ہے۔ اور لگانا کافور صندل کا روغن گل و سرکہ میں ملا کر بہت نفع کرتا
ہے۔ اور لگانا رسوت صندل سرخ عرق گلاب مین گھسکر بہت فائدہ بخشتا ہے اور یہ شربت بہت
نفع کرتا ہے۔ بعد تنقیہ کے پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ مقشر صندلین
گل منڈی گل نیلوفر۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ چوب چینی عشبہ مجیٹھ برگ سنار کی بیخ حنظل ترید
سفید۔ بسفائج۔ برنجاسف پوست بیت پوست بکائن۔ پوست کچنال پوست ببول
پھلی ببول سبکو ہموزن لے کر یعنے ۲۲ تولہ شب کو ۲ سیر پانی مین تر کرکے صبح جوش دیکر شہد
مصفی تین پاؤ ڈالکر شربت بنائیں اور ۳ تولہ شربت ہمراہ عرق شاہترہ ۵ تولہ کے سات
روز پینا بہت مفید ہے۔

دیگر یہ قروطی بہت نفع کرتی ہے لعاب اسغول۔ لعاب حلبہ۔ لعاب شبت لعاب خطمی لعاب
اکلیل الملک ہر یک تولہ سبکا لعاب عرق مکو مین نکالکر روغن گل ۱۰ تولہ نیچے لکڑیان جلائین
جب روغن باقی رہجائے۔ موم سفید ۱۰ تولہ ملا کر بطور مرہم کے بنا کر اوپر سے کافور ۳ ماشہ۔

ملا دین اور اوپر قضیب خصیہ کے مالش کرین

فصل اونیسوین اورام القضیب مین یعنی ورم کرنا قضیب کا

علاج. فصد حجامت کرین۔ اور یہ ضماد کرنا بہت مفید ہی۔ گل ارمنی پوست انار عدس گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ سبکو عرق کاسنی مین حل کرکے روغن گل مین ملا کر ضماد کرین اور خستہ خرما گھسکر سرکہ مین ضماد کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہی۔ زنجبیل۔ گیرو اکلیل الملک سرکہ مین گھسکر ضماد کرین۔ اور تنقیہ کرنا ساتھ قے کے مفید ہی۔ اور لگانا جدوار خطائی کا سرکہ میں گھسکر بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ جوشاندہ بہت نفع کرتا ہے۔ گل بنفشہ گل سرخ تخم خیارین تخم قرطم پوست ہلیلہ زرد افتیمون مجیٹھ برگ سنائی سب کو تین تین ماشہ لیکر آدھ سیر پانی میں جوشاندہ کرکے ۲ تولہ شہد ملا کر پینا بہت مفید ہے۔ اور ضماد کرنا افیون مرسوختہ گل ارمنی کا عرق گلاب مین گھسکر بہت نفع کرتا ہے ✤ اور کالی زیری سرکہ مین پیس کر لیپ لگانا اور کافور وجدوار ہر دو کو عرق گلاب مین گھسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے اور اگر ورم سخت ہو تو جونک لگانا مفید ہے اور قی کرنا بہت نفع کرتی ہے ✤

دیگر۔ یہ گولیان بہت مفید ہین۔ شنگرف رومی۔ چوک۔ حب سلاطین۔ طوطیا سبز ہر یک ۳ ماشہ۔ سب کو پانی مین گھسکر گولیان برابر نخود کے بنا دین۔ اور ایک گولی ہمراہ آب جغرات کے کھائین بہت مفید ہے ایک روز کا وقفہ دے کر۔

فصل بیسوین شقاق القضیب مین

علاج۔ رال سفید ایک تولہ۔ مردار سنگ ۳ ماشہ۔ طوطیا ایک سرخ سب کو پیسکر ۵ تولہ روغن گل مین ملا کر رکھین اور ضماد کرین بہت مفید ہے ✤

دیگر۔ اکلیل الملک۔ گل بنفشہ۔ تخم حلبہ۔ تخم خطمی ہر یک ۳ ماشہ سبکو ۳ پاؤ پانی مین بھگو کر لعاب نکالین۔ اور ۳ تولہ روغن گل مین ملا کر ضماد کرین بہت مفید ہے

دیگر۔ کافور سفید کاشغری گل ارمنی مردار سنگ سبکو برابر لیکر مسکہ گاؤ میں تھوڑے قدر ملا کر لگائین۔

دیگر۔ یہ مرہم بہت مفید ہے رال ایکتولہ لیکر ۳ تولہ روغن گل مین آگپر حل کرین جب ایک
ذات ہوجاوے تو نیچے اوتار کر پانی قدرے قدرے ڈالکر مرہم سفید بناوین۔ اور بعد ازان قدرے
کافور ملاکر ضماد کرین بہت مفید ہے۔ اور لگانا آب شلغم کا ساتھ موم کے اور روغن گل کے بہت
مفید ہے اور لگانا چیکٹ گاڑھی کا جو لسکے پہئیے مین سے نکلتا ہے بہت مفید ہے اور لگانا آب پیاز و
آب تمباکو کا نکالکر روغن گل ملاکر قروطی بنانا اور لگانا اوپر قضیب کے بہت مفید ہے۔ اور یہ دوا
نہایت مفید ہے۔ سکہ یعنے سیسہ ایک تولہ لیکر اُسکو مسکہ گاو ۳ تولہ مین گھسکر اور قدرے کافور
ملاکر ضماد کرنا بہت مفید ہے۔ اور ۳ ماشہ خرمہرہ سوختہ اور ایک تولہ روغن زرد ملاکر لگانا
بہت مفید ہے

فصل اکیسوین سدۂ القضیب وخصیہ مین

علاج۔ فصد باسلیق اور صافن کا بہت مفید ہے اور لگانا لعاب اسپغول کا ساتھ روغن
گل کے بہت نفع کرتا ہے۔ اور نطول کرنا ساتھ چھ ماشہ گل بابونہ وتخم شبت وتخم حلبہ چھ چھ
ماشہ اکلیل الملک اتولہ۔ گل بنفشہ سپبوس گندم ۱۰ تولہ پانی ۵ سیر مین جوشدیکر نطول کرنا مفید
ہے۔ اور یہ سدہ اکثر پانی مین پڑجاتا ہے۔ اور پیشاب مین جلن اور تقاطر آیا کرتا ہے۔
پچکاری کرنا ساتھ لعاب اسپغول اور بیدانہ کے روغن کدو ملاکر بہت مفید ہے یہ سدہ اکثر
سستی سے بھی ہوجایا کرتا ہے۔ اور کرنا سلائی شورہ قلمی کا بہت مفید ہے۔ اور یہ پچکاری بہت
نفع کرتی ہے۔ زنگار ۳ ماشہ۔ کتھہ اتولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ در آب نیم سیر جوشدادہ پچکاری
کرین اور مسہل کرنا ساتھ مدرات کے بہت مفید ہے

دیگر۔ یہ سفوف بہت فائدہ مند ہے ریوند چینی اتولہ۔ جوکھار۔ شورہ قلمی۔ تخم ترب ہر یک تولہ
سبکو کوٹ چھانکر سفوف بناویں اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری کی بہت مفید ثابت ہوا ہی اور ملانا
شیرہ خرفہ ۳ ماشہ اور خیارین ۶ ماشہ کا ساتھ لعاب بیدانہ ۳ ماشہ و اسپغول ۶ ماشہ ہمراہ شربت
بزوری کے بہت مفید ہے اور لعاب اسپغول و روغن گل ملاکر ضماد کرین۔
اور رکھنا قضیب کو پانی شورہ قلمی ۳ تولہ اور برگ بھنگ مین بہت نفع دیتا ہی۔ غذا شیر برنج

کھانا اور پالک اور خرفہ کا کھانا بہت نفع کرتا ہے اور گرم اشیا سے پرہیز کرنا لازم ہے۔

باب نوزدہم

در امراض ثرب و صفاق و مراق یعنی ثرب وہ جھلی ہے جو تمام امعا اور معدہ پر چھائی ہوئی ہے اور صفاق وہ ہے جو نصف حصہ طرف امعا کی شکم پر ہے اور مراق ثرب کے اوپر کی جھلی کا نام ہے اور یہ باب اوپر سات فصلونکے شامل ہے

فصل پہلی قیلۃ الامعا میں۔ فصل دوسری قیلۃ الثرب مین۔ فصل تیسری قیلۃ الریح میں فصل چوتھی قیلۃ الامعا فصل پانچوین تردلحمی مین۔ فصل چھٹی فتق مراق البطن میں۔ فصل ساتوین نتوالسرہ

فصل اوّل قیلۃ الامعا یعنی اتر آنا آنت کا سبب اوسکا پھٹ جانا صفاق کا ہے

علاج اس مقام کو ساتھ کمانی کے باندہیں اور پھرانا آنت کا اوپر کی جانب کو اور لٹوا کرنا ساتھ تخم کرفس کشنیت۔ تخم حلبہ اکلیل الملک۔ گل بنفشہ ہر ایک تولہ تولہ پانی مین جوش دیکر بہت مفید ہے۔ اور کھلانا ان گولیون کا بہت مفید ہے۔ شہدانج گلنار جفت بلوط گل ارمنی افیون برابر وزن لے کر گولیان برابر نخود کے بنائین۔ اور ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ عرق زیرہ سیاہ ۵ تولہ کے بہت مفید ہے اور یہ ضماد کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ مصطگی انزروت گندر صبر ہر یک ۳ ماشہ۔ سریشم ماہی ۲ تولہ مین حلکر کے ضماد کرین۔ اور جوارش کمونی ہمراہ عرق عنب الثعلب کے بہت مفید ہے۔

دیگر از مجربات دوست ام سپاہی عبد المجید صاحب۔ نکچھکنی ۳ ماشہ۔ قند سیاہ ایک تولہ حب بمقدار نخود بہ بندند بسیار مجرب است

فصل دوسری فیلکتہ الاربع یعنی اترکا خصیونکا

علاج۔ وہی ہے جو اوپر بیان ہوا۔ جوز السرو عنب الثعلب افیون مصطگی زعفران صبر ملاکر ضماد کرین اور گل ٹیسو مین جوشدیکر نطول کرین اور اسکے اوپر باندہین۔ اور کافور اور افیون ہر دو کو برابر پیسکر ضماد کرنا بہت مفید ہے اور آب مرزنجوش خصیونپر بہت نفع کرتا ہے اور باندھنا پوست خشخاش کا جوشدیکر گرم گرم بہت مفید ہے۔ اور یہ جوارش بہت مفید ہے۔ زیرہ سیاہ۔ زنجبیل۔ قسط شیرین مصطگی دارچینی سلیخہ فلفل سیاہ دار فلفل سکو برابر کوٹکر دوچندان شہد ملاکر معجون بنائیں اور ۴ ماشہ ہمراہ عرق مکو کے کھائین

فصل تیسری فیلکتہ الرابع یعنی اترنا ریح خصیونکا

علاج۔ روئی گرم کرکے اوپر باندھنا بہت مفید ہی۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہے برگ سنبھالو سداب وج ترکی فوتنج۔ مرزنجوش برگ بھنگ سکو ہموزن لیکر پانی میں پیسکر ضماد کرین اور لگانا کالی زیری کا ساتھ سرکہ کے حلکرکے بہت مفید ہی اور یہ گولیان بہت مفید ہین۔ ایک صبح اور ایک شام ہمراہ عرق بادیان کے دیوین۔ اسارون درونج زرنباد قسط شیرین پودینہ ہر ایک درم تخم کرفس انیسون مصطگی۔ بہروزہ سفید زعفران ہر یک دو درم۔ ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ ہر یک سہ درم سکنجبین مقل ہر یک یکدرم۔ اول مقل کو عرق بادیان میں حلکرکے ادویہ ملاکر گولیان برابر نخود کے بنائین۔

دیگر۔ یہ سفوف بہت مفید ہی۔ فلفل سیاہ دار فلفل عود ہندی زیرہ سیاہ درونج کرمانی زنجبیل۔ دارچینی۔ شیطرج ہندی قسط شیرین برگ سناکی ترید سفید نمک سیاہ سکو برابر کوٹکر سفوف بنائین اور ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان کے کھلانا بہت مفید ہے

دیگر لگانا مغز کرنجوہ اور قرنفل کا سرکہ مین گھسکر نفع عجیب رکھتا ہی۔ مجرب ہے غذا گوشت تیتر و مرغ و تیہو کا۔ اور بقولات سے پرہیز کرنی چاہیے۔ اور اشیاء بادانگیز بہت مفید ہیں ؎

فصل چوتھی قیلتہ الماء یعنے اترنا پانی کا خصیون مین

علاج ۔ اُسکا اور استیعاذ کا کرنا اس جگہ بھی مفید ہے ۔ اور پانی نکلم ہووین ۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہے راکھ چوب کرنب ۔ راکھ چوب بلوط ہر دو کوٹ کر روغن زیتون میں ملا کر ضماد کرنا بہت مفید ہے دیگر یہ ضماد بہت مفید ہے سعد کوفی گل ارمنی زیرہ سیاہ برگ مورد مینگنی بکری گوسفند سب اجزا کو برابر لیکر سرکہ ملا کر ضماد کرنا بہت مفید ہی اور اگر یہ تدبیرین مفید نہ ہون تو شگاف دیکر پانی نکالین

فصل پانچوین فتق رحمی یعنی زخم ہونا خصیون مین اور مادہ غلیظ خصیون مین اترنا

علاج یہ مطبوخ بہت نفع کرتا ہے ۔ افتیمون بسفائج ۔ برنجاسف بادیان تخم کرفس انیسون زیرہ سیاہ سب کو تین تین ماشہ لیکر آدھ سیر پانی مین جوش دیکر ایک تولہ شہد ملا کر پلانا بہت مفید ہے اور یہ ضماد بھی بہت مفید ہے ۔ گلنار ۔ برگ مورد ۔ مازو ۔ صبر مرمکی کندر جوز سرو قرزفت مقل اہل سکو برابر کوٹ کر شراب میں حل کر کے ضماد کرین بہت مفید ہے ۔ اور یہ ادویہ احلیل مین ڈالین جند بیدستر افرفیون زعفران حب مورد گل بابونہ سب ہموزن لیکر روغن بنفشہ مین حل کر کے احلیل مین ٹپکائیں اور اوپر پالش کرین ۔

فصل چھٹی فتق مراق البطن مین یعنے

کشادہ ہونا دونون نالیون کا اوپر خصیونکے یعنی اترنا انتڑی کا خصیون مین

یہ مرض علاج پذیر نہیں ہے اسکے واسطے جو انگریزی کمانی ملتی ہے اوس کا باندہنا اکثر مفید ہے

دیگر ۔ یہ گولیان اکثر کھلانے مین فائدہ دیتی ہین ۔ کندش ایکتولہ ۔ ادرک ایک تولہ تخم کرفس ایکتولہ ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ ملا کر گولیان بنائین ۔ اور سات روز تک کھلایا کرین اور ہر وقت اس مقام کو باندھ رکھین دیگر یہ ضماد لگانا مفید ہی مصطگی ۲ ماشہ کندر ۲ ماشہ

۲ تولہ بیرشم سرماہی مین پکا کر ہر دو طرف ضماد کرنا مفید ہے۔ اور اشیار باد انگیز سے پرہیز کرین اور زیرہ سیاہ ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان کے ہر روز نوش کیا کرین۔ غذا گوشت۔ ہر ایک بقولات سے پرہیز کرین ✦

فصل ساتوین نتوء السرہ یعنے اونچا ہوجانا ناف کا

اس مرض کا بھی کوئی علاج نہین ہے اگر بچپن مین علاج کیا جائے تو ہو سکتا ہے اور اکثر یہ مرض دایہ کی خرابی سے ہوتا ہے۔ اور کوئی تکلیف بھی اسے نہیں ہوتی جس وقت بچہ کو یہ عارضہ ظاہر ہو اسوقت یہ علاج کرین یعنے نمک لاہوری ۳ ماشہ ۲ تولہ گھی مین ملا کر اسپر ضماد کرنا مفید ہے۔ چند روز مین تحلیل ہو جاتا ہے۔ ورنہ بعد چہل روز کے اس کا علاج کرنا لاحاصل ہے۔

باب بستم

امراض رحم مین مشتمل اوپر سولہ فصلون کے

فصل پہلی عقر مین۔ فصل دوسری کثرت اسقاط میں۔ فصل تیسری عسر ولادت مین فصل چوتھی جا مین۔ فصل پانچوین کثرت طمث مین۔ فصل چھٹی قروح الرحم مین فصل ساتوین شقاق الرحم مین۔ فصل آٹھوین حکۃ الرحم مین۔ فصل نوین بواسیر رحم مین فصل دسوین بثور الرحم مین۔ فصل گیارہوین سیلان الرحم مین۔ فصل بارہوین احتباس الطمث مین۔ فصل تیرہوین ورم رحم مین۔ فصل چودہوین سرطان رحم مین فصل پندرہوین ذبلۃ الرحم مین۔ فصل سولہوین اختناق الرحم میں۔

فصل پہلی عقر مین

یعنے بانجھ ہونا عورت کا اور نہ قبول کرنا نطفہ کا اور نہ پیدا ہونا بچہ کا یہ عقر ہے پہلی یہ شناخت کرین کہ عقر مرد کی جانب ہے یا عورت کی جانب سے شناخت اسکی یہ ہے کہ پہلے کوئی

تخم مثلاً جو یا باجرہ وغیرہ کے علیحدہ علیحدہ دو اکالی ہٹی ڈال کر اسمین بوے جائیں اور
دونوں شخص اپنا اپنا پیشاب اسمیں ڈالیں جو عقیم ہوگا اس کا تخم نہیں اوگے گی۔ اور جس کی
جانب میں ہوگا۔ اسکی سبز ہو جائے گی اوسکے بعد جس میں خرابی ہو اسکا علاج
کرنا ضروری ہے۔ پھر اسکا علاج باقاعدہ کریں پہلے رحم کو ساتھ تنقیہ کے صاف کریں
پھر علاج شروع کریں۔ اور بعد تنقیہ یہ شیاف استعمال کریں۔ زعفران سنبل الطیب اکلیل
الملک ساذج ہندی قرنباد۔ چربی بط چربی مرغ۔ زردی بیضہ مرغ ملاکر شیاف بنائیں
اور روغن گل میں تر کرکے رحم میں رکھیں۔ سات روز اسکا استعمال کریں اور بعد ازاں
یہ بخور رحم میں دیویں۔ زرنیخ سرخ مرکی جوز السرو میعہ سائلہ بیرزہ حب الغار یہ سب ابر
یکر قدری آگ پر ڈالیں۔ اور رحم میں دھواں پہنچائیں۔ اور فرج کو دھونا حنظل سے
بہت نفع کرتا ہے اور قے کرانا اکثر مفید ثابت ہوا ہے۔ اور یہ شیاف بھی بہت مفید ہے
تخم حنظل انزروت۔ شبت سماق مرکی زعفران عود سب کو برابر پیسکر دوچند شہد میں
ملاکر شیاف سات روز رکھیں۔ اور اگر عورت فربہ ہو تو باسلیق و صافن کی فصد مفید ہے
اور یہ اطریفل بہت مفید ہے۔ کشنیز خشک ۱۰ تولہ پوست ہلیلہ۔ زرد پوست ہلیلہ کابلی۔
ہلیلہ۔ آملہ ہر یک تولہ۔ مغز بادام مقشر ۵ تولہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مغز تربوز ہر ایک
۳ تولہ ملاکر کوٹیں اور شہد دو چنداں ملاکر معجون بنائیں اور ایک تولہ صبح اور ایکتولہ
شام ہمراہ شیر تازہ کے کھلانا مفید ہے۔ اور رکھنا تخم دھتورہ نصف عذر بعد پاک
ہونے کے سہ روز بعد نزدیک شوہر کے جاوے بہت مفید ہے اور یہ دوا نہایت
عجیب الاثر ہے۔ خدا نے بہت آدمیوں کو اس سے اولاد بخشی ہے۔ اور بہت مرتبہ میرے
تجربہ میں آئی ہے۔ شیاف یہ ہے۔ کشمش کہنہ۔ مویز منقے کہنہ مغز بادام کہنہ پستہ کہنہ۔
چرونجی کہنہ۔ چلغوزہ کہنہ۔ ہر یک تولہ۔ بادرنگ۔ اجوائن خراسانی۔ اجوائن دیسی
بادیان تخم کرفس۔ انیسون۔ افیون زعفران ہر یک ۶ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ روغن
بادام۔ روغن بنفشہ۔ ہر یک ۲ تولہ۔ تخم شبت تخم حلبہ۔ اکلیل الملک۔ تخم خطمی اسپغول
تخم خشخاش تخم کتان۔ ہر یک چھ ماشہ مشک خالص ایک ماشہ شہد تین تولہ

سبکو ملاکر ۴ تولہ پنبہ کہنہ ملاکر خوب کوٹین۔ اور بعد اسکے شیاف بناکر سات روز تک استعمال کراوین۔ بعد سات روز کے ان شیافات کا استعمال کراوین ہفت روز تک وہ یہ ہیں خستہ جامن خستہ انبہ دہاوا پھٹکری مازو مائین گلنار پوست انار سبکو کوٹ کر پوٹلی باندھ کر تین روز استعمال کراوین۔ بعد فراغت حیض سہ روز مغز پنبہ دانہ کا شیاف بناکر فرج میں رکھین۔ پھر مرد کی نزدیکی کرین۔ انشاء اللہ خداوند تعالی اپنا فضل کریگا۔ دیگو کھلانا برادہ دندان فیل ۴ ماشہ سات روز تک عقر کو دور کرتا ہے۔ اور شیاف کرنا پیشاب فیل سے عقر کو دور کرتا ہے۔ اور کھلانا انجدان کا سات روز بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ دوا کھلانا اسکے ساتھ بہت مفید ہے۔ مالکنگنی ۱ درم چاکسو ۱ درم کبیر ۲ درم الائچی خورد و کلان ہر یک ۲ درم شحم ۲ درم اڈہکن ۳۰ درم بلیلہ ۳۰ درم آملہ سرد والی ۵ درم بسباسہ ۵ درم ناجوپھل ۵ درم برگ درخت فرانس ۵ درم زیرہ سیاہ ۵ درم زیرہ سفید ۵ درم جوز بوا ۵ درم مائین ۵ درم قرنفل ۵ درم عود سنبلی ۵ درم بسباسہ ۲ درم چرونجی ۳۰ درم پستہ ۳۰ درم سنکسارہ ۵ درم مغز بادام ۱۵ درم خرما ۱۵ درم کشمش ۱۵ درم مغز پنبہ دانہ ۱۵ درم نارجیل ۱۵ درم شیرہ مویز منقے۔ مار روغن گاؤ و شکر سفید ۱ سیر صمغ عربی بریان۔ سبکو کوٹ چھانکر شکر سفید کا قوام کرکے معجون بناوین۔ اور ورق نقرہ ۵۰ ورق طلا ۳۰ عدد مشک ۳ ماشہ سب کو ملاکر خوراک ۹ ماشہ صبح اور چھ ۶ ماشہ شام ہمراہ دودھ خام کے دونون کو کھلادین در ترشی اور بادی اور جماع سے پرہیز کرین انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اور خداوند تعالے عقر توڑدیوگا۔ مجرب ہے۔ اور وقت جماع کے عورت کو سیدھا لٹانا اور بعد انزال کے چت پڑی رکھنا بہت مفید ہی اور اگر مرد میں نقصان ہو تو اس کا علاج کرین

فصل دوسری کثرت اسقاط میں یعنی بہت گرنا حمل کا

علاج تخم ہالنگو ساتھ شربت بزوری کے چندروز پلانا بہت مفید ہے۔ اور چند وصہ تک قے کراوین۔ اور ایارج سے تنقیہ کرین۔ اور روغن خلوق اور روغن شبت و

روغن زنبق سے حقنہ کریں۔ دیگر یہ معجون بہت نفع کرتی ہے۔ درونج عقربی ایکتولہ۔ زرنباد ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ کہربا شمعی ۶ ماشہ۔ تخم مورد ایکتولہ۔ اشنہ ۶ ماشہ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ سبکو کوٹ کر شہد دوچندان میں معجون بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری اور مسہل کرنا بہت مفید ہے۔

دیگر پلانا بادیان ۶ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ۔ اجمود ۳ ماشہ۔ گلقند ۳ تولہ ملاکر نتھار نکال کر پلاویں بہت مفید ہے۔ اور روغن ناردین و روغن زنبق کا اوپر قطنہ عانہ کے مالش کریں۔ اور یہ جوارش بہت مفید ہے۔ جلنجبین ۳ ماشہ۔ زرنباد ایک تولہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ جند بیدستر ۳ ماشہ۔ مازو ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ زنجبیل ایکتولہ۔ مشک ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر دوچند شہد ملاکر جوارش بنائیں اور خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شربت نیلوفر۔ اور اگر بدن لاغر ہو تو مغزیات و حلوائی و حریرہ مقویات میں کھلادیں اور یہ معجون اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ شروع حمل میں شروع کردے۔ برادہ دندان فیل۔ شاخ گوزن سوختہ۔ گلنار ابریشم مقرض ہریک تولہ۔ مروارید۔ مرجان۔ بسد یشب سفید۔ گل سرخ۔ گل سنبر کشنیز خشک عود ہندی مصطگی زرنباد۔ کباب چینی آملہ۔ منقے ہریک ۲ تولہ۔ کافور ۲ ماشہ سبکو پیسکر شہد دوچنداں میں ملاکر معجون بنائیں۔ اور ۶ ماشہ ۳ ماشہ تک برابر کہلائیں۔ انشاءاللہ تعالی بہت نفع ہوگا۔ اور تخم کرنجوہ کمر میں باندھنا بہت نفع کرتا ہے حمل ساقط نہیں ہونے دیتا۔ غذا گوشت تیتر پلاؤ وغیرہ پرہیز ترشی و بادی و جماع بہت مجرب ہے۔

فصل تیسری عسرالولادت یعنے دشواری سے جننا

علاج روغن بنفشہ۔ روغن زنبق۔ روغن زیتون ہریک تولہ۔ چربی بط۔ چربی مرغ چھ چھ ماشہ۔ مغز ساق گاؤ۔ ایک تولہ سبکو ملاکر پیٹ پر ملنا بہت مفید ہے۔ ابزن یہ ہے۔ بابونہ مرزنجوش۔ اکلیل الملک۔ ہریک ایکتولہ پانی دس سیر میں جوشدیکر آبزن کراویں بہت مفید ہو دیگر پلانا پرسیاوشان ۶ ماشہ ۲ تولہ مصری ملاکر بہت مفید ہے اور یہ ترکیب بہت مفید ہے۔ کندش جند بیدستر ہریک ماشہ ماشہ پیسکر ناک میں ہولاس لیویں

اور جب چھینک آوے منہ کو بند کر دے ۔ اور بخور سم اسپ و سم خر کا جلانا بہت مفید ہے
اور شوربا مرغ فربہ کا پکا کر پلانا بہت مفید ہی ۔ اور شہد ایکتولہ و شیر ۲ تولہ کا شیاف کرنا
بہت مفید ہی ۔ اور لعاب تخم کتان ایکتولہ کا نکالکر روغن کتان میں ملا کر منہ رحم پر ٹپکانا
بہت مفید ہی ۔ اور یہ جوارش بہت مفید ہے ۔ میعہ سائلہ جند بیدستر و دارچینی ابہل زیرہ سیاہ مصطگی
عود سبکو برابر کوٹ کر شہد و جند ملا کر کھلانا بہت مفید ہے ۔ اور سنگ مقناطیس کا
ہاتھ میں رکھنا بہت مفید ہی ۔ یا بسد کو دوسرے ہاتھ میں باندھنا مفید ہی ۔ پوست خیار
شنبر ۲ تولہ کوٹ کر پانی میں جوش دیکر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلانا عجیب الاثر ہے
اور اسوقت حمام کرانا اور گرم گرم پانی ڈالنا سر پر اور چلنا تیز تیز رفتار سے اور بیٹھنا
پاؤن کے بل اور کھلانا قند سیاہ کا اس وقت بہت مفید ہے ۔ بہت جلد خلاصی
ہو گی ۔ اور اگر چار یوم تک درد زہ قائم رہے اور بچہ پیدا نہ ہو تو جاننا چاہیے کہ بچہ
ہلاک ہو گیا ہو اہے تدبیر اسکے نکالنے کی کرین

فصل چوتھی بیچ جاننے معلوم ہونا جھوٹے حمل کا

علاج فصد باسلیق و صافن کی کرین اور ایارج الاصول ہمراہ روغن بید انجیر پلانا بڑا مفید ہے
اور یہ جوشاندہ بہت مفید ہے تخم بادیان ۔ تخم کاسنی ۔ تخم کشوث انیسون چھ چھ ماشہ لیکر
پانی مین جوش دیکر ۲ تولہ گلقند ملا کر پلانا بہت مفید ہے !

دیگر ۔ یہ ضماد بہت نفع کرتا ہے ۔ صعتر زیرہ سیاہ قردمانہ بابونہ ۔ جاؤشیر کرفس سبکو
ہموزن لیکر پانی میں پیسکر ضماد کرین بہت مفید ہی ۔ اور یہ سفوف بہت مفید ہے
تخم کرفس زیرہ سیاہ مدبر سنرکہ میں تانخواہ زنجبیل سبکو برابر لیکر قند سیاہ ہموزن ملا کر
سفوف بنائین ۔ اور ۳ ماشہ صبح و ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری کے کھلادین بہت
مفید ہے اور یہ شربت بہت نفع کرتا ہے ۔ بادیان ۔ بیخ بادیان ۔ کاسنی بیخ کاسنی ۔
تخم کرفس انیسون ہر یک تولہ ۔ تخم کشوث ۲ ماشہ ۔ عنب الثعلب ۲ تولہ سنبل الطیب ۶ ماشہ برگ گاؤ
زبان ۱ تولہ ۔ مویز منقی ۵ تولہ ۔ تخم خیارین ۲ تولہ ۔ مغز تخم خربزہ ۲ تولہ ۔ سعد اذخر برنجاسف

ہر یک ۶ ماشہ سبکو عرق مکو ایک سیر میں رات کو بھگو کر صبح کو نبات سفید ۵ پاؤ ملا کر شربت بنائیں اور ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق بادیان کے پلانا بہت مفید ہے ✤ اور یہ دوا عجیب خاصیت رکھتی ہے۔ مویز منقی۔ ایک تولہ۔ برگ بانس ۳ ماشہ مغز خیار شنبر ایک تولہ انجیر گاؤ ۶ ماشہ بیخکرفس بیخ بادیان۔ انیسون نانخواہ ہر یک چھ ماشہ۔ ۵ تولہ شہد ملا کر عرق بادیان نیم آثار میں جوشدہ یکر سات روز تک استعمال کریں۔ غذا گوشت مرغ و آب نخود پرہیز ترشی اور بادی کا۔

فصل پانچوین کثرت طمث یعنی زیادہ آتا خون کا حیض ہے

علاج۔ سنگ جراحت صمغ پلاس کتھ سفید مازو گلنار حب الآس تخم خرفہ بارتنگ ہموزن گرفتہ سفوف سازند ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ بدہند۔

دیگر فصد باسلیق دونون ہاتھون کی کرنا بہت مفید ہے اور یہ سفوف بہت مفید ہے لودھ پٹھانی تخودیریان مقشر خاکستر ٹاٹ گیرو کاغذ سوختہ کہربا شمعی بسد طباشیر دانہ الایچی سفید صمغ عربی کتیرا اجفت بلوط کتھ سفید ہموزن سفوف سازند ۳ ماشہ صبح و ۳ ماشہ شام بخورند مجرب ہے۔ دیگر شیاف مازو سرمہ سیاہ۔ کزمازج لودھ پٹھانی ہموزن لیکر پوٹلی باندھ کر فرزجہ کریں۔ دیگر یہ سفوف بہت مفید ہے حب الآس پوست سماق گل ارمنی۔ تخم خشخاش تخم انجبار مجیٹھ چوب گز اقاقیا۔ گلنار جوز السرو ہموزن سوختہ سبکو ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔ صبح و شام ہمراہ آب پوست انار کے کھلائیں بہت مفید ہے دیگر کھلانا کشتہ قلعی ۲ سرخ کا ہمراہ مربہ آملہ ۱ تولہ کے کھلانا بہت مفید ہے

فصل چھٹی قروح الرحم یعنی زخم ہونا رحم میں

علاج۔ اکلیل الملک گل بابونہ ہر یک چند ماشہ حرف اطلا ایکتولہ چربی مرغ ایکتولہ روغن گل ۴ تولہ موم سفید ایکتولہ قیروطی بنائیں اور بطور مرہم کے رحم میں پہنچا دیں دیگر یہ شیاف بہت مفید ہے۔ تخم کتان۔ تخم حلبہ اسپغول۔ پوست خشخاش تخم ریحان

سبکو برابر کوٹکر شہد دو وزن ملاکر شیاف بنائین سات روز استعمال کرین بہت مفید ہے ٭ بادیان چھ ماشہ سفوف کر کے شہد دو تولہ میں ملاکر شیاف کرنا بہت مفید ہے۔ بعد اجرائے رطوبت کے شیاف استعمال کریں۔ گلنار دم الاخوین جفت بلوط عدس مقشر سفید کاشغری کتھا سفید گرفتہ سفوف سازند۔ قدرے دو ماشہ گرفتہ شیاف سازند ٭

گل ارمنی انزروت اقاقیا مازو درا مک ہموزن لیکر پانی بارتنگ مین ملاکر شیاف بنائین اور سات روز استعمال کرین۔ اور برائے خوردن یہ سفوف بہت مفید ہے کہربا شمعی۔ طباشیر ست گلو دم الاخوین۔ اقاقیا۔ زاج سفید کتیرا صمغ عربی تخم بارتنگ مازو مائیں جفت بلوط کندر سبکو پیسکر سفوف بنائین۔ واسطے کھانے کے ۳ ماشہ دیوین بہت مفید ہے اور باقی مرہمات مندمل استعمال کرین۔ غذا شیر برنج وشہد خالص کا استعمال کرنا بہت مفید ہے

فصل ساتوین شقاق الرحم میں یعنے پھٹ جانا رحم کا

علاج۔ جو شقاق مقعد میں بیان ہوا ہے وہ یہان بھی مفید ہے اور یہ مرہم بہت نفع کرتی ہے۔ نسخہ مرہم یہ ہے اکلیل الملک گل بابونہ۔ تخم حلبہ تخم کتان۔ تخم خطمی عنب الثعلب ہر یک چھ ماشہ روغن گل ۵ تولہ موم سفید ایکتولہ سبکو کوٹ چھانکر روغن مین ملاکر موم کو گداختہ کر کے مرہم بنائین اور روئی پر لگا نا بطور شیاف کے استعمال کرنا اور لعاب اسپغول ہمراہ شربت بنفشہ کے پلاوین۔ اور سات روز تک استعمال کرین بہت مفید ہے

دیگر یہ دوائی عجیب الاثر ہے۔ رال سفید ایکتولہ۔ مردار سنگ ۴ ماشہ۔ بہروزہ ۴ ماشہ لعاب کتان ایکتولہ میں ملاکر بطور شیاف کے استعمال کرین۔ اور لعاب اسپغول ایکتولہ اور شہد ایکتولہ بناکر بتی رکھین۔ اور برگ سیب سبز ۵ تولہ بھرتا بنا کر اوپر عانہ کے باندھین۔ اور پوست خشخاش ۵ تولہ پانی ایک سیر میں جوشند یکر نطول کرین اور فضلہ اسکا اوپر عانہ کے باندھنا بہت مفید ہے ٭ اور یہ سفوف بہت مفید ہے۔ اسپغول تخم ریحان تخم کنوچہ گل ارمنی طباشیر تخم خرفہ ہموزن لے کر سفوف بنائین اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری کے

سات روز تک بہت مفید ہے۔ اور روغن بابونہ ۳ ماشہ۔ روغن گل ۳ ماشہ۔ روغن خستہ ۳ ماشہ ملا کر رحم میں رکھیں۔ اور غذا لطیف اور پرہیز ترشی و گرم اشیا کا ضروری ہے اور پرہیز جماع سے کرنا ورنہ ناسور ہو جاوے گا۔

فصل آٹھوین حکۃ الرحم یعنے خارش کا ہونا رحم مین

علاج۔ فصد باسلیق کا کرنا ضروری ہے۔ اور برگ سیب پانی میں جوشیدہ کر کے فرزجہ کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور ضماد کرنا کافور صندل سرخ رسوت صندل سفید ہموزن لے کر پانی میں حل کر کے بذریعہ روئی کے مالش کریں۔ پینا شیرہ تخم خرفہ ۴ ماشہ۔ مغز کدو شیرین ۶ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ۔ عرق کاسنی۔ نار میں پینا بہت نفع کرتا ہے۔ اور طلا کرنا اندرونی فرج کے بہت مفید ہے۔ ما بیتان شیرہ حبۃ الخضرا کشنیز خرفہ کاہو ہموزن پیسکر طلا کریں۔ اور برگ پودینہ۔ پوست انار۔ عدس مقشر چھ چھ ماشہ۔ ا تولہ سرکہ میں جوش دیکر روغن ۳ تولہ ملا کر بذریعہ روئی کے اندر فرج کے پہنچاویں۔ اور پلانا گوکھرو تخم خرفہ کا شیرہ نکال کر شربت بزوری کیساتھ بہت مفید ہے۔ اور طلا کرنا رسوت کشنیز خشک کافور صندل سرخ۔ صندل سفید کا پانی میں پیسکر اندر فرج کے ملنا بہت مفید ہے اور جونک لگانا بہت مفید ہے۔ غذا شیر برنج۔ ساگ پالک۔ پرہیز ترشی وبادی کا بہت مفید ہے

فصل نوین بواسیر الرحم یعنی نکلنا مسوں کا رحم مین

علاج۔ فصد باسلیق کا کرنا مفید ہے۔ افیون کا مطبوخ کر کے پلانا بہت نفع کرتا ہے اور روغن نرگس و سوسن کا ملنا بہت مفید ہے اور یہ مرہم بہت نفع دیتی ہے۔ اقلیمیا زردچوبہ مرداسنگ ۳ درم موم سفید ایکتولہ روغن خستہ ۵ تولہ آلو زرد ملا کر مرہم بنائیں اور سات روز لگا۔ اور لگانا قلمی شورہ کا مسوں پر بہت نفع کرتا ہے۔ اور دھونا برگ بکائن سے اُس مقام کو بہت مفید ہے۔ اور دھونا برگ بھنگ و برگ صد برگ سے بہت نافع ہے۔

دیگر۔ یہ گولیان بہت مفید ہیں۔ مغز تخم بکائن۔ مغز تخم نیب مقل ازرق اندر جو شیرین ناگ کیسر سبکو برابر لیکر گولیان گندھنے کے پانی میں برابر نخود کے بنائیں۔ سات روز تک کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور دھونا نیب کو پانی میں جوش دیکر بہت مفید ہے۔ اور لگانا لودھ پٹھانی کافور کا عرق گلاب مین گھسکر بہت مفید ہے۔ اور لگانا اور کھلانا پوست ریٹھا کا بہت نفع کرتا ہے۔ اور پرہیز اشیا تیز سے اور گرم سے اور لگانا سیسہ کا روغن گاؤ میں گھسکر حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ اور دھونا آب ترب سے بہت فائدہ کرتا ہے۔

فصل دسوین نتوء الرحم مین یعنی نکلنا چھالون کا رحم مین

علاج شیر خرفہ ۳ ماشہ سکنجبین ۲ تولہ ملاکر پلادین۔ اور شربت نارنج بھی فائدہ کرتا ہے اور فصد باسلیق کرنا بہت مفید ہے +

دیگر۔ حب کرامات بہت مفید ہے۔ کمیلہ ہلیلہ زرد۔ برگ حنا۔ مردارسنگ۔ ہر ایک ۳ ماشہ طوطیا سبز ایک ماشہ سبکو پیسکر گولیان بنائین۔ اور ایک گولی گھسکر لگانا بہت نفع کرتا ہے اور زہر مہرہ خطائی عرق گلاب میں گھسکر لگانا بہت نفع کرتا ہے اور پوست نیب گھسکر لگانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور کافور کتھہ سفید گل ارمنی سفیدہ کاشغری طوطیا سوختہ ہموزن لیکر سکہ دو وزن مین لگانا بہت مفید ہے۔ اور شربت بنفشہ و شربت نیلوفر دو دو تولہ لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ ملاکر پلانا بہت مفید ہے

دیگر۔ یہ سفوف بہت نفع کرتا ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ۔ برگ سنا کی ہر ایک تولہ تولہ۔ شاہترہ۔ چرایتہ نو نو ماشہ۔ چوب گز۔ ریوند چینی ایک ایک تولہ سب کا سفوف بنادین۔ اور ۳ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ کے کھلادین۔ بہت مفید ہے +

دیگر۔ یہ عرق بھی بہت نفع کرتا ہے۔ چوب چینی ۵ تولہ عنّبہ ۵ تولہ۔ چرایتہ ۲ تولہ گل منڈی ۲ تولہ۔ بسفائج دس سیر پانی مین بھگو کر عرق نکالین۔ اور ۵ تولہ بوقت صبح اور ۵ تولہ شام کے وقت پلادین۔ غذا نان نخود روغن زرد ڈالکر دینے سے بہت نفع ہوتا ہے۔

فصل گیارہوین سیلان الرحم یعنے رطوبت آنا رحم سے

علاج ۔ ایرسا ۔ اذخر ۔ اصل السوس ۔ فراسیون نخود سیاہ ایارج فیقرا ہموزن لیکر پانی مین جوشدیکر پچکاری سے دہوئین اور بعد ازان ماز و سبز گزمازج پھٹکڑی ۔ گل دھاوا لودہ پٹھانی ہموزن لیکر خوب پیسکر بقدر ۲ ماشہ کے پوٹلی باندھکر رحم میں رکھین اور یہ دوا بہت مفید ہی ۔ گلنار ۔ پوست انار گل ارمنی جوز السرو ماز و مائیں پھٹکڑی ہموزن لیکر پوٹلی بناوین ۔ اور بقدر ۲ ماشہ کے کھلائین ۔

دیگر یہ دوا بہت مفید ہے ۔ گوند ارمنی سوختہ ۲ م سرخ ہمراہ پانی بارتنگ کے کھلائیں ۔ اور یہ دوا بہت مفید ہے ۔ ہختہ جامن خستہ انبہ بادبرنگ بادکھنہ پھٹکری ہمند سوکھہ ماز و چھلی ببول پوست ببول گل ببول پوست فالسہ بیخ برگد سبکو ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور ۲ ماشہ ہمراہ پانی کے کھائین ۔ اور قدری پوٹلی باندھکر فرزجہ کرین بہت مفید ہے ۔ دیگر یہ سفوف بہت مفید ہی گل دھاوا تخم انبہ خستہ جامن بیلسان بیدرسوتہ گزمازج موچرس زعفران اشق سعد بلگری لودہ پٹھانی گیرو کاپھل فلفل سیاہ زنجبیل اندرجو صندل سرخ پوست گرجوالنسہ اصل السوس گل نیلہ گل سنبل برابر لیکر سفوف بناوین اور ۳ ماشہ ہمراہ شربت الجبار ۲ تولہ کے کھلاوین بہت مفید ہے اور پانی پوست انار سے فرزجہ کرین ۔

فصل بارہوین احتباس الطمث یعنے بند ہونا حیض کا

علاج تخم خربزہ ۔ تخم قرطم بادیان ۔ گاؤزبان ہر یک چھ ماشہ لیکر نیمکوفتہ کرکے عرق بادیان ۱۲ میں جوشدیکر شربت دینار ۳ تولہ ملاکر پلاوین ایکہفتہ بہت فائدہ ہوگا اگر کم ہونا خون بسبب ضعف ہو تو تقویت ادویہ مقوی سے کرین اور زردی بیضہ مرغ ہمراہ ۲ تولہ شہد کے روزمرہ کھلاوین ۔ اور گوشت اور دودھ کا استعمال کرین اور تنقیہ کرنا اور فصد کرنا بھی مفید ہی ۔ اور یہ جوشاندہ بہت فائدہ کرتا ہے ۔ تخم کرفس انیسون پودینہ بادیان

مسطر اسطیع چھ چھ ماشہ لیکر عرق گاؤزبان۔ مار مین جوشدیکر قند سپید ۲ تولہ ملاکر پلانا بہت مفید ہے۔ اور آبزن کرنا شبت مرزنجوش پودینہ سداب بابونہ اکلیل الملک سعد سنبل الطیب دارچینی سلیخہ حب بلسان عود بلسان جوزبوا قاقلہ قسط ہموزن لیکر پانی میں جوشدیکر آبزن کرائین اور فرزجہ کرنا شیر خشت سماق مغز کدو۔ خبازی بادیان ہموزن کر شہد ملاکر فرزجہ کرین۔ اور زردی بیضہ مرغ ضرور ملاوین۔ فصد صافن مفید ہے اور پلانا پوست الخشخاش ایکتولہ کنجد سیاہ ۶ ماشہ قند سیاہ ۲ تولہ ملاکر جوشدیکر پانی میں مفید ہے۔ اور یہ دوا عجیب الاثر ہے۔ ایلوا ۳ ماشہ۔ پودینہ کوہی ۲ ماشہ۔ کشمش ایکتولہ بادیان تخم کرفس انیسون نانخواہ ہر یک ۶ ماشہ۔ عرق بادیان نیم آثار میں روغن زرد ۲ تولہ ڈالکر۔ اور قند سیاہ سے میٹھا کرکے پلانا بہت مفید ہے ❊

فصل تیرہوین ورم الرحم میں

یعنے سوجنا رحم کا۔ یہ مرض کئی وجہ سے ہوتا ہے (۱) بسبب ضربہ سقطہ کے (۲) بسبب احتباس حیض کے (۳) بسبب ساقط ہونے جنین کے (۴) بسبب عسر الولادت کے (۵) بسبب کثرت جماع کے (۶) بسبب ازالہ بکارت (۷) بسبب مادہ صفراوی یا دموی کے

علامات تپ کا ہونا۔ درد سر تالو مین۔ سیاہی زبان کی۔ اور درد ناف و عانہ و قطن و پشت میں عسر البول براز کا ہونا

علاج فصد صافن و باسلیق کی کرنا مفید ہے۔ اور ضماد کرنا ابتدا میں بہت مفید ہے آرد جو۔ بنفشہ۔ باقلا نخود۔ اکلیل الملک ہموزن لیکر کشنیز و کاسنی کے پانی میں حل کرکے اور قدرے کافور ملاکر اوپر عانہ و قطن کے ضماد کریں ❊

دیگر پلانا شیر خشت ۳ ماشہ۔ شربت بنفشہ و شربت انار دو دو تولہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ ملاکر پلانا بہت مفید ہے ❊ اور گل بابونہ تخم خطمی تخم حلبہ گل بنفشہ سرکہ میں پیسکر ضماد کرین اور باندھنا بہت اچھا ہے۔ اور بار الجبن اسمین بہت مفید ہے۔ اور افتیمون ۳ ماشہ طلیلہ ۶ ماشہ پانی مین جوشدیکر گلقند ۲ تولہ ملاکر پینا نفع کرتا ہے ❊

دیگر حمول برای ورم رحم۔ تخم خطمی تخم خشخاش گنجد مقشر ہر یک تولہ شیر گاؤ میں پکا کر زعفران ایک ماشہ کتیرا ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد ملا کر ۲ تولہ روغن گل۔ اور ۲ تولہ روغن حنا ملا کر شیاف بنائیں۔ اور سات روز حمول کریں۔

دیگر اگر ورم بسبب قرح کے ہو تو یہ مرہم استعمال کریں نسخہ مرہم یہ ہے آرد جو۔ آرد باقلا۔ گل خطمی تخم کتان۔ اکلیل الملک۔ تخم خبازی۔ تخم حلبہ۔ گل بنفشہ ہر یک ۳ ماشہ مردار سنگ و کافور ایک ایک ماشہ۔ دم الاخوین۔ سفیدہ کاشغری تین تین ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن گل ۵ تولہ۔ موم سفید ایک تولہ بطریق مرہم بنا کر استعمال کریں سات روز تک

دیگر واسطے ورم رحم حار و جاد کے مجرب ہے گل خطمی مرزنجوش بزرکتان۔ عنب الثعلب تخم مرو اسپغول اکلیل الملک۔ بابونہ گل سرخ۔ ہر یک چھ ماشہ۔ مردار سنگ۔ سفیدہ کاشغری زعفران جند بیدستر۔ ہر یک تین ماشہ۔ روغن گل ۵ تولہ سفیدہ بیضہ مرغ ایک عدد مرہم بنائیں اور بذریعہ شیاف کے استعمال کریں۔

دیگر یہ دوائی صلابت رحم کو بہت نفع دیتی ہے۔ صبر بادبرنگ تخم شبت چھ چھ ماشہ مرکی نمک سنگ ۳-۳ ماشہ۔ انجیر زرد ایک عدد شہد ۲ تولہ ملا کر شیاف بنائیں اور سات روز استعمال کریں بہت مفید ہے

دیگر شیاف برای ورم رحم۔ بادیان انیسون۔ تخم کرفس۔ برگ سداب صنوبر ہر یک تولہ شہد ۵ تولہ ملا کر استعمال کریں

دیگر برائی ورم رحم ہر قسم جزئی لبط بابونہ افیون موم سفید قیروطی بنا کر ہمراہ روئی کے فرزجہ کریں نہایت مجرب ہے

دیگر ورم رحم کے لیے اسپغول۔ تخم کتان ایک ایک تولہ کوٹ کر اور ۳ تولہ شہد ملا کر شیاف کریں

دیگر شہد و شیر گاؤ جوشیدہ در پنبہ آلودہ ہفتے وقت بر دارند مجرب ست

دیگر فرزجہ آرد جو۔ مکو چھ چھ ماشہ گل ارمنی۔ رسوت تین تین ماشہ صندلین چھ چھ ماشہ چار وار ۴ ماشہ در آب مکو سائیدہ در پنبہ بر دارندہ

دیگر برای ورم تخم خشخاش ایک تولہ مغز گوشت گوسفند ۵ تولہ۔ روغن گل ۳ تولہ زعفران ۳ ماشہ

موم سفید ایکتولہ ملاکر لگاوین بہت مجرب ہے

دیگر برای ورم رحم۔ بزرکتان ایکتولہ۔ نشاستہ ۳ ماشہ۔ زعفران ایکماشہ گل سرخ ۳ ماشہ روغن گل ۳ تولہ شیر دختر ایکتولہ ملاکر شیاف کا استعمال کرین۔ اور جماع سے پرہیز کرین اور اشیای گرم سے پرہیز کرین اور غذا لین کھائیں مجرب ہے

فصل چودہوین سرطان الرحم یعنے پیدا ہونا نبل کا زخم مین

یہ مرض علاج پذیر نہین ہی اور اگر ممکن ہو تو بذریعہ جراحی عمل ڈاکٹری سے تجویز کرین ۔ اور تخم حلبہ تخم کتان برگ کرنب گل بابونہ ہموزن لیکر پانی مین جوشدیکر نطول کرین۔ اور فصد باسلیق کرنا مفید ہے اور مسہل سے خلط سوداوی کا اخراج کرین۔ اسواسطے اس مرض کو طول نہین دیاگیا۔ کہ اطبای متقدمین نے اسکو علاج پذیر نہین لکھا اور اکثر تدبیرات کی گئین مگر مفید نہین ہوئین۔ یہ نسخہ اکثر وقت کچھ افاقہ کرتا ہے۔ برگ بانس بیخ بانس ہر یکتولہ۔ مویز منقے ۳ تولہ۔ پوست املتاس ایکتولہ۔ بادیان چھ ماشہ آدھ سیر پانی مین جوشدیکر قند سیاہ ۳ تولہ ملاکر پلائین۔ اور یہ ضماد کرین گل خطمی۔ گل بابونہ اکلیل الملک برگ خرفہ ہر ایکتولہ۔ روغن زیتون ۵ تولہ ملاکر ضماد کرین ؛

فصل پندرہوین دبیلۃ الرحم یعنے ورم سخت ہوجاوے اور پھوٹ جاوے تو دبیلۃ الرحم ہے

علاج تخم خربزہ تخم خیارین ایک ایک تولہ خارخشک ۸ ماشہ کاشیرہ عرق سونف نیم آثار مین نکالکر شربت بزوری ۳ تولہ ملاکر پلاوین۔ اور یہ ضماد مفید ہے تخم کتان حلبہ بابونہ اکلیل الملک۔ تخم خطمی آرد جو۔ تخم مرو۔ آرد باقلا بیخ خطمی گولر ہریک چھ ماشہ روغن گنجد ۴ تولہ ملاکر خوب باریک پیسین اور ضماد کرین اور ایسے پچکاری لگائین مفید ہی اور یہ پچکاری یہ ہی۔ خردل تولہ۔ انجیر زرد ۴ تولہ پانی مین جوشدیکر پچکاری کرین۔ اور فضلہ انکا اوپر عانہ کے ضماد کرین۔

دیگر پلانا لعاب اسپغول بھیدانہ تین ماشہ کا ساتھ شربت خشخاش کے بہت مفید ہے

دیگر. لگانا کندر چھ ماشہ کا۔ عرق بادیان ۲ تولہ میں پیسکر بہت مفید ہے۔
دیگر۔ یہ سفوف بہت نفع کرتا ہے۔ رُب السوس۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ طباشیر سپید گو
ہریک ۳ ماشہ تخم اسپغول تخم ریحان ہر ایک ۱ تولہ۔ سبکو پیسکر سوائے اسپغول کے ملا کر سفوف بنائیں اور
چھ ماشہ ہمراہ لعاب بیشہ خطمی ۱۲ ماشہ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلانا بہت نفع کرتا ہے اور اشیائی
گرم سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

فصل سولہویں اختناق الرحم

علامات۔ یہ مرض مشابہ صرع کے ہوتا ہے اور مریض کو دورہ مانند مرگی کے اور بار بار غشی کا ہونا
فرق یہ ہے کہ صرع میں جھاگ آتی ہے منہ سے اور اسمیں جھاگ نہیں آتی ہے۔
علاج ہاتھ پاؤں کو وقت دورہ کے باندھنا مفید ہے اور پاؤں کو ملنا خردل و نمک سابھر چھ
ماشہ ملا کر بہت مفید ہے اور پاشویہ کرنا گل بابونہ ۲ تولہ کا پانی میں جوشدیکر مفید ہے اور برف سے پانی
ٹھنڈا کر کے چہرہ پر چھڑکنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور ہولاہن جاؤشیر کندش جند بیدستر چھ چھ ماشہ بنا کر
ناک میں ڈالنا بہت مفید ہے۔ اور ویناد ہولی ہقل و کندہک و پشم نر کا ناک میں فوراً فائدہ کرتا ہے اور
لگانا رحم میں عنبر و زعفران و سعد کا عرق گلاب میں پیسکر بہت مفید ہے۔ اور اگر ممکن ہو تو جماع کرنا
بہت مفید ہے۔ اور آبزن آب کندھک سے کرنا مفید ہے اور کھلانا معجون نجاح کا بہت نفع کرتا ہے
ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ایک درم بسفائج۔ افتیمون۔ اسطوخودوس۔ تربد سفید ہر ایک ۵ درم شہد
سہ چند وزن ادویہ معجون بنائیں خوراک ۵ درم ہمراہ عرق بادیان کے دیں اور لگانا رحم میں
عطر گلاب و حنا بہت مفید ہے اور یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ سوہاگہ عاقرقرحا۔ بچھال کبوتر تین تین ماشہ
عطر مینا عطر حنا عطر گلاب تولہ تولہ شہد ۳ تولہ ملا کر شیاف سے رحم میں پہنچا دیں۔ اور جماع کریں۔

باب بست و یکم

در امراض ظہر یعنی پشت شامل اوپر تین فصلوں کے

فصل پہلی حدبہ میں۔ فصل دوسری وجع الظہر۔ فصل تیسری انحناء ظہر

فصل پہلی حدبہ میں یعنی کبڑا ہونا آدمی کا

علاج۔ ابتدا میں فصد باسلیق کریں۔ اور ضماد تخم حلبہ تخم کتان چربی بط و چربی مرغ مغز ساق گاؤ بنفشہ خطمی سبکو پیسکر روغن بابونہ ملاکر مالش کریں ؛

دیگر۔ ملانا مغز المناس ۳ تولہ۔ روغن بادام ایک تولہ عرق گلاب میں ملا کر پلا ویں اور تنقیہ کریں

دیگر عمل کرنا سلیخہ۔ دارچینی مصطگی۔ عود۔ روغن گل ہر یک تولہ تولہ ملاکر حقنہ کریں

دیگر یہ گولیاں بہت مفید ہیں شحم حنظل تربد سفید صبر سقمونیا برابر لیکر عرق گلاب میں گولیاں برابر نخود کے بنا کر ہفت روز کھلاویں۔ اور غذا شوربا مرغ و تیتر و بٹیر کا مفید ہے۔

دیگر۔ تخم کرفس بادیان۔ بیخ کرفس۔ اذخر۔ انیسون۔ زیرہ سیاہ۔ سداب۔ نانخواہ ہر یک ۴ ماشہ لیکر عرق بادیان ۱۰ میں جوشدہ کرکے ۲ تولہ گلقند ملا کر ۱ درہم ماشہ روغن بادام ملا کر پلانا بہت مجرب ہے

دیگر یہ ضماد بہت نفع کرتا ہی چرایتہ۔ شہد۔ دودہ۔ ایلوا۔ فرفیون۔ بادیان۔ سداب ہموزن لیکر روغن بابونہ ہموزن ملاکر مالش کریں۔ اور جماع سے پرہیز کریں۔ ابتدا میں علاج ہو سکتا ہے ورنہ یہ مرض لاعلاج ہے۔

فصل دوسری وجع الظہر یعنے درد ہونا کمر میں

علاج۔ مشہری دس عدد جو ایک مرکب دوا ہے جس کا بیان آگے ہوگا کھلاویں۔

دیگر ضماد کرنا سداب مر قسط بابونہ حلبہ اشق حب الغار تخم کتان سبکو پیسکر روغن بید انجیر میں ملاکر ضماد کریں۔ دیگر یہ گولیاں بہت نفع کرتی ہیں سورنجان شیریں شحم حنظل تربد سفید غاریقون صبر سبکو ہموزن لے کر گولیاں بنائیں۔ اور برابر نخود کے بنائیں۔ ایک صبح اور ایک شام ہمراہ عرق بادیان دس تولے کے کھلانا بہت مفید ہے۔

دیگر یہ روغن بہت مفید ہے روغن برگ دہتورہ برگ بہیجنہ برگ آک برگ ارنڈ برگ بید انجیر دو دو تولے کرکے شیرہ نکالیں ؛ اور قرنفل رتن جوت۔ دارچینی۔ بسباسہ۔ جوز بوا۔

ایک ایک تولہ۔ روغن کنجد آدھ سیر ملا کر جوشندہ بین اور مالش کرین۔

فصل تیسری وجع الحقب یعنے درد ناف ہو تھیگا وہ پشت کے نیچے میان دو جوڑون کے

علاج مقل اسقول انیسون زنجبیل تخم کرفس شحم حنظل سیہ ریحان ماہی زہرج ہموزن لیکر دو چند وزن شہد ملا کر شیاف بنائین اور دبر مین رکھین۔ اور برادہ صندل ۶ ماشہ عرق گلاب و سرکہ دو دو تولہ ملا کر پشت پر طلا کرین ✽ فصد باسلیق و حالبین کی کرین۔ اور تنقیہ کرنا ساتھ اسہال کے بہت ہے ✽ اور قسط سداب بابونہ حب الغار سبکو برابر پیسکر روغن گل مین ضماد کرین۔

دیگر یہ گولیان بہت مفید ہین۔ صبر سقوطری ماہی زہرج ہر یک درم سورنجان تربد ہر یک متقال حب النیل کتیرا نیم درم شحم حنظل ۳ ماشہ سب کو پیسکر گولیان برابر نخود کے بنائین اور صبح و شام کھلائین تمام عرق بادیان کے ✽ اور یہ گولیان بھی بہت مفید ہین۔ صعتر بیخ کبر مقل خام ہلیلہ آملہ شیطرج زنجبیل دارچینی دار فلفل نمک ہندی ہلیلہ سیاہ صبر سورنجان سبکو ہموزن لیکر گولیان برابر نخود کے بنائین اور سہ وقت کھوین۔ اور ملنا روغن سداب و بابونہ و قسط و روغن زیتون کا ملا کر بہت نفع کرتا ہے غذا گوشت کا شوربا اور ترشی و بادی کا پرہیز اور مسہل کرنا بھی بہت مفید ہے

باب بست دوم

وجع مفاصل مین اور اس باب مین سات فصل ہین

فصل پہلی وجع مفاصل۔ فصل دوسری نقرس فصل تیسری وجع الورک فصل چوتھی عرق النسا فصل پانچوین دوالی۔ فصل چھٹی داء الفیل فصل ساتوین وجع العقب مین ✽

فصل پہلی وجع مفاصل مین

یعنے جو درد جوڑون مین ہوتا ہے اسکو وجع مفاصل کہتے ہین۔ اور یہ کئی وجہ سے ہوتا ہے

مریض کیحالت سمجھکر علاج کرین اور چند مجرب جو ہر قسم کو مفید ہین۔ یہان بیان ہوتے ہیں۔

علاج۔ فصد کرنا باسلیق کا بہت مفید ہے۔ اور منقیہ کرنا بھی ضروری ہے۔ اور یہ گولیان اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ قرنفل۔ فلفل سیاہ حب السلاطین ایک ایک تولہ۔ برگ پان ۲۰ عدد ریسکپور ۳ ماشہ ملاکر گولیان برابر نخود کے بنائین۔ اور صبح وشام ایک ایک کھلائین ایکدو ایک اسہال ہوگا۔ اور ایک ہفتہ تک خدا فضل کردیگا۔

دیگر یہ گولیان بھی بطور مسہل کے بہت مفید ہیں۔ چاکسو۔ کتیرا ہر یک تولہ۔ دونون کو باریک پیسکر گولیان برابر مونگ کے بنائین۔ ایک صبح اور ایک شام سات روز تک دین۔ انشاء اللہ تعالی ہر قسم کا وجع مفاصل دور جاویگا۔

دیگر یہ ضماد بہت مفید ہے۔ صبر سقوطری۔ زعفران۔ افیون ہر یک چھ چھ ماشہ پیسکر سفیدی بیضۂ مرغ میں حل کرکے ضماد کرین۔

دیگر یہ روغن مالش کیواسطے بہت مفید ہے۔ قسط شیرین۔ قسط تلخ۔ سورنجان شیرین۔ سورنجان تلخ۔ جوز بوا۔ بسباسہ زعفران زنجبیل۔ دارچینی ہر یک چھ چھ ماشہ زتن جوت ایکتولہ روغن گنجد ۱۰ تولہ مین ملاکر مالش کرین۔

دیگر یہ دوا عجیب الاثر ہے۔ اسگند ناگوری ۳ ماشہ ہمراہ آب سرد کے ہر روز صبح کو کھلائیں اور اسکو سرکہ مین گھسکر ضماد کرین۔ ایک ہفتہ میں خدا فضل کردیتا ہے۔

دیگر یہ نطول بہت فائدہ کرتا ہے عنب الثعلب سبز گل بابونہ تخم شبت تخم حلبہ مرزنجوش ناخونہ سبکو ہموزن لیکر پانی میں جوشدیکر نطول کرین۔

دیگر یہ روغن مجرب ہے۔ مغز تخم بید انجیر۔ جوز بوا قرنفل گھونگچی سفید۔ تخم جوزماثل زنجبیل قسط تلخ مجیٹھ زرد چوب سجی خولنجان افیون پیپا باشہ کٹائی خورد۔ برگ سنبھالو کٹائی خورد۔ دارچینی مونج ہر یک تولہ تولہ اسگندھ ۳ تولہ آدھ سیر روغن گنجد مین جوشدیکر اور صاف کرکے مالش کرین

دیگر یہ جوارش بہت فائدہ کرتی ہے۔ نقرس وجع الورک ومفاصل ہر قسم کو مفید ہے۔ سنبل الطیب فلفلمویہ سلیخہ دارچینی اسارون۔ ہر ایک ایک تولہ زعفران چھ ماشہ مصطگی ۳ تولہ قند سفید برابر ادویہ شہد دوچند ادویہ ملاکر معجون بنائیں خوراک ایک تولہ صبح وشام

دین اور یہ حب بہت مفید ہے۔ سنکھیا سفید ۸ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۸ ماشہ کتھ سفید ۹ ماشہ سمندر پھل ۴ ماشہ۔ عرق لیمون کاغذی ۲۵ عدد میں سات روز تک کھرل کریں اور گولیاں برابر مرچ سیاہ کے بنائیں اور ایک گولی صبح و شام دین ؛

فصل دوسری نقرس میں

یہ وہ مرض ہے کہ پاؤں کے انگوٹھے سے اوپر کو آتا ہے۔ علاج اسکا بھی وجع مفاصل کا علاج ہے ابتدا مین کشنیز خشک کافور اکلیل الملک اسغول سبکو عرق کاسنی مین پیسکر اوپر پاؤں اور پنڈلی کے ضماد کریں۔ اور ڈالنا پانی برف کا اوپر ٹانگ کے اور باندھنا کپڑا بھگو کر بہ النفع کرتا ہے۔ اور نطول کرنا گلنار پوست انار پھٹکری عنب الثعلب بنفشہ گل بابونہ مرزنجوش اکلیل الملک تخم خطمی سبکو برابر وزن لیکر پانی مین جوشدیکر اور اوپر سے ضماد کرنا صندل آرد جو عدس مقشر گل ارمنی کافور ہر ایک چھ ماشہ سرکہ ۳ تولہ عرق گلاب ۶ تولہ میں حلکر کے بہت نفع دیتا ہے۔ اور اس مرض میں مسہل سخت اور گرم دینا بہت نقصان کرتا ہے۔ اگر ضرورت ہو۔ تو ملین سے کام لیویں۔

دیگر یہ گولیاں بہت نفع کرتی ہیں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ سیاہ بلیلہ برگ سناکی تربد سفید شحم حنظل سقمونیا مشوی غاریقون صبر سقوطری سب چھ چھ ماشہ لیکر شیرہ کنوار مین حلکر کے گولیاں بنائیں اور علاج جو مفاصل کا ہے اسمین بھی فی ہی کیا جاتا ہے ؛

فصل تیسری وجع الورک یعنی چوتڑ کے جوڑ میں درد کا ہونا

علاج فصد کرنا باسلیق کا مقابل اور قے سے تنقیہ کرنا بہت مفید ہے دیگر یہ ضماد بہت نفع کرتا ہے مرزنجوش گل بابونہ تخم کتان گل خطمی بنفشہ اکلیل الملک سبکو کہر مین پیسکر ضماد کریں۔ اور آبزن کرنا پوست خشخاش عنب الثعلب نمک لاہوری سبوس گندم پانی میں جوشدیکر بہت نفع کرتا ہے اور فاقہ کرانا مفید ہے اور حب طیاناز راوند مدحرج تخم سداب عرق بادیان مین جوشدیکر بہت نفع کرتا ہے ؛ اور گلاب لگانا ساتھ پچھنے کے بہت مفید ہے

اور گندہک کے پانی سے آبزن بڑا اچھا اور منفعت بخش ہے۔ اور پلستر لگانا سیج گیہ عاقرقرحا پھلا
ہتھ گیہن کبوتر و زرا ریح کا عسل سے ملا کر جب قرح ہو جاوے اور اُسکو چند روز اس کا پانی نکالے
پھر اسکی مرہم سے اندمال کرے اور داغ دینا اس جگہ بہت مفید ہے

دیگر یہ گولیان بہت مفید ہین شحم حنظل۔ تربد سفید ایارج فیقرا برابر کوٹ کر گولیان برابر
نخود کے بنائین۔ اور دو تین گولی دیوین مجرب ہے

دیگر یہ گولیان بھی عجب اثر رکھتی ہیں۔ سورنجان تلخ۔ صبر تربد سنا کی افسنتین سانبر نمک
شحم حنظل اجمود سب کو برابر لے کر پانی میں کھرل کرکے گولیان برابر بیر جنگلی کے بنائین اور
چار گولیان بوقت شب کے دین بہت مجرب ہے

فصل چوتھی عرق النسا یعنے یہ درد جو کہ جوڑ سے چوکے نیچے کیطرف پاؤن تک اتر جاوے

علاج فصد صافن کی بہت نفع کرتی ہے۔ اور حقنہ کرنا ساتھ قے کے نفع کرتا ہے۔

دیگر تا یہ روغن بہت مفید ہے۔ مغز بیدانجیر کچلہ بھلاور جوزبوا قرنفل جاوتری بالنگنی
گھونگچی سفید ہر ایک ایک ایک تولہ سنکھیا سفید۔ شنگرف چھ چھ ماشہ۔ تخم دہتورہ۔ تخم
مشک۔ تخم برنہ ہر ایک تولہ سبکو ہموزن لیکر اور روغن کنجد و روغن بابونہ دس دس
تولہ میں خوب جلا کر صاف کرکے ملین بہت نفع کرتا ہے۔

دیگر یہ گولیان بہت مفید ہین صبر سقوطری تولہ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ بزر البنج۔ فرفیون
تین تین ماشہ سورنجان ۶ ماشہ شب کو شیرہ گھیکوار میں حلکرکے گولیان برابر نخود کے
بنائین۔ اور صبح و شام ہمراہ عرق بادیان آدھ پاؤ کے کھلائین بہت مجرب ہے

دیگر یہ گولیان اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ سورنجان تلخ۔ صبر تربد سفید۔ سنا کی افسنتین نمک
سانبھر شحم حنظل اجمود پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ بادیان فلفل سیاہ دارفلفل قرد مانہ مغز
تخم برابر وزن لیکر خوب باریک کرکے شیرہ سویہ میں حلکرکے گولیان برابر نخود
کے بنائین۔ اور ایک صبح اور ایک شام ہمراہ آب تازہ کے کھائیں نہایت مفید ہے۔
پرہیز ترشی و بادی۔ غذا گوشت وغیرہ

دیگر ڈالنا نمک گندھک کا گرم گرم اوپر کمر وران کے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اور باقی
علاج وجع مفاصل کا کریں۔ اور جو تدبیریں مفاصل میں ہیں وہ مفید ہیں۔

فصل پانچویں دوالی یعنے پھولجانا رگون پنڈلیونکا

علاج فصد باسلیق کی کریں اور تنقیہ قے سے کراویں اور سات روز بعد ایارج فیقرا
ساتھ گل ارمنی کے کھلاویں۔ اور ماء الجبن اس مرض میں بہت مفید ہے اور یہ ضماد بہت نفع
کرتا ہے۔ پشک گوسفند چربی شتر موم سفید گل بابونہ۔ مرزنجوش عنب الثعلب روغن گل
ملا کر خوب پیسکر ضماد کریں۔ اور گوبر گاؤ ہمراہ زیرہ کالی کے پیسکر لگانا سرکہ میں اور اوپر
سے سینک کرنا بہت مفید ہے۔

دیگر یہ روغن بہت نفع کرتا ہے۔ چوب چینی ۵ تولہ سورنجان تلخ ۹ تولہ سداب نیم کوفتہ
سنبل الطیب فرنجمشک سندی مرزنجوش زراوند طویل ہر یک ۹ ماشہ عاقرقرحا قسط
تلخ بابونہ شبت گل سرخ حرمل ہر یک ۲ تولہ زنجبیل ایک تولہ کوفتہ کرکے رات کے وقت پانی میں
تر کریں اور صبح کو جوش دیکر روغن کنجد ۲۰ تولہ ملا کر جوش دیں اور روغن کو مالش کریں۔

دیگر یہ نطول بہت مفید ہے۔ بکو سنبر اجوائن دیسی زنجبیل مرزنجوش گل بابونہ تخم شبت تخم
حلبہ ہموزن لیکر پانی میں جوش دے کر نطول کریں۔

دیگر یہ سفوف کھلاویں بہت مفید ہے۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ آملہ بلیلہ ہلیلہ سیاہ برگ
سنا مکی تربد سفید صبر سقوطری شحم حنظل نمک سیاہ ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔ اور
تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان۔ ہار کے کھلائیں بہت مفید ہے۔ غذا گوشت کا شوربا اور نان گندم
پرہیز ترشی و بادی۔ اور علاج داءالفیل کا ہے وہ یہاں بھی مفید ہے اور پنڈلیوں پر
پٹی خوب باندھیں

فصل چھٹی داءالفیل یعنی ساق و پاؤں موٹے ہو کر بہ مشابہ بدن کے ہو جائیں

علاج ماءالجبن بہت مفید ہے۔ ہمراہ جوشاندہ افتیمون کے۔ اور فصد باسلیق یا صافن کی کرنا

کرنا نفع کرتی ہے۔ اور پاؤ تکیہ پر اونچا کر کے رکھین اور عصارہ حبہ التیس کا اور افاقیا کا ضماد کرین۔ اور بوقت چلنے کے یہ ضماد کرین۔ مازو گز مارج صمغ عربی افاقیا کا سر کہ میں ملا کر ضماد کرین۔ اور قے کرنا متواتر بہت مفید ہے اور اطریفل صغیر ایکتولہ۔ کندر۔ زنجبیل ایک ایک ماشہ ملا کر صبح کو کھلانا نفع کرتا ہے۔ اور بعد تنقیہ کے یہ ضماد بہت مفید ہے۔ اقاقیا۔ صبر جوز السرو نگر بھی ہمگی ہموزن لے کر طلا کرین۔ اور فاقہ کرنا بہت مفید ہے۔ اور ابتدا میں اسکا علاج ہے ورنہ بعد عرصہ کے یہ مرض نہیں جاتا۔ اور غذا مرطوب سے پرہیز کراوین۔ اور چاول اسمین بہت نقصان دیتے ہیں۔

فصل ساتوین وجع العقب یعنے درد ایڑی مین

علاج گیرو و زنجبیل کا ضماد کرین۔ اور یہ ضماد بھی مفید ہے۔ ماہیتان گل ارمنی عرق گلاب مین گھسکر لیپ کرنا مفید ہے۔ اور پانی سرد گرانا ایڑی پر بہت مفید ہے اور فصد بھی مفید ہے۔ اور قے کرانا اور تنقیہ کرانا بہت مفید ہے اور روغن گل و سرکہ روغن بابونہ مصطگی پیسکر لگانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ ضماد بھی بہت مفید ہے۔ افیون صبر زعفران تین تین ماشہ زردی بیضہ مرغ میں حلکر کے ضماد کرنا اور برف باندھنا ایڑی پر بہت نفع کرتی ہے۔ اور یہ گولیان بہت مفید ہین تخم حنظل۔ تربد صبر فلفل سیاہ سبکو باریک پیسکر گولیان برابر نخود کے بنائیں ۃ

باب بست و سوم

در امراض حمے یعنے تپ اسباب مین سات فصلین ہین

فصل پہلی درمیان حمی یوم کے۔ فصل دوسری حمی خلطیہ میں۔ فصل تیسری حمی دق میں فصل چوتھی حمی دق شیخوخت مین۔ فصل پانچوین حمی جدری وحصبہ کی۔ فصل چھٹی حمی وبائی میں۔ فصل ساتوین درمیان بحران کے۔

فصل پہلی حمی یومیہ میں

علامات اسکے کئی سبب ہیں۔ طبیب کو لازم ہے کہ پہلے سبب کو دریافت کرے کہ آیا بینج سے ہے یا خوشی سے۔ یا بیداری یا کثرت شراب سے۔ یا وہم سے یا غم سے یا اور سبب سے اسکے مطابق علاج کرے۔ بسبب طول ہونیکے سب نہیں لکھے۔ خلاصہ علاج درج کردیئے گئے ہیں ؎

علاج اگر پیاس کا غلبہ ہو تو لعاب بہیدانہ و لعاب اسپغول ہمراہ شربت نیلوفر و بنفشہ کے پلانا مفید ہے اور اگر قبض ساتھ ہو تو آلو بخارا تمر ہندی گل نیلوفر پانی میں تر کرکے آب لال لیکر پلانا مفید ہی۔ اور اگر تین روز گذر جائیں تو ساتھ شیرہ گلقند و مغز کدو بادیان ملاکر پلانا مفید ہے اور اگر ساتھ کھانسی ہو تو یہ خیساندہ دین اصل السوس ۳ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ گل نیلوفر ۳ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ شکاعی ۳ ماشہ سپستان ۱۱ دانہ۔ عناب ۷ دانہ۔ تخم خطمی و خبازی ۷ ماشہ سب کو آدھ سیر پانی میں رات کو تر کرکے صبح آب لال نکالکر خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملاکر دو چار روز پلاوین۔ اور اگر افاقہ نظر نہ آوے تو پانچوین روز گل سرخ ۵ ماشہ مغز خیار شنبر ۵ تولہ آلو بخارا ۱۱ دانہ۔ تمر ہندی ۴ تولہ۔ عرق گلاب نیم سیر میں تر کرکے آب لال نکالکر شیرہ مغز بادام ۷ دانہ۔ شیرہ گلقند ۳ تولہ ملاکر پلاوین۔ انشاء اللہ تعالی فائدہ ہوگا۔ اور صندل و گلاب گھسکر قلب پر رکھیں ؎ اور پاشویہ کرنا مفید ہی اور حمی یومیہ دو روز یا ایک رات دن میں جاتا ہے چاہے کسی سبب سے ہو ابتدا میں مقوی قلب ادویہ دیگی کرین مثل عرق کیوڑہ و بید مشک شربت صندل و عرق گلاب لعاب بہیدانہ و اسپغول شربت نیلوفر و بنفشہ دینا جائز ہے بعد سہ روز کے اگر تپ قائم رہے تو خیال سے علاج کرین۔ تاکہ معلوم ہو جائے کہ یہ منتقل دوسری جانب ہو گیا ہے۔ اور جو رائے طبیب کی جیسا مناسب سمجھے علاج کرے۔ اور تعلق اس تپ کا روح سے ہی۔ مفرح جات کیطرف توجہ کرین بہت مفید ہے۔ اور ساتھ دردِ سر پیدا ہو تو کافور صندل کشنیز خشک کا لیپ کرین۔ لعاب بیدانہ ہمراہ شربت بنفشہ کے پلانا بہت مفید ہے

فصل دوسری حمی خلطیہ میں یہ دو قسم ہے ایک قسم یہ ہے کہ خلط گرم ہوکر جوش

ہیں اگر تپ پیدا کرے۔ اور ایسا تپ سوائے گرم ہونے خون کے دوسری خلط نہیں ہوسکتی
قسم دوسری خلط متعفن ہوکر تپ پیدا کرے۔ اور خلط چار ہیں۔ دموی۔ صفراوی۔ بلغمی
سوداوی۔ پس تعفن ہے تا خلط کا داخل عروق ہیں اسکو تپ لازم ولازم کہتے ہیں یا خارج
عروق ہو یا مثل دماغ یا معدہ یا امعا یا ماساریقا یا نہد طحال یا سلبہ یا ریہ وغیرہ اسکو تپ
دائرہ یا یا نائبہ کہتے ہیں قسم اول حمی دموی یعنے حمی مطبقہ نام ہے یہ بھی دو قسم ہے
ایک وہ کہ جوش میں آنا خون کا ہو بدون عفونت کے ہو تو اسکو تپ جوشش بلا عفونت کہتے
ہیں علاج اسکا فصد ہفت اندام و باسلیق کریں۔ اور خون زیادہ نکالیں۔ یہانتک کہ غشی
ہو جاوے۔ اور رب ریباس و حماض و اترج کو پلا دیں اور مسور ساتھ سرکہ کے پکا کر کھلانا مفید
ہے قسم دوسری کہ سبب اسکا عفونت خون کا ہو نشانی اسکی یہ ہے کہ گرمی اسکی زیادہ ہوتی
ہے پہلی قسم سے اور قلق و کرب اور پیشاب کا مکدر ہونا ساتھ بدبو کے علاج اسکا بھی
فصد لازم ہے۔ اور عناب انار سکنجبین سادہ جوشاندہ بیخ کاسنی بیخ مہک آب انار
شربت خشخاش۔ اور یہ نقوع بہت مفید ہے۔ نیلوفر۔ آلو بخارا کاسنی۔ تمر ہندی
گل بنفشہ۔ تخم خیارین۔ شربت بزوری اور شیر مغز کدو و آب تربوز شیر خشت سے مہیا
کرکے اور آش جو اور پالک و کدو اور ترشی ہو تو کھلانا بہت مفید ہے

قسم دوسری حمی صفراویہ جسکو حمی غب کہتے ہیں یہ بھی دو قسم ہے ایک جو صفرا رگوں
میں متعفن ہو اسکو تپ لازمہ کہتے ہیں۔ اور جو اگر اون رگوں میں متعفن ہوکر قریب دل یا جگر کی
رگوں کے جاوے اسکو تپ محرقہ کہتے ہیں قسم دوسری وہ جو صفرا متعفن ہوکر اور کسی عضو میں
جاوے اسکو غب دائرہ کہتے ہیں۔ یہ ہر دو قسم غب خالص ہے اور جو غیر خالص ہے وہ صفرا
اور جسم سے ہوتا ہے۔ علاج غب لازم کا کرنا پہلے ضروری ہے اور لرزہ اسمیں نہیں
ہوتا اور پسینہ اسمیں نہیں نکلتا مگر اخیر میں اور بروز بحران کے۔ اور یہ تپ زیادہ ہفتہ
سے نہیں رہتا۔ اگر علاج میں خطا نہ ہو اور جب تک نشانی نضج کی ظاہر نہ ہو استفراغ نہ
کریں۔ اور ابتدا میں شربت بنفشہ۔ شربت لیموں وغیرہ کاسنی و آلو بخارا و تمر ہندی
زرشک شیرہ گلقند بہت نفع کرتا ہے۔ دوسرے علاج محرقہ کا جو تپ محرقہ ہے

وہ صفرا متعفن ہو کر دل و جگر کے نواحی رگون میں متعفن ہوتا ہے یا وہ اسکا صفرا ہوتا ہے یا بلغم شور کی نشانی۔ اسکی اندرونی بدن زیادہ جلتا معلوم ہوتا ہے ظاہر بدن سے اور پیاس بہت تھوڑی کھانسی اور زبان سیاہ ہوجاتی ہے یا زرد اور کھر کھری اور کرب سقوط اشتہا اور اختلاط عقل اور گرمی سینہ کی اور پسینہ کا نہ آنا اور قلق درد سر وغیرہ اور کبھی ناک سے خون کا نکلنا بھی ہوتا ہے **علاج**۔ اسکی تدبیر غور سے کریں۔ اور غافل نہ رہیں ورنہ دق ہوجاویگی۔ آلو بخارا تمر ہندی سکنجبین سادہ لعاب اسپغول شیرہ خرفہ دیں اور واسطے تسکین فی الفور شربت صندل۔ اور شربت انار ترش۔ شربت حماض واترج کھلادیں۔ اور صندل و گلاب کافور سرد کرکے سینہ پر رکھیں۔ اور یہ سفوف کھلاویں۔ طباشیر تخم خرفہ ست گلو کتیرا صمغ عربی بہیدانہ مغز کدو شیرین۔ مغز تربوز ہر ایک تولہ تولہ۔ کافور ۵ ماشہ تخم حماض۔ برادہ صندل سفید تولہ تولہ سب کو ملاکر سفوف بنائیں۔ اور ہمراہ شیرہ آلو بخارا وتمر ہندی کے دیویں بہت مفید ہے۔ اور اسمین اکثر سلم بھی ہوجایا کرتا ہے اور موقعہ پر مادہ کو نضیج کرکے مسہل دیویں۔ اور ابتدا میں مسہل منع ہے۔ اور شیرہ مغز خیارین تخم کاہو خرفہ لعاب اسپغول و لعاب بہیدانہ آلو بخارا تمر ہندی۔ اور آب تربوز اس تپ کا علاج اور دق کا علاج موافقت رکھتا ہے۔ اور جو طبیب حاذق کی رای ہو وہ عمل میں لائیں۔ اور پاشویہ بھی ضروری ہے۔ اور حقنہ بہت مفید ہے۔ اور ملنا پاؤں کا روغن سے بہت فائدہ کرتا ہے۔ غذا آش جو اور پالک اور دودھ بہت فائدہ کرتا ہے۔ دودھ گدھی کا اور بکری کا اور گائے کا حسب ضرورت اور ماء القرع یعنے آب کدو کا گرم کرکے بہت مفید ہے۔ اور پلانا عرق شیرہ بیدمشک کا ہمراہ شربت آلو وتمر ہندی کے بہت مفید ہے

اور غب دائر خالص یہ تپ صفراوی ہے۔ ایک روز درمیان دیکر آتا ہے اور وقت آنے کے پیٹھ میں درد اور بعد لرزہ شروع ہوگا۔ اور جلد ساکن ہوگا۔ اور بدن جلد گرم ہوجاوے گا۔ اور سخت گرمی معلوم ہوگی کہ بدن جلا جاتا ہے اور مدت ساعت ساعت اور اسمین بیخوابی اور بیقراری اور پیاس بہت اور متلی اور قی و اسہال اور درد سر اور روشنی بری معلوم ہوگی **علاج** مسہل اور قے کرانا او

لعابات و سکنجبین و آلو بخارا و تمر ہندی اور مغز فلوس روغن بادام ترنجبین اور شیرہ کاسنی و خرفہ سکنجبین بزوری بہت فائدہ کرتی ہے۔ اور یہ دوا بہت مجرب ہے۔ بھنگ ۶ ماشہ خوب باریک پیسکر کافور ایک ماشہ ملاکر بقدر ۲ سرخ کے قبل از نوبت بہت مفید ہے۔ اور پھٹکری بریان ایک ماشہ میں ڈالکر قبل از نوبت کھلانا فوراً تپ دور ہو جاتا ہے۔ مغز کرنجوہ خوراک بقدر ایک ماشہ کے قبل از نوبت بہت مفید ہے۔ ہمراہ سکنجبین بزوری کے۔ اور یہ سفوف بہت مفید ہے۔ طباشیر ۲ ماشہ دانہ الائچی سفید ست گلو۔ ورق نقرہ ۲۵ نبات سفید ۲ تولہ ملاکر سفوف بنادیں۔ اور ۳ ماشہ ہمراہ ۷ دانہ آلو بخارا و ۳ تولہ تمر ہندی کے پانی میں بھگوکر اور تخم کاسنی ۳ تولہ ڈالکر آب زلال لیں۔ انشاء اللہ دو چار روز میں صحت ہوگی۔ اور غب دائرہ خالصہ جو متعفن ہونے بلغم و ملنے صفرا سے ہوتا ہے۔ یہ بھی سردی سے آتا ہے۔ اور دیر تک لرزہ رہتا ہے اور گرمی تیز نہیں ہوتی۔ اور بدمزگی منہ کی اور بیخوابی اور کرب و کاہلی اور ضعف معدہ اور اشتہا کی خواہش نہیں ہوتی۔ اور یہ معلوم کرے کہ صفرا غالب ہے یا بلغم **علاج** فصد ہفت اندام اور مسہل قوی نہ دیویں۔ اور غذا اور شربت بہت سرد نہ دیویں۔ اور قے بہت فائدہ کرتی ہے۔ اور یہ دوا بہت مفید ہے۔ بادیان اصل السوس صعتر زوفا پودینہ سنبل پکاکر ہمراہ گلقند کے دیں۔ اور قرص بنفشہ و شربت افسنتین بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور یہ سفوف بھی مفید ہے۔ سقمونیا تربد غاریقون گل بنفشہ روغن بادام ڈالکر ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ گلقند و بادیان کے کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور شربت ورد مکرر اور شیرہ کاسنی و خرفہ و تخم کشوث تخم خطمی کا بہت مفید ہے اور یہ دوا بہت فائدہ کرتی ہے ناخواہ۔ گلو سبز چھ ماشہ ہر دو کو شب کے وقت پانی میں بھگوکر صبح شیرہ نکالکر ۲ تولہ گلقند ملاکر پلانا بہت نفع کرتا ہے۔ اور اس تپ میں کونین بھی بہت نفع کرتی ہے بعد تنقیہ کے اور چرائتہ و شاہترہ پانی میں بھگوکر پینا بہت مفید ہے

شطر الغب یہ تپ بھی آمیزش صفرا اور بلغم سے ہوتا ہے۔ مگر متعفن ہونا صفرا اور بلغم کا جدا جدا ہے۔ علامت ایک روز لرزہ زور کا ہوتا ہے اور دوسرے روز کم یہ تپ اکثر ۹

تک قائم رہا کرتا ہے۔ اور منتقل بہ بدن ہو جاتا ہے۔
علاج۔ زیادہ توجہ مادہ کے اخراج کی ساتھ مسہل کے کریں لیکن مسہل بغیر نضج کے نہ دیویں اور مسہل کرنا ترنجبین اور شیر خشت و مغز فلوس خیار شنبر سے آب تمر ہندی ایارج فیقرا شحم حنظل سقمونیا تربد وغیرہ سے۔ تیسرے حمی بلغمی کا بیان اس کی بھی دو قسمیں ہیں ایک تعفن بلغم کا رگوں میں اسکو ناہیہ مواظبہ کہتے ہیں دوسری اگر متعفن اسکا خارج رگوں میں ہو اس کو لثقہ کہتے ہیں۔ قسم ناہیہ مواظبہ کا علاج اور نشانی پیاس لازمی ہے بلغم شور کی وجہ سے اور پیاس کم اور شروع تپ میں غشی ہونا اور چہرہ میں تہیج اور بڑا ہونا تلی کا اور منہ تر رہنا اور بول سفید اور قی یا دراسہال بلغمی ہونا اور شروع تپ میں سردی و لرزہ آتا ہے۔ مگر پھر دور ہو جاتا ہے اور بدن میں اثر اسکا ہر وقت رہتا ہے۔ اور گلقند اور سکنجبین ملا کر پلانا بہت مفید ہے اور قے کرانا بہت نفع کرتی ہے۔ اور گلقند ۲ تولہ انیسون ۳ ماشہ ملا کر ساتھ عرق بادیان کے کھلانا بہت مفید ہے اور بھوکھا رکھنا اور ریاضت کرنا مفید ہے۔ اور یہ ضماد فم معدہ پر کریں۔ گل سرخ قصب الذریرہ مرزنجوش زعفران کا پیسکر اور شربت افسنتین کا بہت مفید ہے اور یہ قرص بہت مفید ہے۔ گل سرخ انیسون ساذج ہندی اسارون افسنتین سنبل الطیب مغز بادام تلخ صبر عصارہ غافث تخم کرفس سب کو برابر کوٹ کر قرص بنائیں اور ہمراہ عرق بادیان اور سکنجبین بزوری کے کھلاویں اور انجیر زرد ساتھ شہد کے کھلانا بہت مفید ہے اور مرچ سیاہ دانہ الائچی کلاں و نبات سفید ملا کر سفوف بنا کر دینا بہت مفید ہے۔
قسم دوسری لثقہ اسمیں ابتدا میں لرزہ ہوگا۔ فرق دق میں اور اسمیں یہ ہے کہ دق بعد کھانے کے گرم ہو جاتا ہے اور لثقہ بعد غذا کے گرم نہیں ہوتا اور باقی آثار ناہیہ کے یا دق کے اسمیں ہوتے ہیں۔ **علاج** قرص گل اور قرص غافث اور گلقند بہت فائدہ کرتی ہے اور سکنجبین بھی مفید ہے ہمراہ عرق بادیان کے اور پلانا نار الاصول کا بہت مفید ہے اور لحاظ جگر کا ضرور رکھیں اور لعاب بنفشہ و سپستان و پرسیاوشان وزوفا بہت اثر رکھتا ہے۔ حمی انقیانوس اور حمی لیفوریا میں انقیانوس

وہ تپ ہے کہ باطن بدن کا سرد ہو۔ اور باہر بدن گرم اور لیفوریا وہ تپ ہے کہ باطن گرم معلوم ہو۔ اور باہر سرد اور یہ تپ بلغم کے متعفن ہونے سے ہوتا ہے۔ تدبیر اور علاج دونوں کا ایک ہے **علاج** قے کرانا تخم ترب و سکنجبین سے اور کھلانا گلقند کا ساتھ سکنجبین کے دو ہفتہ تک اور مصطگی و انیسون ساتھ گلقند کے کھلانا بہت نفع کرتی ہے **حمی** سوداویہ اس کی بھی بہت قسمیں ہیں حمی ربع حمی خمس حمی سدس حمی سبع حمی ثمن حمی تسع حمی عشر لیکن سب سے زیادہ حمی ربع ہوتا ہے یہ وہ تپ ہے جو چوتھے روز دورہ کرتا ہے اور یہ لرزہ سے آتا ہے اور دیر تک رہتا ہے سال سال بھر پیچھا نہیں چھوڑتا **علاج** شروع میں قے کرانا بہت مفید ہے اور روز نوبت کے فاقہ تمام دن کھانا نہ دیوں اور فصد باسلیق اور ہفت اندام کی کریں۔ اور پلانا بنفشہ شاہترہ ہلیلہ کابلی بسفائج مغز خیار شنبر ترنجبین اور پلانا آب تربوز ساتھ شربت سکنجبین کے بہت مفید ہے اور پلانا جوشاندہ بنفشہ آلو بخارا اور تمر ہندی افتیمون کا ساتھ ماء الجبن کے اور گلقند ہمراہ عرق بادیان کے بہت مفید ہے۔ اور شیرہ تخم قرطم کا ساتھ گلقند کے عرق بادیان میں بہت نفع کرتا ہے۔ اور یہ سفوف بہت مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ بسفائج افتیمون گل غافث ہموزن کوٹ کر ۲ ماشہ ہمراہ سکنجبین سادہ و عرق بادیان کے دینا بہت مفید ہے اور موسم سرما میں حلتیت ساتھ گلقند کے کھلانا بہت نفع کرتی ہے۔ اور اس تپ کے مسہلات میں افتیمون بسفائج غاریقون حجر ارمنی لاجورد خربق سیاہ ہمراہ شربت افسنتین کے کھلانا بہت مفید ہے ÷

فصل تیسری حمی دق میں

یہ وہ تپ ہے کہ پہلے حرارت غریبہ اعضای اصلی میں متعفن ہو کر رطوبت ثلثہ کو فنا و نیست کرتی ہے اور اس تپ کے تین درجہ ہیں اسلیے کہ رطوبات بدن تین ہیں پہلی وہ کہ مانند شبنم کے بیچ چھوٹی رگوں کے تمام اعضائے اصلی میں پراگندہ ہو کر پھیلتی ہیں۔ دوسری اعضائے میں مثل مانند اٹکے ہو گئی ÷

تیسری وہ رطوبت ہے کہ اجزاے اعضاے اصلی بہ سبب اُسکے آپس میں پیوستہ ہیں جب یہ رطوبت فنا ہو جاوے پیوستگی اجزا کی جاتی رہی مثال اُس کی یہ ہے کہ رطوبت پہلی تیل ہے کہ چراغ میں موجود ہے دوسری وہ رطوبت ہے کہ جو بتی میں گُھس کر موجود ہے۔ تیسری وہ جو تیل کہ پیوستگی اجزا میں سے اوس سے ہے اور جب تیل چراغ کا کم ہوتا ہے تو وہ تیل جو بتی میں خرچ ہوتا ہے اسی طرح جب پہلی رطوبت کم ہوتی ہے تو دوسری خرچ ہوتی ہے۔ یہ پہلا درجہ دق کا ہے جب دوسری رطوبت خرچ ہونے لگتی ہے وہ دوسرا درجہ ہے جب خالص بتی رہجاتی ہے اور تیل خرچ ہو جاتا ہے وہ تیسرا درجہ دق کا ہے۔ اس تپ کو حکما نے لاعلاج بیان فرمایا ہے انکا قول صحیح اور درست ہے اس مرض میں بہت مشکل ہے بچنا اور پہچان پہلے درجہ کی مشکل ہے۔ دوسرے درجہ کو ذبول کہتے ہیں اُسکو بآسانی پہچان سکتے ہیں۔ یہ تپ اکثر غم و ہم غضب تعب بیخوابی اور رجوع مفرد اور اسباب بدنیہ مانند ورم گرم حرارت جگر شطر الغب تپ محرقہ منتقل ہو کر دق ہوتی ہے۔ اوّل درجہ ورنہ دویم تک علاج پذیر ہے۔ تیسرے درجہ میں لاعلاج ہے۔ شناخت تپ لازمی رہنا اور بعد کھانے کے زیادہ معلوم ہونا اور کھانسی لازمی اور اعصاب گردن کے گرم زیادہ اور جب بدن پر ہاتھ رکھیں گرم معلوم نہ ہو تھوڑی دیر کے بعد گرم معلوم ہو اور پیشاب میں دہنیت ہونا اور بعد کھانے کے قبض بہت قوی ہو جاوے۔ علاج۔ پلانا شیرہ خرفہ و کدو کا ساتھ شیربز کے بہت مفید ہے۔ اور صندل گلاب و کیوڑہ میں پارچہ تر کر کے سینہ پر رکھنا بہت نفع کرتا ہے۔ اور ماء اللحم بہت فایدہ کرتا ہے۔ اور جالینوس نے فرمایا ہے کہ کھلانا گلقند کا شب و روز ایک ماہ تک دق کے واسطے اکسیر ہے۔ اور یہ گولیاں بہت مفید ہیں و چاول ساٹھی ۲ تولہ ۵ تولہ شیر خر میں حل کر کے گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور صبح و شام ہمراہ عرق شیر کے کھلانا بہت مفید ہے۔ اور نسخہ عرق شیر یہ ہے۔ برگ بید برگ بالک برگ خرفہ برگ کدو برگ کیول گٹھ ایک ایک پاو۔ مغز بادام۔ مغز کدو شیریں مغز تربوز۔ مغز خربزہ ہریک ۵ تولہ۔ تخم خرفہ ۲ تولہ۔ تخم کاہو ا تولہ۔ گل نیلوفر۔ گل کیلہ۔ گل گاوزبان۔ برگ گاوزبان۔ گل سیوتی۔ گل سرخ۔ گل کیوڑہ۔ گل چاندنی۔ گل موتیا۔ ہریک

٣ تولہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ ثعلب مصری ٣ تولہ۔ بہمن سرخ و بہمن سفید ہر یک ٢ تولہ تخم کاسنی بیخ کاسنی پانچ پانچ تولہ۔ سب کو رات کو عرق بید مشک ٢ سیر میں تر کر کے صبح کو شیر گوسفند ٢ سیر ملا کر نے میں زعفران ٦ ماشہ رکھ کر اور ٣ تولہ کافور ہمراہ پوٹلی کے عرق کشید کریں۔ یہ عرق دق کے لیئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

دیگر۔ یہ سفوف بھی بہت مفید ہے۔ طباشیر سفید گل ارمنی ست گلو دانہ الائچی سفید تخم خرفہ تخم ریحان تخم بالنگو تخم کاسنی مغز کدو شیرین مغز بہیدانہ کتیرا صمغ عربی سرطان محرق سوختہ سنگ لیشب کھرباشمی بسد سوختہ سب کو برابر وزن لے کر سفوف بنائیں اور ہمراہ شربت اعجاز کے دینا بہت مفید ہے۔ اور یہ شربت بھی بہت مفید ہے تخم کاسنی بیخ کاسنی۔ بادیان بیخ بادیان۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤزبان ہر یک ٢ تولہ۔ گل کیوڑہ ایک عدد۔ مغز تخم خیارین مغز تخم خربوزہ دو دو تولہ۔ مغز کدو شیریں ٣ تولہ۔ سپستان ٥٠ عناب ٢٥۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک تولہ۔ تخم کشوث ٦ ماشہ۔ آب تربوز۔ آب انار۔ آب کدو سبز۔ آب خیارین سبز سب کو عرق کاسنی میں تر کر کے صبح قند سفید ملا کر شربت بناویں ہمراہ عرق شیر کے کھلانا بہت مفید ہے

فصل چوتھی حمی دق شیخوخت

یہ مرض جنس حمیات میں ہے یہ اکثر مشابہت دق کے ہے یہ اس میں تپ نہیں ہوتا مگر علامات ظاہر مانند دق کی ہوتی ہیں۔ اس مرض میں بیمار بہ صورت مدقوق کے دکھلائی دیتا ہے اس واسطے اس کو دق الشیخوخت و دق الہوم کہتے ہیں۔ اور یہ مرض بڈھوں کے نسبت جوانوں کے اور جوانوں کو نسبت لڑکوں کے بہت ہوتا ہے سبب اس کا پینا پانی کا بعد جماع کے یا غالب ہونا سردی کا دل میں یا نکل جانا حرارت غریزی کا کہ رطوبت ہے بسبب استفراغات قوی کے اور شکل بیمار کی مشابہ ہونا بڈھوں کے اور سفیدی اور رقت بول کی اگر یہ عرصہ تک قائم رہے تو اس کا علاج بھی مشکل ہے۔ علاج۔ تبدیل ہوا صبح کی کریں۔ اور ہر صبح کو مربہ ترنج یا زنجبیل یا شقاقل مربی ساتھ شہد کے کھلائیں اور عرق ماء اللحم انگوری بہت مفید ہے۔ اور زردی بیضہ مرغ کھلانا بہت نفع کرتا ہے

اور گوشت مرغ و بٹیر دارچینی ڈال کر شوربا پلانا کھلانا بہت مفید ہے۔ اور حقنہ کرنا کلہ پایہ بکری سے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ کلہ پایہ کو خوب پکا کر شوربا اُس کا لیکر روغن نرگس یا روغن بادام حقنہ کریں۔ اور روغن نرگس بدن پر ملیں ×

فصل پانچویں حمی جدری و حصبہ

یہ دونوں تپ جوش خون سے ہوتے ہیں یہ تپ چیچک کے ساتھ نکلتا ہے جدری بڑی چیچک کو کہتے ہیں اور حصبہ چھوٹی جسکو خسرہ کہتے ہیں۔ یہ ہر دو تپ ساتھ چیچک کے ہوتے ہیں اور حصبہ کا تپ جدری سے ہوتا ہے۔ علاج۔ فصد باسلیق و ہفت اندام سارد گی اگر کوئی مانع نہو تو اسقدر خون نکالیں کہ غشی آجاوے اگر فصد منظور نہ ہو تو حجامت باشرط اگر یہ بھی مانع ہو تو جونک اور دوازدہ سالہ سے کم کی فصد نہ کریں۔ اور کم از ایک سالہ کی حجامت نہ کریں۔ وقت نکلنے دانوں کے تھوڑا خون لینا کم نکلتی ہے۔ اور نقصان نہیں ہوتا۔ اور پلانا آب سرد کا تھوڑا تھوڑا سا اور سونگھنا کافور و صندل کا اور آب بادیان و آب عنب الثعلب و آب کرفس قند ملا کر پلانا مفید ہے اور لک مغسول کتیرا عدس مقشر پانی میں جوش دیکر قدرے قدرے پلانا مفید ہے اور پلانا انجبار بادیان گل سرخ مویز منقی کا جوش دیکر بہت نفع کرتا ہے۔ اور اکثر بعد نکلنے اس مرض کے اسہال آنے لگتے ہیں وہ خطرناک ہے اگر خالص خون سے ہوں تو علاج پذیر نہیں ہے۔ مگر شربت انجبار دیویں اور صمغ عربی فایدہ کرتا ہے اور یہ مرض اکثر عام طور پر ہوتا ہے اور اُس کا علاج بھی کوئی نہیں کرتا۔ اکثر لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ دموی ہو جاتا ہے۔ دراصل یہ مادہ ہے جو بچہ بروقت حمل کے اکثر حیض نفاس کا ہوتا ہے کہ وہ اسکی غذا ہوتی ہے۔ اسواسطے میں نے خلاصہ کرکے طول نہیں کیا ×

فصل چھٹی حمی وبائی میں

یہ تپ ہوا کے متعفن ہونے سے ہوتا ہے اور اسکا اثر اکثر کمزوروں پر اور غلیظ ہوں اور اخلاط ردیہ سے پر ہوں اور شناخت اسکی یہ ہے کہ اکثر زمین کے رہنے والے جانور زمین سے بھاگنے لگتے ہیں اور جیسے چوہے مرنے لگتے ہیں اور مرض طاعون بھی اُس کی خرابی سے ہوتا ہے

اور یہ تپ مثال روح ہے کہ اُسکا دخل اکثر روح کے ساتھ ہے۔ اکثر یہ مرض وبائی موسم بہار میں ہوتا ہے۔ اور موسم گرما میں ہوا صاف ہو جاتی ہے اور موسم سرما میں ہوا بسیط ہو جاتی ہے۔ موسم برسات میں بھی ہوا متعفن ہو جاتی ہے اوس موسم میں اس کا خطرہ ہے علاج بخور شبت سبز و گوگل و صندل خوب جلانا اور مکان کو آگ سے گرم کرنا اور ہوا و پانی کا اثر جاتا رہتا ہے اور پانی تل کا صاف کرکے پینا اور کافور اور سرکہ گھر میں چھڑکنا اور اپنے پاس رکھنا ضروری ہے اور لباس صاف رکھنا اور عطر لگانا اور جدوار خطائی کو ہمراہ سرکہ کے ہر روز چاٹنا اور شربت لیموں و عرق پیاز اور سرکہ ملاکر روز ہمراہ کھانے کے کھانا اور دال مسور کی روزمرّہ کھانا ایام وبا میں اور لہسن و پیاز اور مرچ سرخ کا زیادہ استعمال کرنا پرہیز گوشت وغیرہ سے رکھنا اور تیل سرسوں کا اپنے کام میں نہ لانا اور مٹی کا تیل جلانا بہت مفید ہے*

فصل ساتویں بحران انتقالی میں

علامات۔ یہ وہ مرض ہے طبیعت مادہ مرض کو یکبارگی دفع نہ کرسکے اور اعضا کی طرف دفع کرے اوسکو بحران انتقالی کہتے ہیں۔ اور جب مادہ غلیظ ہو اور قوت ضعیف اسوقت بحران ہوتا ہے۔ اور بحران انتقالی میں اصل مرض دور ہو جاتا ہے اور مرض پیدا ہو جاتے ہیں مانند یرقان خارش داد بہق و اورام و اقراح دوبیلہ و طاعون کے نار فارسی و خناق و برص وغیرہ کے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور معنے بحران کے یہ لفظ یونانی ہے یہ ہے کہ غالب ہونا دشمن کا دشمن پر اور اصطلاح اطبا میں عبارت ہے لڑنا طبیعت کا بیماری سے اور وقت بحران کے تغیر عظیم ظاہر ہونا اور نیک ہو یا بد اور علامات تغیر آٹھ ہیں۔ ایک پہلی وہ کہ طبیعت غالب ہو اور مادہ کو رنگ تازگی بدن سے خارج کرے اوس کو بحران جیّد کہتے ہیں۔ دوسرے وہ کہ طبیعت مغلوب ہو اور مرض غالب ہو جائے اس کو بحران ردی کہتے ہیں۔ تیسرے وہ کہ اگرچہ طبیعت غالب ہو مگر مادہ مرض کو بالکل یکبارگی بدن سے دفع نہ کرے بلکہ تھوڑا تھوڑا دفع کرے۔ قسم چوتھی وہ کہ اگرچہ غلبہ طبیعت کا پہلے خوب ظاہر ہو اور مادہ مرض

کو دفع کرے دونوں کو بحران جید ناقص کہتے ہیں۔ پانچویں وہ کہ مرض غالب ہو لیکن یکبارگی ہلاک نہ کرے بلکہ طبیعت کو تھوڑا تھوڑا ضعیف کر کے ہلاک کرے۔ قسم چھٹی وہ کہ اگرچہ مرض غالب آوے لیکن غلبہ اُسکا خوب ظاہر نہو تھوڑا تھوڑا طبیعت ضعیف کرے آخر کو یکبارگی طبیعت کو مغلوب کر کے ہلاک کرے۔ ان دونوں کو بحران ردی ناقص کہتے ہیں۔ قسم ساتویں وہ کہ طبیعت تھوڑی تھوڑی قوت پاکر مادہ مرض کو پکا دے اور آہستہ آہستہ ایک مدت میں تمام مادہ مرض کو دفع کرے بدون ظہور تغیر عظیم کے اُسکو تحلیل کہتے ہیں۔ قسم آٹھویں وہ کہ مادہ تھوڑا تھوڑا غالب ہو اور پختہ نہ ہو اور طبیعت کو روز بروز ضعیف کرے۔ بدون ظہور تغیر عظیم کے یہانتک کہ ہلاک کرے اسکو ذبول و ذوبان کہتے ہیں اور تحلیل ذوبول مخصوص ہیں ساتھ امراض مزمنہ کے اور بحران انتقالی وہ ہے کہ طبیعت عند البحران مادہ مرض کو یکبارگی دفع نہ کر سکے مگر اعضائے رئیسہ سے دفع کر کے اور اعضا کی طرف دفع کرے اُسکو بحران انتقالی کہتے ہیں۔ ایام باصورہ یہ کیا ہیں جن دنوں میں بحران ہوتا ہے اون کو ایام باصوری و ایام بحران کہتے ہیں۔ ایام انداز کہتے ہیں۔ اور ایام انداز کس کو کہتے ہیں۔ جو دن کہ خبر دیویں اسطرح کہ بحران فلانے دن ہوگا اُنکو ایام انداذ کہتے ہیں اور ایام انداز میں کچھ تغیر ہوتا ہے۔ اور ایام واقعہ فی الوسط کسکو کہتے ہیں جو دن کہ نہ ایام صوری ہوں اور نہ ایام انداز ہوں اُنکو ایام واقعہ فی الوسط کہتے ہیں۔ لیکن بحران کبھی اُنمیں واقع ہوتا ہے اور جن ایام میں کہ بحران اگر واقع ہو تمام خوب ہو وہ کتنے ہیں۔ وہ گیارہ دن ہیں۔ چوتھا ساتواں۔ چودھواں۔ بیسواں۔ اکیسواں۔ چوبیسواں۔ ستائیسواں۔ چونتیسواں۔ سینتیسواں۔ چالیسواں۔ اور جن دنوں میں کہ کبھی بحران ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا کتنے ہیں۔ چھ دن ہیں۔ تیسرا۔ پانچواں۔ نواں۔ گیارھواں۔ تیرہواں۔ سترہواں۔ جن دنوں میں کہ بحران واقع ہو ناقص و تاریخ و باخطر ہو کتنے ہیں۔ آٹھ دن ہیں۔ چھٹا۔ آٹھواں دسواں بارہواں۔ پندرہواں۔ سولہواں۔ اٹھارہواں۔ اُنیسواں۔ وہ دن کہ بحران نہیں واقع ہوتا کتنے ہیں۔ تیراں دن ہیں۔ بائیسواں۔ تئیسواں۔ پچیسواں۔ چھبیسواں اٹھائیسواں اونتیسواں۔ تیسواں۔ بتیسواں۔ تینتیسواں۔ پینتیسواں۔ چھتیسواں۔ اڑتیسواں۔ اور

اونتالیسویں۔ پس جملہ ایام اون میں بحران واقع ہوا یا تا اڑتیں دن ہیں موافق موہب صحی کے اور بعض لوگ پہلے دوسرے دن کو بھی ایام بحران سے شمار کرتے ہیں۔ اور یہ ایام بحران امراض حادہ کے ہیں اور بحران امراض حادہ کا اکثر طاق دنوں میں ہوتا ہے۔ اور بعض ایام بحرانی رابوعی ہیں یعنے چوتھے دن اور بعض سابوعی ہیں یعنے ساتویں دن پس قوت بحران رابوعی کی بیس دن تک خوب رہتی ہے۔ اور قوت بحران سابوعی کی چالیس دن تک اور چالیسواں دن آخر بحران امراض حادہ کا اور اوّل دن امراض مزمنہ کا ہے۔ اور بحران امراض مزمنہ کا بعد چالیس دن کے بحساب بیس بیس دن کے اور چالیس چالیس دن کے ہوتا ہے اور بعد ایک سو بیس دن کے بحران بعد سات مہینے کے یا بعد سات برس یا بعد چودہ برس کے یا بعد اکیس برس کے ہوتا ہے یا جملہ اگر مادہ مرض کا بہت حاد ہے۔ بحران چوتھے دن واقع ہوگا۔ والّا موافقت قلت حدت کی اون دنوں میں کہ بعد چوتھے دن کے چالیس دن تک واقع نہیں ہوتا ہے۔ اور مادہ مرض مزمنہ کا جسقدر ازمان میں زیادہ ہو بحران اُسکا چالیس دن سے دور واقع ہوگا۔ اور جاننا چاہئے کہ بحران تپ محرقہ وغب کا یا عرق سے ہوتا ہے یا قے سے یا اسہال سے اور بحران تپ محرقہ خالص کا رعاف سے اور بحران سرسام کا اکثر عرق سے یا رعاف سے اور بحران تپ بلغمی و تپ ربع کا عرق یا اسہال سے اور بحران ورم مقعر جگر کا عرق سے یا قے یا اسہال سے اور بحران ورم محدب جگر کا عرق سے یا ادرار سے اور بحران امراض سر کا مخاطہ سے یا انسو سے یا صدید سے جو کان سے نکلتا ہے۔ جس کو پیپ کہتے ہیں اور بحران اعضاء تنفس کا نفث اور بحران مادہ رقیق کا عرق سے ہوتا ہے اور بحران مادہ معتدل کا رعاف سے یا ادرار یا اسہال یا قے سے ہوتا ہے اور نکلنا خون بواسیر کا اکثر امراض میں خوب ہوتا ہے۔ خصوص اُس شخص کو کہ معتاد ہو اور بہتر و تمام تر بحرانات میں بحران رعافی ہے پس اسہال پس قے پس ادراری پس عرق اور شناخت بحران کی کہ رعافی ہوگا یا قے یا اسہال یا ادراری یا عرقی کس طرح ہو سکتی ہے۔ علامات میل مادہ سے طرف اعلیٰ یا اسفل کے دریافت کر سکتے ہیں۔ بدین تفصیل کہ علامات میل مادہ کی طرف اعلیٰ کے سات ہیں۔ ایک درد سر۔ دوسرے دوار۔ تیسرے طنین دوود ہی

چوتھی کری کانوں کی۔ پانچویں گرانی کاموں میں اور تنگی دم کی قبل یا ہمراہ نشانیوں مذکورہ بالا کے چھٹی سر پسلیوں شکم کا اوپر کھینچنا بدوں درد کے۔ ساتوں گرم ہونا۔ پس ساتھ اون علامتوں کے اگر آنکھ خیرہ ہو اور لب نیچے کے پھڑکیں اور پانی منہ سے نکلے اور متلی ہو یا قسم معدہ میں درد ہو اور دل تڑپے۔ جاننا چاہئے کہ بحران قے سے ہوگا۔ خصوصاً اگر تپ صفراوی ہو اور اگر سامنے آنکھوں کے خطوط سرخ ظاہر ہوں اور مونہہ وناک و آنکھ سرخ اور دفعۃً آنسو نکل آویں اور ناک میں کھجلی ہو اور ضربان سر کی رگوں میں ہو جاننا چاہئے کہ بحران رعاف سے ہوگا۔ خصوصاً اگر بیماری دموی اور بیمار جوان ہو اور امراض صفراوی میں بھی بحران رعاف سے ہوتا ہے۔ اگر خیالات زرد سامنے آنکھوں کے نظر آویں اور تپ محرقہ ہو اور پھر وہ رعاف ہے کہ اوس جانب سے ہو کہ مادہ مرض کا اوسی جانب ہو۔ اور علامات میل مادہ کی طرف اسفل کے یہ ہیں کہ بیمار اسفل بدن میں الم اور گرمی قوی محسوس کرے اور کش ران اور سرین بھاری معلوم ہوں۔ اور علامات میل مادہ طرف اعلی کے کچھ نہ ہوں۔ پس اگر سر قضیب کا سوزش کرے اور مثانہ بھاری ہو اور پیشاب غلیظ اور مقدار میں عادت سے زیادہ آوے اور رسوب اوسمیں ظاہر ہوں اور قبض طبع ہو اور پسینہ کم آوے۔ جاننا چاہئے کہ بحران بادرار بول ہوگا۔ اور یہ بحران ادراری فصل سرما میں بہ نسبت اور فصول کے اکثر ہوتا ہے۔ اور اگر شکم قرقرہ کرے اور پیشاب مائل بسبزی ہو اور تمام بدن میں خصوصاً زیر ناف گرانی محسوس ہو جاننا چاہئے کہ بحران اسہالی ہوگا خصوصاً بیچ تپ صفراوی کہ پانی بہت نوش کرے اور پیشاب سفید یا رقیق ہو یا عادت بیمار سے ایسی ہو کہ طبع اس کی نرم ہوتی ہے و استفراغات دوسرے کمتر ہوتے ہیں۔ اور اگر بیمار عورت ہے اور کمرگاہ رحم میں درد و ثقل ظاہر ہو۔ اور علامات اور بحران کی نہیں ہیں۔ جاننا چاہئے کہ بحران حیض سے ہوگا۔ اور اگر مقعد میں درد ثقل ظاہر ہو پشت و کمر درد کرے تو بحران بواسیری ہوگا اور علامات مادہ کی بطریق عرق کے یہ ہیں کہ پیشاب کمتر آوے اور طبع قبض ہو اور جلد خشک ہو اور بدن گرم اور نبض نرم و موجی و بول رنگین و غلیظ ہو جاننا چاہئے کہ بحران عرقی ہوگا اور دیکھنا بیمار کا خواب میں حمام

وآبزن اور تدبیر نہانے کی بھی دلیل بحران عرقی کی ہے۔ اور علامات بحران انتقالی کی قوی ہونا تپ کا اور واقع نہ ہونا استفراغ کا اور ظاہر ہونا آثار نضج کا سب اعضا میں یا ایک عضو میں درد لازم ہونا اور علامات بدون خطرناک ہوئے عدم نضج کے نا ہونا پس اگر قوت قوی ہے تو حکم کرنا چاہئے کہ بحران انتقالی ہوگا پس جو عضو کہ ضعیف و گرم زیادہ ہوگا اور درد زیادہ کرتا ہو اور رگیں ممتلی ہوں۔ جاننا چاہئے کہ مادہ اُس عضو پر گرے گا اور جب معلوم ہو کہ اوس عضو پر مادہ گرنا چاہتا ہے اوسکو قوی کریں۔ روز بحران میں بیمار کو حرکت نہ دینا چاہئے بلکہ اُسکو ساکن رکھنا اور طبیعت پر چھوڑنا چاہئے لیکن اگر جانے کہ ہر چند طبیعت غالب اور اپنے کام کے اہتمام میں محتاج مدد کی ہے مدد دیویں موافق ارادہ طبیعت کے مثلاً اگر طبیعت مادہ رعاف کو دفع کرنا چاہتا ہے اور محتاج مدد کی ہے سر کو گرم رکھیں اور پانی گرم سر پر ڈالیں۔ اگر حاجت تعریق کی ہے گرم پانی سامنے بیمار کے رکھیں اور اُس کو طرف پانی سمیت ایک چادر سے چھپا دیویں اور پسینے کو رومال سے خشک کرتے جائیں تو بہت نکلے اور اگر حاجت قے کی ہو قے کرا دیویں۔ اور اگر حاجت تلیین کی ہو تو تلیین طبع کی کریں۔ اور اگر احتیاج ادرار کی ہو مدرات پلائیں۔ اور کوئی استفراغات بحرانی کو بند نہ کریں مگر اُس وقت تک کہ ضعف شدید نہ دیکھیں*

باب بست و چہارم

امراض اورام و بثور میں شامل اور پچیس فصلوں کے

جاننا چاہئے کہ ورم زیادتی غیر طبعی ہے کہ عضو میں مادہ فضلیہ ممدودہ سے حادث ہو کر فعل عضو کو ضرر کرے اور بثر کہ جمع اس کی بثور ہے ورم خرد کو کہتے ہیں۔ پس درمیان ورم و بثر کہ یہ فرق ہے کہ ورم بڑی زیادتی غیر طبعی کا ہے اور بثر نام چھوٹی زیادتی غیر طبعی کا ہے۔ اور اسباب میں پچیس فصل ہیں*

فصل پہلی بیان فلغمونی میں* فصل دوسری حمرہ میں* فصل تیسری جمرہ میں*

فصل چوتھی نملہ میں۔ فصل پانچویں جاورسیہ میں۔ فصل چھٹی نار فارسی فصل ساتویں نفاخات ونفاعات میں ؛ فصل آٹھویں شری۔ فصل نویں طاعون میں فصل دسویں ورم المغابن فصل گیارہویں دُبل میں ؛ فصل بارہویں دبیلہ فصل تیرہویں عراج میں ؛ فصل چودہویں ورم رخو۔ فصل پندرہویں ورم ریح میں۔ فصل سولہویں سلع ؛ فصل سترہویں خنازیر میں۔ فصل اٹھارہویں سرطان میں۔ فصل انیسویں جذام میں۔ فصل بیسویں جرب میں۔ فصل اکیسویں حکہ میں۔ فصل بائیسویں کوبار فصل تئیسویں ثالیل میں۔ فصل چوبیسویں حصبہ وجدری میں۔ فصل پچیسویں ناصور میں۔

فصل پہلی فلغمونی میں

علامات۔ یہ ایک ورم ہے کہ جب سیر ہاتھ رکھیں ہاتھ کو مانند کمانی کے اٹھاوے۔
علاج۔ فصد جانب مخالف کی کریں اور ابتدا میں صندلین چھالیا گل ارمنی اقاقیا گل سرخ مامیثا کاسنی ہموزن لے کر سرکہ میں حل کرکے ضماد کریں ؛
دیگر۔ یہ ضماد بھی مفید ہے۔ آرد جو خطمی کشنیز خبازی آرد باقلا۔ بابونہ اکلیل الملک تخم کتان تخم حلبہ تخم شبت سبکو عرق گلاب میں حل کرکے ضماد کریں۔ اگر عود پھٹ جاوے تو بہتر ورنہ عمل جراحی کریں ؛

فصل دوسری حمرہ میں یعنی سرخ باد میں

علامات اس ورم کو عرف عام میں سرخ باد بھی کہتے ہیں۔ یہ اکثر سرخ رنگ جگہ جگہ ورم ہوتا ہے اور جب اس جگہ کو دباؤ تو سفید ہو جاتا ہے جب چھوڑ دو تو سرخ ہو جاتا ہے۔
علاج ضماد کرنا کشنیز سبز کافور صندلین گل رہنی زہر مہرہ خطائی سبکو عرق گلاب میں حل کرکے ضماد کریں اور پلانا شیرہ خرفہ ۳ ماشہ۔ آب آلو بخارا ۷ دانہ تمر ہندی ۳ تولہ ہمراہ عرق گلاب کے بہت نفع کرتا ہے۔ اور فصد ہفت اندام و باسلیق مفید ہے ؛ اور لگانا خالص کافور و جدوار کا سرکہ گھسکر بہت فائدہ کرتا ہے ؛

فصل تیسری جمرہ میں

اسکو آتشک کہتے ہیں۔ علاج اسکا پہلے بیان ہو چکا ہے۔ مگر چند تدبیرات یہاں پر بھی بیان ہوتی ہیں جو دانہ نکلے اور پیپ دیوے اور زخم گہرا ہو جاوے اسکو جمرہ و آتشک کہتے ہیں۔
علاج لگانا ہلیلہ زرد کا ہمراہ کاغذ کے ملکر فائدہ کرتا ہے اور یہ شربت بہت مفید ہے۔ بسفائج برنجاسف پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ آملہ شاہترہ چرائتہ گل منڈی مجیٹھ عشبہ مغربی سبکو ہموزن یعنی ایک ایک تولہ لیکر عرق شاہترہ میں جوشدیکر اور نیم پاؤ شہد ملا کر شربت بنا کر اور ہر روز صبح و شام دو دو تولہ پیا کریں بہت مفید ہے
دیگر۔ یہ سفوف بہت نفع کرتا ہے۔ شاہترہ چرائتہ برگ سنائکی تربد سفید ہلیلہ سیاہ و پوست ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ گل منڈی لاجورد مغسول افتیمون سبکو ایک ایک تولہ لیکر سفوف بنائیں اور ہمراہ عرق مرکب کے ایکتولہ کھائیں بہت مفید ہے
دیگر۔ یہ گولیاں بہت نفع کرتی ہیں۔ سیماب تولہ بھلاور ۴ تولہ۔ قند سیاہ ۵ تولہ سبکو ملاکر خوب کوٹیں جب خوب حل ہو جائے گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور ایک صبح اور ایک شام ہمراہ جغرات کے کھلاویں۔ انشاء اللہ سات روز میں صحت ہوگی ؛
دیگر۔ یہ مرہم بہت نفع کرتی ہے چوب چینی ۳ ماشہ سفیدہ کاشغری۔ کتھہ سفید ایکماشہ کافور ۳ ماشہ۔ موم سفید تولہ روغن گل ۵ تولہ سبکو ملاکر مرہم بنائیں۔ اور لگانے سے جمرہ دور ہو جاتا ہے اور فصد باسلیق و ہفت اندام مفید ہے۔ اور یہ علاج بہت مفید ہے۔ سرکہ ایک تولہ لیکر زمین پر ڈالیں اور مٹی کے اٹھا کر قدرے گل ارمنی و کافور ملا کر لگائیں خدا کے فضل سے بہت جلد خشک ہو جاویگا۔ باقی علاجات اسکے پہلی فصل فرج و قضیب میں تحریر ہو چکی ہیں وہاں سے اسکا علاج کریں

فصل چوتھی نملہ میں

یہ چھالے ہیں خورد اور سوزش اونکی کاٹنے چیونٹی کی ہو کبھی ایک چھالا ہوتا ہے اور کبھی کئی چھالے ہوتے ہیں۔

علاج۔ تمر ہندی مغز فلوس سے اسہال کرائیں۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہے۔ مازو۔ اقاقیا۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ چھ چھ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ ملا کر خوب باریک پیسکر ضماد کریں اور لگائیں گولو دیٹھ جاوی کا عرق گلاب میں گھسکر بہت نفع کرتا ہے۔ اور سونٹھ میں گھسکر لگانا بہت مفید ہے۔

دیگر۔ خرمہرہ زرد سوختہ ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھہ سوختہ ۳ ماشہ سفیدہ کاشغری سوختہ ۳ ماشہ۔ گیرو ۳ ماشہ۔ سبکو باریک پیسکر ہمراہ ترشی لیموں کے گھسکر لگانا بہت نفع کرتا ہے

دیگر۔ مرمازو۔ شب یمانی زراوند طویل سبکو پیسکر لگانا بہت مفید ہی اور مرہم اسفیداج بھی نفع کرتی ہے

فصل پانچویں جاورس یعنی آبلہ خورد مانند باجرہ کی اور سر انکا سفید اور نیچے سے سرخ ہوتے ہیں اور اُنسے زرد پانی نکلتا ہے

علاج فصد نقیہ صفرا و بلغم کا۔ اور یہ مطبوخ بہت مفید ہی پوست ہلیلہ زرد۔ تربد مازو۔ پوست انار۔ گل ارمنی۔ صندل سفید سبکو جوشدیکر لگانا اور پینا مفید ہی۔ ہلیلہ زرد تمر ہندی۔ عنب الثعلب تخم کثوث تخم کاسنی سقمونیا تربد ملا کر گولیاں بنائیں اور ہمراہ عرق شاہترہ کے پیویں اور نہر مہرہ خطائی گل ارمنی کافور پوست بیر سبکو عرق گلاب میں گھسکر لگانا اور مطبوخ افتیمون کا جوشدیکر پینا بہت مفید ہی اور باقی علاج صفرا و بلغم کی اصلاح کریں اور قے کرانا بہت نفع کرتا ہے۔

فصل چھٹی نار فارسی میں اُس چھالی کو کہتے ہیں کہ پانی نیلا بھرا ہوا اور سوزش ہو

علاج کنوچہ دودھ شہد میں پکا کر باندھیں۔ اور آرد گندم نمک روغن السی ملا کر بطور حلوا کے پکائیں اور لگائیں۔

دیگر خمیر آگھٹا۔ تخم کنوچہ اور سرگین کبوتر اور چونہ اور زردی بیضہ مرغ ملا کر لگانا بہت مفید ہی

دیگر۔ چونہ آب نادیدہ اور روغن گل لگانا بہت ہے

دیگر۔ یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ برگ حنا کمیلہ نیلہ تھوتھا پوست ہلیلہ زردہ چونہ کتھ سبکو برابر لیکر خوب پیسکر گولیاں بناویں اور وقت ضرورت کے روغن زرد میں گھسکر لگانا بہت مفید ہے +

فصل ساتویں دبیلہ میں

یہ وہ ورم ہے کہ دل ہی بزرگ ہو اور درد کرے اور رنگ اسکا ہمرنگ بدن کے ہو اور اس میں سختی ہوتی ہے۔ اور اطبا کہتے ہیں کہ اسمیں دو تھیلی ہوتی ہیں۔ ایک میں زرد آب بھرا ہوتا ہے دوسرے میں مادہ غریبہ مانند ہڑتال ہڈی کے۔

علاج تنقیہ ضروری ہے۔ اور یہ ضماد کریں۔ لعاب حلبہ لعاب کتان لعاب خطمی لعاب اکلیل الملک لعاب اسپغول ریحان سبکا لعاب نکالکر روغن گل چربی بیل کی ملاکر لگائیں بعد اسکے اگر نہ بیٹھے تو عملجراحی کریں۔ بعد نکالنے مادہ کے مرہم اندمالی لگاویں۔ اور دبیلہ کو بغیر عملجراحی کے آرام نہیں ہوتا

فصل آٹھویں خراج میں

یہ نام ورم کا ہے کہ جو پیٹ پاوے اس ورم میں درد شدید ہوتا ہے۔ اور تمدد ظاہر ہوتا ہے۔ اور بعد پکنے کے درد ساکن ہوتا ہے

علاج۔ اول مسہل یا تنقیہ کریں۔ اور قے بہت فائدہ کرتی۔ اور تخم خطمی تخم کتان خمیرمایہ انجیر زرد۔ حلبہ کے ومی سبکو روغن کنجد ڈالکر بطور لیٹی کے پکائیں اور باندہیں۔ جب نرم ہوجاوے شگاف دیکر ریم نکالیں بعد دور ہونے کے برگ تیب اسپر باندہیں۔ بعد اندمال کے تجویز کریں۔ اور لگانا پنیر جغرات کا ساتھ صندل ملاکر چند مرتبہ بعد فائدہ کرتا ہے۔ اور درد ساکن ہوجاتی ہے۔ اور خونجو دھکسر ریم نکلجاتی ہے۔ بعد ازاں خالص کتھ اسپر لگائیں

فصل نویں ورم رخو

اور نام اسکا اطبانے اوذیما کہا ہوا ہے یہ ورم مادہ بلغم سے پیدا ہوتا ہے بزنگ سفید اور نرم اور حرارت اور درد اسمیں نہیں ہوتا۔ لیکن ثقل و متانت رکھتا ہے **علاج** تنقیہ بلغم کا کرنا

ساتھ شحم حنظل وتربد وصبر سقوطری سے اور بعد تنضیج کے نمک وروغن زیتون ملا کر لگانا بہت نفع کرتا ہے
دیگر۔ زنجبیل فلفل سیاہ گیرو سرکہ میں گھسکر لگانا عجیب الاثر ہے + اور یہ طلا کریں۔ نمک اکھ چوب انگور سرگین گاؤ شب یمانی وصبر سب کو لیکر سرکہ میں ملا کر طلا کریں بہت جلدی دور ہو جاویگا مجرب ہے

فصل دسویں ورم ریحی میں

یہ ورم ہے مانند مشک کے کسی عضو میں کہ ریح بھر جاوے اور دبانے سے دب جاوے اور پھر اونچی ہو جاوے۔ اور اسمیں ہوا بھری ہوئی معلوم ہو +

علاج ۔ پہلے باجرہ اور نمک سے سینک کریں اور اشیائے بادانگیز سے پرہیز کریں۔ اور معجون فلاسفہ کھاویں۔ اور کالی زیری سرکہ میں گھسکر لگائیں۔ اور یہ لیپ بہت مفید ہے۔ زنجبیل گیرو کالی زیری مغز کرنجوا سکو عرق گلاب میں گھسکر گرم گرم لگانا بہت نفع کرتا ہے۔

فصل گیارہویں سلعہ میں

یہ وہ ورم سخت ہے کہ جلد میں ہو اور گوشت سے علیحدہ ہو جسکو رسولی کہتے ہیں اور مقدار ایک نخود سے خربزہ ہو جاتی ہے اسکی تھیلی ہو جاتی ہے اور یہ مادہ بلغمی غلیظ ہو کر ہو جاتی ہے اور چار قسم کی ہوتی ہے۔ ایک شحمیہ علیہ آردو ماسہ سیا زیہ +

علاج ۔ پہلے تنقیہ بلغم کا کریں۔ درجہ اول میں یہ ضماد کریں۔ اشق را اکھ کرنب جو نہ صابن ہرتال روغن گل میں ملا کر اگر فائدہ ہو تو بہتر ورنہ علاج جراحی کریں مگر سوائے علاج جراحی آرام نہیں ہوتا ہے

فصل بارہویں خنازیر میں

اس مرض کا نام اسلئے خنازیر رکھا گیا ہے کہ یہ اکثر خنزیر کو ہوتا ہے یہ بھی ورم ساتھ گوشت کے ہو کر گلے میں اور زیر بغل وغیرہ ایک تھیلی میں ہوتی ہے

علاج ۔ ابتدا میں یہ ضماد بہت مفید ہے۔ خردل۔ تخم انجرہ زبد البحر زراوند مقل اشق روغن زیتون موم سفید سبکو ملا کر ضماد کریں۔

دیگر۔ یہ ضماد بھی مفید ہے۔ مقل زفت عنصل بیخ کرنب بیخ کبر ترمس سبکو سرکہ میں

گھسکر ضماد کرین ۔ اور مرہم داخلیون بھی خنازیر پر لگانے سے نفع کرتی ہے۔ اور یہ بھی مفید ہی۔ تخم کتان۔ تخم مرو۔ بنخسوسن تخم حلبہ سرگین گنجشک خانگی سبکو سرکہ مین پیسکر لگائین۔ اور یہ ضماد عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ عقرب سیاہ یک عدد جو بہ ۳ ماشہ ہر دو کو گھسکر لگانا بہت مفید ہی۔ اور جسوقت یہ پھوٹ جائیں تو اسوقت یہ مرہم لگائیں۔ کانچلی مار سیاہ ۳ ماشہ روغن سیب ۳ ماشہ دونونکو پیسکر لعاب حلبہ ملایا جاوے۔ پھر استعمال کرین بہت مفید ہے اور صبر اور تربد شہد میں ملاکر کھلائین ؁

فصل تیرہوین سرطان مین

یہ ورم سوداوی ہے بشکل اسکی مانند سرطان کے ہوتی ہے سرطان نام کیکڑہ کا جو کنارے دریا کے بہت پاؤن رکھتا ہی ہوتا ہے۔ اور یہ ورم اکثر عورتون کو رحم میں یا سینہ میں ہوتا ہے۔ اور مردونکو بیچ پاؤن وایڑی و احلیل و منہ کے ہوتا ہے اسمین درد نہیں ہوتی یہ مرض لا علاج ہے اسکی کوشش نہ کرین فقط تنقیہ سودا کا فصد ہفت اندام یا باسلیق کی مسہلات سودا سے دیوین کئی مرتبہ اور ظاہری سرطان کا علاج کسی جراح سے کراوین اور باطنی علاج سے پرہیز کرین۔ اور اکثر یہ مرض دو نون کے درمیان ہوتا ہے جسکو ہیراوبل کہتے ہیں یہ آدمی کو ہلاک کرتا ہے علاج اندرونی کیواسطے شربت بنفشہ نیلوفر گوشت مرغ وعمدہ لطیف غذا دینا چاہیے اور کدو و پالک وغیرہ ہمراہ گوشت کے کھلا دین۔

فصل چودہوین نفاخات مین

یہ وہ چھالے ہیں جو مانند جلے آگ کے ہوتے ہیں انکو نفاخات و نفاغات کہتے ہیں علاج فصد کرین اور تنقیہ کرین اور شربت نیلوفر گلقند عناب کا پینا مفید ہی۔ اور عدس مقشر سرکہ مین پکاکر کھلانا مفید ہی اور نفاخات کو سوئی سے سوراخ کرین۔ اور مادہ کو نکالکر اوپر سے مردارسنگ حب الآس کافور گھسکر طلا کرین۔ اور یہ دوا لگائین۔ گل ارمنی۔ سفیدہ کاشغری حب الآس دم الاخوین سبکو پیسکر روغن لگاکر چھڑکین بہت مفید ہے۔

فصل پندرہویں سرسری جسکو تپی کہتے ہیں

علاج. سرخ پارچہ گرم مریض کو دیکر ہوا سے بچاویں اور پلانا سکنجبین کا بہت مفید ہے اور ملنا سرکہ و گلاب روغن گل میں بھی مفید ہے. اور سبوس گندم تخم خربزہ ملنا کوٹکر بڑا فائدہ دیتا ہے اور غذا عدس سرکہ ملا کر کھلانا مفید ہے اور کرفس سرکہ میں پیسکر ملنا بڑا مفید ہے اور آرد جو سرکہ جنرا ملنا مفید ہے. اور کھلانا دار فلفل کا ہمراہ شہد وغیرہ کے بہت مفید ہے +

فصل سولہویں طاعون کے علاج

طاعون نام آبلہ کا ہے. اور یہ آبلہ بقدر باقلے کے ہوتا ہے اور مانند مرچ سیاہ کے اور سوزش اور آگ اسمیں بہت ہوتی ہے اور رنگ جلد کا جسجگہ آبلہ ہو سیاہ یا سبز یا زرد یا سرخ ہوتا ہے موافق کثرت و قلت مادہ کے پس سیاہ سب سے بد ہے اسلیئے کہ اوسمیں سمیت بہت ہوتی ہے بعد اسکے سبز وغیرہ اور زرد اور سرخ کو سب سے اسلم جانتے ہیں. اسلیئے اوسمیں سمیت بہت کم ہوتی ہے اور جسمیں سمیت زیادہ ہوتی ہے خفقان و غشی اوسمیں شدید ہوتی ہے. جاننا چاہیے کہ طاعون اکثر اس عضو میں ہوتا ہے کہ گوشت اسکا غدودی یا عضو ذوی الحس ہو. مانند سینہ و بیخ زبان و خصیہ یا بحس ہو مانند مغابن کے یعنی پس گوش و زیر بغل و کش ران کے لیکن جو طاعون زیر بغل و زیر کان ہوتا ہے بہت برا ہوتا ہے بسبب قریب نے دل و دماغ کے اور طاعون ایام وبا میں بہت ہوتا ہے.

علاج. تقویت دلکی لازم ہے اور پلانا شربت سیب لیموں و انار و عرق کیوڑہ و بید مشک و گلاب و کافور و شربت صندل شربت نیلوفر جدوار و زہر مہرہ خطائی اور لگانا سینہ پر صندل کافور سرکہ نیلوفر گلاب میں پیسکر طلا کرنا مفید ہے اور لخلخہ خس کافور نیلوفر صندل کا ہمراہ عرق گلاب کے بہت مفید ہے. اور کھلانا سیب و ترنج و لیموں اور یہی کا مفید ہے اور عدس و گوشت مرغ و طیہو کے سرکہ کے ساتھ ترش کرکے کھلانا مفید ہے اور لگانا شیر بستنج کا پکا کر گلٹی پہ اور لگانا شہد و شکر کا. اور کھلانا دودھ چاول کا اور روغن کنجد اس کر

ہین بہت مضر ہے۔ بلکہ جلانا بھی منع ہے۔ اور برگ نیب کا جلانا اور گوگل صندل کیساتھ بہت مفید ہے اور مغز کرنجوہ کا کھلانا بہت مفید ہے۔ اور جماع اور حمام سے پرہیز کرین اور پارچات صاف پہنین۔ اور جدوار خطائی کا روزمرہ گھسکر چھاچھ مین اور عرق لیموں مین چاٹنا بہت مفید ہے۔ اور بیمار طاعون سے بچنا چاہیے اور کھانے اور پانی سے اور یہ مرض لاگ سے بھی ہو جاتا ہے۔ اور بقولات اور فصلی میووں سے پرہیز کرین ؛

دیگر۔ یہ گولیاں واسطے طاعون کے بہت مفید ہیں۔ جدوار گل ارمنی ڈرہ چوبہ زرنباد صندلین گل مختوم سبکو برابر وزن لیکر گولیاں برابر نخود کے بنا دین۔ اگر ہوا سرد ہو تو پانی کے ساتھ اور اگر گرم ہو تو گلاب کیساتھ مفید ہے

دیگر۔ حب شفا برائی طاعون و برائے مغابن و تپ وبائی و تپ لرزہ نہایت مفید ہے تخم جوز ماثل زنجبیل ریوند چینی کتیرا سبکو پیسکر گولیاں برابر مرچ سیاہ کے بنا دین اور دو یا تین گولیاں ہمراہ دودھ کے دیوین بہت مجرب ہے

دیگر۔ مغز کرنجوا اور گیرو ہموزن لیکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور حالت بخار مین دیوین بہت مفید ہیں۔ اور واسطے وبائی ہوا کے اور حفاظت جسم کے یہ عمل نہایت مفید ہے۔ مرچ سرخ۔ کافور جدوار آب پیاز و لہسن سرکہ سب کو ملا کر مکان مین چھڑکین اور برگ نیب کا بخور کرین۔ اور لگانا گاس لیٹ کا یعنی تیل مٹی کا اوپر طاعون کے بہت مفید ہے۔ اور لگانا مرچ سرخ کا گھسکر اوپر گلٹی کے بہت نفع کرتا ہے اور لگانا گندک کا گھسکر بہت اچھا ہے اور لگانا اسپغول اور تخم کنوچہ و تخم خطمی و تخم ریحان کا دودھ مین پکا کر بہت مفید ہے اور رکھنا کافور کا اپنے پاس اور کھلانا عدس کا ہمراہ سرکہ کے بہت مفید ہے اور یہ سب عمل بڑے مجرب ہیں۔

فصل ستارہوین ورم مغابن مین

علامات۔ ورم مغابن اسکو کہتے ہین کہ جو مغابن میں ہو اور مغابن جمع مغبن کی ہے اور

اعضاء رئیسہ میں ہیں ۔ ہر ایک کے لئے تین ایسے عضو پیدا کئے گئے ہیں ۔ اگر کوئی مادہ عضو رئیس میں آوے طبیعت انکو طرف ان اعضاء کے کہ دفع کرے تب دن آفت عام سے محفوظ رہے ۔ پس مغابن یعنے جائے دفع واسطے سر کے پس گوش اور واسطے دل کے زیر بغل اور واسطے جگر کے کش ران ہیں سبب ورم مغابن کے دو ہیں ۔ ایک وہ کہ اعضاء تپ دفع کرے مواد کو طرف اپنی مغبن کے ۔ دوسرا وہ قرح اوپر ساق یا قدم یا ران کے نکلے ۔ اسکی اذیت سے طبیعت واسطے حمایت کے اودھر متوجہ ہووے ۔ اور خون اور روح بھی لبنیت اسکی حایل کرے اور تھوڑا خون بن ران میں کہ وسیع ہو جاوے ۔ اور ورم پیدا کرے اور اسی طرح ہاتھ میں قرح ہووے ۔ بغل میں اگر سر میں ہو پس گوش آماس ظاہر ہووے علاج فصد و اسہال سے تعلیل تلطیف غذا کی کریں ۔ اور رادات کا استعمال ممنوع ہے ۔ تخم خطمی تخم مرو بنفشہ روغن بنفشہ موم ملا کر ضماد کریں ۔ اور تخم کنوچہ دودھ میں پکا کر لگانا بہت مفید ہے ۔

دیگو آرد گندم تخم کنوچہ تخم کتان دودھ میں پکا کر اور روغن گل ملا کر پکانا بہت مفید ہے اور بعد پختہ ہونیکے عمل جراحی سے کام لیویں ۔ اور جونک لگانا خام پر مفید ہے اور لگانا سینگی کا ساتھ شرط کے بہت نفع کرتا ہے ۔ اور غذا سوائے شیر برنج کے اور کچھ نہ دیویں ۔

فصل اٹھارھویں دنبل یعنی نکلنا پھوڑے کا کسی مقام میں

علاج فصد باسلیق وصفت اندام کا کرنا اور مسہل دینا بہت مفید ہے ۔ اور قے بھی نفع کرتی ہے ۔ اور یہ ضماد بہت نفع کرتا ہے ۔ صندل سرخ چھالیا برگ خرفہ تخم اسپغول ملا کر اور گھسکر لیپ کریں ۔ اور تخم اسپغول سفیدی انڈے میں پیسکر لگاویں اور پکانا نفع کرتا ہے ساتھ آرد گندم و تخم کتان و تخم کنوچہ روغن بنفشہ ملا کر باندھنا مفید ہے ۔ اور جب پک جاوے تو عمل جراحی سے اسکا مواد نکالیں ۔

فصل انیسویں جذام کے بیان میں

یعنے بگڑ جانا خون کا فاسد ہو کر اور چہرہ و شکل کی حالت بدل جاتی ہے اور چہرہ مانند چہرہ شیر کے

ہوجاتا ہے اور بدن میں گرہ گرہ پڑجاتی ہیں۔ اور آخر میں خون پانی ہوجاتا ہے۔ اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں گرنے لگ جاتی ہیں اور یہ مرض کتنی قسم سے ہوتا ہے۔ اور زخموں سے پانی بدبودار نکلتا ہے۔ اور خاصہ اس بیماری کا ہے کہ اطراف سے شروع ہوتی ہے اور اعضاء رئیسہ تک پہونچتی ہے۔ اس مرض کا پراگندہ ہونا منتشر سودائے غیر طبعی کا ہے۔ اور علامت ابتداء جذام کی کہ چہرہ و آنکھ کا سرخ ہونا مائل بہ سیاہی اور ضیق النفس و خشونت آواز میں و کدورت سفیدی آنکھ کی۔ اور بہت آنا عطسہ کا اور بوئے بدناک سے و عرق و سینہ و سر سے آتا ہے۔ اور اخلاق بد ہونا اور حسد کا ہونا۔ اور خواب پریشان کا آنا اور گرفتگی آواز اور باریک ہونا بالوں کا اور پھٹ جانا ناخنوں کا اور رنگ مائل بسیاہی ہونا ناخنوں کا اور غلیظ ہونا لبوں کا۔ اور ظاہر ہونا غدود و شور سخت کا اعضاء میں اور آواز گرفتہ اور ناک چوڑی و چپٹی ہونا اور آنکھیں گول و ربال جھڑ جانا اور بعض قسم میں خشک ہونا اعضاء کا۔ اور سکڑ جانا ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا اور سن ہوجانا بدن کا چاہے کاٹ ڈالو مگر معلوم نہیں ہوتا۔ اور آتشک فرنگ سے بھی دیر تک رہنے سے آخر جذام ہوجاتا ہے۔ اور یہ مرض جدی بھی ہے جسکے دادا کو ہوگا۔ اسکے پوتے کو ضرور ہوگا۔ اگر کسی نہ کسی پشت میں ضرور ہوجاتا ہے۔ اور کان موٹے ہوجاتے ہیں۔

علاج ابتدا میں فصد سرار و پھر ہفت اندام سات روز بعد۔ پھر سات روز بعد باسلیق کی کریں۔ اور تنقیہ سودا کے بدفعات کرادیں۔ جب اس سے فارغ ہوجائیں تو علاج باقاعدہ شروع کریں۔ اور درمیان استفراغ کے تسکین دیویں۔ تدابیر ازالہ خشکی کی کریں اور استحمام لازم جانیں۔ اور ادہان بارد اور روغن بادام و مسکہ گاؤ ساتھ دودھ عورت کے ناک میں ڈالیں اور بدن پر ملیں۔ اور تمریخ بعد حمام کے کثیر النفع ہے۔ اور اغذیہ کہ نرم تر اور لطیف ہوں کھلاویں۔ اور مؤید سودا سے پرہیز کریں۔ اور سب غذاؤں میں سے دودھ بکری کا بہت مفید ہے۔ اور گوشت افعی کا اس میں بہت نفع کرتا ہے۔

دیگر یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ سیماب اتو دہ رائے گوسفندہ عدد۔ سنبل الطیب ۳ ماشہ گندہ رشتش درم۔ ریوند چینی ۵ درم۔ صمغ عربی ۱ درہم عرق لیموں کاغذی ۲۰ عدد پہلے

لیموں و سیماب کو خوب حل کریں پھر سنبل کو اسمیں حل کریں۔ اور باقی اجزا ملا کر گولیاں بقدر مونگ کے بنائیں۔ ایک صبح اور ایک شام دیں۔ پرہیز ہر چیز کا سوائے روٹی نخود کے اور گھی کے اور کچھ نہ دیں اور ۲ ہفتہ استعمال کریں۔ خداوند کریم اپنا فضل کریگا مجرب ہے۔

دیگر برائے جذام بسیار مجرب ست از والد ماجد قبلہ ام۔ زرد چوبہ ایک سیر۔ نیلہ تھوتھہ ایک تولہ از پارچہ کہنہ ۲۔ آثار پیچیدہ اول زرد چوبہ را خوب باریک ساختہ گلولہ ساختہ اندرون غلولہ نیلہ تھوتھہ و پارچہ پیچیدہ آتش دہد۔ بعد ازاں نیلہ برآوردہ قدرے یک سرخ ہمراہ گوشت گوسفند یا ماہی یا گوشت افعی بدہند بعد ازاں جغرات یک سیر دانہ الاچی سفید یک تولہ مرچ سیاہ یک تولہ در جغرات انداختہ بیک پاؤ ہمراہ گوشت باقی بالائیش بخورند در چند روز انشاء اللہ فائدہ بسیار خواہد دید۔

دیگو حب جذام از استاد حکیم محمود خاں صاحب قبلہ سنبل سفید ایک تولہ در عرق لیموں کاغذی یک صد کھرل نمودہ حب بمقدار نصف برنج سازند و در بالائی بدہند اور روغن زرد چوب بخورند۔ مونگ ہمراہ روغن بدہند۔ اور یہ گولیاں قوت باہ کو بھی حکم اکسیر کا رکھتی ہیں۔

دیگو گولیاں برائے جذام۔ سنبل سفید شنگرف۔ انگوزہ ہر یک دو دو تولہ در آب بینہ گاؤ نیم سیر کھرل کرکے گولیاں برابر مونگ کے بنائیں اور سات روز کھلائیں

دیگو از مجربات جناب قبلہ حکیم سید حسن علی صاحب والد ماجد زرنیخ طبقی ایک تولہ کٹائی خورد دوازدہ پاس کھرل نمودہ در بیخ کیلہ انداختہ گلحکمت نمودہ آتش یک من اوپلہ دہند کشتہ خواہد شد۔ خوراک یک سرخ ہمراہ پوست اندر جو بخورند۔ در دو ہفتہ جذام ہر قسم رفع خواہد شد۔

دیگو از مجربات جناب قبلہ برائے جذام بسیار مجرب ست۔ زرنیخ طبقی۔ زاج پھٹکری سفید۔ کف دریائی ہر یک ۳ تولہ در سکورہ گلی نہادہ گلحکمت نمودہ و خشک کردہ آتش بیس اوپلہ صحرائی دہند بعدہ بر آوردہ ہمراہ موز منقے یک تولہ انداختہ بخورند۔ بیست و یک روز

دیگر برائے جذام از مجربات بندہ ہرتال طبقی مغز کرنجوہ۔ پھٹکری ہر ایک تولہ قو

سب کو برابر سکورہ گلی میں کلحکمت کرکے سات سیر اوپلہ کی آگ دیں اور نیم سرخ ہمراہ پان کے سات روز کھلاویں بہت مجرب ہے۔

دیگو برائے جذام زرنیخ طبقی پھٹکڑی تولہ تولہ در سکورہ گلی کلحکمت نمودہ در پنج سیر اوپلہ صحرائی آتش دہند خوراک یک سرخ ہمراہ پان بدہند بست و یک روز مجرب است ایں نسخہ از حکیم احسان علی دستیاب گردیدہ بود۔

دیگو زرنیخ طبقی و فلفل سیاہ تولہ تولہ دونوں کو سات روز تک کھرل کریں کہ مانند سرمہ کے ہوجائے۔ اور ایک رتی ہمراہ شہد کے اکیس روز تک کھلائیں اور سوائے نان نخود کے اور روغن سکا اور کچھ نہ دیویں۔ خدا اپنا فضل کریگا۔

دیگو سیماب قلعی تولہ تولہ ہر دو کو گرم کرکے گرہ باندھیں بعد اسکے ایک سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر اسکو آگ دیویں قدرے کشتہ اُن میں سے نکلے گا۔ اور ایک چاول ہمراہ پانی کے کھلاویں دو ہفتہ تک خدا فضل کریگا۔ اور یاد رہے کہ ابتدا میں اس مرض کا علاج ہوسکتا ہے جب اعضاء گل کر گرنے لگیں۔ پھر بہت مشکل ہے اور لاعلاج ہے پہلے قواعد سے تنقیہ اور فصد سے صاف کریں۔

فصل پچیسویں جرب میں یعنی خارش ہو کر بثور نکلے جس کو کہ تر خارش کہتے ہیں

علاج۔ آب گندھک سے حمام کرنا بہت نفع کرتا ہے۔ دیگر شورہ قلمی گندھک ایک ایک تولہ ۵ تولہ سرکہ میں حل کرکے ملنا نہایت مفید ہے۔ اور فصد بھی اسمیں مفید ہے اور تنقیہ کرنا خلط سوداکا لازمی ہے۔ اور کالی زیری ایک ماشہ ہر روز ہمراہ آب تازہ کے کھانا بہت مفید ہے۔ اور ملنا سرکہ روغن گل کا بدن پر بہت فائدہ کرتا ہے۔

دیگو یہ شربت بعد فصد کے نہایت مفید ثابت ہوا ہے بسفائج۔ برنجاسف اور پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ آملہ شاہترہ چرائتہ گل منڈی مجیٹھ برگ شناء مکی افتیموں سب کو ہموزن لیکر شب کو پانی تر کرکے صبح کو نبات سفید نیم پاؤ ملاکر شربت بنائیں۔ اور ۲ تولہ صبح کو ہمراہ عرق شاہترہ کے بہت مفید ہے۔ اور ملنا بارود کا روغن تلخ میں ملا کر بہت فائدہ کرتا ہے۔

فصل اکتیسویں حکہ یعنے خشک خارش کا ہونا حکہ کہتے ہیں

علاج روغنگل ۵ تولہ سرکہ ۲ تولہ کافور ۳ ماشہ ملا کر بدن پر ملنا اور غسل کرنا بہت مفید ہے
دیگر لگانا صندل سرخ کا عرق گلاب میں گھسکر بہت نفع کرتا ہے۔ اور ملنا سرکہ اور دہی کا
بدن پر بہت نفع کرتا ہے۔ اور روغن گل چنبیلی و آب لیموں ملا کر ملنا نہایت مفید ہے۔ اور
پلانا سکنجبین بزوری کا ہمراہ عرق بید مشک کے بہت مفید ہے۔ اور سیسہ روغن زرد
میں گھسکر لگانا ہمراہ کافور کے نہایت مفید ہے۔ اور شربت شفا پلانا بہت اچھا ہے

فصل بائیسویں قوبا یعنے داد میں۔ داد دو قسم کا ہوتا ہے ایک سرخ ایک سیاہ سرخ کو دھدری اور سیاہ کو چکرن کہتے ہیں

علاج جونک لگانا بھی مفید ہے اور فصد بھی مفید ہے۔ اور تنقیہ بھی نفع کرتا ہے۔ اور
یہ دوا عجیب الاثر ہے رسکپور تین ماشہ نوشادر تولہ سہاگہ خام و گندھک آملہ سار تولہ تولہ۔
سبکو عرق لیموں میں کھرل کر کے لگاویں ہر قسم کے داد کو مفید ہے۔ اور یہ دوا بھی مفید ہے۔ چوک
نیلہ تھوتھہ شنگرف ہموزن لیکر عرق لیموں میں گھسکر لگانا مفید ہے۔ اور مسہل ضرور کریں۔

فصل تیئیسویں تالیل میں یعنی یہ بثور سخت جسم پر ہوتے ہیں اور کئی قسم کے ہوتے ہیں جنکو مسہ و موکہ کہتے ہیں۔

علاج اول تنقیہ کریں پھر فصد باسلیق کریں اور نمک و سرکہ ملا کر ملنا مفید ہے اور نیلا تھوتھہ
عرق لیموں میں پیسکر ملنا بہت مفید ہے۔ اور روغنگل ۲ تولہ چربی گوسفند ایک تولہ ملا کر لگائیں
اور زیادہ نہ ہوں۔ اور بڑا ہو تو قطع کرے بال سے اور منضج کر کے مسہل دیں ؁

فصل چوبیسویں حصبہ و جدری

یعنے چیچک کلاں و چیچک خورد خشک کے بیان میں۔ پہلے بحث حمیات میں بیان ہو چکی ہیں
پھر بھی بیان کئے گئے ہیں۔ یہ مرض اکثر خلط سوداوی کے حاد ہونے سے پیدا ہوتا ہے

اور اکثر مچھر وغیرہ کے کاٹنے سے بھی ہوجاتے ہیں ۔ تدبیر اُسکی وہ ہے جو پہلے بیان ہوئی اور جب یہ لعزیت کی ظاہر ہو تو اُسکا علاج رعایت کرکے مادہ کا اخراج کریں اور مالش کرنا کافور و سرکہ سے نہایت مفید ہے ۔ اور خلط سوداوی کا اخراج کریں

فصل پچیسویں ۲۵ ناصور کے بیان میں

ناصور اُس قرحہ کا نام ہے جو پرانا ہوجاتے ۔ اور مُنہ اُسکا تنگ ہو قدرے قدرے اسمیں ریم ریم یا زرد آب نکلتا ہے ۔ اور رفتہ رفتہ یہ زخم عصب تک اور استخوان تک پہونچتا ہے اور مشکل سے اندمال ہوتا ہے علاج روٹی کا خمیر شراب میں بھگو کر ناصور میں رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ اندمال ہوجاویگا ۔ اور استخوان ہرن سوختہ ہمراہ روغن بلسان کے حل کرکے ناصور میں پہونچائیں فائدہ ہوگا ۔ اور عمل کرنا ناصور کے لئے جراحی کا بہت مشکل ہے ۔ کامل تدبر سے تدبیر کریں اور ناصور میں سلائی پہونچا کر دیکھیں کہ کس قدر گہرا ہے اور عقب سے بچا ہوا ہے تو شگاف دلواویں ۔ اور روغن ناصور اُس میں پہونچائیں ۔ یہ مرض رفتہ رفتہ اندمال ہونے والا ہے +

باب بست و پنجم ۲۵

امراض جلدیہ کے بیان میں شامل اور چھ فصلوں کے

فصل پہلی برص البیض میں ۔ فصل دوسری بہق البرص ۔ فصل تیسری کلف و برص و نمش کے بیان میں فصل چوتھی شقاق اطراف چہرہ و لب کے بیان میں فصل پانچویں شقاق شدقین یعنے دراجیہ کے پکنے میں فصل چھٹی در دقدم و پاشنہ کے بیان میں یعنے ایڑی کے پھٹ جانے کو کہتے ہیں ۔

فصل پہلی برص ابیض میں

یعنے سپیدی غلیظ اوپر جلد کے ظاہر ہوتی ہے سبب برص کا بلغم ہے اور اس مرض کا

علاج بھی دشوار ہے۔ اور یہ بھی اکثر قسم جذام میں داخل ہے۔ شناخت یہ ہے کہ پہلے مبروص کے بدن میں سوئی لگائیں۔ اگر خون نکل آوے تو قابل علاج ہے۔ اور اگر پانی نکلے تو قابل علاج نہیں ہے +

علاج تنقیہ بدن کا قے و اسہال سے اور فصد ہفت اندام ضروری ہے۔ اور بعد تنقیہ کے معجون مثری دیطوس اور گوشت مرغ و گوشت طیور اور اشیاء گرم کا استعمال اور پرہیز مولد بلغم سے کریں۔ یہ دوا واسطے برص کے نہایت مفید ہے۔ زنجبیل فلفل سیاہ خربق سیاہ ایارج فیقرا ہموزن لیکر شراب میں حل کر کے اور شہد ملا کر بقدر چھ ماشہ کے کھلائیں اور اسکا ضماد کریں۔ سرمہ سیاہ۔ مازو۔ استخوان ماہی سوختہ زاج سرخ ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو سرکہ میں حل کر کے چند روز ضماد کریں + اور یہ دوا مجرب ہے۔ بابچی انجبر صحرائی پوست بیخ نیم پاؤ پاؤ لیکر چوب گز ۵ سیر پانی میں جوشدیکر پہلے بابچی کو بول گائے میں تر کر کے خشک کریں۔ اور سب ادویہ کو اس پانی میں ملا کر خشک کر کے سفوف بنائیں اور ہر روز ۹ ماشہ کھلاویں مجرب ہے +

دیگر ضماد برائے برص۔ سنبل الفار ۳ ماشہ۔ برگ تلسی برگ مرو۔ برگ لاجونتی ہر ایک تولہ تولہ روغن گائے ۵ تولہ سب کو کھرل کر کے ضماد کریں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

دیگر ضماد واسطے برص کے نہایت مفید ہے۔ بابچی۔ خردل۔ استخوان طاؤس سوختہ تولہ تولہ در آب کریلہ کھرل نمودہ ہفت روز ضماد سازند مجرب ست۔

دیگر ضماد مجرب۔ چراَئتہ گھونگچی سفید۔ سنکہ تین تین ماشہ سرکہ ۴ تولہ حل کر کے ضماد کریں۔ ہفت روز میں آرام ہو جاویگا۔

دیگر یہ گولیاں برص کے لئے نہایت مفید ہیں۔ برگ سناکی تربد سفید ہلیلہ زرد۔ گیرو ہموزن لیکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں اور سہ مرتبہ کھائیں بہت مجرب ہیں۔

دیگر کھلانا ورق طلا کا اکیس روز تک ہر قسم کے برص کو دور کر دیتا ہے مجرب ہے۔

دیگر یہ معجون میرے والد کے تجربہ میں بارہا آچکی ہے اور اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ کلکی بابچی۔ گند ہک آملہ سار ہر یک ۴ تولہ سب کو کوٹکر ۲ تولہ شہد ملا کر معجون بنائیں اور ایک تولہ

صبح و شام کھلاویں نہایت مجرب ہے۔ اور ہمراہ روغن زرد و نان نخود کے اکیس روز
کے استعمال سے برص دور ہو جاتی ہے۔ بہت مجرب ہے۔
دیگر ضماد برائے برص۔ گندھک کا تیزاب۔ سیماب۔ سنکھیا ہر یک تین تین ماشہ موم
سفید ا تولہ۔ روغن زیتون ۴ تولہ۔ سب کو ملا کر سات روز مالش کریں بہت مجرب ہے۔

فصل دوسری بہق بیض یعنے نکلنا چھیپ کا جلد پر

یہ مرض بھی تولید بلغم سے پیدا ہوتا ہے۔ اور تنقیہ کرنا اور فصد کرنا اس میں بھی مضر ہے۔
علاج اطریفل کشنیز بہت فائدہ کرتا ہے۔ اور گلقند عسلی کھلانا بہت مفید ہے۔
دیگر ضماد بیخ کبر اور ترمس سرکہ میں حل کر کے ضماد کریں دیگر شیطرج عاقرقرحا تخم ترہ
کندش خردل ہم وزن لیکر سرکہ میں حل کر کے دھوپ لگا دیں بہت مفید ہے۔
دیگر عاقرقرحا پوست بیخ کبر شیطرج ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر یک تین تین درم۔ سرکہ ۵ تولہ
شہد ۱ تولہ۔ ملا کر معجون بنائیں اور ایک تولہ ہر روز کھائیں ۔
دیگر یہ ضماد بہت مفید ہے۔ تخم ترب۔ برادہ صندل سرخ تین تین ماشہ سنکھیا
ایک ماشہ۔ سب کو عرق لیموں کاغذی یا سرکہ میں حل کر کے ضماد کریں اور دھوپ میں
بیٹھیں بہت مجرب ہے۔ اور اشیائے مولد بلغم سے پرہیز۔ غذا گوشت وغیرہ۔

فصل تیسری کلف و برش و نمش میں

علامات کلف وہ ہے جو رنگ جلد کا مائل بہ سیاہی ہو جائے۔ اور اسمیں آثار کبود یا سرخ
ظاہر ہوں۔ کلف کو چھائی کہتے ہیں اور یہ اکثر چہرہ پر ہوتی ہے۔ اور نمش وہ ہے
کہ ٹکڑہ جلد کا سیاہ مائل بسرخی ہو جائے۔ اور برش وہ ہے کہ نکتہ سیاہ یا سرخ جلد پر ظاہر
ہوں۔ اسکو تل کہتے ہیں۔ بعض اطبا یہ کہتے ہیں کہ رنگ نکتہ کا سرخی مائل ہو تو نمش ہے
اور اگر مائل بہ سیاہی ہو تو برش ہے۔ اور اگر کئی نکتہ آپس میں ملے ہوئے یکساں ہو گئے
ہیں تو کلف ہے سبب اسکا خلط سوداوی غیر طبعی ہے کہ احتراق اخلاط سے حاصل ہوتی
علاج فصد ہفت اندام و باسلیق اور تنقیہ ساتھ جوشاندہ افتیموں کے اور غذائے

و تخم حنظل کھلانا مفید ہے۔ اور ماء الجبن کا ہونا ضروری ہے۔ اور ضماد کرنا بورہ ارمنی تخم خربزہ۔ تخم ترہ تیزک۔ نرمسن تخم ترب۔ کندش دارچینی۔ قسط تلخ۔ مغز بادام تلخ حب بلسان۔ ایرسا۔ خردل۔ سب کو ہموزن لیکر ہمراہ دودھ بکری کے ضماد کریں۔ بہت مفید ہے۔

دیگر تخم ترب کو ساتھ خون خرگوش کے طلا کرنا بہت مفید ہے۔ اور پنیال بادنا ہمراہ مغز بادام کے طلا کریں۔

فصل چوتھی شقاق اطراف چہرہ ولب کے یعنی پھٹ جانا ہاتھ پاؤں منہ ولب کا

علاج روغن گل و موم سفید روغن بادام و روغن زیتون چربی گوسفند ملاکر قیروطی بناکر مالش کریں اور بدن کو سردی سے بچائیں۔ اور مغز ساق گوسفند ہمراہ لعاب بیدانہ و چربی گوسفند ملاکر لگانا بہت مفید ہے۔ اور ضماد آٹا نشاستہ ۶ ماشہ۔ لعاب حلبہ لعاب اسبغول لعاب بیدانہ تولہ تولہ روغن گل ۲ تولہ مردار سنگ ۳ ماشہ موم سفید ایک تولہ ملاکر مرہم بنائیں۔

دیگر روغن گل روغن حنا چربی گوسفند چربی مرغ اکلیل الملک تخم۔ شاخ گوزن سوختہ موم سپید مرہم بناکر لگاویں۔

دیگر مغز ساق گاؤ ۲ تولہ اور روغن بنفشہ ۵ تولہ موم سفید ایک تولہ مردار سنگ ۲ ماشہ ملاکر لگانا بہت مفید ہے۔ اور تنقیہ کرنا ساتھ اسہال کے اور ماء الجبن کرنا ایسے امراض میں مفید ہے۔ زیادہ برس یعنے تل کا پیدا ہونا احتراق خون میں داخل ہے۔

فصل پانچویں شقاق سدقین یعنی وراچھ کا پکنا

کنج دہن کو سدقین کہتے ہیں علاج فصد اور مسہل بھی لازمی ہے۔ اور ضماد کرنا مازو سہرنہ کا گھسکر بہت مفید ہے اور قیروطی روغن بادام روغن کدو موم آب انار و آب سماق سے ملاکر لگانا مفید ہے۔ اور لگانا مردار سنگ کا ہمراہ روغن زردک کے گھسکر نفع کرتا ہے اور لگانا رال کا روغن تلخ میں جلاکر مفید ہو اور لگانا کافور جید کا ہمراہ صندل و سوت کے گھسکر

سفید ہے۔ اور مسکہ کافور اور شیشہ گھسکر لگانا مفید ہے اور لگانا مغز کدو کا سرکہ میں گھسکر نفع کرتا ہے۔ اور لگانا روغن موم کا بہت مفید ہے۔ اور لگانا سفیدہ کاشغری گل ارمنی و زہر مہرہ کا عرق گلاب میں گھسکر بہت مفید ہے۔

فصل چھٹی شقاق قدم و درد قدم و پاشنہ میں

پاشنہ ایڑی کو کہتے ہیں۔ کبھی درد ایڑی میں ایسا ہوتا ہے کہ قدم زمین پر نہیں رکھا جاتا سبب اسکا خلط گرم رقیق ہے علاج نفے بہت مفید ہے۔ اور ضماد کرنا روغن گل اور سرکہ کا ملا کر بہت مفید ہے۔ اور لگانا تخم حلبہ و تخم کتان۔ و اکلیل الملک و بابونہ کا سرکہ میں ملا کر گرم گرم بہت نفع کرتا ہے۔ اور باندھنا اسپغول کا سرکہ میں بھگو کر بہت مفید ہے اور لگانا زنجبیل افیون وگیرد کا سرکہ میں حل کرکے بہت جلد رفع ہوجاتا ہے۔ اور اگر ان تدبیروں سے نہ آرام ہو تو اسکو پکادیں۔ اور پھر بذریعہ عمل جراحی کے مادہ کو بذریعہ نشتر کے نکالیں اور مسہل کرنا بعد قے کے بہت مفید ہے۔ اور رکھنا قدم کو پانی میں نمک کے بہت نفع کرتا ہے۔ اور گرانا قدم پر پانی نکو بسنر کا جوش دیکر اور نمک ڈالکر بہت مفید ہے۔

باب ۲۶ بست و ششم

شعر میں شامل اوپر چار فصلوں کے

فصل پہلی داء الثعلب و داء الحیہ فصل دوسری انتشار و تساقط و تشعر فصل تیسری صلعہ۔ فصل چوتھی شیب

فصل پہلی داء الثعلب و داء الحیہ یعنی گرنا بالوں کا سر اور بدن سے

علامت اگر گرنے بالوں کے بعد جلد قائم رہے تو داء الثعلب ہے یہ مرض لومڑی کو ہوتا ہے اور اگر ساتھ اسکے جلد بھی علیحدہ ہو مانند بھوسے کے تو داء الحیہ ہے یہ مرض سانپ کو

ہوتا ہے اس واسطے اطبانے انکا نام لومڑی و سانپ پر رکھا ہے۔ سبب اسکا مادہ ردی ہے۔ پوست میں نسبت بالوں کی فرق ہے۔ یہ مادہ بالوں میں جا ٹھیرتا ہے اس واسطے ان کو فاسد کر دیتا ہے۔

علاج فصد کریں۔ پہلے منضجات پلائیں۔ پھر بلغم کا تنقیہ کریں۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہے۔ خردل فرفیون۔ عاقرقرحا بنہ گاؤ میں ملاکر ضماد کریں۔ اور لہسن کو پانی میں گھسکر بہت نفع کرتا ہے۔ اور اگر طلاء کے لگانے سے زخم ہو جائے تو روغن گل اور موم ملاکر ملیں۔ اور یہ مرہم بہت مفید ہے روغنگل موم شاہ بلوط ملاکر مرہم بنائیں۔ اور زردی بیضہ مرغ اُس میں ملائیں۔ اور پھر وہی ضماد کریں۔ دو چار مرتبہ یہ عمل کرنے سے بال نکل آتے ہیں۔ اول تنقیہ صفرا کا کریں۔ پھر جب دوا لگائیں پہلے سرکہ سے دھو لیا کریں۔ اور گندھک روغن زیتون میں ملاکر ملنا بہت مفید ہے۔ اور ایک ماشہ سہاگہ بریاں ہمراہ روغن گل و سرکہ ملاکر لگانا بہت مفید ہے۔ اور جونک خشک کو لیکر روغن کنجد میں جلاکر ملنا بہت مفید ہے۔ اور ریٹھا کو معہ پوست جلاکر سرکہ میں حل کرکے لیپ کریں دو چار مرتبہ یہ مرض دور ہو جاتا ہے۔

فصل دوسری انتشار شعر و تساقط شعر یعنی جھڑنا اور گرنا بالوں کا جسم

علامات یہ مرض ہے کہ بال سر یا داڑھی یا پلک کے گر جانا۔ پیدائش بال کی بخار دخان سے ہے کہ مسام جلد منعقد ہوتا ہے۔ اور مدد اسکو ہمیشہ پہونچتی ہے۔ پس اگر انعقاد بخار میں یا ان سے مدد دائمی کے قصور آوے تو بالوں میں فساد ہو جاتا ہے۔ سبب اس مرض کے بہت ہیں۔ اول یہ کہ غذا میں نقصان ہو۔ اس واسطے بخار دخانی کہ پیدا ہوں سبب نہ آنے مدد کے بال گر جاویں۔ جیسے ناقہین کے یا دق و سلوا کے بال گر جاتے ہیں سبب اُسکا خشکی و لاغری بدن کی ہے۔ اور تقدم امراض حادہ تقلیل غذا کی۔

علاج غذا بہت مرغن اور لطیف خوب کھلاویں اور حمام کراویں۔ اور بنفشہ نیلوفر سر میں ڈالیں۔ اور مشک کا سونگھنا بہت مفید ہے۔ اور روغن بنفشہ و نیلوفر لگانا بڑا مفید ہے۔ اور روغن آملہ بہت مفید ہے۔ اور روغن مورد بہت مفید ہے۔ اور ہلیلہ کابلی

واقاقیا مازو روغن کنجد میں پکا کر لگانا بہت مفید ہے۔ اور یہ دوا بھی بہت مفید ہے گل ارمنی بادام تلخ قیسوم جلا کر سب کو روغن زیتون ملا کر لگانا بہت مفید ہے اور قیسوم اور بادام تلخ سر پر ملنا بہت مفید ہے۔ اور دھونا بالوں کو ساتھ برگ مہندی کے بڑا مفید ہے

فصل تیسری صلع میں یعنی سر میں گنج ہونا

علامات سر کے تمام بال اڑ جائیں۔ اور اگر یہ شیخوخت میں ہو تو علاج پذیر نہیں ہے۔ اور اگر جوان کو ہو تو علاج پذیر ہے۔ اور واضح ہو کہ صلع اکثر بوجھ اٹھانے کے سر پر پیدا ہوتا ہے۔ اور عورتوں اور خواجہ سراؤں کو نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے کہ مزاج انکا رطب و تحلیل رطوبت کا انکے بدن میں کم ہوتا ہے۔

علاج لگانا جونک خشک کا روغن نارجیل میں جلا کر بہت نفع کرتا ہے۔ اور بار بار پھرانا استرے کا سر پر اور بعد لگانا برگ بیر کا سرکہ میں گھوٹ کر بہت جلد بال آجاتے ہیں اور یہ روغن بہت فائدہ دیتا ہے۔ جوز السرو تخم بیر سوہاگہ خام سیماب ہر یک ۳ ماشہ ۴ تولہ روغن زرد میں حل کر کے خوب سوختہ کریں اور لگائیں۔ بہت مفید ہے۔ اور تنقیہ کرنا خلط کا مسہل سے بعد کھانا اور لگانا روغن کا سر پر اور قالنا روغن کا سر میں بہت مفید ہے

فصل چوتھی شیب میں

علامات بال بے وقت سفید ہوں تو یہ بھی مرض میں داخل ہے۔ اور اگر سن پر ہوں تو علاج پذیر نہیں ہے۔ اگر بے وقت سفید ہوں تو بلغم کا تنقیہ کریں۔

علاج۔ تقویت دینا بدن کو اور جماع سے پرہیز کرنا۔ اور اشیاء مولد خون کا استعمال کرنا بہت مفید ہے۔ اور لگانا بھلاور کا روغن کنجد میں ملا کر بہت مفید ہے۔ اور یہ ضماد بہت مفید ہے۔ خردل دارچینی باقلا فلفل۔ سب کو روغن میں ملا کر لگانا نفع کرتا ہے۔ اور کھلانا تریاق اربعہ کا اور معجون بھلاور کا بہت مفید ہے۔ اور روغن مقوی سر پر لگائیں۔

باب بست و ہفتم

امراض ظفر یعنی ناخون میں شامل اوپر آٹھ فصلوں کے

فصل پہلی برص الظفر + فصل دوسری صفر الظفر + فصل تیسری وجع الظفر فصل چوتھی تشقق الظفر فصل پانچویں انحس الظفر فصل چھٹی یوم الدم تحت الظفر فصل ساتویں تقلع الظفر + فصل آٹھویں واحس میں

فصل پہلی برص الظفر میں

علامات ناخونپر سفیدی کا آنا سبب اسکا رطوبت غلیظ فاسد ہے کہ نیچے ناخون کے آکر سفیدی ناخنوں میں پیدا کرتی ہے۔

علاج استفراغ بدن کریں۔ اور ملتارفت اور نملک البطم کا راکھ سم بکری بیخ نے ہموزان لے کر پانی میں حل کر کے ضماد کریں۔ اور زرنیخ طبقی ثاقب و ذراریح دیق سرکہ میں گھسکر ضماد کریں۔ اور ترمس جوز السرو سرکہ میں ضماد کریں اور تخم حلبہ اور تخم کتان کو کم شہد میں ملاکر طلا کریں

فصل دوسری صفر الظفر میں

علامات ناخنوں کا زرد ہونا۔ سبب اسکا کم ہونا خون کا اور غلبہ صفرا کا ہے۔

علاج تخم جرجیر سرکہ میں پیسکر طلا کریں د یگو مازو سبز شب یمانی بکرے کی چربی میں ملاکر طلا کریں۔ اور اسپغول ہمراہ شربت سیب کے کھلاویں۔ اور کھانا میوہ تر کا۔ اور پینا ماءاللحم کا بہت مفید ہے۔ اور اخلاط صفرا کو بدن سے کم کراویں۔

فصل تیسری وجع الظفر میں

علامات درد کرنا ناخنوں کا سبب اسکا غلبہ خلط کا ہے۔

علاج برگ سرو حب الآس پانی میں حل کر کے ضماد کریں دیگو انار خام کو شراب میں پکا کر ضماد کریں۔ اور سرگین گوسفند یا سرگین گاؤ کو لگائیں۔

فصل چوتھی تشقق الظفر میں

علامات پھٹ جانا ناخنوں کا۔ سبب اسکا جمع ہونا سوداکا یا غلبہ یبوست کا بدن میں
علاج ترتیب بدن کی بما‌الجبن سے کریں اور استفراغ سوداکا کریں۔ اور لعاب تخم کتان اور چربی مرغی کی ملاکر ضماد کریں۔ اور سرکہ سر پشم ماہی و نمک و شہد ملاکر ضماد کریں۔ اور روغن گنجد و مصطگی ملاکر ملنا نفع کرتا ہے۔ اور سرکہ و نمک سے دھونا نفع کرتا ہے۔

فصل پانچویں رض الظفر میں

علامات کوفتہ ہونا اور کچل جانا ناخنوں کا۔ سبب اسکا صدمہ ضربہ کا ناخنوں پر ہے۔
علاج پہلے برگ انار و برگ حب الآس ضماد کریں۔ بعد ساکت ہونے درد کے آرد گندم و روغن زیتون کو ملاکر ساتھ چربی بکری کے ضماد کریں بہت مفید ہے۔

فصل چھٹی موم الدم تحت الظفر میں

علامات مرجانا خون کا نیچے ناخون کے۔ سبب اسکا کشادہ ہونا رگ کا نیچے ناخون کے یا سبب واقع ہونے ضربہ کے ناخنوں پر ہے۔

علاج آرد گندم و زفت و روغن زیتون ملاکر ضماد کریں۔ قطراسالیون سرکہ میں گھسکر ضماد کریں۔ اور تخم جرجیر سرکہ میں حل کرکے طلا کریں۔ اور دھونا نمک و سرکہ سے مفید ہے

فصل ساتویں تقلع الظفر میں

علامات اکھڑ جانا ناخنوں کا۔ سبب اسکا یا استرخاء کہ انگلی کے سر میں بہت ہونے رطوبت سے حادث ہو۔ پس ناخون جڑھ سے جدا ہوتا ہے
علاج تنقیہ بدن کا کریں اور جو چیز زائل کرنے والی استرخا کی کہ استعمال کریں کریں اور فصد صافن کھولیں اور ساق پر حجامت کریں اور اگر یہ مرض ہاتھ کے ناخون میں ہو تو رگ باسلیق کھولیں۔ اور اگر پاؤں میں ہو تو شربت انار و شربت عناب سے تسکین کریں۔

فصل آٹھویں داحس میں

علامات یہ ورم گرم ہے۔ اسکو چیندرا بھی کہتے ہیں۔ اور سبب اسکا مادہ غلیظ دموی ہے۔ اور درد شدید ہوا کرتا ہے۔ اور یہ سبب شدت درد کے تپ بھی ہوجایا کرتا ہے۔

علاج فصد باسلیق کریں اور مسہل دیویں۔ اور مازو و اسپغول مہر کہ میں ملا کر طلا کریں اور برف باندھنا بہت مفید ہے۔ اور اسپغول کو پانی میں تر کر کے باندھنا بہت مفید ہے اور اجوائن و افیون کا طلا کریں۔ اور روغن زیتون میں پارچہ بھگو کر انگلی پہ باندھیں اور تر رکھیں اور تخم السی و تخم مرو و تخم حلبہ و اسپغول و اکلیل سب کو پکا کر اس پر باندھیں اور بعد میں عمل جراحی سے شگاف دیویں۔ اور باندھنا زقوم کا بہت نفع کرتا ہے۔

باب بست و ہشتم ۲۸

در امراض احراق النار شامل اوپر چھ فصلوں کے

فصل پہلی احراق النار فصل دوسری احراق الآہن اسحار فصل تیسری احراق ملدا الحار۔ فصل چوتھی احراق النورہ فصل پانچویں احراق الشمس فصل چھٹی احراق البلادر۔

فصل پہلی احراق النار میں یعنی جلنا بدن کا آگ میں

علاج روغن گل و سفیدی بیضہ مرغ پر چھپکا کر لگانا مفید ہے۔ اور لگانا سفیدی بیضہ مرغ و رال کا بہت مفید ہے۔ اور یہ دوا عجیب اثر رکھتی ہے۔ روغن السی اور پانی چونے کا پانچ پانچ تولہ دونوں کو ملا کر اور رال سفید ملا کر مرہم بنا کر لگائیں بہت مفید ہے۔ اور روٹی گندم کی جلا کر روغن گل میں ملا کر لگانا بہت نفع کرتی ہے۔

فصل دوسری احراق الآہن اسحار یعنی جلنا روغن گرم یا دودھ سے

علاج لگانا مرہم سفید رال کا بہت مفید ہے۔ رال ۲ تولہ روغن کنجد ۵ تولہ میں ملا کر جلا دیں اور پھر اس میں آب چونہ صاف شدہ ملا کر قدرے قدرے ڈالیں او مرہم سفید ہو جاویگی۔ اور ہر وقت تر رکھیں۔ اور لگانا روغن کتان کا بہت مفید ہے اور لگانا سفیدہ کاشغری و گل ارمنی کا ہمراہ روغن کتان کے بہت فائدہ کرتا ہے۔

فصل تیسری احراق الماء یعنی گرم پانی سے جل جانا

علاج اگر چھالہ نہ پڑا ہو تو راکھ کوئلہ کا لگانا اور کپڑا اسپر پانی میں تر کر کے رکھیں۔ اور لگانا روشنائی لکھنے والی کا بہت مفید ہے۔ اور جو علاج احراق النار میں بیان ہوا ہے یہاں بھی وہی استعمال کریں۔ اور مرہم نورہ بہت مفید ہے۔

فصل چوتھی احراق النورہ یعنی جلنا چونا یا پان کے کھانیسے

پان میں اکثر چونہ زیادہ ہوتا ہے اسلئے مُنہ پھٹ جاتا ہے۔ اور اکثر چونہ لگانے والوں کے ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہیں علاج اسپغول اور بہدانہ پانی میں بھگو کر غرغرہ کرنا اور روغن بادام اور روغن جوز یعنے اخروٹ کا ملنا بہت مفید ہے۔ اور اگر یہ روغن میسر نہ آوے تو مغز بادام اور مغز جوز لیکر چباویں اور دودھ وغیرہ کھائیں۔

فصل پانچویں احراق الشمس یعنے جلنا دھوپ کی گرمی سے

علاج مرہم کافور مرہم سرکہ سے طلا کریں۔ ترکیب مرہم روغن گل و سرکہ کافور سفیدہ کاشغری و گل ارمنی موم سفید ملا کر مرہم بنائیں اور خالص کافور کو سرکہ میں حل کر کے خوب مالش کریں بہت مفید ہے۔

فصل چھٹی احراق البلادر یعنی جلنا بھلانووں سے اور ورم اور چھالونکا پڑ جانا

علاج اسکا کنجد سیاہ پانی میں شیرہ نکالکر پینا اور ملنا بہت مفید ہے۔

دیگر یہ مرہم بہت مفید ہے۔ کافور صندل سفید گل ارمنی انزروت رال سفید بیروزہ خشک روغن زیتون ملا کر لگانا بہت نفع کرتا ہے۔

دیگر گیہوں اور کنجد دونوں پیسکر ملنا بہت مفید ہے۔

دیگر چھال درخت ببول کو کُوٹ کر سرکہ میں لگانا بہت فائدہ بخش ہے۔

باب بست و نہم ۲۹

در فوائد عجوبہ معہ درجات ادویہ شامل اوپر چودہ فصلوں کے

فصل پہلی خواص ادویہ سرد پہلے درجہ میں فصل دوسری سرد دوسرے درجہ میں فصل تیسری ادویہ سرد تیسرے درجہ میں فصل چوتھی ادویہ سرد چوتھے درجہ میں فصل پانچویں ادویہ گرم پہلے درجہ میں فصل چھٹی ادویہ گرم دوسرے درجہ میں فصل ساتویں ادویہ گرم تیسرے درجہ میں فصل آٹھویں ادویہ گرم چوتھے درجہ میں فصل نویں ادویہ تر پہلے درجہ میں فصل دسویں ادویہ تر دوسرے درجہ میں فصل گیارھویں ادویہ خشک پہلے درجہ میں فصل بارھویں ادویہ خشک دوسرے درجہ میں۔ فصل تیرھویں ادویہ خشک تیسرے درجہ میں فصل چودھویں ادویہ خشک چوتھے درجہ میں۔

فصل پہلی ادویہ سرد معہ درجہ

تخم انار تخم خطمی تمر ہندی بہی ترش بھنگڑی تخم جبازی چوک سرمہ شیر صمغ عربی امرود انار شیریں انار ترش آلو بخارا باقلا برگ بانس برگ جھاؤ بنفشہ بید مشک بلیلہ بیخ بند باجرہ بلوط چنا برم ڈنڈی برادہ نخاص برنج مرجان مرجان ماش کاکنج مازو کیوڑہ گل چاندنی عناب ولایتی کاسنی سبز کہربا مایشان نقرہ اور جو دوائیں کہ ترشی مائل ہوں سب سرد ہیں۔

فصل دوسری ادویہ سرد دوسرے درجہ میں

ریوند خشخاش سفید خربزہ خیار ترہ خیار چکو ترہ کدو دراز تخم خیار ترہ تخم خیارین تخم کاہو اجوائن خراسانی آملہ اقاقیا مغسول انجیر انجبار انار ترش بارتنگ تخم کاسنی تخم ابلاد ترید ترنج تخم پالک بیٹھہ پالک تخم خشخاش منغفہ پارہ بیدانہ کسارطہا خیر عدسہ فوفل شاہدانہ عناب زرشک سرس شفتالو شاہ توت سماق مازو نکو مولسری گل ارہنی دونیخا کوماج گل ٹیسو کچنال کدو دراز کتھہ سفید نارنج ناسپاتی نیلوفر۔

فصل تیسری ادویہ سرد تیسرے درجہ میں

لیموں کاغذی اسپغول صندل سرخ صندل سفید تخم خشخاش سیاہ سفیدہ کاشغری فالسہ انار فیا برف تخم خرفہ

فصل چوتھی ادویہ سرد چوتھے درجہ میں

سنج شاہترہ شوکران بادزہون تمباکو دھتورہ افیون اور وہ ادویہ جو اعضا کو سست کرنیوالی ہیں۔

فصل پانچویں ادویہ گرم پہلے درجہ میں

ناگیسر بیل گشتی روغن زرد لاون توبیا لیموں شیریں عدس منقی موم نارجیل گل گاؤزبان گلو تازہ کشمش گاؤزبان فندق غافث غاریقون شیر خشت شکر قند شکاعی سوسن سیب گجور ثعلب مصری تودری سفید و سرخ حب قطن شاہ توت کنجد شاہسفرم آلو بالو ابریشم انجیر الائچی کلاں اسطوخودوس بادام شیریں باد آورد بادرنجبویہ پستہ پوست ترنج تخم بالنگو تخم ریحان شاہترہ۔

فصل چھٹی ادویہ گرم دوسرے درجہ میں

عنبر عشبہ عود غرقی عاقر قرحا صندل سفید صبر زرد شہد شکر سفید شاہ پسند شنگرف نیل اگر موتھہ بیدہ لکڑی میل بھیل مولی مامیثان موصلی سیاہ موصلی سفید حلیہ مصطگی مردار سنگ مجیٹھ مامیران لوہ نیپالی لونیاں لاجورد لک عصارہ ریوند چینی عود صلیب قرنفل کندنا گندر کندر کمیلہ قرطم قنب کباب چینی کیوڑ کچری کریلا آبنوس انبہ ہلدی اخروٹ افسنتین اشترخار اصل السوس سیوطی سندرس سلاجیت رتن جوت زعفران زیرہ سفید زیتون سا بو دانہ ستاور سر بھوکہ خرما خربوزہ خوبانی تخم ریحان دشتی درونج عقربی دیشہ بہ گند دار چینی خارخسک خاکسی چلغوزہ چرائیتہ چاکسو چائے تخم گاؤزبان بچ قلمی جوتری جلا پا جوز بوا چاورس تخم شبت تخم خربوزہ تخم گندر تخم کرفس تخم انجرہ حب بلسان بوزیدان بطم بادنجان بہمن سفید بادرنگ الائچی خورد اندرجو انگوزہ انیسون میدہ انجبار بادیان بادیان خطائی۔ بالچھڑ بھنگڑہ پتہ پودینہ

فصل ساتویں ادویہ گرم تیسرے درجہ میں

اگر گوگل کائفل مقناطیس بادزہون مرچ سیاہ مرچ سرخ نال کنگنی مرکی مومیائی

نطرون کندش نمام نرگس نوشادر نیلہ تھوتھہ کلونجی کالادانہ کرنجوہ چنبیلی کرفس کمیلا کبابہ
کتکی سفید کدو تلخ فرفیون عود بلسان صندل سرخ اجوائن افسنتین افتیمون بفیم بابونہ بچ بکھ
بالچھڑ بادام تلخ بکائن بلادر بہمن سرخ زراوند طویل زراوند مدحرج زنجبیل زرنیخ رسکپور
رال راسن دیودار درمنہ ۔ ترکی خردل حاشا بیربہوٹی بورہ ارمنی پودینہ کوہی تربد سفید
تخم سداب تمباکو جدوار جاوشیر حرمل حب سلاطین زفت زیرہ سیاہ سقمونیا زنجبیل سابج
ہندی سورنجان تلخ شیرم شلغم شورہ شاہترہ ہندی

فصل آٹھویں ادویہ گرم چوتھے درجہ میں

لہسن پیاز کف دریا قسط تیل گندنا بھنگ فرفیون بیس طوطیا سداب بری حنظل

فصل نویں ادویہ تر پہلے درجہ میں

مولی موم نشاستہ نیل کنٹھی نیب شکر سرخ وقند شلجم کنجد کاسنی سبز کشمش گاؤزبان ۔
گل گاؤزبان گل چاندنی لیموں شیریں مویز منقے روغن زرد خشخاش سفید خاکسی خیار شنبر
چلغوزہ تخم خبازی خطمی ترنج ثعلب مصری تودری سرخ وسفید امرود انار شیریں انار میخوش
انگور پختہ نبولہ بادام شیریں باقلا بریار بنفشہ بید مشک پارہ پالک مجیٹھ تخم بالنگو وبالنگہ

فصل دسویں ادویہ تر دوسرے درجہ میں

خشخاش سفید شفتالو توت شیریں خوبانی خیار خیارزہ رینٹہ برگو بابونہ سبز بھوکھا آلو بالو ۔
خربوزہ بیدانہ چکوترہ تخم گاؤزبان تربوز تخم خرپزہ تخم خیار تخم کدو تخم خرفہ تخم کاہو کدو دراز
لعاب گندر گل ارمنی لوبیا لیموں کاغذی نیشکر یاسمین بری نیلوفر نارنج مویز موچرس

فصل گیارھویں ادویہ خشک پہلے درجہ میں

نشاستہ نانخواہ نارجیل ماش میدہ لکڑی ہرباگلو تازہ مرزنجوش اخروٹ تخم انار اصل السوس
ابریشم سوسن بلوط آور چوک تخم ریحان تخم خبوا تخم حماض زنجبیل زعفران برگ جھاؤ بادیان
تخم گندر تخم بہوتی شکر سفید شہد خالص شاہ توت ترش شعیر صمغ عربی عنبر خاصہ فندق فرحم
کندر بابونہ بادرنجبویہ پرسیاوشان بسفائج ۔

فصل بارھویں ادویہ خشک دوسرے درجہ میں

شاہ پسند شاہدانہ سونٹھ سلاجیت سقمونیا سپیدہ کاشغری سرس سندس سرمہ شاور
زیتون گل شبو شکاعی شاہترہ سرسم شاہسفرم صبر زرد صندل سفید طباشیر عصارہ
ریوند عود صلیب ابنوس انبہ ہلدی اجوائن خراسانی اسپغول اسطوخودوس
اشترخار اندرجو انجبار انار ترش الائچی کلاں اشنان افستتین اقاقیا مغول الائچی
خورد بید انجیر بابونہ بادام تلخ بادیان خطائی برنج بہمن سفید بادرنگ بلوط بالچھڑ بارتنگ
بطم تخم کرس تخم انجرہ ہلیلہ بادنجان تخم شبت بلسان سپستان پودینہ پوست خشخاش
خرما خشک حلبہ جاسے چرائتہ خردل چاکسو جلوتری قلابہ تج تمر ہندی تخم کاسنی تخم کتان
تربد زرفت بند تسکن زراوند طویل رسوت رتن جوت ریحان دشتی درونج عقربی دار چینی
خار خسک عاقرقرحا غاریقون غافث قوقل کرنب قنب کنار کباب چینی کچری کتھ سفید
کریلہ کچنار گیلہ مولسری موصلی سیاہ و موصلی سفید مسور مصطگی نکومر دار سنگ مجیٹھ مامیران
مسک مازو مال کنگنی مومیائی مرجان بیخ مرجان بیل بہل ناسپالی کہربا کیوڑہ گزمازج
کشنیز گل بٹیو گوگل کلونجی لودن لودھ تبھانی لاجورد مرکی مدار۔

فصل تیرھویں ادویہ خشک تیسرے درجہ میں

مازریون کرنجوہ کلونجی کالادانہ مرچ سیاہ مرچ سرخ بادرنجبویہ مقناطیس موچرس لوبان لک
گوگہز کالا و قنطوریون بھکنی نمام نوشادر نیلہ تھوتھا ہینگ کرفس کچلہ کبابہ کدو تلخ
کتگی سفید فرفیون غدہ عشبہ صندل سرخ عود غرقی عود بلسان انولہ اجوائن خراسانی اقاقیا
افتیموں انیسون بابچی بیخ کنیر بلادر بہمن سرخ جلوتری تمباکو پوست بیخ تخم سداب
بھنگڑی بورہ ارمنی پودینہ پہاڑی ببر بہوٹی جدوار جوزتوا آرسکپور رائی اراسن ہڑال درمنہ
دیودار حب سلاطین حنظل سوکران شورہ شیطرج سنگرف درونج زیرہ سیاہ زیرہ سفید۔

فصل چودھویں ادویہ خشک چوتھے درجہ میں

قطران خردل تخم گندنا افیون بیس طوطیا و دھتورہ سداب سنبل راسی حی وغیرہ وغیرہ

باب ۳۰

منضجات و مسہلات و مقیئات و مفتحات و ملطفات کے بیان میں شامل اور پر سات فصلوں کے

فصل پہلی مقویات اعضاے رئیسہ کے بیان میں فصل دوسری اعضاے رئیسہ کے بیان میں فصل تیسری منضجات اخلاط کے بیان فصل چوتھی معدلات اخلاط کے بیان میں۔ فصل پانچویں مسہلات اخلاط کے بیان میں فصل چھٹی محللات اورام کے بیان میں فصل ساتویں متفرقات کے بیان میں۔

فصل پہلی مقویات اعضائے رئیسہ کے بیان میں تفصیلوار

مقوی دماغ ادویہ۔ آملہ بندق فرنجمشک زعفران جوزبوا اسطوخودوس مغز تخم پنبہ بادام شیریں صندل سفید مشک نسرین یاسمین بلادر غالیہ اناناس ہلیلہ مربی مروارید۔ مغز تخم کدو تخم کاہو گوشت تیتر عرق گلاب کاشیرمیش سنبل الطیب گوشت مرغ۔ گلسرخ کندر قرنفل عنبر عود غبریت نارنج سیب نجبیل سعد روغن عنبر دماغ حیوانات بہار ام و بہار سیب بہاری بہی بالنگو۔

مقوی قلب ادویہ قرنفل پیاز لیموں زہرمہرہ درونج بسفائج آلوبخارا امشتنہ ابریشم تخم ریحان کافور کندر بیج مرجان یاقوت رمانی گل گڑہل گل سیوطی گل نیلوفر گل چاندنی الائچی خورد عود صلیب شقاقل مشک عنبر فانعناع ورق نقرہ نمام فلفل سیاہ زرشک بادرنجبویہ مصطگی مرجان سرخ نارنج نارمسک لاجورد گل گاؤزبان عرق کیوڑہ کہرباشمعی گل مختوم کشنیز اقاقیا گلسرخ فرنجمشک یاقوت زہر عود غرقی صندل سفید ورق طلا طباشیر سلیخہ سعد سوسن سنبل بادآورد برگ تنبول تمرہندی جدوار دارچینی ریباس زرانباد۔ نارمشک نارنج زعفران سیب بالنگو بہی بسد پوست ترنج بسفائج بہمن آملہ شیرخشت اوسطوخودوس انار ترش اغرود نہ

مقوی کبد ادویہ عود ہندی زراوند طویل آب باران اشنہ افریون حب الزلم حدید جصرم زبیب سفرجل اسارون مغز پستہ منقی بخ مصطگی تخم کشوث دارچینی تخم بلسان تمام انار شیریں جوزبوا آستاود کاسنی گلسرخ نارمشک سیب بادرنجبویہ زرشک افسنتین لیموں درونج کبابہ فرنجمشک فلفل سیاہ قرنفل قسط شیریں کیوڑہ چرائتہ بارتنگ شیرخشت شقاقل امرود سنبل ہندی اذخر غافث ❖

مقوی معدہ ادویہ عود غرقی ابریشم آملہ خرما نمک سیاہ کندر سعد کوفی ہلیلہ زردزرنباد بادیان عرق گلاب زنجبیل سماق مصطگی شیر بہیڑ مربی ہلیلہ دانہ سنگ مرغ نعناع پودینہ خشک لوبان پوست ترنج بالنگو جوزبوا مرچ سیاہ دارچینی کچور قرفہ ساذج ہندی قرنفل قسط شیریں چرائتہ کیوڑہ زرشک بادرنجبویہ گل سرخ انار دانہ ہلیلہ گولوجن کبابہ درونج کبابہ لاون صمغ عربی شیرخشت شقاقل اذخر سنبل سفرجل اشنہ پودینہ کوہی دوقو۔

مقوی بصر ادویہ۔ نقرہ شہد خالص بادیان سنک منڈی ہلیلہ سیاہ مروارید صندل سفید صدف مرچ سیاہ سفیدہ کاشغری سنگ بصری سرمہ سیاہ آملہ ابریشم سوختہ اقلیمیا بادام شیریں چاکسو مقشر۔ زعفران۔

مقویات لثہ و اسنان پوست درخت ببول تمباکو کتھہ سفید کف دریا گلنار مصطگی مروارید مرکی عدبہ گزمازج مسی پھٹکڑی لوبان سعد بیخ مونگہ طباشیر شاخ گوزن سوختہ مشک سنگ جراحت سندرس سعد سماق زیرہ گلاب لودھ پٹھانی دانہ الائچی کلاں۔ خرمہرہ زرد سوختہ اسپغول مولسری تخم تمر ہندی تخم سرس پوست ہلیلہ استخوان سوختہ ہلیلہ زرد انزروت بیخ نے برادہ آہن پھلاور سوختہ بسد تخم مورد۔

مقوی باہ ادویہ عنبر مشک جندبیدستر کونچیں ستاور لسان العصافیر مصطگی ماہی روبیان مروارید مغز اخروٹ باقلا عاقرقرحا شیر گاؤ ریگ ماہی خبث الحدید چرونجی تخم خشخاش تخم شلغم تخم پیاز تخم گندنا تخم ترب مغز بادام نارجیل نخود بلیون حلتیت دارچینی کرفس کنجد بوزیدان بہمنین تودرین زنجبیل شقاقل سورنجان شیر میش فندق

پستہ قرفہ قسط گذر تخم گندنا زر نباد خولنجاں ثعلب مصری حب الزلم حب الخضر اصغر چلغوزہ جرجیر پنیر مایہ شقر انجیر جوز بوا جلوتری بیضہ مرغ و کبوتر دماغ گنجشک انگور خرما۔

تسول لذتی ادویہ اشنہ اندر جو موم بوزیدان بہمن بادام پستہ تخم پیاز تخم کتاب تخم گندنا نودرین حب الزلم زعفران سورنجان شقاقل زنجبیل شیر گاؤ شیر شتر شکر شلغم مشک گوشت مرغ مفاس نارجیل گوشت ہر قسم کا

فصل دوسری مضراتِ اعضاء رئیس کے بیان میں

ادویہ مضراتِ دماغ سک کبریت کہنہ زیبق خشخاش سیاہ اترج حماض تمباکو حلتیت۔

مضرات قلب کے بیان میں تمباکو خولنجاں بنفشہ سقمونیا۔

مضرات جگر کے بیان میں سرکہ خرما انجیر کچوریالی سرد شہد ہلیلہ سیاہ جلوتری کا پھل۔

مضرات معدہ کے بیان میں نمک دغورہ گنجد عناب انجیر پنیر انگور خام کافور ترید شیح کبریت قنب عدس بزرکتان بورہ ارمنی بیدانہ شاتوت خرنوب ثعلب مصری خیار شنبر سقمونیا صبر آب گرم آبنوس ابریشم اجاص اشق افسنتین انجیر۔

مضرات بصر کے بیان میں فلفلمویہ چرچرہ شہدانج گندنا عدس برگ خرفہ باجرہ بزرکتان برگ شبت چوکہ جرجر سداب کثرت جماع۔

مضرات باہ کے بیان میں کثرت جماع کثرت آب گلاب کہو د قوزہ فاخساک سداب شوکران شہدانج عدس شونیز عناب فرفیون قسط انکو بلوط چوکہ آب سرد بیج نیلوفر بیخ بنفشہ عرق لیموں تمر ہندی کافور افیون ایرسا آلو بخارا آب جغرافہ کاسنی کشنیز لہسن خام

مضرات لثہ و اسنان کے بیان میں۔ برف آب سرد اشیاء ترش آب غورہ خرفہ آب نمک اشنہ ترب کراث اور جو اشیا کہ ترش ہوں وہ سب کی سب لثہ و اسنان کو مضر ہیں۔

فصل تیسری منضجات اخلاط کے بیان میں

منضجات صفرا کے بیان میں ترنجبین سکنجبین عسلی گل نیلوفر گل بنفشہ گل سرخ عنب الثعلب تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی شاہترہ عناب۔

منضجات سوداکے بیان میں بادآورد بادرنجبویہ اسطوخودوس بادیان عناب ولایتی شکاعی شاہترہ پرسیاوشاں شاہترہ سپستان اصل السوس

منضجات بلغم کے بیان میں پرسیاوشاں تخم خطمی شکاعی سکنجبین مویز منقی انیسون گلقند افتیموں اصل السوس انجیر زرد بادیان۔

منضجات اورام کے بیان میں بیاز تخم حلبہ جدوار صبر سقوطری تخم کتان موم انجیر ولایتی ایرسا تخم خطمی صمغ بطم کنوچہ کرنب لاون اکلیل الملک زعفران مرکی۔

فصل چوتھی معدلات اخلاط کے بیان میں

معدلات بلغم کے بیان میں تخم خطمی تخم خبازی گلقند مویز منقی گلسرخ شکاعی مغز تخم کدو شیریں گل بنفشہ گل نیلوفر انجیر زرد بادیان انیسون سنبل الطیب۔

معدلات خون کے بیان میں لیموں کاغذی لیموں شیریں انار ترش انار شیریں کنکی گل نیب گل سرخ گل کاسنی کشنیز خشک آلو بخارا برادہ آبنوس برادہ شیح برگ نیب بنفشہ برم منڈی برگ حنا برگ شاہترہ تخم شاہترہ صندل سرخ صندل سفید تخم کاہو تخم پالک تخم خیارین۔

معدلات سوداکے بیان میں بادرنجبویہ سپستان شاہترہ شکاعی تخم خربزہ عناب گاؤزبان اسطوخودوس۔

فصل پانچویں مسہلات اخلاط کے بیان میں

مسہلات صفراکے بیان میں گلقند ترنجبین خیارشنبر سقمونیا شاہترہ شیرخشت

شبرم صبر سقوطری گل سرخ لبلاب بادرنجبویہ ہلیلہ زرد آلو بخارا افسنتین گل بنفشہ تمر ہندی۔
مسہلات سوداء کے بیان میں اسطوخودوس ایارج فیقرا افتیمون بسفائج خیار شنبر مغز فلوس بادرنجبویہ گل گاؤزبان برگ گاؤزبان غاریقون کشوث برگ سنائے گل بنفشہ حب النیل ریوند خطائی حب ایارج روغن بیدانجیر مغز حنا ہلیلہ بلیلہ آملہ۔
مسہلات بلغم کے بیان میں بسفائج تربد حب النیل حرمل فرفیون شحم حنظل غاریقون قنطوریون قثاء الحمار ماہی زہرج باہودانہ ریوند چینی حب ایارج برگ سنا کلونجی زنجبیل مغز فلوس خیار شنبر

فصل چھٹی محللات اورام کے بیان میں

جدوار مغز فلوس خیار شنبر صبر زرد برگ کاسنی برگ حنا برگ خطمی برگ حلبہ برگ کرنب برگ بید رسوت زرد گل ارمنی بچ ترکی مکو سبز و خشک مصطگی کندر غافث موم برگ بکائن برگ مدار برگ برگد اکلیل الملک اشق اسپغول اذخر لساروں گوہان نشتر سیاوشاں بابونہ برنجاسف باقلا پودینہ خشک ترمس جادہ جاؤشیر جاشیر خنا خزہ ہرہ خطمی قردمانا حجازی زفت زراوند سوسن صمغ بطم کمافیطوس سماق کبر لادن نمام پیاز دشتی نخالہ نمک۔

فصل ساتویں متفرقات میں

مقیات کے بیان میں آب کدو تلخ پوست تخم خربزہ برگ تخم شبت تخم جرجیر تخم بادریون خربق سکنجبین کندش لوبیا مویزج ماء العسل نمک ہندی آب پالک آب گرم۔
ملینات کے بیان میں شہد خالص سرکہ عنصلی برگ خرفہ حب السمنہ عرق نیشکر۔
ملطفات کے بیان میں ابہل اسغیں وج ترکی نانخواہ نمام سکبینج سداب سرکہ حاتر سعک قرطم قردمانا کمافیطوس جادہ حماض حب لبان حاشا حرمل خردل دار چینی زوفا خشک زراوند۔
مفتحات سدد کے بیان میں تخم کشوث غاریقون صعتر تخم کرفس تخم گندنا مرزنجوش نانخواہ فالیون سداب افسنتین اذخر دار فلفل دار چینی زراوند مدحرج زعفران زیرہ کرمانی زنجبیل کباب چینی بسباسہ افتیمون ایرسا **مدرات بول و حیض کے بیان میں** افسنتین بادرنگ قردمانا۔
آب خیار آب تربد آب کدو آش جو آب کاسنی الائچی کلاں کباب چینی قرطم قسط شیر پودینہ عود بلسان پوست بیخ بادیان پوست المتاس تخم خرفہ تخم خربزہ تخم جرجیر السی نیلوفر

خارخسک قردمانا کاکنج گل خیرو گل نیسو اسارون بادیان ابہل افتیمون انیسون انجدان برنجاسف بابونہ فرو جنیان تخم گندنا جند بیدستر جاوہ سعد سداب دارچینی پیاز رازیانہ زوفا خشک حب الخضرا جاوشیر قسط بیانہ ملیتحہ شونیز عروق عود ازرق نمام نانخواہ میبیع مرزنجوش میعہ سائلہ کمافیطوس کرفس کبابہ قسط فنطوریون فراسیون تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی تخم خیارین۔

مفتتات سنگ گردہ ومثانہ کے بیان میں سنگ سرماہی حب القلقل نخود سیاہ صمغ آلو سکبینج سعد رازیانہ حجر الیہود خارخسک اسارون برنجاسف پرسیاوشان بادام تلخ تخم خربزہ

مفجرات اورام کے بیان میں صابون فرفیون پنجال کبوتر آہک پیاز جنگلی اسطمار خیر ثبوعات دروبخ زاج اخضر حرف زراریج۔

مسکنات اوجاع کے بیان میں صمغ عربی کتیرا البسباسہ سفیدی بیضہ مرغ بیخ بیروج الیضم چربی بط افیون اسفیداج۔

اکلات گوشت زائد کے بیان میں نمک آہک مردار سنگ صدف سوختہ انزروت اشنان بوتال نحاس زنگار طوطیا سیندور۔

مدملات قروح کے بیان میں گل مختوم صمغ آلو صبر رال سنگ جراحت زفت زیرہ زراوند بار تنگ اسفنج دم الاخوین المدابر سیا انزروت الریج بلوط گلنار لسان الحمل سفیدہ گل ارمنی۔

مجلیات ارساخ قروح ابہل ایرسا حب بلسان آبکامہ زفت دروبخ شورہ قلمی عسل نمک نبات انج

مجففات قروح کے بیان میں صبر سقوطری آہک شستہ تخم خرما سوختہ اشند انزروت شحم سوختہ انیب صدف سوختہ سنگ جراحت مرزار سنگ طوطیا۔

قاتلات کرم شکم کے بیان میں کمبیل قردمانا شونیز سبج صرف پودینہ ترمس شفتالو جاوہ زوفا خشک افسنتین بادرنگ۔

کاسرات ریاح کے بیان میں مرزنجوش نمک ترب نمک سنگ گلاب سجی قردمانا کندر کرفس نانخواہ بادیان ادرک نمک سیاہ پودینہ اجوائن خراسانی جاوشیر حماما دار فلفل زیرہ زراوند نبادسداب سعد سعتر فلفل سیاہ۔

قابضات وحابسات کے بیان میں پوست انار پوست درخت انار مولسری پوست درخت مولسری

مرصافی بربخ بسد ماقلا عدس بیخ بارتنگ تخم شاہ حصرم زرآورد جوزالسرو دم الاخوین۔
نزار و سماق طباشیر طین مختوم کہربا کندر جاورس قروبہ مصطگی مورد ثارو بین نشاستہ
بندق نخود بقم ورق طلا پوست ترنج پوست ترید نشاستہ پوست سنگ دانہ مرغ جفت بلوط
حب الآس زرشک گلنار انبہ مازو ترمس بادیان برمان بیخ انجبار پھٹکڑی دانہ الایچی خورد
زہر مہرہ کنجیاں کنوچہ گل ارمنی۔

مانعات رعاف و نفث الدم و اسہال الدم کے بیان میں ریحان دشتی گزمازج
ریشہ برگد غدبہ تخم پیٹھ سنگ جراحت کتھ مصطگی مازو نعناع نشاستہ لسان الحمل
بیخ انجبار سرمہ بارتنگ زرشک تربیرہ شاہدانہ قنطوریون گل ارمنی کشنیز کہربا کافور کندر
گلنار سندرس بادآورد بلوط بسد بذرالبنج جوزالسرو رسوت دم الاخوین۔

مخدرات کے بیان میں اصل ابفاح افیون اسپند برگ تمباکو افیوان بیخ تفاح تخم
بھنگ جوز ماثل حمامہ زعفران زنجبیل شبت شاہ سفرم شوکران شقائق النعمان قنب
کندر کاہو کاکنج قرنفل جنگلی تخم کرفس کچلہ بیخ شاہترہ بیخ مونٹھ

مخرجات جنین و مشیمہ مدار جوکھار برگ بانس پوست املتاس کلونجی زیرہ سیاہ
قسط پرسیاوشاں بیخ نرگس ترمس زراوند طویل زراوند مدحرج قطران کندر اصل فرفہ
مرچ سیاہ تخم کرفس کوہی مجیٹھ کاشم کراث کندش لاون روغن بادام تلخ مقل زہرہ حیوانات۔
دار فلفل مویزج ریوند چینی سداب اسقمونیا سکبینج سلیخہ سیخر میٹھا شوکران شیطرج صابن

مزلقات کے بیان بیدانہ ریشہ خطمی اسپغول تخم ریحان تخم بالنگو تخم خطمی سپستان
تخم کتان تخم حلبہ اکلیل الملک آرد جو صبرین لعاب دار لیموں۔

مفرحات کے بیان میں مشک سنبل الطیب امرود ترنج انار شیریں پوست
لیموں پیاز لیموں آنولہ کافور صندل سفید ابریشم قرنفل زعفران ترمس مرجان سرخ
بیخ مرجان گلاب ناجبور زہر مہرہ خطائی بسفائج برگ پان طباشیر عود غرقی مروارید۔
گل نیلوفر عرق کیوڑہ پودینہ یاقوت یشب عنبر ورق نقرہ ورق طلا مغز پستہ مغز بالنگ
بہمن سفید و سرخ سیب بہی الائچی خورد و کلاں دارچینی مربجات ہر قسم۔

ممسکات کے بیان میں تخم بھنگ چرس سبز برگ پانڑی مرچ سیاہ قرنفل افیون جوز جاوتری گوگل تخم دھتورہ برگ دھتورہ تخم گوما گل ببول عاقرقرحا کافور مشک زعفران مصطگی دارچینی زنجبیل اجوائن خراسانی

فلمدات سوہاگہ کبابہ دارچینی عاقرقرحا مویز منقے بیر بہوٹی مشک کباب چینی گوگوخن خانہ خرس سیماب کافور پچال کبوتر جنگلی عطر موتیا عطر ناگیسر عطر گلاب عطر حنا ہر قسم کی خوشبو مفید ہے

دافعات خمار عرق لیموں کاغذی عرق گلاب شربت زلال آلو زلال تمرہندی انار ترش حماض اترج اور اشیائے ترش وغیرہ

باب ۳۱ سی و یکم

تعریف علم طب میں آٹھ فصلوں میں

فصل پہلی جاننا طب کا فصل دوسری امور طبیعہ فصل تیسری مزاج میں فصل چوتھی اعضاء کے بیان میں فصل پانچویں ارواح کے بیان میں فصل چھٹی قوی کے بیان میں فصل ساتویں ستہ ضروریہ کے بیان میں فصل آٹھویں ارکان کے بیان میں

فصل پہلی جاننا علم طب کا

علم طب جاننا اُن قاعدوں کا ہے کہ اُن سے احوال بدن آدمی کا از روے صحت و مرض کے پہچانا جاتا ہے تاکہ صحت محفوظ اور صحت غیر موجود حاصل کیجائے اور علم طب کی دو قسمیں ہیں نظری و عملی۔ نظری وہ ہے کہ اسے ایسا علم حاصل ہو کہ کیفیت عمل سے متعلق نہ ہو۔ اور عملی وہ ہے کہ اسے ایسا علم حاصل ہو کہ اسکو کیفیت عمل سے علاقہ ہو اور نظری چار قسم پر ہے۔ علم امور طبیعہ علم احوال بدن میں علم اسباب علم علامات یہ چار ہیں

فصل دوسری علم امور طبیعہ کے بیان میں

علم امور طبیعہ ان چیزوں کو کہتے ہیں کہ بدن اُن سے بنا ہوا اگر اُن میں کسی کو معدوم سمجھے بدن قائم نہیں رہتا وہ بموجب فرمان اطبا کے سات ہیں۔ ارکان۔ مزاج۔ اخلاط۔ اعضا۔ ارواح۔ قوی۔ افعال۔ ان ساتوں کو امور طبیعہ کہتے ہیں۔

فصل تیسری مزاج کے بیان میں

مزاج نام ہے ایک کیفیت ملی ہوئی کا کہ بعد ترکیب ان ارکانوں کے اور مل جانے انکی کیفیات کے آپس میں پیدا ہوتی ہے اسکی دو قسمیں ہیں معتدل اور غیر معتدل اسکو مزاج کہتے ہیں۔

فصل چوتھی اعضا کے بیان میں

اعضا ایک جسم کثیف ہے کہ پہلے ممتزج اخلاط سے پیدا ہوں مانند پیدا ہونے اخلاط کے کہ پہلے ممتزج ارکان سے پیدا ہوتا ہے وہ دو قسم ہیں اعضاء مفردہ اور اعضاء مرکبہ اور اعضاء مفردہ یہ ہیں عظم غضروف عصب وتر رباط عضلات عروق شحم غشا گوشت جلد بال ناخون اور اعضاء مرکبہ بہت ہیں انمیں کے کچھ مشہور درج کیے جاتے ہیں وہ یہ ہیں دماغ آنکھ پلک کان زبان حلق لہاۃ قصبہ مری پھیپھڑا صدر ثندی ہاتھ دل معدہ امعا جگر پتہ طحال گردہ مثانہ خصیہ قضیب رحم مقعد بطن ظہر پاؤں ہیں۔

فصل پانچویں ارواح کے بیان میں

یعنے روح جسم ہے کہ پیدا ہوتی ہے بخاریت و لطافت اخلاط محمودہ سے اسطرح کہ جب خون بطن الیسر دل میں جاتا ہے وہاں پکتا ہے اور اجزاے لطیف اسکے بخارات لطیف ہو جاتے ہیں اسکا نام روح ہے وہ تین قسم پر ہیں روح حیوانی جو دل میں پیدا ہوتی ہے اور ایک روح الٰہی ہے جسکو رگ جان کہتے ہیں اور حکماء اسکو نفس ناطقہ کہتے ہیں اور حقیقت اسکی سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔ قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّی۔ اور بعض حکما اسکو عقل بھی کہتے ہیں۔

فصل چھٹی قوت کے بیان میں

قوت ایک شکل ہے جسم حیوان میں کہ حیوان کو بواسطہ اسکے مشارکت افعال کا بالذات ممکن ہے یعنی قوت مبدا فعل کی ہے وہ تین قسم ہیں ایک قوت طبعی دوسری قوت حیوانی تیسری قوت نفسانی قوت طبعی جگر کی قوت کو کہتے ہیں اور قوت حیوانی دل کی قوت کو کہتے ہیں اور قوت نفسانی دماغ کی قوت کو کہتے ہیں اور ایک کا نام حس مشترکہ ہے کہ جو جانب مقدم بطن دماغ میں ہے پہونچکر سب صور محسوسہ طرف اسکے یعنے حواس ظاہری جن صورتوں کو ادراک کرتی ہے اور باطن میں اُس قوت کے سبب سے آگاہی ہوتی ہے اور حس مشترکہ اسکو اسواسطے کہتے ہیں کہ حواس ظاہری سب پانچوں مدرکات کو پہونچاتی ہے اور دلیل اسکی وجود یہ ہے کہ آدمی حکم کرتا ہے کہ یہ رنگ اور یہ مزہ اور یہ بو اور یہ صورت ہے اور اسکے ساتھ حواس خمسہ کی

پانچ قوتیں شامل ہیں ایک قوت خیالیہ کہ نگاہ رکھتی ہے صور محسوسہ کو جسکو حس مشترک نے ادراک کیا ہو دوسری قوت متفرقہ کہ جو تصرف کرتی ہے صور محسوسہ کو اور تیسری قوت وہمیہ کہ وسط دماغ میں صور محسوسہ کو ادراک کرتی ہے موافقت اور مخالفت میں۔ چوتھی قوت حافظہ کہ جو موخر دماغ میں نگاہ رکھتی ہے انکو کہ جو وہم نے ادراک کیا ہو اور پانچویں قوت محرکہ کہ جو واسطے طلب نفع و نقصان کے تمیز کرتی ہے کہ یہ چیز ضرر رساں ہے اور یہ فائدہ دینے والی ہے۔

فصل ساتویں ستہ ضروریہ کے بیان میں یہ چند قسم ہیں جو بدن سے تعلق رکھتے ہیں ایک ہوا کہ بدن انسان میں ملی ہوئی ہے دوسری ماکول و مشروب یعنے کھانا اور پینا انسان کا تیسرے حرکت و سکون بدن یعنی اٹھنا و بیٹھنا۔ چوتھی حرکت و سکون نفسانی مانند خوشی و غمی کے اور غصے کے اور پانچویں سونا و جاگنا انسان کا۔ چھٹا احتباس و استفراغ ان سب کو ستہ ضروریہ کہتے ہیں

فصل آٹھویں ارکان ہیں

ارکان اربع عناصر کو کہتے ہیں وہ چار ہیں۔ اور انسے بدن انسان و حیوان کا قائم ہے اور وہ اجسام بسیط ہیں اور ہر ایک کیلئے دو کیفیتیں ہیں ایک مٹی وہ سرد خشک ہے جس کو سودا کہتے ہیں اور دوسرا پانی وہ سرد تر ہے جسکو بلغم کہتے ہیں تیسرے آگ وہ گرم خشک ہے جسکو صفرا کہتے ہیں۔ چوتھے ہوا وہ گرم تر ہے جسکو خون کہتے ہیں۔ اور ان چاروں سے جسم انسان مرکب ہے اور اسکی تفصیل بہت ہے مگر بسبب طول ہونے کے نہیں لکھی گئی

باب سی و دوم ۳۲

کشتہ جات کے بیان میں اوپر دو فصلوں کے

فصل پہلی کشتہ جات مستعملی۔ فصل دوسری کشتہ جات غیر مستعملی۔

صاحبان طبابت میرا جدی پیشہ ہے اور اسی مقدس اور مبارک فرض کی وجہ سے اکثر اطراف و حصص ہندوستان میں سیاحت کی صورت بھی پیش آئی چنانچہ پہلے جب کمترین مطب سے فارغ ہوکر دہلی سے بلند شہر پہونچا تو ٹھاکر مکند سنگھ صاحب رئیس چھلیر ضلع علیگڈھ مجھکو سو روپیہ کا ملازم کرکے

اپنے ہمراہ لیگئے اور دو برس تک بندہ انکی خدمت میں رہا چنانچہ ٹھاکر صاحب کو فقرا کے ملنے کا شوق اور
تلاش کشتہ جات کی ازحد تھی بلکہ ایک دھرم سالہ اور سداورت فقرا کی خاطر جاری کر رکھا تھا ہر ایک کے
واسطے کھانا اور بستر اور ہر طرح آسایش کا آرام ہر طرح کا حاصل تھا اور ہر ایک فقیر سے التجا کیمیا کی
کرتے تھے۔ اور یہ امر انکے شوق کا باعث تھا ورنہ آپ بڑے مخیر تھے۔ ہر ایک سوالی کو اسکی حسب
حیثیت نذرانہ بھی پیش کرتے تھے۔ اکثر دھوکہ باز بھی آکر شعبدہ بازی سے ہزار ہا روپیہ کا سامان
اور نقد بھی لیگئے مگر کسی سے سونا و چاندی بنانے کا علم حاصل نہ ہوا۔ یہ علم محض دھوکہ بازی کا تھا۔ مگر
کشتہ جات کے بنانے میں ٹھاکر صاحب ایک کامل سنیاسی ہوگئے اور قریب دو لاکھ روپیہ کیمیا گر
کی نذر کیا۔ اور سوائے نقصان کے کچھ نہ ملا۔ اُس وقت جو جو کشتے تیار ہوتے تھے وہ بموجب حکم ٹھاکر
صاحب درج کتاب کئے جاتے تھے۔ اور وہ اکثر میرے ہاتھ سے تیار ہوا کرتے تھے۔ فی زمانہ دیکھا جاتا ہے
اکثر اطبا بھی کشتہ جات کی طرف بہت متوجہ ہیں اور شائقین کا تو ذکر ہی کیا کہ سنیاسیوں اور فقیروں کی خدمت
گذاری کرکے بجائے فائدہ کے نقصان اوٹھاتے ہیں اور ملتا کچھ بھی نہیں۔ اور کشتہ کا استعمال بر دے
طبابت ناجائز لکھا ہے۔ اور مثل مشہور ہے کہ کشتہ کشتہ ہی کر دیتا ہے۔ جاہل لوگ اسکی ماہیت سے
واقف نہیں ہوتے اور نہ انکو کشتہ کی نیکی بدی اور نہ اسکے خام و پختہ کی تمیز ہوتی ہے۔ اسکے کھانے
کی جرات کرتے ہیں یہانتک کہ اپنی جان بھی کشتہ کی نذر کر دیتے ہیں اور تمام عمر کے واسطے ایک مرض
مہلک کا شکار ہو جاتے ہیں اور جان کو مفت تلف کر دیتے ہیں۔ فقیر صاحب اکسیر کے نام سے سنکھیا
یا شنگرف خام وغیرہ کھلا کر رفو چکر ہو جاتے ہیں۔ اور شائقین کو تمام عمر کے لئے لالے پڑ جاتے ہیں
اور جذام کی حد تک پہونچ جاتے ہیں اور تلاش باہ میں اپنی پہلی پونجی بھی نذر کشتہ کر دیتے ہیں اور
وجع مفاصل اور خفقان وغیرہ تو ایک ادنی سی بات ہے۔ خلاصہ کلام برخوردار ابن ام حکیم ارشاد حسین
کا خیال ہوا کہ آپ اپنے مجرب کشتہ جات بھی درج کتاب کرکے ہندیوں کو فیض عام سے مستفیض
کریں تاکہ وہ لوگ فقرا و شعبدہ بازوں کے دھوکہ سے نجات پائیں اور اپنی عمر کو مفت برباد کرنے سے بچیں مجھکو
بھی یہ بات پسند آئی اسلئے ہر ایک قسم کا کشتہ جو قابل استعمال کرنے اور نہ کرنے اور اسکے فوائد و مضار
درج کرکے شائقوں کی نذر کرتا ہوں تاکہ وہ اپنا شوق بھی پورا کر لیویں اور اپنی زندگی کی قدر کریں اور اپنی عمر کو
مفت برباد کرنے سے بچیں اور تمام عمر میں جو جو کشتہ مجھ کو جس جس بزرگ سے حاصل ہوا ہے وہ معہ نام او

و مقام کے پیش کرتا ہوں۔ واضح ہو کہ کشتہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک مستعمل ایک غیر مستعمل یعنے جو چیز کہ سمیت نہیں رکھتی وہ مستعمل ہے اور جو چیز سمیت رکھتی ہے اسکا استعمال بغیر ضرورت سخت کے اور بغیر طبیب حاذق کے استعمال جائز نہیں ہے ہرگز استعمال نہ کریں خواہ وہ خاصہ اکسیر کا رکھتی ہو اور کشتہ کا استعمال بغیر چالیس برس کے کسی طرح جائز نہیں ہے مگر جنکی ضرورت ہے انکی ممانعت نہیں جیسے سنگ یشب اور مروارید و عقیق وغیرہ استعمال کرنا کوئی حرج نہیں ہے۔ اور یاد رہے کہ کشتہ سنکھیا ہڑتال رسکپور شنگرف سیماب کا اس وقت تک استعمال نہ کرے جب تک کہ اسکے اچھے برے کی شناخت نہ کر لیوے۔ جب کشتہ تیار ہو جائے تو پہلے آگ پر رکھکر دیکھیں کہ یہ دھواں تو نہیں دیتا۔ اگر دھواں دے تو خام ہے ہرگز اسکا استعمال نہ کریں اگر کریگا تو بجز نقصان کے اور کچھ نہ حاصل ہوگا۔ اول کشتہ کو جب تیار ہو جائے چالیس روز زمین میں دفن کریں جب اسکی حرارت معتدل ہو جائے اسکے بعد ضرورت کے وقت کسی طبیب کے مشورہ کرکے کھائے۔

فصل پہلی کشتہ جات مستعمل میں جنکا کھانا مرض کے واسطے ہر طرح جائز ہے

ترکیب کشتہ یشب پہلو سنگ یشب حسب حضرت لیل امیر یشب سب سے اچھا سبز رنگ کا ہوتا ہے اسکو آگ میں گرم کرکے عرق بید مشک یا عرق گلاب میں بجھاؤ دیا ہے یہانتک کہ یشب گلکر اس عرق میں بجائے جب تمام ہو جائے باقی عرق کو خشک کرکے کھرل میں خوب باریک سرمہ کیطرح کرکے ہمراہ دودھ خام و عرق گلاب و شربت بہی و شربت صندل وغیرہ کے ایک سے چار چاول تک سات روز یا اکیس روز تک کھائیں **فوائد کشتہ یشب** اسکو حجر الیشف بھی کہتے ہیں اور یہ کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ سب سے بہتر سبز رنگ کا لینا چاہیے مزاج اسکا آخر دوسرے درجہ میں سرد اور خشک ہے اور خواص اسکے واسطے تقویت معدہ و دل و خفقان کے عجیب تاثیر رکھتا ہے اور اسکا لٹکانا گلے میں بھی فائدہ کرتا ہے خفقان کو اور نزف الدم و قروح باطنی اور زحیر اور حرکت البول اور واسطے توڑنے حصاۃ گردہ و مثانہ کے عجیب الاثر ہے۔

ترکیب کشتہ عقیق برنگ سرخ و شفاف لیں پہلے اسکو عرق گلاب میں ایک سو ایک مرتبہ بجھائیں بعد اسکے مغز کنول گٹھہ ۵ تولہ لیکر اسمیں رکھکر دس سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہو جاویگا خوراک ایک سے دو چاول تک ہمراہ مویز منقے و عرق گاؤزبان اکیس روز تک استعمال کریں **فوائد کشتہ عقیق** معہ خواص بھی سنگ ہے کئی قسم کا اور کئی رنگ کا ہوتا ہے

بہتر سرخ رنگ و شفاف ہو۔ مزاج اسکا سرد و خشک درجہ دوئم میں خواص اُس کے ہمراہ شربت سیب واسطے خفقان و تقویت دل اور واسطے احتباس حیض کے بہت ہی مفید ہے۔ اور واسطے سنگ گردہ و مثانہ کے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اور واسطے جلاء دندان کے بہت نفع دیتا ہے۔ اور عجیب خواص اسکے یہ ہیں کہ عقیق کو پیسکر ہمراہ کافور اور روغن زیتون میں ملاکر چہرہ پر ملیں تو سامنے دشمن یا حکام کے جاوے سو وہ حاکم مہربان ہوجاوے گا۔ اور پینا اسکا واسطے نفث الدم و نزف الدم اور واسطے سدہ جگر اور طحال کے مجرب ہے۔ اور اگر خون ضربہ یا سقط سے نکلے عقیق کا کشتہ اس جگہ ڈالے فوراً بند کردیتا ہے مجرب ہے۔

ترکیب کشتہ یاقوت پہلے یاقوت کو جسقدر ضرورت ہو لیکر عرق بید مشک میں گرم کرکے غوطہ ایک سو ایک مرتبہ دیویں بعد اُسکے مغز تمر ہندی ۵ تولہ میں ٹکڑی بناکر ۵ سیر اوپلہ صحرائی میں آگ دیویں۔ کشتہ برنگ سپید ہوجاویگا۔ اور خوراک نصف چاول ہمراہ مربی سیب ایک تولہ کے دو ہفتہ استعمال کریں۔

فوائد کشتہ یاقوت معہ خواص یہ سنگ بھی زرد اور سرخ ہوتا ہے پتھر مرغ تعامعہ مزاج اُسکا دوسرے درجہ میں گرم اور خشک ہے۔ خواص اسکے مفرح اور مقوی دماغ اور واسطے صرع و خفقان و طاعون اور بستہ ہونے خون کے بطن میں اور واسطے رفع کرنے زہروں کے اور واسطے تغیر ہوا و بائی کے اور صاف کرنے خون کے اور واسطے حفاظت حرارت غریزی کے اور قواے حیوانی کے مفید ہے۔ اور مقوی اعضاء رئیس ہے اور واسطے تقویت باہ کے اور واسطے امراض چشم کے نہایت مفید ہے۔ اور بہت مفید ہے واسطے غوطوں کے ہاتھ میں انگشتری رکھنا مفید ہے۔

ترکیب کشتہ زمرد پہلے زمرد کو جسقدر ضرورت ہو عرق گلاب میں ایک سو مرتبہ غوطہ دیں بعد ازاں برگ نارنج میں ۵ تولہ کی ٹکڑی بناکر دس سیر اوپلہ صحرائی کی گلحکمت کرکے آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہوجاویگا۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مربہ سیب سیب مربہ ۲ تولہ کے استعمال کریں۔ **فوائد۔** کشتہ زمرد معہ مزاج و خواص کے

یہ سنگ بھی سبز رنگ کا ہوتا ہے۔ مزاج اسکا دوسرے درجہ میں سرد اور خشک سا ہے۔ خواص اُسکے مفرح اور مقوی حرارت غریزی اور باہ کو قوت دینے والا۔ اور منی کو غلیظ کرتا ہے۔ اور یہ مقوی دماغ اور دل اور جگر کا۔ اور مقوی حواس خمسہ کا اور روح کو طاقت دیتا ہے۔ اور دافع صرع اور خفقان اور وہم اور نفث الدم کا اور ذات الریہ اور ذات الجنب اور اسہال دموی اور فائدہ کرتا ہے استسقاء کو اور یرقان کو اور سلسلبول اور وجع مفاصل اور گردہ و مثانہ کو فائدہ کرتا ہے۔ اور جذام کے واسطے اور برص کے واسطے بہت مفید ہے اور تریاق سم قتالہ کا ہے۔ اور بالوں کے گرنے کو نفع کرتا ہے۔ اور واسطے امراض چشم کے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ اور قروح باطنی اور رفع طاعون کے اور وبا کے بہت مفید ہے

ترکیب کشتہ مرجان یعنی مونگہ

گلسرخ تازہ ۵ تولہ لیکر خوب باریک پیسکر اُسکی نگدی بنائیں۔ اور مرجان ۲ تولہ لیکر اس نگدی میں رکھکر ایک سکورہ گلی میں بند کر کے دس سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ برنگ گلابی بہت ہی اچھا ہو جاویگا۔

دیگر ترکیب مونگہ

مونگے کو عرق لیموں میں جوشدیکر جب خشک ہو جائے۔ برگ گرنجو ۵ تولہ کی نگدی بناکر سکورہ گلی میں رکھکر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہو جاویگا

فوائد کشتہ مرجان معہ مزاج وخواص مزاج اسکا دوسرے درجہ میں سرد اور خشک ہے۔ خوراک ایک چاول واسطے تقویت معدہ وجگر کے اور احتباس حیض کے اور تقویت دماغ کے اور مقوی باہ وجریان کا ہے۔

ترکیب کشتہ بسد یعنی شاخ مونگہ

بسد حسب ضرورت لیکر عرق لیموں شیریں یعنی جسکو میٹھا کہتے ہیں اسمیں تر کرکے ایک رات دن رکھیں اور دوسرے روز اسکو معہ اس عرق کے گلحکمت کر کے آگ بیس سیر اوپلہ کی دیں کشتہ برنگ سفید ہو جاویگا۔ خوراک ۲ چاول ہمراہ بالائی یا مسکہ یا شہد کے۔ فوائد کشتہ شاخ مرجان معہ مزاج وخواص کے۔ یہ بھی قسم سنگ ہے سرخ رنگ وزنی ہوتا مزاج اسکا سرد خشک درجہ دوم و اول و سوم میں مقوی دل و دماغ و دافع خفقان اور نیز

مقوی قلب بہت ہے اور مفرح قلب اور واسطے وسواس اور جنون اور صرع ضعف معدہ
اور فساد اشتہا اور سنگ گردہ اور مثانہ کا اور فائدہ کرتا ہے نفث الدم اور اسہال دموی
کو اور عسر البول اور قروح امعاء کو اور مقوی دندان اور مقوی بصر اور دافع بثورات اور آنکھ
میں دمعہ وجرب وسلاق اور بیماریاں کان کو بھی نفع کرتا ہے اور ہمراہ سکنجبین کے
طحال کو بہت مفید ہے ۔ اور مجرب ہے ۔

ترکیب کشتہ مروارید یعنی موتی پہلے موتیوں کو لیکر سبوس گندم میں پوٹلی باندھکر
شب کو عرق گلاب دانہ میں تر رکھیں اور صبح
کو معہ کوٹلی کے سکورہ گلی میں گلحکمت کرکے ۵ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں نہایت عمدہ سفید
کشتہ ہوجاویگا ۔ خوراک ایک چاول ہمراہ شیرہ مربی آملہ مربی سیب کے ۔

فوائد کشتہ مروارید معہ مزاج وخواص کے یہ بھی سرد خشک لعیہ آخر دوسرے
درجہ میں ہے ۔ مفرح اور ملطف اور مقوی اعضاء باطنی اور مقوی ارواح اور مقوی دماغ اور
تقویت قلب اور باہ کا اور مولد منی کا اور نفث الدم کو اور خفقان اور ضعف معدہ اور گردہ
کو نفع کرتا ہے ۔ اور جگر اور یرقان کو خون بواسیر کو اور امراض چشم کو بہت مفید ہے اور
سبل اور سفیدی آنکھ کے واسطے یہ مفید ہے ۔

ترکیب کشتہ طلق یعنی ابرک ابرک کو لیکر پوٹلی میں ریزہ کرکے باندھیں اور
پانی میں خوب دھوئیں جو پانی میں نکلے اُس کو
لیکر عرق مولی میں ایک وزن برابر حل کریں اور بعد خشک ہونے کے اسکی ٹکیہ بناکر قلمی شورہ
دووزن میں رکھکر سکورہ گلی میں گلحکمت کرکے آگ ایک من اوپلہ صحرائی کی دیں کشتہ
برنگ گلابی بہت عمدہ ہوجاوے گا ۔ خوراک ایک سے دوچاول تک ۔

فوائد کشتہ ابرک معہ مزاج وخواص کے یہ بھی جنس معدنی ہے ۔ اور جسجگہ سے یہ نکلتا ہے
سیماب وہاں ضرور ہوتا ہے مزاج اُسکا سرد وخشک دوسرے درجہ میں ہے واسطے عسر البول
وحرقت بول وضعف مثانہ وتقطیر البول وسوزاک کہنہ وہر قسم کے پتوں کے اور کھانسی
کے اور نفث الدم اور اسہال کبدی ودموی کے مفید ہے اور بواسیر وجرب جگر کو بھی مفید ہے

ترکیب کشتۂ حجر الیہود یعنی بیر پتھر

حجر الیہود جس قدر درکار ہو لیکر عرق مولی میں ایک رات تر رکھیں اور صبح کو سکورہ گلی میں بند کرکے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ فاختئی ہو جاویگا۔ خوراک ۲ سرخ سے ایک ماشہ تک ہمراہ شربت بزوری و شیرہ خار خسک وشیرہ مغز کدو کے مفید ہے اور مجرب ہے۔

فوائد کشتۂ حجر الیہود معہ مزاج وخواص کے پہلے درجہ میں گرم اور دوسرے درجہ میں خشک ہے۔ مدر بول مفتت حصاۃ گردہ و مثانہ اور مانع تولید حصاۃ اور خون کو مثانہ میں بگتا تا ہے۔ اور واسطے عسر البول اور سوزاک کے اور واسطے مغابن کے ساتھ شہد کے اور واسطے بال پلکوں کے مجرب ہے۔

ترکیب کشتۂ صدف یعنی سیپ

صدف کو لیکر حسبقدر ضرورت ہو پہلے سرکہ میں بجھائیں اور اکیس مرتبہ بعدا سپر افیون کا طلا کرکے ۵ سیر اوپلہ میں رکھ دیں کشتہ سفید ہو جاویگا۔ خوراک ۴ سرخ سے زیادہ نہیں ہے۔

فوائد کشتۂ صدف معہ مزاج وخواص کے۔ مزاج اسکا اختلاف میں ہے۔ بعض اسکو سرد جانتے ہیں۔ اور بعض گرم کہتے ہیں۔ فوائد اسکے واسطے دفع اسہال دموی کے اور واسطے دندوں کے اور سوڑوں کے اور بلناد انتوں پر بہت فائدہ کرتا ہی جلا دانت کی کرتا ہے اور نفث الدم اور زخم منہ کے لئے بہت مفید ہے۔ اور واسطے قرحہ آنکھ اور سعاف کے۔ لگانا اسکا اور پر مسہ بواسیر کے بہت نفع کرتا ہے اور استسقا پر لگانا بہتر ہے

ترکیب کشتۂ حلزون یعنی سنکھ کا

سنکھ حسب ضرورت لیں اور عرق لیموں کاغذی میں سہ روز کھرل کریں۔ اور بعد خشک ہونے کے برگ لیموں میں لیکر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہو جاویگا۔ خوراک ایک سے چار سرخ ہمراہ شربت سکنجبین کے اور لعاب بیدانہ کے مفید ہے۔

فوائد کشتۂ حلزون معہ مزاج اور خواص کے دوسرے درجہ میں سرد اور خشک ہے واسطے سفیدی آنکھ کے اور واسطے دوران خون کے اور واسطے جذام اور جرب اور حکہ کے ہمراہ عرق شاہترہ کے کھلائیں۔ اور مقوی معدہ ہے۔ اور ادرار حیض کرتا ہے اور تپ کو بہت مفید

میرے تجربہ میں بھی اکثر آیا ہے۔ اور تپ صفراوی کو از حد مفید ہے اور سرمہ اور بیماریوں آنکھ کو بہت نفع کرتا ہے۔

ترکیب کشتہ خرمہرہ زرد یعنے کوڑی کا خرمہرہ کو لیکر عرق کیلہ میں گرم کرکے پچاس مرتبہ بجھائیں۔ بعد اسکو عرق کیلہ میں رکھکر سکورہ گلی میں آگ دیں کشتہ ہو جاویگا خوراک ایک ماشہ ہمراہ شیرہ چار مغز و شربت خربزہ۔

فوائد کشتہ خرموہرہ معہ مزاج و خواص کے سرد و خشک درجہ دوم میں واسطے سفیدی آنکھ کے اور واسطے تقویت گردہ کے اور واسطے توڑنے سنگ گردہ کے اور واسطے تپ غب خالص کے ہمراہ شربت بزوری کے بہت مفید ہے اور مجرب ہے

ترکیب کشتہ ذہب یعنی طلائی سونا اشرفیوں کا لیں اور مارکشیشا یعنے سونا مکھی ۵ تولہ باریک پیسکر شیرہ نیب سبز ۲۰ تولہ میں ملائیں اور اشرفی کو ایک کڑچھی آہنی میں رکھکر آگ پر رکھیں جب خوب گرم ہو جائے اُس پانی کا چوہ دیا جاوے جب نصف پانی سوختہ ہو جائے اسکو بدل دیں دوسری طرف چوہا دیوے جب پانی خشک ہو جائے نکالکر برگ نیب سبز ۱۰ تولہ کی ٹکیہ بناکر اُس میں اشرفی کو رکھکر سکورہ گلی میں بند کرکے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ نہایت عمدہ ہو جاویگا۔

دیگر ترکیب ورق طلا لیکر اسکو عرق ادرک میں دو روز حل کریں بعد خشک ہونیکے سکورہ گلی میں رکھکر دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہو جاویگا

فوائد کشتہ سونا معہ مزاج و خواص کے مزاج سونے کا معتدل مائل بگرمی اور ساتھ رطوبت غریزی کے واسطے تقویت باہ کے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔ مفرح اور مقوی دل و دماغ و بدن کو فربہ کرتا ہے اور گردے کو طاقت دیتا ہے۔ اور منی کو پیدا کرتا ہے اور جگر و دل و دماغ کو بہت مفید ہے خوراک اسکی نصف چاول سے ۲ چاول تک ہمراہ حلوائے یا شربت سیب کے یا ہمراہ شہد کے بہت مفید ہے۔ اور مجرب ہے۔

ترکیب کشتہ نقرہ یعنے چاندی ۔ چاندی حسب ضرورت ہو پہلے گائے کے

پیشاب میں ایک سو ایک مرتبہ بجھاویں یعنے گرم کرکے بعدہ بیخ لسکھرہ جسکو اٹ سٹ کہتے ہیں۔ دس تولہ کی ٹکڑی بناکر سکورہ گلی میں بند کرکے بیس سیر اوپلہ کی آگ دیویں کشتہ برنگ سفید بہت عمدہ ہوجاویگا۔ مجرب ہے۔

دیگر ترکیب کشتۂ نقرہ ایک تولہ چاندی لیویں پہلے اُسکو عرق پشت خار میں ۲۵ مرتبہ بجھائیں بعدہ اُسکو ٹکڑی برگ انار ترش ۱۰ تولہ میں رکھکر سکورہ میں بند کرکے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں ایک ہی آگ میں کشتہ عمدہ ہوجاویگا۔

دیگر ترکیب کشتۂ نقرہ اجوائن خراسانی اجوائن دیسی اجمود تخم کرفس برگ حناسب کو برابر وزن لیکر پہلے چاندی کو برگ انار کے پانی کیں بیس مرتبہ بجھاؤ دیگر اس ٹکڑی ہمیں سکورہ گلی میں رکھکر بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوجاویگا

دیگر سہل ترکیب کشتۂ نقرہ نقرہ لیکر پہلے اپنے پیشاب میں ۵۰ مرتبہ بجھاکر چرس میں رکھکر چلم میں پیویں کشتہ عمدہ ہوجاویگا۔ مجرب ہے۔

فوائد کشتۂ نقرہ معہ مزاج وخواص۔ سرد خشک اور بعضے سرد تر کہتے ہیں مقوی دل و معدہ وحافظ جوانی کی اور مقوی باہ ومولد منی ومسمن بدن اور اشتہا بہت پیدا کرتی ہے اور جریان اور سوزاک کو بہت مفید ہے مقوی دماغ اور تریاق نزلہ حارہ کی ہے جیسے کھائیں جماع سے پرہیز کریں۔ خوراک ایک سے ۴ چاول تک ایک ہفتہ تک دیں۔

ترکیب کشتۂ قلعی پہلے قلعی کو سات مرتبہ تیل میں صاف کریں بعدہ سات مرتبہ ترپھلہ کے پانی میں صاف کریں۔ بعدہ ریزہ ریزہ کرکے ایک ٹاٹ کی تھیلی بناکر اسمیں بھنگ سبز یا خشک بھر کر اسمیں ریزہ قلعی جاویں اور زمین پر رکھکر اوپر سے پوست درخت انبلی و انار کوٹ کر رکھیں اور ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوجاویگا۔ خوراک ۲ سرخ ہمراہ شربت بزوری اور عرق گاؤزبان کے کھائیں **فوائد کشتۂ قلعی معہ مزاج وخواص** مزاج اسکا سرد وتر ہے۔ دوسرے تیسرے درجہ میں واسطے سوزاک کے اور واسطے قروح گردہ کے اور واسطے جریان منی کے اور واسطے مغلظ منی کے اور بواسیر کے اور مقوی دماغ مقوی ہے اور احتلام کو بہت فائدہ کرتا ہے اور سرعت انزال کو بھی بہت مفید ہے۔

ترکیب کشتۂ پوست بیضۂ مرغ

پوست بیضۂ مرغ جسمیں سے بچے نکلے ہوں لیں۔ اور عرق لیموں میں دو روز تر رکھیں بعد میں اسکا پوست باریک نکالکر دور کریں اور اُسکو کھرل کر کے خشک کریں بعدہ سکورہ گلی میں رکھکر بند کر کے آدی کمہاراں میں آگ دیں۔ انشاء اللہ تعالے کشتہ برنگ سفید ہو جاویگا۔ خوراک ایک رتی سے ہم رتی تک ہمراہ دودہ خام اور شہد کے دیں **فوائد کشتۂ پوست بیضۂ مرغ معہ مزاج و خواص کے** سرد خشک پہلے اور دوسرے درجہ میں ہے کھانا اُسکا ہمراہ شربت بزوری کے واسطے سنگ گردہ و مثانہ کے اور تقویت گردہ کے اور مولد منی اور مقوی دماغ اور دافع جریان منی و مغلظ و دافع سرعت انزال اور رفع کرنے والا سپیدی آنکھ کا اور مقوی باہ کا اور عسر البول کا۔ اور فائدہ کرنے والا قروح رحم کا ہے۔

فصل دوسری کشتہ جات جو نزدیک اطبا کے غیر مستعمل ہیں

اور کھانا انکا جائز نہیں ہے جبتک کہ کوئی ضرورت واقع ہو اور عمر رسیدہ کے واسطے جائز ہے بشرطیکہ کسی مرض کا باعث ہو اور ہر دوا مرض کے لئے اطبا نے تجویز کی ہے نہ کہ شوق کیلئے

ترکیب کشتۂ سیماب

اول سیماب کو لیکر اینٹ کے ٹکڑوں میں رگڑکر صاف کریں اور سات مرتبہ اس طرح کریں بعدہ سیماب کو عرق حل نیم میں سات روز تک کھرل کریں۔ اور بعد سات روز کے جوکہ کے عرق میں سات روز کھرل کریں پھر سیماب کو نکال کر ٹکیہ بناکر گودہ گھی کنوار میں سکورہ گلی میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ گلابی ہو جاویگا۔ خوراک نصف چاول ہمراہ بالائی کے۔ **فوائد کشتۂ سیماب معہ مزاج و خواص کے**۔ مزاج سیماب کا دوسرے درجہ میں سرد اور تیسرے درجہ میں تر ہے۔ اور بعض لوگ گرم جانتے ہیں واسطے حفظ صحت بدن اور تقویت اعصاب اور ہاضم طعام کا اگر موافقت ہو تو بے مانند ہے منافع اسکو اکسیر البدن بھی کہتے ہیں اور واسطے قروح دیرینہ و جرب و جذام قوت باہ اور مقوی دماغ و ذہن کا ہے بشرطیکہ عمدہ طور سے کشتہ ہو کر آگ

میں سے نکلے اسکا نام فرار بھی ہے۔ آگ پر مشکل سے ٹھیرتا ہے۔ اور جس وقت تیار ہو جاوے اسکو آگ پر ڈالکر دیکھیں اگر دھواں نہ دیوے تو پچاس برس کی عمر کو استعمال کرائیں جو اسکے واسطے سم قاتل ہے جو جوڑوں میں بیٹھ جاتا ہے۔ وجع مفاصل پیدا کرتا ہے۔ بدن کو پھوڑ دیتا ہے۔ اس لئے یہ کشتہ غیر مستعمل ہے

ترکیب کشتہ شنجرف وزنجفر پہلے شنگرف لیں اور دودھ آک میں سات روز تر رکھیں بعد سات روز کے نکالکر ایک سنگھ میں کالیویں اور ۶ تولہ لونگ اور مرچ سیاہ ۵ تولہ لیکر سالم سنگھ میں نصف اوپر اور نصف نیچے ڈالکر بیچ میں شنگرف کو رکھیں اور سنگھ کے منہ کو بند کردیویں اور سنگھ کو ایک سبوچہ میں ریت ڈالکر اسمیں سنگھ گاڑدیں اور چولھے پر رکھکر چار پہر کی آگ نیچے اسکے دیویں بعد چار پہر کے ٹھنڈے میں سے سنگھ کو نکالکر شنگرف کی ڈلی نکال لیں کشتہ برنگ سپید ہو جاویگا۔ واضح ہو کہ شنگرف بھی رومی ہووے خوراک ایک چاول ہمراہ شہد ۲ تولہ کے کھلائیں بہت مجرب ہے

فوائد کشتہ شنجرف مع مزاج وخواص کے مزاج اسکا گرم اور خشک دوسرے درجہ میں اور بعض کہتے ہیں کہ تیسرے درجہ میں خشک ہے قابض اور جاذب ہے۔ اور مقوی باہ بھی بعضے جانتے ہیں۔ اور بسبب سیماب کی آمیزش کے اسکو جاہل لوگ بہت مبالغہ کرتے ہیں اور یہ سموم قتالہ سے ہے۔ اسکا استعمال کسی طرح جائز نہیں ہے اور یہ خارجی کام میں آتا ہے داخلی ممنوع ہے اسکا استعمال ہرگز نہ کریں۔ چاہے خاصہ اکسیر کا رکھتا ہو اکثر اسکو سنیاسی لوگ اکسیر جانتے ہیں۔ مگر یہ بغیر قتل کے نہیں رہتا ہے۔

ترکیب کشتہ سیسہ یعنی رصاص الاسود ہندی طبا اسکو ناگ رس کہتے ہیں۔

سیسہ جسقدر درکار ہو لیکر کڑاہی آہنی میں ڈالکر گرم کریں اور گندھک آملہ سار پیسکر قدرے قدرے ڈالتا جاوے کشتہ برنگ گلابی ہو جاویگا۔ **فوائد کشتہ سیسہ مع مزاج اور خواص کے۔** مزاج اسکا دوسرے درجہ میں سرد تر ہے۔ اکثر جاہل لوگ اسکو بھی جریان کے واسطے اکسیر جانتے ہیں۔ اور یہ بھی خارجی استعمال کے واسطے مفید ہے آنکھوں میں ڈالنا درد چشم

مفید ہے اور داخلی استعمال منع ہے

ترکیب کشتۂ فولاد فولاد اصیل لے کر اسکو گرم کرکے گائے کے پیشاب میں گرم کرکے ایک ایک مرتبہ بجھاویں بعدہ اسکو گرم کرکے کوٹیں بمثل برادہ کے ہو جائیگا پھر اسکو عرق گیکوار خوردنی میں دو روز کھرل کرکے اسکی ٹکیہ سکورہ گلی میں بند کرکے آگ میں سیر اوپلہ صحرائی کی دیں کشتہ برنگ گلابی ہو جائیگا **فوائد کشتہ فولاد مع مزاج وخواص**۔ گرم خشک ہے دوسرے تیسرے درجہ میں۔ اور قبض استعمال کرتا ہے بواسیر اور خفقان واسترخاء مقعد کثرت حیض قاتل کرم شکم وکلانی شکم وسوء مزاج معدہ وجگر اور سلسل البول اور حرارت غریزی کا زیادہ کرنے والا اور نافع استسقاء و تپہائے کہنہ کا اور زحیر صادق کا اور سنگ گردہ کو دور کرنے والا۔ اور دور کرنیوالا وجع مفاصل کا اور دافع خفقان کا اور دافع یرقان کا اور مقوی دماغ اور مولد منی اور قوت باہ کا۔ اسکے فوائد تو ضرور بہت ہیں مگر بغیر اصلاح استعمال اسکا بھی جائز نہیں ہے جب تک کہنہ نہ ہو استعمال نہ کریں۔

ترکیب کشتۂ خبث الحدید خبث الحدید یعنے لوہے کا میل جسکو منڈور بھی کہتے ہیں اسکو لیکر سرکہ میں تین روز بھگو پھر سرکہ میں پکائیں جب خشک ہو جائے۔ پھر دوبارہ اسی طرح کریں۔ یہ بدبو ہو جاویگا۔ اسکا نام کشتہ ہے خوراک ایک ماشہ دو سرخ **فوائد کشتہ خبث الحدید مع مزاج وخواص**۔ دوسرے درجہ میں گرم اور تیسرے درجہ میں خشک ہے۔ مقوی معدہ وجگر ومقوی مثانہ ودل ودماغ کا اور بالغ نفث الدم اور نافع کثرت حیض کا اور قرح امعا اور سلسل البول اور تحلیل اورام کے مجرب ہے۔ مگر اسکا استعمال بغیر بدرقہ کے جائز نہیں ہے۔ اور اصلاح جگر کی بہت کرتا ہے۔ اور ہمراہ زردی بیضہ مرغ نیمبرشت کے مقوی باہ ہے اور واسطے حبس خون بواسیر مجرب ہو جاتا ہے

ترکیب کشتۂ سم الفار یعنے سنکھیا اسکو سنکھیا بھی کہتے ہیں اول سنکھیا ایک ماشہ سات روز تک شیر مدار میں تر رکھیں اور بعد سات روز کے اسکی ڈلی نکالکر دو سیر لوٹا زموم اندر دو سیر پنچ چپا دو نوں کو باریک پیسکے ایک ہانڈی گلی میں بھر کر بیچ میں ڈلی سنکھیا کی رکھکر اسکو

گلحکمت کرکے چولھے پر آگ چارسیر ببر کی لکڑی سے دیویں پھر اُسکو ٹھنڈا کرکے اسمیں سے ڈلی نکالکر کام میں لائیں۔ خوراک نصف چاول ہمراہ بالائی یا مسکہ کے کھلائیں۔ فوائد کشتۂ سنکھیا معہ مزاج وخواص کے۔ چوتھے درجہ میں گرم اور خشک سموم قاتلہ سے ہے اور فوراً مارنے والا آدمی کا ہے۔ اکثر لوگ جانتے ہیں کہ اگر سنکھیا کا کشتہ بجائے تو آدمی کی زندگی از سرنو ہو جاتی ہے۔ مگر استعمال اسکا ہرگز جائز نہیں ہے۔ فائدہ اس کے لوگوں نے بہت سے بیان کئے ہیں کہ یہ باہ کے لئے اکسیر عالم ہے۔ اور اسکے کھانے کی آدمی تاب نہیں لاسکتا۔ یہ اختلاج قلب پیدا کرتا ہے۔ اور خون کو پتلا کر دیتا ہے۔ اور یہ ضروری امر ہے کہ مرض آتشک کی بیخکنی کر دیتا ہے۔ اور جذام کو نہایت مفید ہے مگر کھانا اُسکا موسم سرما میں واسطے آتشک کے جائز ہے۔ اور روغن کا خوب استعمال کرائیں ورنہ شوق کے لیئے ہرگز اسکے نزدیک نہ جاوے ورنہ یہ زندہ کو مردہ کر دیتا ہے اُسکا لحاظ ضرور ہے۔

ترکیب کشتۂ مس یعنی تانبا اور اُسکو نحاس بھی کہتے ہیں مس ایک تولہ نیلہ تھوتھا ایک ماشہ رال ایک ماشہ پانی میں پیسکر تانبے پر لگاویں اور خشک کریں۔ جب خشک ہو جاوے ہڑتال طبقی ایک تولہ پیسکر لیپ کریں جب وہ بھی خشک ہو جائے تو ایک ڈبیا قلعی کی چار تولہ کی بنواویں اور اُس میں حب سلاطین ۴ تولہ پیسکر اسمیں تانبے کو رکھکر اوپر سے دو سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہو جاویگا۔ خوراک نصف چاول ہمراہ شہد و مسکہ۔

فوائد کشتۂ تانبا معہ مزاج وخواص۔ مزاج اسکا گرم اور خشک دوسرے درجہ کا ہے اور استعمال اسکا منع ہے۔ اور یہ بھی آدمی کو زندہ نہیں چھوڑتا۔ اکثر جاہل ناسمجھ لوگ حکایت بیان کرتے ہیں کہ فلانے راجہ نے تانبیس کھایا منس راہتوں سے بھوک کرتا تھا بالکل غلط ہے۔ اسکے کھانے سے جذام ہو جاتا ہے۔ اور یہ تمام خون کو جذب کر دیتا ہے۔ آخر مرض موت اُسکے کھانے سے آجاتی ہے۔ اسکا استعمال داخلی جائز نہیں ہے۔

ترکیب کشتۂ زرنیخ طبقی یعنی ہڑتال زرد ہڑتال زرد جس قدر ضرورت ہو اسکو پہلے عرق سبہ میں سات روز تر کرکے

خشک کریں بعد اسکے شیر آگ میں سات روز۔ بعد میں زمین قند کی ٹکڑی بنا کر ایک سکورہ گلی میں نیچے اوپر رکھکر بند کرکے بیس سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہوجاویگا۔ خوراک نصف چاول ہمراہ شہد کے کھاویں۔ **فوائد کشتہ رس کپور معہ مزاج وخواص۔** تیسرے درجہ میں گرم اور خشک ہے اسمیں بھی لوگ بہت مبالغہ کرتے ہیں کہ یہ بھی اکسیر کا خاصہ رکھتی ہے مگر داخلی استعمال اسکا بھی لازم نہیں ہے۔ یہ بھی مارنے والی ہے اندرونی زخم آدمی کو پیدا کردیتی ہے۔ اور اکثر ہندی اطبا اسکو کہنہ تپوں میں اکسیر جانتے ہیں مگر بموجب قواعد یونان کے اسکا استعمال داخلی ناجائز ہے۔ ہرگز ہرگز اسکا استعمال نہ کریں ورنہ بجز نقصان کے کوئی اسکا فائدہ نہیں ہے۔

ترکیب کشتہ رس کپور رسکپور کو شراب برانڈی میں سات روز تک کھرل کریں۔ اور بعد خشک ہونے کے اسکا جوہر بطریق جوہر لے لیویں خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ یا بالائی کے۔ **فوائد کشتہ رسکپور معہ مزاج وخواص کے** گرم خشک درجہ سوئم وچہارم کا ہے واسطے آتشک اور سوزاک اور جرب وحکہ کے اور قروح کلیہ اور ناصور اور سنگ گردہ اور مثانہ کے اور مجری بول کے اور واسطے خنازیر اور سرعت انزال اور ضعف باہ کے مفید ہے مگر یہ منہ لاتا ہے اسکے استعمال سے پرہیز لازم ہے یہ بھی داخلی منع ہے۔ خارجی استعمال مرہموں میں اکثر کام لیا جاتا ہے مجرب ہے۔

ترکیب کشتہ داچکنا یعنے سلیمانی اسکو بھی آگ کے دودھ میں کھرل کرکے جوہر اوڑائیں۔ خوراک نصف چاول۔

فوائد سلیمانی معہ مزاج وخواص کے چوتھے درجہ میں گرم اور خشک سم قاتل ہے یہ خارجی استعمال میں آتا ہے اور داخلی سخت منع ہے اسکے استعمال سے پرہیز بہت لازم ہے اکثر اسکو مرہموں میں داخل کیا جاتا ہے کسی طرح سے استعمال اسکا جائز نہیں ہے۔

ترکیب کشتہ جست وشبہ جست لے کر آہنی کڑاہی میں ڈالیں اور گرم کریں۔ جب پگھل جاوے تو قدرے سنکھیا اسکے اوپر ڈالیں اور ایک لکڑی سے ہلاتے جائیں کشتہ سفید رنگ کا ہوجاویگا۔ خوراک نصف چاول۔ **فوائد کشتہ جست**

مع مزاج و خواص گرم خشک ہے دوسرے درجہ میں اور واسطے جلائے آنکھ کے بہت مفید ہے واسطے جرب یا حص آنکھ کے دفع سیلان کا کرتا ہے۔ اور کشتہ اسکا بھی داخلی منع ہے اکثر لوگ اسکو بھی دوائی عجیب جانتے ہیں مگر سوائے آنکھ کے اور کسی طرح سے بھی اس کا اندرونی نہ کریں کوئی فائدہ نہیں دیتا بجز نقصان کے۔

دیگر نسخہ کشتہ سیماب

یہ نسخہ مجھکو ریاست جنیہ میں ایک جوگی فقیر سے دستیاب ہوا تھا وہ اسکے فائدے بیشمار بیان کرتا تھا مگر بسبب اصول طب کے میں نے کسی کو استعمال نہیں کرایا مگر کشتہ اچھا ہو جاتا ہے۔ سیماب ۲ تولہ لیکر پہلے سیماب کو خشت پختہ میں سات بار رگڑ کر صاف کریں پھر پارہ پر صاف کرکے علیحدہ رکھیں نمک لاہوری ۸ ماشہ ریوند چینی ۲ ماشہ نرکچور ۲ تولہ نربسی بیضے جدوار ایک تولہ ...... ان چاروں ادویہ کو عرق بھنگرہ میں خوب باریک کرکے دو قرص بنائیں اور سیماب کو دونوں کے اندر رکھکر گلحکمت کرکے ۲ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں اسیطرح تین مرتبہ آگ دیں کشتہ سفید رنگ کا ہو جائیگا خوراک نصف چاول برائے جذام و برائے آتشک اگر غنی ہو تو سات روز کے استعمال سے تاب نہیں رہتی اور روغن زرد ایک سیر اسکے ساتھ ہضم کر سکتا ہے بلکہ جوگی صاحب تو ہر مرض کیلئے یہی دیا کرتے تھے اور جسقدر ضرورت ہو ہیں ادرگھی کا استعمال کرادیں۔

کشتہ ہڑتال طبقی

یہ نسخہ مجھکو بمقام ریاست سیکر متصل ریاست جے پور جبکہ میں بحضور سری حضور مہاراجہ مادھو سنگھ والی سیکر ریاست پٹیالہ سے بلوایا ہوا حاضر تھا وہاں مجھکو یہ نسخہ موتی رام صاحب بید نے جو اس وقت سرکاری ملازم تھے مرحمت فرمایا تھا بطور یادگار کے پنڈت صاحب بھی اسکی تعریف میں بہت کچھ فرمایا کرتے تھے بلکہ دو ایک جذامی بھی انکے دست شفا بخش سے صحت یاب ہوئے تھے وہ فرماتے تھے کہ اس دوا سے خدا نے فضل کیا ہے۔ ہڑتال طبقی تولہ تخم نیب سبزہ تولہ لیکر خوب باریک پیکر ٹکڑی بناکر اسمیں ہڑتال کو رکھکر ۵ تولہ میتھی سبز کی ٹکڑی بنائیں پہلی ٹکڑی کے اوپر میتھی کی ٹکڑی لپیٹیں پھر اسکو سکورہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ رنگ سفید نہایت عمدہ برابر وزن ہو جاویگا۔ خوراک نصف برنج برائے جذام ہمراہ مسکہ گاؤ ۲ تولہ اور واسطے ضیق النفس کے ایک برنج ہمراہ برگ پان اور واسطے قوت باہ کے شہد ایک تولہ میں نصف چاول اور تپ دق کے واسطے ہمراہ ست گلو ایکماشہ او کشتہ چہارم چاول کا

پرہیز ترشی و بادی - خوراک روغن زرد ہفت روز -

واضح ہو کہ جس وقت کمترین حیدرآباد دکن میں بحضور مدار المہام مہاراجہ کشن پرشاد صاحب بہادر کی بار آوری پر حاضر ہوا تو یادگار دکن حضرت شاہ محمد صاحب کے مقام پہاڑی بابا شرف الدین او دہاں یہ نسخہ کا یا کلپ حاصل ہوا حضرت ممدوح شاہ صاحب کی عمر اس وقت ایک سو تین برس کی تھی اور بزرگ خدا پرست تھے آپنے بڑی مہربانی اور شفقت سے اپنا عطیہ مرحمت فرمایا ایسے نسخہ اکثر لوگ سینہ بسینہ لیکر چلے جاتے ہیں اپنا راز ظاہر نہیں کرتے گو مجھکو ہزار ہا روپیہ خرچ کر یہ نعمت غیر مترقبہ حاصل ہوئی ہے مگر فیض رسانی خلق اللہ کے لئے یہ راز سربستہ ہدیہ ناظرین کرتا ہوں تاکہ عام شائقین فیض اٹھاکر ہمیشہ کے لئے دعاء خیر سے بندہ کو یاد فرماویں - ادرک ۵ تولہ نمک لاہوری ۵ تولہ دونوں کو خوب باریک پیسکر غلولہ بنائیں اور ایک ڈنڈا اور خت نیب سبز ایک گز لمبا اور چار گرہ عرض کا لیکر اسکو اندر سے خالی کریں اور اسمیں سوراخ کرکے اس میں ادرک اور نمک کو بھر دیں اور اوپر سے اسکا منہ اچھی طرح نیب سے بند کردیں اور اسکو جائے پوشیدہ میں جسجگہ کہ سایہ آدمی کا نہ پڑے بیس یوم بھوسہ گندم میں دبا کر رکھیں - بعد بیس یوم کے اس ڈنڈے کو نکالکر اس میں بجای ادرک کے مثل عرق کے نکلے گا اسکو شیشی میں ڈالکر رکھیں صبح کو ایک رتی تین دن تک بوقت صبح کھائیں اور ایک مکان میں کہ ہوا سے محفوظ ہو نشست کریں - اور پانی لگانا اور حمام و غسل کرنا تین روز منع ہے سات روز تک پانی کو نزدیک آنے دیں اور بجای پانی کے پیاس ہو تو دودھ کا استعمال کریں غذا دودھ چاول و پلاؤ و کھچڑی و روغن زرد بعد تین روز کے بال تمام سر کے اور بدن کے گرجاوینگے اور دوبارہ سیاہ نکلیں گے - اور جو جو فوائد حضرت نے بیان فرمائے تھے انکی گنجائش نہیں مگر اسقدر کافی ہے کہ باہ اسقدر ہوتی ہے کہ تاب نہیں رہتی مگر ایک ماہ جماع سے پرہیز کریں ایک مرتبہ یہ نسخہ بنایا گیا اور واقعی درست پایا مگر استعمال پورا نہ ہوا یہ اسرار اولیاء اللہ ہے اسمیں شک کوئی نہیں - درحقیقت ایسے نسخے بہت مشکل سے دستیاب ہوتے ہیں -

واضح ہو کہ عالی جناب میر علی مراد صاحب والی ریاست خیرپور سندھ کو اطباء و فقراء سے ملنے کا از حد شوق تھا مجھکو جناب میر غلام حسین صاحب نبیرہ میر علی مراد صاحب نے مقام خیرپور یاد فرمایا تو مجھکو ایک بیاض مجربات جناب میر صاحب ممدوح مرحوم کی دستی لکھی ہوئی دکھلائی اور اسمیں یہ چند نسخہ

نوٹ کیئے ہوئے کہ میں نے خود انکا تجربہ کیا۔ اور یہ واقع میں علم اکسیر کار رکھتے ہیں جناب میر صاحب کی
تجربہ کار تھیں تھے یہ بھی میں نظر ناظرین کرتا ہوں نسخہ روغن اکسیر کہ جسکے استعمال سے ایک ہفتہ
آدمی تاب نہیں لا سکتا۔ قوت باہ کے واسطے عجیب الاثر ہے۔ کبریت ۱ تولہ تخم ہلاس ۱ بیر بہوٹی ۱
۔ مار۔ زرنیخ طبقی ۱ تولہ گھونگچی سفید گھونگچی سرخ دس ماشہ تولہ سنبل سفید سنبل زرد
سنبل سیاہ ہر ایک تولہ شنگرف ۵ تولہ مالکنگنی نیم سیر تخم دھتورہ سیاہ - مار - سب کو باریک
پیسکر سبوچہ گلی بند کر کے بطریق پتال جنتر روغن نکالیں۔ اور ایک قطرہ ہمراہ پان کھلائیں
اور ایک قطرہ اوپر قضیب کے مالش کریں اور اوپر سے پان باندھیں انشاءاللہ تعالی ایک ہفتہ میں
نامرد مرد اور پیر جوان ہو جاویگا یہ نسخہ میر صاحب کے تجربات کا ہے یہ کشتہ سیماب بھی انکے
بیاض کا ہے اسکی تعریف میں بھی دو چار ورق بھرے ہوئے تھے۔
سیماب ۲ تولہ لیکر پہلے خشت میں خوب رگڑیں اور پارچہ میں صاف کر کے چیب انبہ کہ جو آم
خام کے توڑنے سے نکلتا ہے اسمیں سات روز تک کھرل کریں بعدہ غلولہ بنا کر شہد بوٹی
بوٹی ۵ تولہ تنکار ۳ ماشہ ملا کر ٹکڑی بنائیں اُس میں غلولہ رکھکر گلحکمت کر کے لیئے ایک
خشت ڈبل لیں اسکو کھود کر اُس میں اُس غلولہ کو مع ٹکڑی رکھکر زیر آک ۱۰ تولہ اُسپر ڈالیں
اور اینٹ کا منہ بند کر کے گلحکمت کر کے ایک من پختہ کی آگ دیں۔ جب آگ سرد ہو جاوے
اسمیں سے نصف چاول ہمراہ مسکہ کے کھلادیں اور دودھ اور گھی جس وقت خواہش ہو
پلائیں۔ ایک روز میں دس عورتوں سے جماع کر سکتا ہے اور گھی اور دودھ ایک روز میں
پندرہ سیر پیکر ہضم کر سکتا ہے۔ یہ نسخہ جذام کو بھی فوراً دفع کر دیتا ہے غرضکہ اس کا نام
اکسیر ہے۔ اسی طرح نقل کر کے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔
دیگر نسخہ اکسیر از مجربات میر علی مراد صاحب والی خیرپور سندہ معرفت جناب
میر غلام حسین خانصاحب نبیرہ میر صاحب مرحوم۔ ایک سانپ کالا لے کر سر اور
دم اسکا کاٹکر اسکا قیمہ کریں اور بھلانوہ نیم سیر لیکر دونوں کو ۵ سیر پانی میں جوش دیویں
جب خوب گلجاوے اسمیں ۴ سیر پختہ ڈالکر جوش دیں جب سب ایک ذات ہو جاوے اسکو ہاون
دستہ میں خوب باریک پیسکر گولیاں بنائیں اور ایک مرغ جوان اصیل لے کر اس مرغ کو وہ گولیاں

کھلائیں جب چالیس گذریں مرغ کے پر سب گرجاوینگے پھر دوبارہ اُسکے پر آجاویں جب تک یہ گولیاں مرغ کو کھلاتا جاوے جب پر آجاویں مرغ کو ذبح کرکے خون اُسکا اور پر قضیب کے مالش کریں اور گوشت اُسکا روغن زرد ۴ سیر میں بریان کریں جب سوختہ ہوجائے اُسکا روغن نکال کر ۲ تولہ سے ۴ تولہ روزمرہ ہمراہ پلاؤ وغیرہ کے ہفت روز تک کھلائیں انشاء اللہ تعالے دس عورتوں سے بھی سیری نہ ہوگی بہت مجرب لکھا ہے۔

اور یہ سینک بھی بیاض میر صاحب سے نقل کی گئی ہے۔ اسکے ساتھ یہ بھی تحریر تھا کہ میں ہر سال اسکا استعمال خود کرتا ہوں۔ سال میں کوئی خرابی قوت باہ میں نہیں آئی۔ اور جس شخص سے مجکو یہ نسخہ پہونچا ہے اسکو میں نے دو ہزار روپیہ دیکر یہ نسخہ حاصل کیا تھا قسط تلخ ۶ ماشہ عاقرقرحا ۹ ماشہ پیپلامول ۶ ماشہ بھوکر مول ۶ ماشہ۔ بیربہوٹی ایک تولہ۔ نرہلین ایک تولہ جزبوآ ۶ ماشہ زرفت رومی ۶ ماشہ۔ برادہ دندان فیل ۶ ماشہ پیاز نرگس ۶ ماشہ بسباسہ ۶ ماشہ۔ انبہ ہلدی ۶ ماشہ۔ مال کنگنی ۶ ماشہ جندبیدستر ۶ ماشہ گل کنیر سفید ۶ ماشہ دارچینی ۶ ماشہ قرنفل ۶ ماشہ۔ تخم کٹائی خورد ۶ ماشہ خردل ۶ ماشہ۔ اسگند ناگوری ۶ ماشہ سیماب ایک تولہ شنگرف ایک تولہ سنکھیا سفید ۳ ماشہ بیٹہ گوسفند ۵ عدد۔ قضیب گھڑیال یک عدد۔ قضیب خرس یک قضیب بیل یک قضیب شتر یک چربی شیر ۵ تولہ چربی ریچھ ۵ تولہ چربی مینڈک صحرائی ۵ تولہ مستی فیل ۲ تولہ جونک خشک ۱۰ عدد مغز کنجشک خانگی ۱۳ عدد روغن مار سیاہ ۵ تولہ چربی خوک ۵ تولہ بیضہ کچھوا ۵ عدد۔ سب کو آدھ سیر عرق ادرک میں کھرل کرکے دو پوٹلیاں بنائیں اور شب کو شیر میش یعنی بھیڑ ۲ تولہ لیکر گرم کرکے حوالی قضیب اور اوپر قضیب کے خوب اچھی طرح ایک گھنٹہ سینک کریں سات روز تک یہ عمل کریں تاب نہیں رہتی۔

یہ نسخہ بھی میر صاحب کے بیاض سے نقل کیا ہوا ہے۔ قوت باہ کے واسطے بے نظیر ہے۔ ایک کنجشک نر خانگی لیکر اسکے پر علیحدہ کرکے زنبور سرخ سے چھتے پر اسکو ڈالدیویں جب وہ قریب مرنے کے ہوجاوے سکو ذبح کرکے اسکے شکم میں یہ اجزا ڈالکر اسکو روغن زرد میں بریاں کرکے گولیاں برابر نخود کے بناکر روزمرہ کھائیں۔ انشاء اللہ تعالے سات دن میں نامرد مرد ہوجاویگا۔ جزبوآ۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ عاقرقرحا۔ زعفران۔ مشک افیون۔ سیماب

ہر ایک تین تین ماشہ۔ گندھک ایک ماشہ پہلے سیماب گندھک لیکر دونوں کو خوب باریک کھرل
کرکے اوپر سے سب اجزاء ملاکر اسکے پیٹ میں بھر کر خوب مضبوط باندھیں اور روغن ۴۰ تولہ سے
زیادہ نہ ہو پرہیز ترشی بادی کا اور جماع سے ہے۔

یہ نسخہ ماء اللحم کا بھی جناب میر علی مراد صاحب کے بیاض کا ہے مگر ایک مرتبہ
میں نے یہ نسخہ واسطے جناب وزیر اعظم وزیر گوبند چند صاحب وزیر چنبہ کے بنوایا تھا۔ خداوند کریم نے
انکو اولاد ساٹھ برس کی عمر کے بعد عطا فرمائی۔ اور کتنے بچے پیدا ہوئے واقعہ میں یہ نسخہ قوت
باہ اور تقویت الاعضاء رئیسہ کے لئے اور ضعف بدن اور کمی اولاد کے واسطے بے نظیر ثابت
ہوا ہے۔ بلکہ مجھ کو بھی اسکے استعمال کا اتفاق ہوا۔ جو کچھ اس کا فائدہ مجھ کو ظاہر ہوا وہ
میں بیان نہیں کر سکتا۔ چار بیویوں سے بھی سیری نہ ہوتی تھی۔ **نسخہ** یہ ہے
گوشت گوسفند جوان ۲۵ سیر۔ مرغ جوان ۲۵ عدد۔ دراج ۵۰ عدد۔ بٹیر ۱۰۰ عدد۔ گنجشک نر
خانگی ۵۰ عدد۔ کبوتر ۲۰ عدد۔ ثعلب مصری ۵ تولہ۔ شقاقل ۵ تولہ۔ بہمن سرخ ۲ تولہ بہمن سفید ۲ تولہ
ستاور ۲ تولہ موصلی سیاہ ۲ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ موصلی سنبل ۲ تولہ تودری زرد ۲ تولہ۔ تودری سرخ
۲ تولہ دارچینی ایک تولہ بسباسہ ایک تولہ قرنفل ایک تولہ جوزبوا ایک تولہ دانہ الائچی سفید تولہ۔
دانہ الائچی کلاں ایک تولہ زیرہ سیاہ ایک تولہ تخم زردک ایک تولہ تخم مرار ایک تولہ تخم شلغم ایکتولہ
تخم ہلیون ایکتولہ۔ تخم انجرہ ایک تولہ تخم فرنجمشک ایکتولہ تخم بادیان ایک تولہ پودینہ خشک ایک تولہ
حب الخضرا ایک تولہ گل گاؤزبان ایک تولہ۔ گل سیوتی ۵ تولہ گل کیوڑہ ۵ تولہ گل صدبرگ ۵ تولہ
گل سرخ ۵ گل تلسی ۵ تولہ گل خطمی ۵ تولہ تخم خطمی ایک تولہ گل نیلوفر ۵ تولہ گل مہندی ۵ تولہ گل بنفشہ
۵ تولہ گل بابونہ ۵ تولہ اصل السوس تولہ برگ گاؤزبان ۲۰ تولہ مغز فندق ۱۰ تولہ مغز بادام ۱۰ تولہ
مغز کدو ۱۰ تولہ مغز خربزہ ۱۰ تولہ مغز چلغوزہ ۱۰ تولہ مغز نارجیل ۱۰ تولہ مغز باورنگ ۱۰ تولہ مغز
اخروٹ ۱۰ تولہ کشمش سبز ۵ سیر مویز منقے ۵ سیر نانخواہ ایک تولہ ناسپاتی ۵۰ سیب ۵۰
انار ولایتی ۵۰ رنگترہ ۵۰ بلیلہ زرد تولہ۔ بلیلہ تولہ۔ آملہ تولہ عناب ۱۰۰ بادرنجبویہ تولہ مصطگی
۳ تولہ۔ عود ہندی ۳ تولہ عود غرقی ۳ تولہ۔ تخم شبت ۱ تولہ۔ اسطوخودوس ۱ تولہ حب
قطن ۱ تولہ بوزیدان ایک تولہ برادہ صندل سفید ۱ تولہ برادہ صندل سرخ ایکتولہ۔ سورنجان ایکتولہ

گلنار ایکتولہ - مروبخ عقرقرحا ۳ تولہ سنبل الطیب ایک تولہ اسارون ایکتولہ جوزبوا ایکتولہ تخم خشخاش
۵ تولہ پوست خشخاش ایکتولہ انجیر ولایتی ۵۰ عدد زعفران ۲ تولہ جند بیدستر ایک تولہ مشک عنبر ۲ ماشہ
عرق گلاب عرق کیوڑہ عرق بیدمشک عرق بادیان عرق نیلوفر ہر یک ۵-۵ سیر گاجر تازہ ۵ سیر
شکر سرخ قند سیاہ - آب نیشکر دس دس سیر - پوست ببول پوست سرس پوست برگد پوست گجنال
ہر ایک پانچ پانچ تولہ سب ادویہ کو کوٹکر رات کو عرق مجموعہ میں ترکرکے صبح کو بطریق عرق عرق کشید
کریں اسکو دو آتشہ کرنے سے فائدہ عظیم ہوتا ہے - اور دو آتشہ کرتے وقت زعفران و مشک
و عنبر پوٹلی باندھکر نالی میں رکھیں خوراک ۵ تولہ

یہ چند **نسخہ جات ممسک** بھی عجیبہ ہدیہ ناظرین ہیں جو اکثر سینہ بسینہ چلے آئے ہیں - ممسک مجرب
مجربہ تا وقتیکہ ترشی نخورد انزال نشود - مجرب ہا - شہدانج افیون عاقرقرحا مصطگی شنگرف
گائیکہ گوند دھاوا بیر بہوٹی قرنفل زعفران جدوار چرس ہموزن لیکر ایک نارجیل میں تھوڑا سا سیر جیسے
اوتار کر اسمیں شیر برگد ڈالیں اور ادویہ کو پہلے اسمیں داخل کردیں اور اسکا منہ بند کرکے
آرد گندم ایک سیر لگا کر تنور میں اسکو پکائیں - جب آرد سرخ ہوجائے تو نارجیل میں سے ادویہ نکالکر
گولیاں برابر بیر جنگلی کے بنائیں اور ایک گولی شب کو قبل از جماع ایک گھنٹہ ہمراہ پانی کے کھاویں -
جبتک ترشی کا استعمال ہوگا انزال نہ ہوگا - یہ نسخہ بھی آجتک شائقین کی نظر سے نہیں گذرا ہوگا -
دیگر سیماب افیون کتھہ فول مصطگی ہر ایک تولہ تولہ پہلے عرق پان ۵۰ عدد میں خوب کھرل کرکے
خشک کریں - جب خشک ہوجائے تو شیر برگد ۵ تولہ ملاکر قرنفل عاقرقرحا بیر بہوٹی جوزبوا چھ چھ ماشہ
ملاکر گولیاں برابر نخود کے بنائیں - یہ نسخہ بھی اسکے ساتھ کا ہے - اور بار بار کے تجربہ میں آیا ہے اور مقوی بھی
اول درجہ کا ہے **خواص بوٹی گنائی کلان جسکو ستیاناسی کہتے ہیں** - یہ ستیاناسی
ایک جنگلی بوٹی ہے جو ہر جگہ سے ملجاتی ہے پھول اسکا مانند عناب اسکی پھول میں میں دانہ سیاہ
مانند رائی کے ہوتا ہے اور پتہ اسکا لمبا ہوتا ہے اور پتے پر کانٹے ہوتے ہیں خواص تخم
میں یہ ہے - تخم اسکا ۳ ماشہ ہمراہ شکر سفید ایک تولہ کے کوٹکر کھلانا مسہل آتشک بلا ضرر کا ہوتا ہے
اسکے کھانے سے جرب و حکہ و آتشک تین روز میں خشک ہوجاتا ہے اور پتے اسکے ایک تولہ لیکر پانی
میں پیسکر پلانا آتشک فسوزاک ہر قسم کا دور ہوجاتا ہے اور اسکی کا ڈنڈل مقشر کرکے ہمراہ گوشت کے

مع مصالح بیان کرکے کھائیں قوت باہ ایسی پیدا ہوگی کہ تاب نہ رہیگی - اور بیخ اسکے سایہ میں خشک کرکے سفوف بناکر ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کے کھائیں جریان دور ہوجاتا ہے اور واسطے آشوب چشم کے ایک قطرہ اسکا آنکھ میں ڈالیں فوراً آشوب جاتا رہتا ہے - اور اوپر مغابن کے پتہ اسکا باندھیں اور دنبل پر باندھنا بھی مفید ہے اور سگ دیوانہ جسکو کاٹے اسکو فوراً برگ ستیاناسی پانی میں پیسکر پلائیں انشاء اللہ صحت ہوجاویگی - اور تمام عمر اُسکا اثر نہ رہیگا - اور واسطے گزیدہ سانپ کے یہ بوٹی اکسیر کا حکم رکھتی ہے جسکو سانپ کاٹے فوراً برگ ستیاناسی لے کر پانی میں پیسکر ہمراہ فلفل سیاہ ۷ عدد ڈالکر مریض پلاویں انشاء اللہ تعالی زہر اُسکا اثر نہ کریگا - اگر بیمار بیہوش ہوجائے تو اسکے ناک میں شیرہ اُسکا ڈالا جاوے -

خواص مال کنگنی یعنی جیون بوٹی

واضح ہو کہ اسکا نام اطبا نے جیون بوٹی رکھا ہے اور در اصل یہ جیون بوٹی ہے - مزاج اسکا تیسرے درجہ میں گرم اور دوسرے میں خشک - بعض گرم تر جانتے ہیں کھانا اسکا واسطے تقویت دماغ اور قوت حافظہ اور ذہن کا تیز کرنے والا - اور واسطے درد مفاصل و عرق النسا اور وجع الورک اور واسطے سرسام بلغمی کے جسکو لیثرغس کہتے ہیں - اور واسطے فالج ولقوہ اور رعشہ اور تشنج اور واسطے تقویت معدہ اور سرفہ کہنہ اور ضیق النفس اور تقویت ہاضمہ کے اور تقویت کبد اور مقوی باہ از حد ہے - اور ملنا اسکے روغن کا اوپر قضیب کے واسطے تقویت کے فعل عجیب رکھتا ہے اور ایام سرما میں اسکو شروع کریں - کھانا اسکا سفوف بناکر اکیلا یا ساتھ شہد کے ملاکر کھانا تازہ خون پیدا کرتا ہے - اور جب شروع کریں تو ترشی و بادی اور دودھ اور جماع سے پرہیز کریں اور لہسن اور لال اور سونٹھ اور زیادہ چلنے پھرنے سے پرہیز کریں - اور اسکا روغن کھانا جذام کے واسطے اکسیر ہے - ترکیب نکالنے روغن کی یہ ہے کہ مال کنگنی حسب ضرورت لیں اور اسکو کوٹکر ایک دیگچی پانی سے پر کرکے چولھے پر رکھیں اوپر اسکے ایک رومال باندھیں اوپر اسکے مالکنگنی رکھکر رومال سرپوش رکھیں - جب گرم ہوجائے اسکو نچوڑ لیں اسمیں سے روغن نکلے گا اسکو شیشی میں ڈال لیں اور ایک قطرہ سے شروع کریں جب تک گرمی نہ کرے بڑھاتے جائیں اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں اور بہت سے فوائد ہیں جو بہ سبب ہونے گنجائش کے چھوڑ دیئے گئے ہیں

خواص عجوبہ ہندی اسکا نام اطبا نے آب حیات بیان فرمایا ہے فوائد تو اسکے بہت
ہیں مگر یہاں مختصر بیان کرتا ہوں۔ لاغر کو فربہ کرتی ہے۔ عقل کو
بڑھاتی ہے شکم نرم کرتی ہے۔ اور یہ اسرار الٰہی میں شمار کیا ہے۔ اسرار الٰہی اسکے استعمال سے
روشن ہوتے ہیں۔ اور باد بلغم کو دور کرتی ہے۔ اسکے کھانے سے عبادت الٰہی میں انسان
مشغول ہوجاتا ہے۔ اور ہر قسم کی برائی جو بدن میں ہو اسکو دور کرتی ہے بحدیکہ جذام تک
دور کردیتی ہے۔ مزاج اسکا بعضے گرم خشک اور بعضے سرد خشک بیان کرتے ہیں۔ اور جو
چھوٹی قسم ہے وہ گرم تر ہوتی ہے۔ مقوی اعضاے رئیسہ قوی ارواح مقوی معدہ محلل
ملطف مفتح۔ چوب چینی سے زیادہ فوائد رکھتی ہے۔ واسطے خفقان یرقان آتشک و رحم حرقۃ
البول اورام بثور خنازیرا ورد ماميل اورام جمیع اعضا دافع کرم شکم دافع درد فرج زنان۔ اور
زردی بدن و سوزاک و صفرا و فساد خون اور مقوی باہ مایوسوں کا اور دافع فالج ولقوہ
وجع مفاصل دافع ہر قسم بواسیر دافع قے ہاضم طعام مفرح دل وجگر۔ پیدا کرنے والی
منی کی مقوی گردہ و مثانہ اور بلند نظر فین رفع کرنے والی بدبوے منہ اور فرزجہ دافع آب
فرج۔ اگر ایک گل اسکا صبح نہار کھائیں ایک سال تک کبھی آنکھ کا عارضہ نہیں ہوتا
اور جرب وحکہ و قوبا۔ اگر تازہ لیکر اسکا حلوا کھائیں تو قوت باہ اسقدر پیدا کرتی ہے کہ
تاب نہیں رہتی عجیب الاثر ہے۔ بسبب طول ہوجانے کے خلاصہ تحریر کیا گیا ہے۔

اخیر میں ہر معدنی زہر نباتی زہر حیوانی کا بیان حسب تفصیل بیان کیا جاتا ہے

اول زہر معدنی زیبق یعنی پارہ۔ مردار سنگ۔ رصاص یعنی سیسہ اسفیداج یعنی سفیدہ کاشغری سم الفار
یعنی سنکھیا۔ شنجرف۔ و شک براوہ آہن خبث آہن زرنیخ یعنی ہڑتال طبق بورہ یعنی جو زاج یعنی
پھٹکڑی۔ آب سرد بھی نہار پینے سے فساد جگر اور استسقا پیدا کرتا ہے **دوم زہر نباتی** بیش یعنی
بچھناگ۔ قرون السنبل فرفیون یتوع۔ سقمونیا بلادر۔ مویزج۔ سداب۔ ثافسیا۔ دخلی۔ خربق سفید
جند بیدستر عنصل۔ قشر برنج۔ راوند چینی۔ تخم روغنها و مغزہاے متغیرہ۔ کندش۔ آب
قثاء الحمار۔ غاریقون سیاہ۔ تربد زرد۔ افیون جوز ماثل۔ بیروج الصنم۔ بزر البنج۔ کنوچہ۔ رطب جو

گو ناہود عنب الثعلب بول سیاہ کی فطر سوئم زہر حیوانی ہیں۔ فداریح ایک قسم کا کیڑا ہے
وزغ یعنے چھپکلی۔ سالامندار۔ صفادع۔ زہرہ سگ آبی۔ زہرہ بط۔ زہرہ افعی۔ عرق
دو آب خون ماہی سر یعنے باسی مچھلی۔ گوشت بریاں جو بند کر کے پکائیں۔ گاؤ کوہی
یہ سب چیزیں مادہ سمیت کا رکھتی ہیں انکی اصلاح ضروری ہے جب انکا استعمال کریں۔ اور تریاق
جو سب زہروں کے اثر کو دور کرے اُسکے بھی ایک دو نسخہ درج کیے جاتے ہیں۔ تخم بخلشت تسمیح
انجدان خاد زہر حب زہروں کا ہے۔ اور تخم لیموں تریاق سب جانوراں زہر معدنی کا ہے
اور حب بلسان بادام وانجیر وفندق وجنطیانا جاؤشیر زراوند وشگوفہ برگ خرزہرہ وادچینی
جرجیر سوسن فیصوم فروبانہ۔ غاریقون۔ یہ سب تمام زہر کو فائدہ کرتے ہیں۔ اور ابن جرجس
پیسے فیولا یا موش دشتی کو زندہ شراب یا پانی میں جوش دیکر پلانا فائدہ کرتا ہے۔

یہ تریاق زہر سب جانوران زہر دار اور سمیت ادویہ کو دور کرتا ہے۔ شونیز
تخم ہزار وانی سعد زہرہ ہر ایک دو درم جنطیانا زراوند مدحرج ہر ایک ایک درم فلفل سفید
مو علافی ہر ایک آدھ درم سب کو کوٹ کر شہد دو وزن میں گولیاں بنائیں۔ ایک درم جیسا
موقع ہو استعمال کریں یہ تریاق عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ حب بلسان۔ نوشادر خشک
تخم شلجم دشتی فلفل سفید فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ وج۔ انیسوں۔ فطر اسالیون۔ اسارون
زنجبیل بذر البنج ہر ایک چار درم سنبل فقاح۔ اذخر ہر ایک چھ درم سب کو کوٹ چھان کر
شہد میں ملا کر گولیاں برابر نخود کے بنائیں۔ تین گولی وقت ضرورت کے کھلائیں زہر
انشاء اللہ تعالےٰ کسی قسم کا اثر نہیں کرے گا۔

عجیب طلسم برای زہر سگ دیوانہ جس وقت کسی کو سگ دیوانہ کاٹے فوراً اسکا خون اُسکو پلاوے کبھی زہر اسکا اثر نہیں
کرتا ہے یہ مجربات میں سے ہے۔ اور مشک ماہ تک استعمال کرانے سے بھی اثر نہیں ہوتا

تمت

نام کتاب	قیمت
تریاق مسموم باتصویر سیاحت صاحب	۲ر
تریاق اعظم حصہ اول۔	۱۲ر
ایضاً حصہ دوم۔	۴ر
...یاق ہیضہ۔	۸ر
...فاء الامراض معہ معین العلاج	۱۲ر
...رت ساگر	۱۲ر
...اج المویشی۔	۲ر
...سیر الامراض ڈاکٹری یونانی	۶ر
...واہر النفیس شرح اردو موجزہ شیخ الرئیس	۱۲ر
...سالہ معالجہ ہیضہ زبدۃ الحکماء حکیم غلام نبی صاحب	۱۲ر
...سالہ آتشک و سوزاک حکیم غلام نبی صاحب	عہ
...عالجات بواسیر حکیم غلام نبی	۹ر
...ینت الخیل علاج اسپاں باتصویر	۵ر
...ستنامہ رنگین۔	۸ر
...خزن سلیمانی ترجمہ اردو اکسیر عربی چھاپہ نولکشوری۔	عا ۱۲ر
...حر محیط اردو حصہ اول	۶ر
...یضاً۔ حصہ دوم	۸ر
...لاصۃ الامراض۔	۳ر
...ترجمہ معدن شفاء سکندر شاہی	عا

نام کتاب	قیمت
رسالہ خضاب اردو۔	۱ر
گلشن حکمت اردو۔	۸ر
ترجمہ زمرد اخضر	۷ر
تشریحات قطبہ باتصویر۔	۴ر
تشریحات شمسیہ باتصویر۔	۸ر
تدابیر علاج حصہ اول۔	۱۴ر
ایضاً۔ حصہ دوم۔	۱۴ر
مجربات ناتھ۔	۲ر
تریاق کبیر۔	۱ر
ممدّ حیات حفظ صحت میں نئی طرز کی مشرح کتاب	عہ ۱۲ر
تریاق صغیر اردو۔	۸ر
انوار الحکمت معروف بہ طب حسینی اردو	عا ۸ر
تدابیر احسن علاج مستورات	۱۲ر
طب اکبر اردو کامل۔	۸ر
معجون حیات۔	۵ر
جامع لاکسیر کشتہ جات نظیر حصہ اول	۲ر
ایضاً ایضاً حصہ دوم	۹ر
ایضاً ایضاً حصہ سوم	۶ر
ایضاً چہارم۔ پنجم۔ فی حصہ	۳ر
طب کریمی یونانی ڈاکٹری	۴ر
ترکیب العلاج۔	عہ ۱۲ر
گنجینہ طبیب چھاپہ لودہانہ۔	۱۰ر

نام کتاب	قیمت
بستان المفردات۔	عہ ۴ر
گنجینہ طبیب مکمل حصہ اول لاہوری	۱۰ر
ایضاً ایضاً حصہ دوم۔	۱۰ر
فادزہر یعنی سانپ کاٹے کا علاج	۲ر
صحت الاطفال۔	۶ر
مجربات حفظ صحت۔	۱۲ر
خوفناک امراض کا علاج	۶ر
اختیار تولید۔	۸ر
خوبصورت اولاد۔	۲ر
رموز الحکمت۔	۱۰ر
گنجینہ حکمت اردو۔	۶ر
مکمل شفاء الامراض معہ معاون المعالج۔	۱۲ر
رسالہ شربت اردو۔	۱۰ر
معالجہ بقراط۔	۸ر
مخزن حکمت گھر کا ڈاکٹر بے جلد مصنفہ حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی شمس الاطباء	تے
ایضاً جلد والا۔	ثعہ
قرابادین محمدی اردو۔	۵ر
مخزن علاج حیوانی۔	۴ر
طریق الحکمت۔	۱۲ر
معین العلاج۔	۴ر
خزینۃ العلاج ہر دو جلد کامل	۷ر

...درخواستیں بنام حاجی چراغ الدین سراج الدین تاجران کتب لاہور بازار کشمیری آنی چاہییں

ہر قسم کی اردو۔ عربی۔ فارسی۔ پنجابی وغیرہ زبان میں طب کی کتابیں بھی موجود ہیں جو بوجہ عدم گنجائش نہ لکھی گئیں۔

خاتمہ کتاب از مصنف

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ وآلہ واصحابہ اجمعین

اما بعد ہیچمدان خوشہ چین اطبا عرض پرداز ہے کہ بعد اختتام چند رسایل طب ...
دلمیں خیال آیا کہ کوئی ایسی کتاب جامع قلیل الحجم ور کثیر الفوائد عام فہم قواعد ...
علم حفظ صحت میں مکمل لکھی جاوے جس سے ہمارے حکمت پیشہ بھائی مستفید و بہ...
ہوں چنانچہ حسب فرمایش جناب حاجی چراغ الدین سراج الدین صاحب تاجران کتب کشمیری بازار
لاہور قوانین فن حکمت جمع کر کے ہدیہ ناظرین ہیں جسکو اطبا بخوبی سمجھ سکتے ہیں پس ...
ممنون ہونا چاہیئے کہ اس زمانہ میں یہ نعمت غیر مترقبہ انکو حاصل ہوئی اور ایک باب کشتہ ...
اچھی و بری اور کھلانے اور بنانیکا امتحان کر کے لکھا ہے۔ ایسی صورت میں خلایق کو نہایت ...
فایدہ پہنچنے کی امید ہے ہم تھوڑی بات پر ختم کر دیتے ہیں کہ اطبا اس سے نفع اوٹھا...
محنت کی داد دیں ✤ راقم۔ حکیم فضل حسین مصنف کتاب ہذا